تحریر

علمی مجلس دلّی کا تماہی رسالہ

سالانہ : ۱۲ روپے
اس شمارہ کی قیمت : ۵ روپے

ILMI MAJLIS
R. Price
Rs 5/-
DELHI

مرتّب
مالک رام

جلد ۲ ۱۹۶۸ء شمارہ ۱

فہرست

مالک رام :	ملاحظات	
مولانا ابوالکلام آزاد :	اعلان الحق	۱
امتیاز علی خاں عرشی :	اسلامیات کا مطالعہ	۲۱
نذیر احمد :	فارسی میں الفاظ کی تصحیح کا مسئلہ	۳۵
مالک رام :	مولانا ابوالکلام آزاد	۷۵
گوپی چند نارنگ :	مستشرقین کی بین الاقوامی کانگرس	۹۹
مالک رام :	وفیات	۱۱۷

ملاحظات

تحریر اپنی زندگی کے دوسرے سال میں قدم رکھ رہا ہے۔ ہم نے پارسال بہت جھیں بھیں کے بعد اسے جاری کیا تھا۔ اندیشہ تھا کہ شاید ہمارا اردو داں طبقہ اس اقدام کو پسند نہ کرے؛ لیکن خوشی ہے کہ ہمارا اندیشہ غلط ثابت ہوا۔ جس گرمجوشی سے اس کا استقبال کیا گیا، وہ ہماری توقع سے کہیں زیادہ تھی۔ اس سے ہمیں یقین ہو گیا کہ ملک کے علمی حلقے نہ صرف اس قسم کے ایک سنجیدہ پرچے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں، بلکہ انھوں نے ہماری جرأتِ رندانہ کو بھی بنظرِ استحسان دیکھا ہے:

حُدی را تیز تر می خواں، چو محمل را گراں بینی

افسوس کہ تا حال پوری کوشش کے باوجود ہم کتابت و طباعت کا قابلِ اطمینان انتظام نہیں کر سکے۔ جن اصحاب کو اس طرح کے کاموں کا تجربہ ہے، وہ ہم سے ہمدردی کرینگے؛ لیکن دوسروں کے لیے اتنا لکھ دینا ضروری ہے کہ ہم اس پہلو سے غافل نہیں ہیں۔

ہماری خواہش اور کوشش ہے کہ تحریر کے مضامین کا معیار خوب سے خوب تر ہوتا چلا جائے۔ اس راہ کی مشکلات بھی ناظرین سے پوشیدہ نہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں سنجیدہ علمی مذاق ہنوز بہت کم ہے۔ بہرحال ہمیں اس دشواری کا پورا احساس ہے؛ اور ہمیں یقین ہے کہ احباب کے تعاون سے ہم اس پر قابو پا لینگے۔

یہ سالِ رواں کا پہلا شمارہ ہے، دوسرا بھی مکمل ہو چکا ہے؛ اور اس کے جلد بعد شائع ہو جائیگا۔

مالک رام

(ٹائٹل طبع اوّل)

باسمہ تعالیٰ

قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا

رسالہ فیض مقالہ

اعلان الحق

جسے محض احقاقِ حق اور ابطال باطل کے لیے

خاکسار خادم الطلباء ابوالکلام آزاد دہلوی نے تالیف کیا

جس میں

ہلال رمضان مبارک کے متعلق تین ضروری بحثیں نہایت تحقیق کیساتھ کی گئیں ہیں

۲۵ رمضان المبارک ۱۳۱۹ھ کو

عثمانی پریس کلکتہ میں چھپکر شائع ہوا

(باہتمام سید محمد عثمان مالک مطبع)

قیمت فی جلد ۲ر

التماس مؤلف

اس رسالے سے خاکسار آزاد کو کسی خاص شخص کا رد منظور نہیں ہے بلکہ صرف اہلِ انصاف کی آگاہی مقصود ہے۔ جناب مولانا خیر الدین صاحب کے متعلق مخالفین نے بڑے بڑے اتہام اپنی تحریروں میں زور و شور سے کیے ہیں۔ اور وہ وہ سخت الفاظ مولانا کی شان میں لکھے ہیں جو علماء کے شان سے بعید ہیں شر الدین کے نام سے تو مولانا مخالفین میں یاد کیے جاتے ہیں۔ اور یہ بمقابلہ ان سب و شتم آمیز الفاظ کے جو رسالوں میں اور اشتہاروں میں لکھے ہیں کچھ حقیقت نہیں رکھتا لیکن ناظرین خود معلوم کر لیں گے کہ میں نے تمام تحریر میں کوئی ایک لفظ بھی کسی خاص شخص کا نام لیکر یا مجملاً یا کنایتاً نہیں لکھا ہے بلکہ ہر مقام میں تہذیب کو ملحوظ رکھا ہے۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ کبھی میرے یا مولانا کی زبان سے کوئی جملہ سب و شتم آمیز مخالفین کی شان میں نہیں نکلے گا۔ مولانا کی تہذیب تو قابلِ ملاحظہ ہے۔ کہ مخالفین کی رد میں اور درج الدرر البہیہ کی تائید میں حفظ المتین لکھی تو معترض کا نام بھی نہیں لکھا کما لا یخفیٰ علی الناظر۔ اسکے سوا ذاتیات سے بحث جیسے خود ہمارے مخالف جماعت میں واقع ہوئی ہے۔ اس تحریر میں کہیں نہیں کی گئی۔ انشاء اللہ تعالےٰ، اس سلسلہ اعلان الحق میں اور اعتراضات اور اتہامات کا رد جو مولانا پر کئے ہیں، شائع کیا جائیگا۔ اور دکھایا جائیگا کہ ہمارے معزز مخالفین نے کن کن پیچیدہ طریقوں سے اعتراضات کئے ہیں۔

خاکسار آزاد مؤلف رسالہ ھذا

اعلان: یہ کتاب جن صاحب کو درکار ہو وہ کلکتہ۔ مدریہ پٹی لورچیت پور روڈ دکان نمبر ۱۰۲ جناب منشی شمس الدین احمد صاحب سے آکر بقیمت لیجائیں۔

اعلاء الحق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً

اللھم ارنا الحق حقاً وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلاً وارزقنا اجتنابہ

آجکل زمانہ میں عجیب عجیب پر آشوب فتنے اٹھا کرتے ہیں۔ طرح طرح کے شگوفے پھوٹتے ہیں مسائل و عقائد فاسدہ کی اسقدر شہرت عام ہے کہ ہر خواندہ ناخواندہ مجتہد وقت اور امام بے عجب دور ہے طرفہ طور ہے۔ نئے نئے گل کھلے ہیں۔ لوگ اپنی پرانی روش بھولے ہیں دین میں قسم قسم کے جھگڑے نکالتے ہیں اسلام میں فساد کے رخنے ڈالتے ہیں تعصب کی گھٹا چار طرف چھائی ہوئی ہے جہالت کا طوفان اُمڈ رہا ہے۔ ایک لکھا پڑھا فاضل مشہور ہے دوسرا دو حرفی لیاقت کے نشہ میں چور ہے۔ اب اچھے کو برا برے کو اچھا بتاتا ہے۔ دوسرا نام آوری اور شہرت کو بے مذہب پر چھری پھیرتا ہے۔ ایک نے تمام جہان کو مشرک و بدعتی قرار دیا ہے دوسرے نے تمام کتب فقہیہ کو طاق نسیان پر رکھ کر نئی تحقیق اور نئے اجتہاد کا سبق یاد کیا ہے۔ ایک صاحب فقہا پر تبرے کی لیتے ہیں دوسرے صوفیہ کرام کو برا بھلا سناتے ہیں علماء نے ہٹ دھرمی اور شہرت اپنا اصول قرار دیا ہے۔ جہلاء نے اوھا دھنگی تقلید اور وہم تحقیق اپنا مذہب بنایا ہے۔ اور باین ہمہ لطف یہ کہ ثقات غیر مقلدین تو آئے دن علماء سے اختلاف کرتے ہی تھے۔ اب ثقات حنفیہ بھی اپنی نام آوری اور شہرت کے لیے اون مسائل سے جو عند الفقہاء مسلم ہیں اور جنکے ثبوت سے تمام فقہ کی کتابیں بھری پڑیں ہیں اختلاف کرتے ہیں۔ اور جو کچھ جی میں آتا ہے لکھ کر شائع کر دیتے ہیں۔ گو پہلے اہل حق سے

معقول ہوتے ہیں ذلیل ہوتے ہیں لیکن ان کے اس اختلاف کا اثر عوام پر بہت ہی برا پڑتا ہے۔
بہت سے بے علم جاہل لوگ پر اعتماد کر کے دامِ تزویر میں پھنس جاتے ہیں۔ اور نتیجہ اوس کا یہ ہوتا ہے کہ بیٹھے بٹھائے گمراہ ہو جاتے ہیں چنانچہ کلکتہ میں تقریباً بارہ سال سے حضرت مجمع الفضائل مولانا محمد خیر الدین صاحب مدظلہ فیض دہلوی مصنف نجم المبین لرجم الشیاطین عشر مجلدات دردہ البہیہ حفظ المتین وغیرہ کتب کثیرہ مطبوعہ وغیر مطبوعہ تشریف فرما ہیں۔ آپکے وجود سے ہزاروں مستفیض ہوئے سیکڑوں اپنی مرادوں میں کامیاب ہوئے۔ کلکتہ کا کلکتہ اُمڈ آیا ہزاروں معتقد اور مرید ہو گئے تمام شہر میں مولانا کا طوطی بول اٹھا۔ یہ کیفیت دیکھ کر حضرات علمائے کلکتہ بہ تحریک طبیعت ایک مخالفانہ پالیسی اختیار کرنے پر مجبور ہو گئے۔ اور مختلف ذرائع سے مولانا مدظلہ سے اختلاف کرنا شروع کر دیا۔ کسی وقت دیکھئے تو ایک لمبا چوڑا فتوی اجیپر کالی کالی مہریں جو مفتیوں کے سیاہی قلب پر دال ہیں، گلی کوچہ میں گشت کر رہا ہے۔ ہیں! یہ کیا: تاجی ذکر شہادت کرنے والا بدعتی مشرک ہے۔ چونکہ مولانا نے ذکرِ شہادت بیان کیا ہے۔ لہذا یہ مشرک: ہیں خیر کچھ دنوں بعد ایک رسالہ چار ورقی شائع ہو رہا مسجدوں کے دروازوں پر بٹ رہا ہے۔ یہ کیا؟ یعنی یہ کہ مولانا کافر ہیں۔ الغرض مختلف ذرائع سے مخالفت کی گئی۔
جب اس میں کامیابی نہ ہوئی تو پھر آٹھ نو سال سے (تقریباً) مولانا سے رویتِ ہلال ماہِ رمضان اور عید کے بارے میں اختلاف کر بیٹھے اور اپنی وہی بے پر کی باتیں معمول کے موافق چھاپ کر شائع کرنا شروع کر دیا۔ اب عوام بیچارے انھیں حق بجانب سمجھ کر انھیں کی تقلید کرنے لگے۔ اور عین عید کے دن کہ روزہ حرام ہے روزہ رکھنے لگے۔
یہ حالِ پر ملال دیکھ کر یہ تو ممکن نہ تھا کہ جان بوجھ کر کھڈ میں گرتے۔ ناچار علیحدہ قلعہ کے میدان میں نماز عیدین پڑھنی شروع کر دی۔ جہاں تک ممکن تھا پہلے سمجھایا بوجھایا جب دیکھا کہ پتھر پر جونک نہیں لگتی سکوت اختیار کیا۔ من عمل صالحا فلنفسہ ومن اساء فعلیہا وما علینا الا البلاغ۔
مگر یہ عجیب بات ہے کہ ہمارے معزز مخالفین نے اپنے اشتہاروں میں اور رسالوں میں، اپنی

مختلف تقریروں میں چھاپنا شروع کر دیا کہ مولانا اپنے کشف اور نجوم اور رمل پر اعتبار کرتے ہیں اور حکم روزہ اور عید اسی حساب سے دیتے ہیں۔ غالباً اس کہنے سے یہ غرض ملحوظ ہے کہ دور و دراز کے علماء جو اصل واقعہ سے بیخبر ہیں مولانا سے بدگمان ہو جائیں، اس لیے میرا ارادہ تھا کہ اس بارے میں ایک رسالہ شائع کیا جائے جس میں اول تو اس دھوکے کو رفع کیا جائے۔ اور پھر جن امور میں اختلاف ہے ان پر بحث کر کے دودھ کا دودھ پانی کا پانی باطل کو حق سے جدا کیا جائے۔ مگر آج تک اس کی نوبت نہ آئی۔ چونکہ گذشتہ سال مسجد خدا میں بالائے مدرسہ قبل العصر ایک عابد زاہد مولوی صاحب مکرم معظم سے اس بارے میں گفتگو ہو گئی ہے۔ اور ضیق وقت کی وجہ سے میں اپنے دلائل پیش نہیں کر سکا۔ بدیں وجہ یہ مختصر رسالہ جامع تحریر کر کے انصاف کا امیدوار ہوتا ہوں مجھے امید قوی ہے کہ ہمارے معزز مخالفین علمائے کلکتہ چشم انصاف سے ملاحظہ فرما کر راہ حق کے جویان و پویان ہونگے۔

وھٰذا اشرح بالمقصود وما توفیقی الا باللہ الودود۔

* مخالفین کا یہ اعتراض کہ مولانا اپنے کشف اور نجوم کے اعتبار پر حکم عید و صیام فرماتے ہیں اس کا رد اور ثبوت میں ایک چشم دید حال کا واقعہ۔

ناظرین! مولانا پر منجملہ اور اتہامات کے ایک اتہام یہ کیا جاتا ہے کہ یہ اپنے کشف اور نجوم کے اعتبار پر حکم عید و صیام فرمایا کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ بات خلاف شرع ہے، کیونکہ شرع کی بات تو نہیں نجوم اور کشف کو کیا دخل پس یہ بات محض خلاف ہے

اور اکثر واقعات اُن کے خلاف صریح طور سے شہادت پیش کرتے ہیں۔

(۱) جب سے مولانا علیحدہ روزہ اور عید رکھنے اور کرنے لگے آج تک کبھی ایسا اتفاق نہیں ہوا کہ بلا کسی دلیل کے مولانا نے حکم صادر فرمایا ہو جب فرمایا تو متواتر خطوط اور تار اور گواہی وغیرہ معتبر دلائل پر اور اس سے تمام اہل کلکتہ واقف ہیں چنانچہ مولانا نے اکثر خطوط بر سر منبر دکھائے ہیں اور گواہ شاہد پیش کیے ہیں جس سے کوئی اہل انصاف انکار نہیں کر سکتا۔

(۲) ایک سال کا واقعہ ہم درج کرتے ہیں جس سے یہ بات واضح طور سے متحقق ہو جائیگی وہ یہ ہے:

کہ ایک تار جناب حاجی عبدالرزاق صاحب کے پاس جو کلکتہ کے ایک معزز تاجر ہیں، آیا۔ جس میں صاف طور سے تو یہ نہیں لکھا تھا کہ یہاں چاند ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ دلیل شرعی ہوتی۔ ہاں یہ لکھا تھا کہ یہاں چاند ہوا یا یہاں عید ہوگی۔ غرضکہ بہم طور سے کہ دلیل معتبر نہیں ہو سکتی۔ اس کے سوا ایک میر صاحب بھی گواہ تھے چونکہ بحکم مولانا کے بعد میں عید ہو نہیں سکتی تھی، تار اور گواہ میر صاحب مولانا کے پاس آئے تو مولانا نے فرمایا کہ گواہ کیا کہتا ہے۔ پہلے اس سے استماع کرنا چاہیے۔ میر صاحب نے ارشاد کیا کہ میں آج شام کو مرشد آباد سے آرہا تھا۔ ہوگلی کے قبل ہی ریل میں ایک بوڑھی غالباً گوالن بیٹھی ہوئی تھی۔ وہ لگی کہنے کہ دیکھنا میر صاحب! یہ چاند نظر آرہا ہے۔ جناب میں نے جو نظر اٹھا کے دیکھا تو فی الواقع ناک کی سیدھ چاند دکھ رہا تھا۔ مولانا نے دریافت فرمایا کہ حضرت ابر بھی تھا کہنے لگے کہ نہیں صاحب مطلع صاف تھا۔ مولانا نے تعجب فرمایا کہ ہیں میر صاحب ہوگلی جو یہاں سے بہت ہی قریب ہے وہاں تو بالکل مطلع صاف ہو اور یہاں کلکتہ میں عصر سے ابر ہو۔ اخیر جب تار کی نوبت آئی، تو اس میں بہم طور سے لکھا تھا اس لئے اس پر شرعی عمل درآمد ہو نہیں سکتا تھا۔ الغرض مولانا نے حکم عید صادر نہیں فرمایا۔ اتفاقاً جناب عبدالقدوس عطار صاحب بھی تشریف فرما تھے۔ وہ میر صاحب سے فرمانے لگے کہ میر صاحب اس قدر کذب گوئی! ابھی تو آپ پانچ بجے میری دوکان پر لکھنؤ کے خربزے خرید رہے تھے، اور پانچ سے چھ تک آپ مرشد آباد بھی چلے گئے اور وہاں سے ازراہ ہوگلی تشریف فرما بھی ہو گئے۔ اُسکُت اُسکُت یا ایہا الکذاب! اُسکُت اُسکُت یا ایہا الکذاب! میر صاحب تو وہاں سے چلتے ہوئے، لیکن دوسرے دن جب معتبر گواہیاں آئیں مولانا نے حکم افطار عصر کے قریب فرمایا اس واقعہ سے تمام حضرات واقف ہیں۔ اب جائے غور ہے کہ اگر مولانا کو اپنے کشف اور نجوم پر حکم صادر فرمانا ہوتا۔ تو نجوم کے حساب سے تو ضرور اس روز عید ہوتی تھی۔ تار اور گواہ میر صاحب کا بہانہ موجود تھا، فوراً حکم صادر فرما دیتے۔

مگر چونکہ ان کو محض شرعی اعتبار درکار تھا، اور عمل درآمد بھی ہمیں ظاہری شرع پر تھا۔ ہرگز حکم عید نہیں فرمایا۔ فاعتبروا یا اولی الالباب۔ ان ھذا لشئ عجاب۔ ان دلائل سے یہ مخالفین کا اعتراض کہ نجوم پر حکم فرماتے ہیں ھباءً منثورا، رگیا اب ہم اصل بحث پر آتے ہیں،

کہ جناب مولانا اور حضرات مخالفین علماء کلکتہ ہیں جہاں تک غور کیا گیا صرف ان امور میں اختلاف ہے۔

(۱) مولانا فرماتے ہیں کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں مشرق سے گواہی یا خبر معتبر چاند کی اگر مغرب میں پہونچے تو مغرب والے اس پر اعتبار کریں، اور روزہ رکھیں عید کریں۔ لیکن معزز مخالفین فرماتے ہیں کہ نہیں جب تک ہم اپنی دونوں آنکھوں سے کلکتہ میں چاند نہیں دیکھیں گے۔ تب تک نہ روزہ رکھیں گے اور نہ عید۔ بس اعتبار گواہی و خبر متواترہ نیست۔

(۲) مخالفین دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔ صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ

(۳) بعض مخالف مجبوراً اختلاف مطالع کے نہ معتبر ہونے کے اگر قائل بھی ہو جاتے ہیں تو پھر یہ مشکل پیش کرتے ہیں کہ عید کی خبر شب بھر میں کسی گواہ سے پہونچ نہیں سکتی سوائے "قاس" کے اور تار کا اعتبار نہیں ہے، کیونکہ یہ کفار کے ذریعہ سے آتا ہے۔

حضرات ناظرین! یہ تین بحثیں خصوصاً تار کی بحث ایک بڑی معرکۃ الآرا بحث ہے اور اس لائق ہے کہ اس کو نہایت طوالت کے ساتھ مع ادلہ و مالہ تفصیلاً لکھا جائے لیکن چونکہ مجھے سر دست صرف اہل انصاف کی آگاہی کے لئے مختصر تحریر کرنا ہے، اس لئے نہایت مختصر طور سے پیش کرتا ہوں۔ والعاقل تکفیہ الاشارۃ۔

"پہلی بحث اختلاف مطالع کے معتبر ہونے نہ ہونے کی"

پہلا اختلاف مولانا و علماء کلکتہ کا یہ ہے کہ "اختلاف مطالع کے سبب سے اور ملکوں کے رؤیت کا اعتبار

نہیں ہے"۔ اگرچہ یہ بحث طول طلب ہے۔ لیکن جہاں تک ہم سے ممکن ہوگا ہم اختصار کو ساتھ تحریر کریں گے۔ ناظرین ملاحظہ فرمائیں کہ علماء کلکتہ کا یہ انوکھا مسئلہ جس سے اور علماء کے کان ناآشنا ہوں گے، خدا جانے کس کتاب میں لکھا ہے۔ آج ہندوستان میں متون، حواشی، شروح، فتاویٰ ہر قسم کی کتابوں کا کافی سرمایہ مطبوعہ غیر مطبوعہ موجود ہے۔ کوئی شمس العلما صاحب ہم کو یہ انوکھا مسئلہ کہ بسببِ اختلافِ مطالع اور ملکوں کا اعتبار نہیں، کسی کتاب معتبر میں دکھلادیں۔ تمام کتب فقہ میں صاف طور سے مثالیں دکر لکھا ہے "کہ اختلاف مطالع کا رمضان المبارک میں اعتبار نہیں ہے ہرگز نہیں ہے۔ اگر مغرب والوں نے یکشنبہ کے دن چاند دیکھا۔ اور مشرق والوں نے دوشنبہ کو تو جب شرقیوں کو غربیوں کے پاس سے یکشنبہ کی خبر ہو جائے۔ اور وہ خبر معتبر شرعی ہو۔ تو انھیں چاہئے کہ روزہ قضا کریں۔ اور اگر یکشنبہ ہی کے دن خبر ہو جائے تو انھیں یعنی شرقیوں کو یکشنبہ ہی سے روزہ رکھنا چاہئے۔ اور اسی کے حساب سے افطار کرنا چاہئے"۔

الغرض۔ اختلافِ مطالع کا کچھ اعتبار نہیں ہے جس مقام پر گو بعد المشرقین ہو۔ پہلا روزہ ہو اوس کا اعتبار ہے۔ اور ایسا ہی تمام معتبر کتب فقہ میں بالتفصیل لکھا ہے۔

اب ہم دس معتبر فقہ کی کتابوں سے عبارتیں نقل کئے دیتے ہیں۔ جو فی زمانا معروف اور متداول ہیں۔ اور ہر جگہ میسر ہو سکتی ہیں۔ اور جن میں صاف طور سے یہ مسئلہ تحریر ہے۔ چشم انصاف سے ملاحظہ فرمائیں

(۱) (فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب) اذا ثبت عندهم رویة اولئك بطریق موجب ۔" (در المختار)

(۲) "یلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب فی ظاهر المذهب وعلیه الفتوٰی کذا فی الخلاصة ۔" (نهر الفائق)

(۳) "اذا ثبت الهلال فی بلدة لزم سائر الناس فی ظاهر الروایة وعلیه الفتوٰی وهو قول اکثر المشائخ ۔" (مراقی الفلاح)

(۴) بلدة اذا رأة الهلال هل یلزم فی حق کل بلدة؟ (الی قوله) وفی الخانیة

لاعبرت باختلاف المطالع فی ظاہر الروایۃ ۔ وفی الظہیریۃ عن ابن عباسؓ انہ کان یعتبر فی حق کل بلدۃ رویۃ اہلہا ۔ انتہی ۔" (تاتارخانیہ)

(۵) "لاعبرت لاختلاف المطالع وعلیہ کثیرا من متون المعتبرۃ کصاحب الکنز ۔ انتہی ۔" (در جواہر نفیہ شرح جواہر منیفہ)

(۶) "والصحیح من مذہب اصحابنا انہ یلزم اذا استفاض الخبر فی البلدۃ الاخری وان لاعبرۃ لاتحاد المطالع واختلافہا وہذا ظاہر الروایۃ ۔ انتہی ۔" (جامع الرموز)

(۷) "قولہ احوط ۔ ای لعموم الخطاب فی قولہ صلعم صوموا لرویۃ وافطروا لرویۃ بمطلق الرویۃ وہی حاصلۃ برویۃ فلیثبت عموم الحکم احتیاطا ۔" (طحطاوی)

(۸) فی الشامی بعد ذکر مذہب الشافعیؒ "وظاہر الروایۃ الثانی وہو المعتمد عندنا (ای لاعبرۃ باختلاف المطالع)" (شامی)

(۹) "لاعبرۃ باختلاف المطالع ومعناہ اذا رای الہلال اہل بلدۃ ولم رای اہل بلدۃ اخری یجب ان یصوموا برویۃ الخ" (تبیین الحقائق)

(۱۰) "لاعبرۃ لاختلاف المطالع فی ظاہر الروایۃ وعلیہ فتوی (الی قولہ) لو رای ہلال رمضان اہل مغرب یجب الصوم اہل مشرق ۔" (عالمگیری)

(۱۱) صاحب در المختار نے تو صاف فیصلہ ہی کر دیا ہے۔ اور اس بارے میں اوس نے ایک سالکھا ہے کہ اختلاف المطالع کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔ ہم علامہ ابن عابدین صاحب در المختار کی پوری عبارت چونکہ طول ہے نقل نہیں کر سکتے در المختار میں دیکھ لینا چاہئے (مطبوعہ مصر صفحہ ۱۵۴)

قولہ علی ظاہر المذہب اعلم ان نفس اختلاف المطالع لانزاع

فیہ بمعنی ان قدہ یکون بین البلدتین بعد الخ ۔

اب ہم نے دس کتب معتبرہ فقہ سے جیسے۔ در المختار، مراقی الفلاح، جامع الرموز، طحطاوی، عالمگیری وغیرہ جن سے فی زمانا بڑھ کر اور کوئی معتبر کتاب موجود نہیں ہے عبارات نقل کر دیے ہیں جن میں صاف طور سے لکھا ہے۔ لاعبرۃ الاختلاف المطالع فلیلزم اھل المشرق برویۃ اھل المغرب۔ جن سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا اور اس کے سوا تمام متون شروح میں لکھا ہے۔ کہ علیہ فتوی فی ظاھر الروایۃ۔ علیہ کثیر من مدون المعتبرۃ۔ اب اگر اس پر بھی کوئی نہ مانے۔ اور وہی مرغی کی ایک ٹانگ کہے جائے تو وہ تعصب اور تقلید ہوا نفس نہیں ہے تو کیا ہے؟

الغرض

ان تمام عبارات بالا سے یہ بات متحقق ہو گئی کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں ہے۔ جہاں پہلے رویت ہو اسی کا اعتبار ہے۔ اور اس پر تمام شہروں کو اعتبار اور عمل کرنا چاہیئے، اگرچہ بعد المشرقین ہو۔

"دوسری بحث حدیث "صوموا لرویۃ وافطروا لرویۃ" پر اور
اس بات کا ثبوت کہ یہاں رویت سے مراد علم الیقین ہے۔ اور اس پر قرآنی دلائل"

اب ہم کو اس حدیث اور ہم معنی اور حدیثوں پر بحث کرنی باقی ہے کیونکہ جب علماء کلکتہ اس صورت میں عاجز ہو جاتے ہیں، تو پھر یہ مسلم کی یہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ:

"صوموا لرویۃ وافطروا لرویۃ"

ترجمہ:۔ اے لوگو! روزہ رکھو چاند دیکھ کر، اور اسی طرح افطار کرو یعنی عید کرو چاند دیکھ کر" الحدیث"

پس۔ اس سے ہمارے مخالفین ثابت کرانا چاہتے ہیں۔ کہ: "یہاں رویت کا لفظ آیا ہے جس کے معنی ہیں دیکھنے کے۔ تو پھر جب تک ہم اپنی دونوں آنکھوں سے ناک کی سیدھ چاند نہ دیکھیں روزہ اور افطار نہ کریں گے۔ پس، اعتبار گواہی و خبر متواترہ نیست۔ لیکن افسوس ہے، اور سخت افسوس ہے کہ یہ حضرات علماء کلکتہ کہ جن کی عمر کا ایک بہت بڑا حصہ پڑھنے پڑھانے میں صرف ہو چکا ہے، ایک

حدیث پر غور نہیں فرماتے اور ذرا فقہ کی کتابوں کو کھول کر نہ دیکھتے جن میں صاف طور سے لکھا ہے کہ

"یہاں رویت سے مراد علم الیقین ہے"

خیر تو اس حدیث کی علمائے دو طور سے تفسیر کی ہے۔ اول یہ کہ یہاں رویت کے معنی علم الیقین کے ہیں جب یقینی معلوم ہو جائے کہ فلاں مقام میں "رویت" ہوئی ہے۔ تو گویا اوس کو رویت ہو گئی اور اب اوس کو اوس پر عمل کرنا چاہئے۔ اور یہ عرب کا قاعدہ ہے کہ جس مقام پر "سامع" کو "علم الیقین" حاصل ہو جائے۔ تو اوس مقام پر رویت کا لفظ "قائل" استعمال کرتا ہے۔ اور ہم کلام عرب سے اوس کی دلیل پیش کرتے ہیں۔ مگر اس وقت تین ایسی دلیلیں تحریر کرتے ہیں کہ اوس سے انکار ہو ہی نہیں سکتا۔ یعنی۔ قرآن شریف میں بھی تین موقعوں پر اللہ جل شانہ نے اسی طرح علم الیقین کے موقع پر رویت کا لفظ فرمایا ہے۔ اگر وہاں رویت سے معنی علم الیقین کے نہ لئے جائیں تو معنی خبط ہو جائیں۔ اور کسی مفسر نے یہ معنی یعنی دیکھنے کے نہیں لئے ہیں۔ اور کیسے لیں جبکہ معنی ہی خبط ہو جائیں۔ اب وہ آیتیں ملاحظہ فرمایئے۔

(۱) سورہ والصّٰفّٰت کے دوسرے رکوع کے اول و آخر میں جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ اے پروردگار ھب لی من الصالحین، یعنی مجھ کو ایک فرزند صالح عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے اونھیں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام عطا فرمایا۔ اور جب وہ جوان ہوئے ایک دن حضرت ابراہیم حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے فرماتے ہیں کہ "(قال یا بنی) انی اریٰ فی المنام ان اذبحک فانظر ماذا تری"۔ ترجمہ: ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میرے بیٹے! میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں جیتے تم کو ذبح کر رہا ہوں پس تم بھی ذرا سوچو کہ تمہاری رائے میں کیا آتا ہے۔

اب جانے غور ہے۔ کہ اس آیت میں "فانظر ماذا تری" آیا ہے۔ اب اگر یہاں بقول علمائے کلکتہ رویت کے معنی "دیکھنے" کے لیے جائیں تو یہ معنی خبط ہونگے۔ کہ "پس دیکھ تو کہ کیا دیکھتا ہے تو" اور کسی مفسر نے نہیں لیے۔ اور لے تو کیونکر جب کے معنی ہی سرے سے "خبط" ہو جاتا ہے۔ کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے استصواب رائے فرماتے تھے پھر اون کا کہنا کہ "پس دیکھ تو کہ کیا دیکھتا ہے تو" یعنی چہ؟ پس اس آیت میں بھی وہی "رویت" کے "مجازی

معنی لئے گئے ہیں۔ فافہم۔

(۲) سورۂ "فجر" کے پہلے "رکوع" میں ہے۔

"اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ"

ترجمہ: اے میرے حبیب! کیا تو نے نہیں دیکھا کہ تیرے پروردگار نے قوم "عاد" کے ساتھ کیا کیا۔ (وہ) ارم صاحب ستون کو ایسے تھے کہ جن کے مانند کسی شہر میں ہم نے پیدا نہیں کیے۔

اس آیت میں بھی اللہ تعالیٰ نے علم الیقین کے موقعہ میں وہی "سر ی" کا لفظ ارشاد فرمایا جو کہ مامر

(۳) سورۂ "فیل" میں ارشاد ہوتا ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحَابِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ وَ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ، تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ

ترجمہ

اے میرے حبیب گنہگاروں کے طبیب! کیا تم کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ کیا اس نے ان کے تمام فریب نہیں توڑے؟ نہیں بیشک توڑے اور ان پر غول غول پرندے بھیجے جو ان پر کنکریاں (ہلاک کرنے والی) پھینکتے تھے اور ان کو کھائے ہوئے بھس کی مانند کر دیا۔

ناظرین! ملاحظہ فرمائیں کہ اس سورہ میں بھی اللہ جل شانہ نے "سر" ارشاد کیا ہے جس کے معنی یہ ہونا چاہیے کہ "کیا نہیں دیکھا تو نے" واقعہ اصحاب فیل کا۔ حالانکہ جناب رسول اکرم تو اس واقعہ کو دیکھ نہیں رہے تھے اور نہ دیکھ سکتے تھے کیونکہ یہ واقعہ آپ کے کئی سال قبل مکہ معظمہ میں ہو چکا تھا۔ مگر جناب باری نے "تر" کا لفظ ارشاد فرمایا۔ اب ذرا ہمارے "مخاطبین" ارشاد فرمائیں کہ یہاں یہ "دیکھنا" کیوں ارشاد ہوا؟ بس یہاں وہی مجازی معنی "علم الیقین" کے ہیں کہ "کیا نہیں معلوم تم کو میرے حبیب" کیونکہ "قائل" جانتا ہے کہ مجھ پر "سامع" کو یقین کامل ہے۔ اس لئے وہ وہاں رویت جس کے معنی مجازی علم الیقین کے ہیں استعمال کرتا ہے۔ کما لا یخفی علی المتامل فاعتبروا یا اولی الابصار۔

اب ان تینوں آیتوں سے یہ بات متحقق ہوگئی کہ بعض مقام میں "رویت" کا "حصول علم الیقین" پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ پس اس حدیث زیر بحث صوموا لرویتہ وافطروا لرویتہ میں رویت کے یہی معنی محققین نے لیے ہیں اور اس بنا پر صاف لکھ دیا کہ "لاعبرۃ لاختلاف المطالع وعلیہ الفتویٰ۔ اور یہ کچھ ہم نے لکھا ہے کچھ ہماری ذاتی رائے نہیں ہے بلکہ اور محققین کی بھی یہی رائے ہے اور اس کے یہی معنی لیے ہیں۔ اگرچہ ہم کو کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں ہے جب کہ نص بیان صریح ہے اور قرآن شریف سے بھی ثابت ہوتا ہے۔

لیکن مزید اطمینان کے لیے ہم لکھے دیتے ہیں

کہ کتاب "عیون البصائر" جو ایک معتبر اور مشہور و معروف کتاب ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ حدیث "صوموا لرویتہ وافطروا لرویتہ" میں 'رویت' سے مراد حصول علم بطریق غالب" ہے پھر مثال دی ہے۔ کہ "ایک شخص نے اپنی منکوحہ عورت کو باین الفاظ طلاق دی کہ "ان رایت الھلال فانت طالق" یعنی اگر تو نے چاند دیکھا تو تجھ پر طلاق۔ اب جب چاند رات آئی، تو وہ عورت مکان میں چھپ رہی کہ میں چاند نہ دیکھنے پاؤں تاکہ "طلاق" نہ پڑ جائے کیونکہ طالق نے "رأیت الھلال" کی قید لگائی ہے۔ لیکن کسی شخص نے جا کر کہہ دیا کہ ہیں! یہ آپ کہاں بیٹھی ہیں! بی بی صاحب چاند ہو گیا۔ فقہ کہتی ہے کہ "طلاق پڑ گئی"۔ کیونکہ "طالق" نے "رأیت الھلال" کی قید لگائی ہے۔ اور جب کہ عورت کو علم الیقین ہو گیا۔ تو اس کے لیے "رویت" ہو گئی۔ انتہیٰ ملخصاً۔

(۲) دوسرا جواب علماء محققین نے یہ دیا ہے کہ اس حدیث زیر بحث "صوموا لرویتہ الخ" میں بالعموم خطاب ہے۔ رویت شرط ہے۔ چاہے مشرق میں ہو یا مغرب میں ہو۔ جہاں پہلی ہو اوس پر بشرط خبر معتبر شرعی تمام عمل کریں۔ ہاں اگر رسول اکرم روحی فداہ یوں ارشاد فرماتے کہ "صوموا لرویتہ بلدہ وافطروا لرویتہ بلدہ" یعنی روزہ رکھو تم اپنے شہر کا چاند دیکھ کر۔ اور اسی طرح افطار کرو تو اپنے شہر کا چاند دیکھ کر۔ تو بلا شک ہر ایک شہر کی رویت کو اپنے لیے تخصیص ہو جاتی جب عام طور پر ارشاد فرمایا ہو تو تخصیص کیونکر ہو سکتی ہے؟

الغرض حدیث زیر بحث میں رویت سے دیکھنے کے معنی ہرگز نہیں ہیں۔ اس کے معنی علم الیقین کے ہیں۔ یہ بات قرآن مجید سے ثابت ہے۔ اور اہل تحقیق کی بھی یہی رائے ہے بس۔ اس حدیث سے ہمارے مخالفین اپنے مسئلہ پر استدلال ہرگز نہیں کر سکتے۔ کیونکہ یہ ہمارے لئے دلیل قوی ہے اور ان کے مدعا کے مخالف ہے۔ فالحمد للہ۔

"تیسری بحث اس بارے میں کہ تار کی خبر معتبر ہے یا نہیں۔ اور اس بات کا ثبوت کہ کافر سے معاملات کے ضمن میں جو بات متعلق دینیات معلوم ہو وہ عند الفقہا معتبر ہے۔"

اب تیسری بحث "تار" کے متعلق ہے اور یہ ایک بڑی معرکۃ الآرا بحث ہے ہم کو چونکہ طول منظور نہیں ہے۔ اس لئے ہم نہایت اختصار کے ساتھ لکھیں گے۔ اس بارے میں ہم نے ایک خاص تحریر لکھی ہے جو عنقریب شائع ہوگی۔ فمن شاء التحقیق فلیرجع الیہ

بات یہ ہے کہ آجکل "تار" نے وہ ترقی کی ہے کہ شاذ و نادر ہی کوئی شہر اور قصبہ اس "مفید محکمہ" سے محروم رہا ہو۔ ایک نہیں سیکڑوں "دینی" اور "دنیوی" کام اس پر موقوف ہیں۔ یہ ایک ضروری البحث مسئلہ ہے۔ پس اگر اس کا اعتبار نہ کیا جائے (اور کیونکر کیا جائے) تو تمام کاروبار الٹ پلٹ ہو جائیں۔ اس لئے میں مختصر طور سے اسکے "معتبر ہونے کا" ثبوت پیش کرتا ہوں۔ آجکل بہتیرے ایسے مسئلے ہیں جو زمانے کی ترقی سے پیدا ہو گئے ہیں۔ اور سلف میں مطلقاً نہ تھے۔ اور اس لیے اس کے معتبر اور غیر معتبر ہونے کو بیان سے کتب سلف بالکل خالی ہیں۔ تو پھر اگر ان پر بحث کی جائے تو کیونکر؟ پس اس کی یہ صورت ہے کہ ان کو اور مسئلوں پر قیاس کر کے۔ اصول فقہ سے چھان بین کر کے نکالا جائے۔ پس اسی طرح یہ تار کا مسئلہ ہے۔ کہ جسے ایجاد ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہے۔ اس لیے کتب فقہ میں اس کی بحث بالکل نہیں ہے۔ تو اب اس کو کسی اور مسئلے پر قیاس کرنا چاہیئے۔ وغیر ازیں چارہ نیست۔

اب اس کو ہم "عقل" اور "شرع" دونوں سے دیکھتے ہیں اور جانچتے ہیں۔

"عقل" تو اس بات کو مانتی ہی نہیں کہ تار میں جس پر آج تمام ہندوستان بلکہ دنیا کا دار مدار ہے

"غلطی" کا احتمال ہو یا جہل کا خوف ہو کیونکہ اگر غلطی اور جہل کا احتمال ہو تو اتنا کاروبار اس کے اشارے پر کیونکر چلے۔ اگر "قاس" میں لکھا ہو کہ فلاں مر گیا تو آپ اعتبار کر لیتے ہیں۔ کہ بیشک "نبیا" اگر اوس میں لکھا ہو کہ فلاں لڑکا پیدا ہوا تو آپ مان لیتے ہیں۔ اگر لکھا ہو کہ فلاں کی شادی ہوئی، چناں ہوا چنیں ہوا تو اوس پر آپ عمل درآمد فرماتے ہیں۔ وقس علی ھذا۔ پس جب ان تمام باتوں میں اعتبار کر لیا جاتا ہے، اور سر مو فرق نہیں ہوتا، تو پھر اس کی اور خبریں کیوں ناقابلِ اعتبار ہوں؟ اور کس طور سے اس پر غلطی کا احتمال ہو ہو جب کہ آج تک کبھی غلطی واقع نہیں ہوئی۔ تو عقل کے اقتضا سے تو انکار ہو ہی نہیں سکتا۔

باقی رہی شرع، تو صرف اوس پر یہی اعتراض کیا جا سکتا ہے۔ کہ خبر کفار کے ذریعہ سے آتی ہے۔ اور کفار کا ایسی خبروں میں اعتبار نہیں ——— تو اس کا جواب باصواب یہ ہے کہ،

بیشک عبادات میں کفار کا قول معتبر نہیں لیکن معاملات میں معتبر ہے۔ اور یہ تمام کتب فقہ میں مسطور ہے پس اگر معاملات کے ضمن میں کوئی بات متعلق عبادات واقع ہو۔ تو وہ بلاشک معتبر ہے۔ یہ مسئلہ کسی قدر مثال طلب ہے اس لیے ہم ایک مثال پیش کرتے ہیں کہ اگر کسی مسلمان کا ایک نوکر کافر ہو اور چونکہ معاملات میں کافر کا قول معتبر ہے، اس مسلمان آقا نے اس نوکر کافر کو کچھ پیسے دیے کہ بازار سے گوشت لاوے۔ جب وہ گوشت خرید کر واپس آیا۔ تو اوس نے اپنے مسلمان آقا سے کہا کہ "اشتریت من مسلم" یعنی یہ گوشت میں نے ایک مسلمان سے خریدا ہے اب یہ قول اس کا معاملات سے تعلق رکھتا ہے۔ اس لیے مسلمان نے معتبر سمجھا۔ لیکن اس کے ضمن میں یہ بات بھی ثابت ہو گئی۔ کہ اس نے جب مسلمان سے گوشت خریدا ہے تو لامحالہ اس نے باتسمیہ ذبح کیا ہوگا پس یہ بات جو ضمناً معلوم ہوئی ہے عبادات سے تعلق رکھتی ہے۔ مگر بوجہ ضمناً واقع ہونے کے معاملات میں داخل کر کے اس کو معتبر کیا گیا ہے اور شرع اجازت دیتی ہے کہ وہ گوشت خرید کردہ کافر مزے سے کھاؤ حلال اور طیب ہے۔

اس مسئلے کی بنا پر ہم کہتے ہیں کہ "قاس" معاملات سے تعلق رکھتی ہے۔ اور اس لیے معتبر ہے۔ اور چونکہ اوس کے ضمن میں ہم کو یہ بات بھی معلوم ہو گئی کہ فلاں شہر یا قصبہ میں موت ہوئی ہے

تو اوس کو ضرور بالضرور معتبر سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ وہ معاملات کے ضمن میں واقع ہوئی ہے۔ فافہم۔

تتمہ

حضرات ناظرین!! ہمارے مخالفین علماء کلکتہ جو آجکل مخالفت کے ڈنکے بجا رہے ہیں۔ ہماری مخالفت کے قبل خود ہمارے موافق تھے۔ اور درالمختار عالمگیری وغیرہ کی بنا پر صاف اس بارے میں فتوا دے چکے ہیں۔ چونکہ صرف اون کو حضرت مولانا کی مخالفت منظور تھی۔ مخالفت کا اعلان کر بیٹھے چنانچہ سرگروہ مخالفین جناب قاضی حافظ عبدالشکور صاحب مرحبا ٹانڈوی اپنے رسالہ "تائید ذوالمنن و طفیل رسول زمن" کے آخر میں جو غالباً جناب مولوی قادر علی صاحب کے رد میں لکھا گیا ہے ایک فتوی تحریر فرماتے ہیں جو بالکل ہمارے موافق ہے۔ اوسے دیکھکر تعجب آتا ہے۔ ہم اس فتوی فارسی کو یہاں پر مع ترجمہ درج کرتے ہیں۔ نقل کالاصل۔

استفتاء رویت ہلال رمضان چہ میفرمایند علماء دین تین و مفتیان شرع مبین اندریں صورت مثلاً در کلکتہ بتاریخ بست و نہم شعبان المعظم رویت ہلال رمضان المکرم نگشت و در شہر دہلی شد پس بعد اداء شروط شہادت رویت ہلال از اصحاب دہلی برارباب کلکتہ روزہ واجب آید یا نہ چنانچہ مولوی قادر علی صاحب در وعظ خود فرمودہ اند کہ اگر مابین فاصلہ شانزدہ فرسخ باشد کہ ہر فرسخ سہ کروہ انگریزی ست برارباب کلکتہ روزہ واجب نمیشود و اگر از ان اقل باشد واجب شود و عندالاستفسار بتحقیق رتبکرار بلیغ ہم چنین گفتند۔ بینوا توجروا۔ السائل شیخ کریم بخش۔

الجواب واعظ مزبور بالا دریں مسئلہ سراپا راہ خطا پیمودہ و تکرار بیجا نمودہ است و قید شانزدہ فرسخ محض سہو اہل "کمال خلاف کتب فقہ" بیان کرد واضح انیست کہ از رویت ہلال اہل مغرب بعد اداء شروط شہادت رویت ہلال برارباب مشرق روزہ واجب شود۔ کما جاء فی فتاوی درالمختار شرح تنویر الابصار یلزم اہل المشرق برویۃ اہل المغرب وھکذا فی فتاوی عالمگیریہ ولا عبرۃ لاختلاف المطالع فی ظاہر الروایۃ کما

فتاوی قاضی خان الخ انتہی۔ ھٰکذا احکم الکتاب، واللہ اعلم بالصواب۔

المجیب
محمد عبد الشکور مرحبا حنفی عفی عنہ

ھو المصوب

ما اجاب الفاضل الاریب والعالم اللبیب مدللا من الکتاب فھو صحیح بلا ارتیاب۔ من شک فیہ، فقد خسر وخاب؛ واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ العبد المذنب الربعی الی اللہ محمد المدعو بعبد اللہ غفرہ اللہ ووفقہ بما یحب ویرضاہ الخ

بگویم من ترا این نکتہ بے عیب — محمد کان عبد اللہ لاریب

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد والہ واصحابہ والتابعین لھم باحسان یوم الدین۔ وبعد فانی وقفت علی ما اجاب الفاضل الادیب والعالم اللبیب ودلائلہ ھذہ من الکتاب صحیحۃ لاشک فیھا ولاریب فجزاہ اللہ عنا وعن سائر المسلمین خیر الجزاء ووفقناہ وایاہ لاتباع سنۃ خیر الوری محمد صلعم۔ الراقم المذنب الفقیر المعترف بالذنوب والتقصیر محمد ابن جعفر علی المدنی عفی اللہ عنہ۔

الجواب صحیح — والمجیب نجیح کتبنا محمد ہدایت اللہ مدرس۔

الجواب صحیح — لاریب فیہ، محمد عبد الرحمٰن عفی عنہ

الجواب صحیح — کتبہ محمد حسین علی عفی عنہ

الجواب صحیح — لاشک فیہ، محمد فتح علی عفی عنہ

یہ جواب صحیح ہے — محمد رمضان عفی عنہ

اس فارسی فتویٰ کا خلاصہ اردو میں درج ذیل ہے

ہلال رمضان کے بارے میں استفتاء

علماء دین اور مفتیان شرع متین اس صورت میں کیا فرماتے ہیں کہ مثلاً ۹ شعبان المعظم کو رویت یہاں نہیں ہوئی مگر شہر دہلی میں ہوئی پس جس وقت کہ شہادت معتبر شرعی پہونچ جاوے اس وقت اہل کلکتہ پر روزہ واجب ہوا یا نہیں کیونکہ ایک مولوی صاحب اپنے واعظ میں سولہ فرسخ کی قید لگا کر فرماتے ہیں کہ اگر سولہ فرسخ سے فاصلہ کم ہو تو بیشک اہل کلکتہ پر روزہ واجب ہو سکتا ہے ورنہ واجب نہیں ہوتا! اور اس پر اون کو بڑا زور ہے، آپ جواب بیان فرمایئے اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عطا فرمائیگا۔

جواب یہ ہے۔ کہ واعظ صاحب نے اس مسئلہ میں بالکل راہ خطا اختیار کی ہے سولہ فرسخ کی قید محض غلط اور خلاف فقہ ہے۔ بڑی سچی اور صحیح بات یہ ہے کہ مشرق والوں کے رویت ہلال سے مغرب والوں پر اگر شہادت کو

شرط الوا ہوں، روزہ واجب ہو جاتا ہے جیسا کہ قاضی اور الختار میں ہے تنویر الابصار کی شرح ہے لکھا ہوا ہے مشرق پر اہل مغرب کی رویت سے روزہ لازم ہو جاتا ہے اگر ان پر ثابت ہو جائے۔ اور اسی طرح فتاوٰی عالمگیری میں لکھا ہے کہ اختلاف مطالع کا کچھ اعتبار نہیں ہے مغرب والے اگر چاند دیکھیں تو شرط شروط اجر معتبر مشرق والوں پر روزہ واجب ہو جاتا ہے۔ اور اسی قول پر فتویٰ ہے۔

المجیب

(جواب دینے والا)

محمد عبد الشکور مرحبا حنفی عفی عنہ

جو جواب کہ جناب عالم فاضل مولوی عبد الشکور صاحب نے دیا ہے بالکل صحیح ہے اس میں کچھ شک نہیں جو اس میں شک کرے فقد خسر خابہ۔ راقم بندۂ گنہگار محمد امیر عوض عبد اللہ بعد حمد و نعت واضح ہو کہ جو جواب کہ عالم فاضل مجیب نے دیا ہے وہ بالکل صحیح اور حق ہے، اس میں کچھ شک نہیں اللہ تعالیٰ جواب دینے والے کو جزائے خیر عطا فرمائے راقم بندۂ گنہگار خطاوار محمد ابن جعفر علی عفی اللہ عنہ۔ جواب صحیح اور حق ہے۔ جواب صحیح ہے۔ جواب صحیح ہے۔ جواب صحیح اور حق ہے یہ جواب صحیح ہے۔

محمد عبد الرحمٰن عفی عنہ، محمد ہدایت اللہ عفی عنہ، محمد حسین علی عفی عنہ، محمد فتح علی عفی عنہ، محمد رمضان عفی عنہ

اب دیکھو کہ اس فتویٰ میں جناب مرحبا صاحب نے صاف لکھ دیا ہے کہ قید شانزدہم صرف سخ محض بر اصل کمال خلاف کتب فقہ ہے اور یہی ہمارا قول ہے کہ مشرق کا مغرب پر اور مغرب کا مشرق پر اعتبار ہے مگر خدا جانے کیا سبب ہے کہ یہی مولوی مرحبا صاحب فی الحال ہمارے مخالف ہو گئے۔ لیکن ہمیں امید قوی ہے کہ وہ جب غور سے سنیں گے تو ضرور اس انوکھے مسئلے سے رجوع فرمائیں گے جیسا کہ اہل حق کا طریقہ رہا ہے۔ اس صحیح مسئلے کے منکرین اور مخالفین کے لئے اگرچہ ہم نے کچھ بھی نہیں لکھا اور سوائے غوری اور نافہمی کے کچھ لکھ ہی نہیں سکتے لیکن مکرم مولوی محمد عبد اللہ صاحب اس فتویٰ میں چونکہ تحریر کر چکے ہیں۔ اس لئے ہم نقلاً اُنہیں کی عبارت لکھ دیتے ہیں "من شاء فیہ فقد خسر خابہ" اب ہم نے اختصار کے ساتھ اس مسئلے کو اور اس کی قبل اختلاف المطالع کو غیر معتبر ہونے کے مسئلے کو نہایت عمدگی سے ثابت کر دیا ہے جو ایک منصف شخص کے لئے کافی اور شافی ہے۔ اگر ہمارے معزز مخالفین "چشم انصاف" سے ملاحظہ فرمائیں گے تو بلاشک اپنے مسئلے سے رجوع فرمائیں گے اور "ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا" کا وظیفہ ورد زبان کریں گے ورنہ تعصب نفسانیت اور ہٹ دھرمی کے لئے یہ چند سطور کیا حقیقت رکھتی ہیں دفتر کو دفتر ناکافی اور غیر شافی ہیں۔

اللہم اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین۔ آمین یا رب العلمین

راقم خادم الطلبا ابو الکلام آزاد۔ ثبتہ اللہ علی طریق الاسداد ودفعہ اللہ بحبل الاعتقاد۔ (دہلوی)

ھدایۃ الرشید

کچھ دنوں سے کلکتہ میں "لعن یزید" کی بحث چھڑ گئی ہے۔ اور حضرات منکرین کی کچھ تحریریں بھی شائع ہوئی ہیں۔ اس لئے خاکسار آزاد نے یہ رسالہ جواز لعن میں نہایت کوشش سے لکھا ہے، اور منکرین کی جتنی دلائل ہیں مثل اقوالِ غزالی و ملا علی قاری و قصیدۂ امالی ان سب کا رد بطریقِ احسن کیا گیا ہے۔ اور کوئی دقیقہ راقم نے اٹھا نہیں رکھا ہے۔ زیادہ تعریف فضول۔ صرف اس قدر لکھنا کافی ہے کہ قدر ایں بادہ ندانی بخدا تا نچشی یہ رسالہ عنقریب طبع ہو کر شائع ہوگا۔

المشتھر

ابو الکلام محی الدین احمد آزاد

اشتہار کتب مصنفہ مولانا خیر الدین صاحب

"الدرج الدرر البھیہ فی ایمان الآباء والامھات المصطفویہ"

ثبوتِ ایمان آباء و اجدادِ رسول کریم میں آج تک ایسی کوئی ضخیم کتاب جامع کسی زبان میں شائع نہیں ہوئی۔ متقدمین اور متاخرین مثل امام سیوطی، ابن حجر، عبد الحق وغیرہ کی تمام تصانیف کا مجموعہ ہے۔ ضخامت پچاس جزو کاغذ اعلیٰ چھپائی لاجواب، اور بصائر میں دیباچہ کا رد بھی کیا گیا ہے۔ قابلِ دید۔ قیمت پختہ چھ روپیہ۔ حفظ المتین عن نصوص الدین۔ درج الدرر البھیہ کی تائید اور معترضین کا جواب مع تحقیق لفظ خدا و بیانِ شفاعتِ کبرا۔ و جواز استمداد وغیرہ۔ قیمت عہ۔ خیر الامصار۔ مدینۃ الامصار۔ مدینہ مکرمہ کے فضائل اور شرف بسکہ منظم مع فوائد وغیرہ قیمت ۱۲ر۔ اوراد خیریہ اس میں وہ دعائیں لکھی ہیں جو سینہ بسینہ مولانا تک پہونچی ہیں۔ قیمت ۸ر

منتہ خضریہ۔ اسمیں تصوف و عرفان اور چھ سوال کا جواب ہے۔ نظم۔ قیمت ۸ر

اسباب السرور

اسمیں دوسو ایک باتیں ضروری لکھیں ہیں۔ آخر میں قصیدۂ عربی منظوم اسمار محبوب سبحانی مندرج ہے۔ قیمت عہ

یہ تمام کتابیں بہت کم رہ گئیں ہیں۔ جن کو ضرورت ہو مصنف علام سے نشان ذیل پر منگوالیں

کلکتہ محلہ امرا تلہ لین نمبر مکان گیارہ ۱۱

اشتہار کتب نایاب

یہ کتابیں نایاب ہیں۔ انھیں طبع ہوتے آج پچاس ساٹھ برس ہو گئے۔ چند نسخے میرے پاس موجود ہیں جن صاحبوں کو درکار ہو خاکسار سے طلب فرمائیں۔

تاریخ ہندوستان فارسی ۔ یہ انگریزی تاریخ کا فارسی ترجمہ ہے۔ جسے بحکم خاندان ٹیپو سلطان مولوی عبدالرحیم رہری گورکھپوری نے کیا تھا۔ نہایت خوب لکھائی اور چھپائی ایسی کہ آنکھوں میں نور آجائے ـــــ قیمت ہے۔ ضخامت تیس جز۔

تاریخ نادری فارسی ۔ اسمیں نادر شاہ کے تمام واقعات درج ہیں۔ آخر میں الفاظ مشکل کی ایک فرہنگ ہے تقطیع کلان ضخامت پچیس جز۔ قیمت ہے ۔

مآثر عالمگیری فارسی ۔ اس میں عالمگیر کے تمام واقعات مجملاً و مفصلاً تشریح کے ساتھ مندرج ہیں۔ ابتدا میں پانچ چھ سو سے زیادہ ناموں کی جن میں علما شعرا امرا و رکین سلطنت ہیں۔ ایک انڈکس ہے اور علاوہ برین اسی طرح تیرہ سو قصبوں کے نام مندرج ہیں۔ ضخامت چالیس جز قیمت ہے

نفحات الانس ۔ یہ کتاب خوش خط نہایت تصحیح کیساتھ سو فہرست طبع ہوئی ہے۔ نولکشوری میں اغلاط کاغذ کی خرابی لکھائی بدنمائی ہے۔ یہ ان باتوں سے مبرا ہے اس میں چھ سات سو علما فقرا اولیا صوفیا شعرا عورات کے حالات ہیں۔ مؤلفہ حضرت جامی ـــــ قیمت للعہ ۔

المشتہر شمس الدین احمد۔ کلکتہ سندریاپٹی دکان نمبر ۱۰۲

امتیاز علی خاں عرشی

اسلامیات کا مطالعہ

خواتین و حضرات

رسم یہ رہی ہے کہ صدر اپنے خطبۂ صدارت میں اپنی بے چمدانی اور کم ارزی کا ذکر کر کے انتخاب کرنے والے بزرگوں کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

میں خطبہ لکھنے بیٹھا تو اسی رسم کو برتنے کا ارادہ تھا۔ لیکن آغاز کار ہی میں یہ خیال آیا کہ یہ تو انتخاب کنندہ جماعت کے فیصلے پر عدم اعتماد کا اظہار ہوا۔

نیز اپنے آپ کو ہیچ مداں کہنا وہی "دعوی بزرگ" ہوا جو ابو شکور بلخی نے اس شعر میں کیا تھا کہ

تا بداں جا رسید دانش من　　که بدانستہ ام که نادانم

اور جو بقول سقراط قابل احتراز ہے، لہذا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ـــــ آپ نے اس بار کسی عالم کی جگہ ایک طالب علم کو آل انڈیا اسلامک اسٹڈیز کانفرنس کے پانچویں اجلاس کا صدر منتخب فرما کر صرف میری ہی نہیں مجھ جیسے ہزاروں طلبا کی جو عزت افزائی کی اس پر میں اپنی اور تمام طالبان علوم و فنون کی طرف سے آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

آل انڈیا اسلامک اسٹڈیز کانفرنس کے پانچویں اجلاس (۶ تا ۸ اکتوبر ۱۹۶۷ء) منعقدہ دہلی کا خطبۂ صدارت۔

اسلامیات کا مطالعہ

حضرات، میں طالب علم ہونے کے ساتھ کتابدار بھی ہوں، اور کتاب دار کا تعلق علماء سے اسی طرح کا ہوتا ہے، جیسا عطار کا طبیب سے، آپ جانتے ہیں کہ عطار طب کا باقاعدہ علم نہیں رکھتا، تاہم مختلف حاذق طبیبوں کے نسخے دیکھ دیکھ کر یہ ضرور پہچاننے لگتا ہے کہ زیر نظر نسخہ کس پایے کے طبیب کا مجوزہ ہے، اور مرض کے ازالے میں کس درجہ مددگار ثابت ہوگا۔ میں بھی تقریباً ۳۵ سال تک مشرق و مغرب کے قدیم و جدید علماء و فضلاء کی تصنیفات دیکھ کر جاننے لگا ہوں کہ کس کتاب کی تالیف و ترتیب، تدوین و تصحیح اور تحشیہ و تشریح محققانہ اور ماہرانہ ہے، اور کون سی کتاب کاروباری انداز پر مرتب ہوئی ہے۔

ہندوستان میں ایک سے زائد ادارے مشرقیات اور اسلامیات پر کام کر رہے ہیں۔ جہاں تک عربی، فارسی اور اُردو کے متون پر کام کرنے کا سوال ہے، ملک میں اس کا معیار خاصا بلند ہو چکا ہے۔ حیدر آباد، بمبئی، دہلی، علی گڑھ، رام پور اور پٹنہ سے شائع کردہ متون اس کا روشن ثبوت ہیں۔

اسلامیات پر مستقل کتابیں اور تحقیقاتی مقالے شائع کرنے میں دار المصنفین اعظم گڑھ، ندوۃ المصنفین دہلی، اسلامک کلچر حیدر آباد اور جامعۂ ملیہ دہلی جیسے اداروں نے لائق ستائش خدمات انجام دی ہیں۔

ان کے علاوہ دہلی، علی گڑھ، لکھنؤ، پٹنہ، کلکتہ اور حیدر آباد کی یونیورسٹیاں بھی اس مہم میں ..... برابر ہاتھ بٹا رہی ہیں چنانچہ ان دانشگاہوں کے عربی، فارسی، اردو اور تاریخ کے شعبے، لسانیات و ادب اور تاریخ و تذکرہ پر طلبا سے ریسرچ کرا رہے ہیں، اور صورت حال یہ ہے کہ اگر صرف گذشتہ ۲۰، ۲۵ سال کے کاموں کا گوشوارہ مرتب کیا جائے تو ایم اے اور ڈاکٹریٹ کے لیے لکھے گئے مقالوں کا شمار سیکڑوں تک پہنچ چکا ہوگا۔ یہ صورت حال بڑی خوش آیند ہے۔

لیکن جہاں تک اسلامک اسٹڈیز کا تعلق ہے، ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہمارے کام کرنے والوں کے ذہن میں اس کی حقیقت، غرض و غایت اور اس کے مالہ و ماعلیہ کا واضح تصور نہیں، اس لیے جو کام ہمارے یہاں ہوتا ہے، وہ لسانی، ادبی یا تاریخی زیادہ اور اسلامیاتی کم ہوتا ہے۔

ہمیں سب سے پہلے یہ متعین کرنا چاہیئے کہ اسلامک اسٹڈیز کا مفہوم کیا ہے۔ ایسا کیے بغیر یہ بات واضح نہیں ہو سکتی کہ کسی شخص، جماعت، ادارے، یا کسی تہذیب، ثقافت، فن، یا کسی عہد، خطے اور نسل کے عام مطالعے اور اسلامیاتی مطالعے میں بنیادی فرق کیا ہے۔ عربی زبان کا ایک تو عام مطالعہ ہے۔ اس میں لغت، اشتقاق، صرف، نحو، معانی، بیان، نثر اور نظم سب پر کام کیا گیا ہے، اور کیا جا رہا ہے۔ لیکن عربی کا ایک مطالعہ اس نقطۂ نگاہ سے ہے کہ اسلامی تحریک شروع ہوئی تو عربی زبان کا کیا انداز تھا، اور اسلام نے اسے اپنے مقاصد کے لئے برتا تو اُس میں کیا کیا انقلابات رونما ہوئے؛ علوم لسان میں سے کون کون سے علم اسلامی ضرورتوں کے تحت ایجاد کیے؛ اور کن فنون کو دوسری قوموں سے مستعار لے کر ان میں نئے اصول و ضوابط کا اضافہ کیا۔ اور ان سے کس حد تک اسلامی مقاصد اور ضرورتوں کی تکمیل ہوئی، یا وہ کس حد تک اسلامی ثقافت کے آئینہ دار ہیں۔ پھر اسلامی ثقافت کے زیر اثر عربی زبان نے اُن زبانوں پر کیا اثر ڈالا، جن سے اسے سابقہ پڑتا رہا، اور خود ان زبانوں سے اس نے کیا کیا اثرات قبول کیے اور وہ اسلامی ثقافت کے لیے مفید ثابت ہوئے یا مضر۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں انداز ہای مطالعہ میں بیّن فرق ہے۔

اس کے بعد اسلامیاتی مطالعے کے مقصد کی تعیین و تحدید درکار ہے، تاکہ اس نصب العین کے پیش نظر زیادہ سے زیادہ مفید طریق بحث کی طرف رہنمائی ہو سکے۔ مقصد کی بلندی، وسعت اور اہمیت ہی طریق کار کی اصابت، افادیت اور مقبولیت کی ضامن ہوتی ہے۔ ہم کسی شخص سے بھی خدمت و فداکاری کا مطالبہ نہیں کر سکتے تاوقتیکہ پہلے یہ امر اس کے ذہن نشین نہ کر دیں کہ جس مقصد کے لیے قربانی درکار ہے، وہ بہتر قیمت حاصل کرنے کا ہے۔

اس کے بعد اسلامیاتی مطالعے کے مبادی کی تحصیل کا مسئلہ سامنے آتا ہے۔ میری دانست میں اسلامیاتی مطالعہ کرنے والے کو سامی زبانوں میں سے عربی اور عربی کی پیشرو زبانوں میں سے عبرانی و آرامی کا علم ہونا چاہیے۔ آریائی زبانوں میں سے فارسی لازمی، اور پہلوی، ترکی اور پشتو استحسانی طور پر سیکھنا چاہیے، مغربی زبانوں میں انگریزی لازمی اور جرمن و فرانسیسی استحسانی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان زبانوں کی تحصیل کے بغیر زیر بحث مطالعہ ناقص و ناتمام رہے گا، اور ہم عالمی برادری میں کوئی نمایاں مقام کبھی حاصل نہ کر سکیں گے۔

مبادی کے بعد اسلامیاتی مطالعے کے محور یعنی اسلام کا علم ضروری ہے یہ محور اس حیثیت سے زیرِ مطالعہ آئیگا کہ وہ عقائد و اعمال کا ایک منظم اور مربوط مجموعہ ہے۔ عقائد و اعمال کی بحث سے ذرائع علم کی بحث ابھرتی ہے، اور اس طرح ہم کتاب، سنت، اجماع، اور قیاس سے دوچار ہوتے ہیں۔ ذرائع علم میں سے کتاب پر بحث کے ضمن میں عقائد و اعمال کے ساتھ ساتھ قصص و امثال، تاریخ و جغرافیا، اور لغت و قواعد زبان زیر بحث آتے ہیں۔

اس کے بعد یہ بحث سامنے آتی ہے کہ مذکورۂ بالا ذرائع علم کے مشتملات کے بارے میں اسلام کا دعویٰ کیا ہے۔ آیا یہ کلاً یا جزءً ابداع ہیں، یا امم سابقہ سے ماخوذ و مقتبس ہوئے ہیں۔ اس ضمن میں گرد و پیش کے دوسرے مذاہب کا تقابلی مطالعہ بھی لازم ہو جائیگا۔ اور ہمیں یہودیت، نصرانیت، مجوسیت، صابئیت، بدھ مت اور ہندو مذہب کا براہِ راست علم بھی درکار ہوگا، تاکہ عدمِ علم یا کمیِ علم کی بنا پر غلط نتائج نکالنے کے مجرم نہ بنیں۔

کتاب و سنت کی تشریح و تفسیر میں جو اختلاف رونما ہوا، اس کے وجوہ و اسباب کیا تھے، اس سے بحث بھی بیحد ضروری ہے۔ یہ بحث مختلف کلامی و فقہی مذاہب اور اُن کے آراء و نظریات کی تحقیق و تفتیش تک پہنچاتی ہے، جس سے ہم یہ جان سکتے ہیں کہ ان اصولی و فروعی فرقوں کے نصادم آراء و نظریات کے کیا مذہبی و سیاسی نتائج نکلے۔ اسی ضمن میں یہ بحث بھی ہونا چاہیے کہ اسلام کوئی نظریۂ حیات پیش کرتا ہے یا نہیں؟ اگر کرتا ہے، تو اُس نظریے کے حدود کیا ہیں، اور اس کی علمیت و افادیت پر زمان و مکان کے تغیر کا اثر پڑتا ہے یا نہیں! اگر پڑتا ہے، تو اس میں اس اثر کے قبول کرنے کی کس حد تک گنجائش ہے؟ نیز یہ کہ اس نظریۂ حیات نے دوسری قوموں پر زندگی کے مختلف میدانوں میں کیا اثر ڈالا۔ کوئی بھی نظریہ ہو، اس کی عملی افادیت پر غور کرتے وقت یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ جن لوگوں نے اس کی علمبرداری کی ہے، اُن کے اعمالِ زندگی کا اسلامیاتی نقطۂ نگاہ سے جائزہ لیا جائے۔ اس طرح ہم تاریخ و تذکرہ کی سرحد میں داخل ہو جاتے ہیں اور علماء، صوفیا، اہلِ حرفہ، سلاطین، وزراء، اور امراء ہمارا موضوعِ بحث ہو جاتے ہیں۔ ان کی کتاب زندگی کا مطالعہ ہمیں بتا سکتا ہے کہ اسلامی عقائد و اعمال نے خود اُن طبقات پر اور ان کے توسط سے دوسرے انسانوں پر کیا مثبت اور منفی اثرات چھوڑے۔

چونکہ ادھر بیان کیے ہوئے تمام پہلوؤں پر بحث موضوعی اندازِ نظر سے بھی ہوتی ہے اور معروضی سے بھی۔ اس لیے انیسویں صدی کے نصفِ اول تک اسلامی علوم وفنون پر، یا اسلامی زاویۂ نگاہ سے غیر اسلامی علوم وفنون پر، موافقانہ یا مخالفانہ، جو کچھ کام ہوا ہے، وہ سب کا سب اسلام کا موضوعی مطالعہ قرار پاتا ہے، اور ہمارے لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ اس سب کا تاریخی خاکہ مرتب کر کے اس کی عملی افادیت کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیں۔

رہا اسلام کا معروضی مطالعہ۔ تو اس بارے میں غور وفکر کرنا ضروری ہے کہ مذہب کے معروضی مطالعے کے حدود کیا ہوں، اور کس قسم کے موضوعات میں کس حد تک اسے برتا جائے، اور کیا اسلام کا معروضی مطالعہ کیا بھی گیا ہے۔ اگر کیا گیا ہے، تو اُس مطالعے کا تاریخی خاکہ اور جائزہ کیا ہوگا۔

ایک عرصے سے ہندوستان میں تحصیلِ علم کا عمومی مقصد معاشی سہولتیں مہیا کرنا ہے۔ ہر طالب علم یہ چاہتا ہے کہ ایسا علم حاصل کرے، جس کی بلند تحصیل ہو سکے۔ اور جو بآسانی ذریعۂ معاش بن جائے۔ چونکہ یہ نکتہ تحصیل کے آخری مرحلے تک پیشِ نظر رہتا ہے، اس لیے ڈاکٹریٹ کے لیے مقالے لکھنے والے بھی ایسا موضوع پسند کرتے ہیں، جس پر کم سے کم محنت میں اور تا بہ امکان کم ترین مدت کے اندر مقالہ مرتب ہو سکے، خواہ مقالہ داخل کر دینے کے بعد یہ ہمیشہ کے لیے یونیورسٹی کے کسی تاریک کمرے ہی میں کیوں نہ پڑا سڑتا رہے۔

مزید برآں ہمارا ملک ابھی تک مختلف قسم کی ذہنی قید وبند میں جکڑا ہوا ہے۔ جب انسان کی عام رفتار میں خلل ڈالنے کے لیے معمولی سی بندش بھی کافی ہوتی ہے، تو جس کو مذہبی، سماجی، اور سیاسی قسم کی بہت سی بندشوں سے سابقہ ہو، اس کا ذہن آزادانہ غور وفکر کے لیے کیسے آمادہ ہو سکتا ہے، اور اگر کسی نہ کسی طرح یہ آمادگی بروئے کار آ بھی جائے، تو مسلمات قوم کے برخلاف نکل آنے والے نتائج کے اظہار کی ہمت کہاں! اور ہمت بھی قرض وام کر لی جائے، تو قدر دان کون ہے جس کی ہمت افزائی سے کام کرنے والوں میں ولولہ پیدا ہو، اور ملک وقوم کو اعلیٰ صلاحیتوں کے محقق میسر آتے رہیں!

یورپ وامریکہ کے لوگ سالہا سال سے آزاد زندگی گزار رہے ہیں۔ اُن کی فکر بھی آزاد ہے، اور عمل بھی؛ پھر چونکہ ان کے اعلیٰ کاموں کے قدر دان موجود ہیں، حکومتیں بھی اور پبلک ادارے بھی، اس لیے اُنھیں کسی کام کے کرنے میں جو دشواریاں پیش ہوتی ہیں اُن کا حل بھی جلد یا بدیر نکل آتا

ہے۔ آزادی و قدر دانی نے اُن کے اندر جوش اور ہمت بھی پیدا کر دی ہے، اس لیے وہ ہمیشہ ع تاکتے ہیں تو ثریا کی سنہری بوتل۔ یہ لوگ سچ مچ تارے توڑ رہے ہیں، اور مادی جسم کے ساتھ فلک پیمائی پر قادر ہو چکے ہیں۔ چنانچہ ان کے اپنے جوش و ہمت اور ملک و قوم دونوں کی قدر دانی نے ہر میدان میں انھیں کام کرنے کی بھرپور توفیق عطا کی ہے جس کی بدولت وہ مشرقیات پر زیادہ اور اسلامیات پر بھی وہ کچھ کر گزرے ہیں جس کی ہم سے نقل بھی نہیں کی جاتی۔

آپ سب واقف ہیں کہ مستشرقین کئی کئی یورپین زبانوں کے ساتھ عربی و فارسی ہی نہیں، ان کی پیشرو زبانیں، عبرانی، سریانی و آرامی اور پہلوی و اوستائی بھی جانتے ہیں۔ اس لیے جب وہ عربی یا فارسی الفاظ کی ماہیت سے بحث کرتے ہیں تو ہم لوگ بجز آمنا و صدقنا یا کفرنا و کذبنا کے اور کچھ نہیں کر سکتے۔ قرآن پاک نے اپنی زبان کے بارے میں "عربی مبین" ہونے کا دعوا کیا ہے، علماء قرآنیات کی ایک جماعت اس کا مطلب یہ لیتی ہے کہ اس کتاب میں غیر عربی کوئی لفظ نہیں آیا، دیگر علماء نے قرآن کے اندر معرب الفاظ کی تعیین کر کے اس کے خلاف رائے قائم کی ہے۔ بہرحال یہ بزرگ زائد سے زائد یہ بتا سکے ہیں کہ فلاں لفظ اصلاً فارسی ہے یا قبطی یا سریانی وغیرہ۔ اُس کے حسب و نسب سے تفصیلی بحث اس لیے نہ کر سکے کہ جن دوسری زبانوں کے الفاظ قرآن میں استعمال ہوئے ہیں ان سے وہ بقدرِ ضرورت واقفیت نہیں رکھتے تھے۔ اس بحث پر سیر حاصل بحث اگر کسی نے کی تو وہ آرتھر جیفری (Arthur Jeffery) ایک انگریز مستشرق ہے۔ اس کی کتاب (The Foreign vocabulary of the Qur'an) پڑھ کر آپ کہیں کہیں اختلاف تو کر سکتے ہیں، مگر اس کی محنت اور ژرف نگاہی کا اعتراف کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ کیونکہ مولف نے اس کے لکھتے وقت وہ سب کتابیں اپنے سامنے رکھی ہیں جو مشرق و مغرب دونوں میں اس موضوع پر لکھی جا چکی تھیں۔

چونکہ احادیث کے مجموعے مختلف انداز سے مرتب کیے گئے ہیں، اس لیے ان میں سے کسی خاص حدیث کی تلاش اُس وقت تک آسان نہیں، جب تک تلاش والے کو ان مجامیع کے مشتملات پر کافی عبور نہ ہو اس دشواری کو دور کرنے کے لیے علمائے اسلام نے مختلف انداز کے انڈکس مرتب کر کے غیر محدثین یا کم حافظہ علما کے لیے سہولت پیدا کیں۔ تحفۃ الاشراف، الجامع الصغیر اور کنز العمال وغیرہ کتابیں

اس کوشش کا کامیاب نمونہ ہیں۔ لیکن جیسے جیسے حافظہ کمزور ہوتا جا رہا ہے اور مہارت گھٹ رہی ہے اس کی ضرورت بڑھتی جا رہی تھی کہ احادیث کے اندر مستعمل تمام الفاظ کا انڈکس مرتب کیا جائے، تاکہ ممکنہ آسانی کے ساتھ ہر حدیث تک رسائی ہو سکے۔ یہ کام بہت بڑا بھی تھا اور بیحد دشوار بھی، مگر مستشرقین کی ایک جماعت نے اس فولادی تلعے کو پانی کر کے بہا دیا "المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی" کے نام سے ایک جامع کتاب مرتب کر کے چھاپنا شروع کر دی، جس کی ۴ جلدیں اب تک چھپ چکی ہیں۔ اس کتاب کی مدد سے آپ چند لمحوں میں صحاحِ ستہ، موطا امام مالک، مسند احمد بن حنبل اور سنن دارمی کی کسی حدیث کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں کہ وہ کن کن کتابوں کے اندر کون کون سے ابواب میں مذکور ہے۔ اس کے مرتبین کی تعداد جلد اول میں ۳۸ اور جلد چہارم میں ۴۵ بتائی گئی ہے، ان میں صرف ۳ مسلمان نام، ڈاکٹر ہدایت حسین مرحوم، ڈاکٹر عبدالستار صدیقی مدظلہ اور اے، منصور نظر آتے ہیں، یہ محیر العقول کام ہالینڈ کے مستشرق ٹھیرونسنک (A.G. Wensinck) کی قیادت میں ہوا ہے۔ تاریخ و سیرت و جغرافیا پر بھی ان حضرات کا کام قابل رشک ہے۔ سیرت ابن ہشام، طبقات ابن سعد، تاریخ طبری، تاریخ مسعودی، تاریخ یعقوبی، تاریخ بلاذری اور مغازی واقدی جیسی کتابیں انھیں کی تصحیح سے چھپی ہیں۔ یہی صورت حال ادبیات کی ہے کہ متقدمین کی بیشتر نادر و نایاب کتابیں انھیں کی تلاش و تحقیق کے زیر سایہ دوبارہ زندہ ہوئی ہیں۔ ان کی تصحیح و تحشیہ کے بعد کتنی نادر کتابیں شایع ہوئیں، یہ دیکھنا ہو تو نجیب العقیقی کی المستشرقون (عربی) یا ابوالقاسم کی فرہنگ خاورشناسان ملاحظہ فرمائیے۔

ڈاکٹر بروکلمان (C. Brockelmann) نے تمام عالم کے عربی مخطوطات کی اور استاد اسٹوری (C.A. Storey) دنیا کے فارسی مخطوطات کی حیرت انگیز فہرستیں مرتب کر دی ہیں جن حضرات کو انھیں استعمال کرنے کا موقع ملتا رہتا ہے، وہ ان کتابوں کی جامعیت اور افادیت سے کما حقہ واقف ہیں۔

یہی صورت حال پروفیسر براؤن (E.G. Brown) کی تاریخ ادبیاتِ فارسی کی ہے کہ خود ایرانی علما بھی اس سے بہتر کتاب ابھی تک مرتب نہیں کر سکے۔ ادبیاتِ عرب کی تاریخ پر مصر و شام کے متعدد عالموں نے کتابیں لکھی ہیں، لیکن ڈاکٹر نکلسن کی کتاب تا ایندم اپنی جگہ پر ہے۔

غرض یہ ہے کہ اہلِ یورپ نے عربی و فارسی زبان کی جو کتابیں شائع کی ہیں، ندرت، قدامت، تصحیح، تہذیب اور صفا میں ان کا یہ عالم ہے کہ موجودہ عربوں کی ہمت اس سے قاصر ہو گئی کہ ان کا مثیل پیش کر سکیں؛ لہٰذا بعض عرب اداروں نے ان کے عکس چھاپ دینے کو اپنا کمالِ خدمت قرار دے لیا ہے۔

ان علما کے اتنے بڑے بڑے اور اتنے زیادہ کام کر لینے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ جن زبانوں پر یہ لوگ کام کرتے ہیں، پہلے اپنے مقام پر ان کا بھرپور علم حاصل کرتے ہیں۔ بعد ازاں متعلقہ ملک میں جا کر اپنی زباندانی کی تکمیل کرتے ہیں اور جب خود کام کرنے بیٹھتے ہیں، تو اُن تھک کوشش اور انتہائی لگن اور خلوص سے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ نتیجۃً ان کا کام پائدار بھی ہوتا ہے اور مفید بھی۔ میں یہ عرض نہیں کر رہا ہوں کہ ان کے کاموں میں غلطیاں نہیں ہوتیں، خود میں نے بہت سی غلطیوں کی گرفت کی ہے، اور دوسرے علما و فضلا کی بتائی ہوئی ان کی غلطیاں بھی میری نظر سے گزر چکی ہیں۔ ان میں صرف اختلاف نقطۂ نگاہ یا سہو سے پیدا ہونے والی کوتاہیاں ہی نہیں ہوتیں، ایسی لغزشیں بھی ہوتی ہیں جو غلط فہمی کا نتیجہ قرار پاتی ہیں۔ لیکن ان کا غلط ان کے صواب کے مقابلے میں ناقابلِ التفات ہے، اس لیے ہم مجبور ہیں کہ اپنے لب ان کی ستائش ہی میں کھولیں، اور ان کے احسانات کا برابر شکریہ ادا کرتے رہیں کیونکہ یہ لوگ مشرقیات پر عموماً اور اسلامیات پر خصوصاً اتنا کام نہ کر چکے ہوتے، تو آج ہم بہت کچھ محروم الارث ہوتے۔

ان کے بالمقابل ہم اولاً تو کام ہی کم کرتے ہیں، اور کرتے بھی ہیں، تو انتہائی سہل انگاری اور بے حد بیدلی کے ساتھ۔ گویا وہ کام ہم پر بار ہے۔ میری دانست میں اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم میں جو قدیم انداز فکر کے ہیں، وہ مغربی علوم اور زبانوں سے ناواقف ہیں، اور جن کی تعلیم جدید انداز پر ہوئی ہے، وہ نہ صرف عربی و فارسی علوم و فنون میں پس ماندہ ہوتے ہیں بلکہ خود زبانِ عربی و فارسی کا ضروری علم بھی نہیں رکھتے۔ چنانچہ بہت سے تاریخ ہندوستان کے مسلم عہد پر کام کرنے والے سرے سے فارسی نہیں جانتے، اس لیے یا کسی منشی سے معمولی معاوضے پر فارسی تاریخوں کا ترجمہ سن سن کر نتائج نکالتے ہیں، یا انگریزی تراجم پر اپنے کام کا مدار رکھتے ہیں۔ ایک اسکالر "ہندی شاعری پر اسلامی تصوف کے اثرات" کے عنوان پر ڈاکٹریٹ کے لیے مقالہ لکھ رہے تھے اور فارسی

ہی نہیں اُردو سے بھی ناواقف تھے۔

چوں کہ ہندوستان ہمیشہ سے علمی دنیا میں سربلند رہا ہے، پھر یہاں علمی ذخائر کی بھی فراوانی ہے، اب حکومت بھی تحقیقاتی مساعی میں فراخدلی سے امداد کرنے کو آمادہ رہتی ہے، لہٰذا یہاں کے اربابِ علم و دانش کو کوتاہ دستی سے کام نہیں لینا چاہیے، اور نہ صرف خود اعلیٰ علمی کام کرنا چاہیے، بلکہ اپنی تعلیمی و تدریسی رہنمائی سے ایسی نسل بھی تیار کر دینا چاہیے، جو دنیا کے علم میں عموماً اور اسلامیات میں خصوصاً ملک و قوم کے شایانِ شان کام کرنے کی اہلیت رکھتی ہو۔ اگر اس طرف جلد توجہ نہ کی گئی، تو وہ وقت قریب ہے کہ ایک جرید دانشگاہوں میں عربی اور فارسی کے جاننے والے عنقا ہو جائینگے۔ کیونکہ دنیا کے علم و فن خصوصاً مغربی خطوط کے لحاظ سے تیز رفتار ہے۔

آئیں ایک بات اور عرض کرتا ہے۔ قرآن کا مطالعہ کرنے والوں نے اس کی تعلیم کو حقیر ثابت کرنے کے لیے اس کی تعلیمات پر مذہبی، سائنسی اور تاریخی اعتراضات کیے ہیں۔ مثلاً کبھی یہ کہتے ہیں کہ ان کے عقائد و اعمال قدیم مذہبی نوشتوں سے ماخوذ ہیں۔ کبھی فرماتے ہیں کہ اس کے فلاں فلاں قصے یا فلاں فلاں نبیوں کے مخصوص اجزاء بے سروپا ہیں کیونکہ تاریخوں میں ان کا ذکر نہیں ملتا، یا اس کے بیان کے خلاف ملتا ہے۔ کبھی ارشاد ہوتا ہے کہ آسمان و زمین وغیرہ کائناتی حقائق کا تذکرہ غیر عالمانہ ہے۔ موجودہ علم و تحقیق نے ثابت کر دیا ہے کہ آسمان صرف حدِ نظر ہے، زمین سورج کے گرد اور چاند زمین کے گرد گھوم رہا ہے، نیز زمین ایک ہے یا پھر ۹ وغیرہ۔

ہندوستان و مصر کے علمائے اسلام نے مذکورہ بالا علما کے مقابلے میں جو رویہ اختیار کیا، وہ عقل کو نقل کے مطابق ثابت کرنے کا تھا۔ آپ حضرات بخوبی واقف ہیں کہ مادی علم روز بروز ترقی کر رہا ہے، اور جو آج کی حقیقت ہے، وہ کل کا باطل بن جاتی ہے۔ میری حقیر رائے میں اب یہ کوشش ختم کر دینی چاہیے اور قرآن پاک کے مشتملات کو جوں کا توں مان لینا چاہیے۔ کیونکہ اگر ہم اپنے پیشرو مفسروں اور متکلموں کی پیروی میں عقل و نقل کے تطابق کی ایسی ہی کوشش کرتے رہے تو جن لوگوں کی تسکینِ طبع کے لیے یہ کام کیا جاتا ہے، خود وہی یہ سمجھنے پر مجبور ہو جائینگے کہ قرآن میں سرے سے حقائق کا ذکر ہی نہیں، ورنہ اس کی حقیقتیں اتنی پائدار نہ ہوتیں کہ مادی علم کے ہر دباؤ کے

ساتھ مڑ جائیں۔

علاوہ ازیں انھیں یہ خیال بھی پیدا ہو سکتا ہے کہ قرآن پاک جن پر پہلی بار نازل ہوا تھا، وہی اس کو نہ سمجھ سکے، اور نہ صرف یہ کہ وہی نہ سمجھے، بلکہ یہ سلسلہ تا ابد جاری و ساری ہے، اور خدا جانے کب تک یہی صورت رہیگی۔ میرا دل ان دونوں باتوں کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا۔

بے شک قرآن میں ایسے حقائق بھی مذکور ہیں جن کی ماہیت فہم انسان سے بالاتر ہے اور رہیگی۔ مگر جن آیات میں یہ حقائق مذکور ہیں، قرآن نے انھیں متشابہات فرمایا، اور ان پر بحث و تمحیص اور ان کی تاویل و تفسیر سے روکا ہے۔ قرآن کے الفاظ میں ان آیات پر غور و خوض کرنے والے دل کے مریض ہوتے ہیں۔ اہلِ ایمان کا کام یہ ہے کہ وہ انھیں برحق مانتے ہوئے ان پر بحث و تمحیص سے احتراز کریں، کیونکہ وہ کسی طرح بھی ان آیات کے حقیقی مطلب کو نہ پا سکینگے اور نتیجۃً تفسیر بالرائے کے جرم کے مرتکب ہونگے۔

مولانا ابوالکلام مرحوم و مغفور نے ترجمان القرآن کے دیباچے میں تفسیر بالرائے کے بارے میں لکھا ہے:

"تفسیر بالرائے میں رائے بمعنی فتوی نہیں ہے، بلکہ رائے مصطلحۂ شارع ہے، اور اس سے مقصود ایسی تفسیر ہے جو اس لیے نہ کی جائے کہ قرآن کیا کہتا ہے، بلکہ اس لیے کی جائے کہ ہماری کوئی ٹھہرائی ہوئی رائے کیا چاہتی ہے، اور کس طرح قرآن کو کھینچ تان کر اس کے مطابق کر دیا جا سکتا ہے۔ مثلاً قرآن کے طریق استدلال کو منطقی جامہ پہنانا، یا جہاں کہیں آسمان اور کواکب و نجوم کے الفاظ آ گئے ہیں، یونانی علم ہیئت کے مسائل چپکانے لگنا یقیناً تفسیر بالرائے ہے۔

"یا مثلاً آج کل ہندوستان اور مصر کے بعض دانش فروشوں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ (انھیں کے لفظوں میں) زمانۂ حال کے اصولِ علم و ترقی قرآن سے ثابت کیے جائیں، یا بقول ان کے فلسفہ و سائنس اس کی ہر آیت میں بھر دیا جائے۔ گویا قرآن صرف اس لیے نازل ہوا ہے کہ جو بات کوپرنیکس اور نیوٹن نے یا ڈارون اور

اور ولیس نے بغیر کسی الہامی کتاب کی فلسفہ اندیشیوں کے دریافت کرلی، اُسے چند صدی پہلے معتوں اور تجارتوں کی طرح دنیا کے کان میں پھونک دے، اور پھر وہ صدیوں تک دنیا کی سمجھ میں نہ آئیں، یہاں تک کہ موجودہ زمانے کے مفسر پیدا ہوں اور تیرہ سو برس پیشتر کے معنے حل فرمائیں۔ یقیناً یہ طریق تفسیر بھی ٹھیک تفسیر بالرائے ہے۔" (ترجمان القرآن ۱/۷۲)

سرسید علیہ الرحمۃ کی تفسیر بالرائے پر یہی اعتراض کیا گیا کہ یہ روز روز کی تاویلیں تو قرآن کھلونا بنا دینگی تو انھوں نے مقدمہ تفسیر القرآن (صہ ۱۹) میں ارشاد فرمایا:

"ہم اس طعنے کو بطور ایک بشارت کے نہایت خوشی سے تسلیم کرتے ہیں، کیونکہ ہمارا یقین ہے کہ قرآن مجید حقیقت امور کے مطابق ہے، کیونکہ وہ ورڈ آف گاڈ ہے اور بالکل ورک آف گاڈ اس کے مطابق ہے۔ مگر اس میں بڑا معجزہ یہ ہے کہ ہمارے ہر درجۂ علم میں ان امور میں جن کی ہدایت کے لیے قرآن نازل ہوا ہے، یکساں ہدایت ہے۔ اس کے الفاظ ایسے اعجاز سے نازل ہوئے ہیں کہ جہاں تک ہمارے علوم کی ترقی ہوتی جائے گی، اور اس ترقی یافتہ علوم کے لحاظ سے ہم اس پر غور کرینگے، تو معلوم ہوگا کہ اس کے الفاظ اس لحاظ سے بھی مطابق حقیقت ہیں، اور ہم کو ثابت ہو جاویگا کہ جو معنی ہم نے پہلے قرار دیے تھے اور اب غلط ثابت ہوئے، وہ ہمارے علم کا قصور تھا، نہ الفاظِ قرآن کا۔ پس اگر ہمارے علوم کو آیندہ زمانے میں ایسی ترقی ہو جائے کہ اس وقت کے امور محققہ کی غلطی ثابت ہو، تو ہم پھر قرآن مجید پر رجوع کرینگے، اور اس کو ضرور مطابق حقیقت پاوینگے، اور ہم کو معلوم ہوگا کہ جو معنی ہم نے پہلے قرار دیے تھے، وہ ہمارے علم کا نقصان تھا، قرآن مجید ہر ایک نقصان سے بری تھا۔"

مجھے یقین ہے کہ میری طرح بہت سے اہل علم بھی اس جواب سے مطمئن نہیں ہونگے، اور وہ اس کا حل تلاش کر چکے ہونگے، یا تلاش کرنے میں مشغول و مصروف ہوں گے، بہرحال میں نے اپنی

جگہ جو سوچا سمجھا اور طے کیا ہے، وہ پیش کرتا ہوں:

یہ ہم سب جانتے ہیں کہ قرآن عربی زبان میں قریش کے محاورہ پر نازل ہوا ہے۔ یہ بھی سب کا مسلمہ ہے کہ الفاظ قرآنیہ کبھی حقیقی معنی میں استعمال ہوئے ہیں اور کبھی مجازی میں۔ یہی وجہ ہے کہ خود قرآنِ پاک میں ذات باری کے لیے "لیس کمثلہ شئی" کی تصریح کے ساتھ ید اللہ فوق ایدیھم، اینما تولوا فثم وجہ اللہ، ثم استوی علی العرش اور وسع کرسیہ السموات والارض بھی موجود ہے۔ اگر ید وغیرہ کا استعمال مجازی معنی میں تسلیم نہ کیا جائے، تو ذاتِ باری کی تجسیم کا قائل ہونا پڑیگا جو جمہور اسلام کے خلاف ہے۔

علاوہ ازیں قرآنِ پاک میں انھیں پیغمبروں اور کتابوں کا ذکر ہے، جن سے اہل عرب آگاہ تھے؛ انھیں عقاید و رسوم کی تردید یا تائید ہے، جو عربوں یا اُن کے گرد و پیش کی امتوں میں پائے جاتے تھے؛ اور انھیں امتوں کے قصے مذکور ہوئے ہیں جو عربوں کی جانی پہچانی تھیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو مخالفین اولین پر وہ اخلاقی اثر نہ ہوتا، جو براہِ راست علم و معرفت کا نتیجہ ہوا کرتا ہے نیز قرآن میں ایشیا، افریقہ اور یورپ کے دور دست ملکوں اور پیغمبروں اور امتوں کے قصے بیان کیے جاتے، تو عرب کے عام لوگ بھی اُسے من گھڑت اور خیالی قصے مان کر نظر انداز کر دیتے۔

یہی صورت حال انسان سے متعلق علم کی بھی ہے کہ قرآن میں وہی باتیں مذکور ہوئی ہیں جن سے اہل عرب آگاہ تھے۔ کوئی ایسی بات جو اس وقت کے علم کے خلاف ہو، بیان نہیں کی گئی، کیونکہ ایسا کیا جاتا تو بحث و تحیر کا رخ اخلاق سے ہٹ کر علم تشریح الاعضا اور تشریح افعال الاعضا کی طرف ہو جاتا، جو قرآنِ پاک کا منشا نہ تھا۔ مثلاً قرآن پاک کی آیات خَتَمَ اللّٰہُ علیٰ قُلُوبِھِم، یا لَھُم قُلُوبٌ لَا یَعْقِلُونَ بِھَا، یا اِلَّا مَن اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیم سے معلوم ہوتا ہے کہ علم و ادراک اور تمیز و اختیار اور رد و قبول کا سرچشمہ دل ہے، حالانکہ ہم سب واقف ہیں کہ مذکورۂ بالا خدمات دل سے نہیں، دماغ سے متعلق ہیں، اور دل کا کام پورے جسم میں خون پہنچاتے رہنا ہے اور بس۔ اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ اس وقت کی دنیا ہر طرح کی حس و حرکت کا منبع دل کو مانتی تھی۔ عرب بھی اس سے مستثنیٰ نہ تھے۔ ایسی صورت

میں قرآن میں دل کی جگہ دماغ ہوتا، تو اہلِ عرب رسول اللہ صلعم کو روزمرہ کے عام علم سے بھی ناآگاہ سمجھتے، اور قبولِ اسلام کی راہ میں بہت سی اور دشواریاں پیدا ہو جاتیں۔

میری دانست میں قرآن کے اندر بروجِ آسمانی کا ذکر بھی اسی نوع کا ہے۔ اور یہی توجیہ سات آسمانوں اور سات زمینوں وغیرہ کی بھی ہے۔ اہلِ عرب اسی کے قائل تھے، لہٰذا قرآن میں ان کے ان جیسے مسلمات کی علمی تردید نہیں کی گئی، کیونکہ نزولِ قرآن کا یہ منشا ہی نہ تھا، بلکہ ان مسلمات کی پشت پر جو عقائدِ باطلہ کام کر رہے تھے، ان پر بھرپور حملہ کیا گیا، اور مختلف آیات میں یہ بتایا جاتا رہا کہ زمینوں، آسمانوں، سورج، چاند، زحل و مشتری وغیرہ تمام اجرامِ سماوی کا خالق، مالک اور مدبر صرف اللہ ہے۔ خود ان میں کسی طرح کی ارادی قوت و طاقت نہیں کہ جس سے کام لے کر انسان کو نفع یا نقصان پہنچا سکیں، اسی لیے یہ معبود بننے کی صلاحیت سے بھی یکسر محروم ہیں۔

اسی پر دوسرے طبیعاتی امور کو قیاس فرمالیجیے کہ اُن کا مذکور بھی مخاطبینِ اوّلین کے علمی مسلمات کے مطابق کیا گیا ہے۔

رہے قصصِ قرآنی، تو وہ بھی وہی مذکور ہیں، اور اسی انداز پر مذکور ہیں، جن سے اہلِ عرب، یہودی، مسیحی، صابی اور مشرک واقف تھے۔ ہاں، جہاں کہیں ان لوگوں نے کوئی ایسی بات کسی ہستی سے منسوب کر رکھی تھی، جو تعلیماتِ اسلام کے خلاف تھی، اس کی تردید ضرور کر دی گئی ہے تاکہ بیانِ قصص سے جو فائدہ مطلوب ہے، وہ کسی طرح متاثر نہ ہو، جیسے حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام کے واقعات کے بیان میں نظر آتا ہے۔

میں اپنے مدعا کو مختصر مگر جامع الفاظ میں اس طرح ادا کر سکتا ہوں کہ قرآن پاک میں جو کچھ مذکور ہے، وہ تمام تر حقیقت ہے، مگر حقائقِ قرآنی کی دو قسمیں ہیں، حقائقِ نفس الامری اور حقائقِ مسلمۂ قوم۔ ذات و صفاتِ باری، ملائکہ، جنت و دوزخ وغیرہ سے متعلق قرآن کا حصہ معنیً تو حقیقتِ نفس الامری ہے، مگر لفظاً حقیقتِ مسلمۂ قوم ہے۔ زمین، آسمان، بروجِ سماوی، سورج اور چاند وغیرہ کائناتی اشیا کا تذکرہ یا قصص و امثالِ قرآنی کا بیان انھیں دونوں قسموں کے اندر سما جاتا ہے۔

قرآن کے حقائقِ نفس الامریہ غیر متبدل ہیں۔ یہ از ازل تا ابد ایک رہینگے۔ رہے حقائقِ

مسلمہ قوم، تو اُن میں علم کی ترقی کے ساتھ تغیر و تبدل ہوتا رہا ہے، اور آئندہ بھی ہوگا۔ لہٰذا ہمیں عقل و نقل کے تطابق کی مزید کوشش ترک کر دینا چاہیے، اور قرآن کو فلسفہ و حکمت کی جگہ تزکیۂ نفس، تدبیرِ منزل اور سیاستِ مدن کے میدانوں میں صراطِ مستقیم کی طرف رہنمائی کرنے والی کتاب مان کر اُس پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔

نذیر احمد

فارسی میں الفاظ کی تصحیح کا مسئلہ

فارسی زبان میں الفاظ کی صحیح قرأت اور صحیح تلفظ کا مسئلہ نہایت دشوار مسئلہ ہے۔ قرات کے سلسلے میں سب سے بڑا اشکال یہ ہے کہ اس زبان میں چھوٹے مصوتات کے داخل حرف نہ ہونے کی بنا پر اعراب کے اعتبار سے الفاظ کا تعین اکثر دشوار ہو جاتا ہے۔ یہ دشواری عربی الاصل اور فارسی الاصل دونوں قسم کے الفاظ میں یکساں طور پر محسوس کی جاتی ہے حالانکہ اول الذکر الفاظ جب اصل عربی میں مستعمل ہوتے ہیں، تو ان کی قرأت میں کوئی اشکال نہیں ہوتا، اس لیے کہ عربی زبان میں اعراب سے قواعدِ زبان کا کام لیا جاتا ہے۔ اعراب کے لحاظ سے الفاظ کی قرأت اور تلفظ کے تعین میں جو دشواری لاحق ہے، اس کے ساتھ ہی الفاظ کی صحیح ہیئت کی تعیین بھی فارسی زبان کا ایک پیچیدہ مسئلہ ہے۔ اس کے دو خاص اسباب ہیں، اوّل یہ کہ ہماری زبان کے رسم خط کی بعض مخصوص خصوصیات کی بنا پر لفظ کے تعین میں دشواری ہوتی ہے، ذرا سی عدم توجہ سے لفظ کی مختلف شکلیں سامنے آجاتی ہیں، پھر غلط اور صحیح شکل میں امتیاز کرنا نہ صرف دشوار بلکہ بعض وقت ناممکن ہو جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں الفاظ کی تحریف و تصحیف میں زبردست اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ فارسی میں الفاظ کا مادّہ معلوم کرنا دشوار ترین امر ہے، اس صورتِ حال کے پیشِ نظر لفظ کی صحیح شکل کا امتیاز اکثر محال ہوتا ہے، عربی زبان کا معاملہ اس کے برعکس ہے۔ اس زبان میں مادّے میں تھوڑے سے تغیر و تبدل سے نئے الفاظ کی تشکیل ہوتی ہے، اس بنا پر ہر لفظ کا مادّہ معلوم کر لینا آسان ہے اور اصل اور محرّف شکلوں کے تعین میں مصنف دشواری نہایت ہوتی۔

لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ فارسی کے سارے الفاظ غیر متعین اور غیر متحقق ہیں، بلکہ صورت یہ ہے کہ جو الفاظ کثیر الاستعمال نہیں ہوتے، بلکہ اکثر قدیم متون میں آتے ہیں، ان کے تعین کا مسئلہ دشوار ہے ورنہ عام استعمال کے الفاظ میں جو تحریف ہوتی ہے، اس کا اندازہ بآسانی لگایا جاسکتا ہے۔

ہم نے جن امور کی طرف اشارہ کیا، ان سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ فارسی ایک دشوار زبان ہے، اور اس پر قدرت حاصل کرنا نہایت مشکل کام ہے۔ جب الفاظ کے صحیح تعین و تلفظ و صحیح قرأت کا مسئلہ الجھا ہوا ہو، تو زبان کے اور پیچیدہ مسائل کا ذکر ہی کیا ہے۔ حد یہ ہے کہ حروف کی مخصوص خصوصیات کی بنا پر بعض حالتوں میں لفظ کی ابتدا اور انتہا ہی مشکوک ہو جاتی ہے، یعنی یہ نہیں معلوم ہوتا کہ لفظ کہاں سے شروع اور کہاں پر ختم ہوتا ہے۔

جہاں تک الفاظ کے تعین اور ان کے تلفظ کا تعلق ہے، یہ فرہنگوں کے دائرۂ عمل میں شامل ہے۔ فرہنگوں میں جہاں الفاظ کے معنی اور محلِ استعمال بتائے جاتے ہیں، وہیں مقدم طور پر ان کی صحیح ہیئت اور صحیح تلفظ بھی درج ہوتا ہے، مگر افسوس کی بات ہے کہ فارسی فرہنگیں اس اعتبار سے حد درجہ ناقص اور نامکمل ہیں۔ ان میں لفظ کا صحیح تعین ہوا ہے، نہ ان کی قرأت ہی منضبط کی گئی ہے اور نہ الفاظ کے مادے اور "ریشے" سے بحث کی گئی ہے۔ اس بنا پر ان سے اکثر مسائل سلجھنے کے بجائے اور الجھ جاتے ہیں۔ اکثر ایسا دیکھا گیا ہے کہ فرہنگوں کے قلمی نسخوں میں الفاظ، معانی، سند کے اشعار وغیرہ سب ایک ہی سطر میں بغیر کسی حدِ فاصل کے لکھے گئے ہیں۔ ایسا بھی ہوا ہے کہ لفظ کا ایک جز ایک سطر کے آخر میں اور دوسرا جز دوسری سطر کے اول میں ہے، اسی طرح اکثر ابیات کے کچھ ابتدائی الفاظ سطر کے آخر میں اور آخری الفاظ دوسری سطر میں درج ہوئے۔ اس بنا پر فضلا کے لیے یہ فیصلہ کرنا کہ لفظ کونسا اور معنی کونسا ہے، مشکل کام تھا اور یہ کام جب کم سواد کاتبوں کے ذریعے عمل میں آیا تو بآسانی قیاس ہوسکتا ہے کہ فارسی فرہنگیں کس حد تک قابل اعتبار رہ گئیں۔ جن سے غلط اور محرف الفاظ کی نشاندہی کی توقع تھی، وہی تصرفات و تحریفات میں اضافے کے موجب ہوئے۔ غرض اکثر فارسی فرہنگوں کا مطالعہ خصوصاً قدیمی لغات کا۔ بڑا مایوس کن ثابت ہوتا ہے۔

ایک قابل توجہ امر یہ ہے کہ اکثر فارسی فرہنگ نویس اصول فرہنگ نویسی پر پوری طرح عمل کرنے سے قاصر رہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ فارسی میں فرہنگ نویسی کی طرف بہت دیر میں توجہ ہوئی۔ اس زبان

میں جو قدیم ترین فرہنگ دستیاب ہوئی ہے، وہ اسدی طوسی کی "لغتِ فرس" ہے۔ یہ پانچویں صدی ہجری کے وسط میں مرتب ہوئی۔ اس وقت فارسی ادب پر تقریباً دو سو سال کا زمانہ گذر چکا تھا۔ اتنی تاخیر سے لغت لکھنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ قدیم ایران کی زبانوں سے جن سے فارسی کے سارے الفاظ (باستثنا عربی الاصل) مستفاد تھے، لغات نویس کی مغایرت بڑھتی گئی جوں جوں زمانہ گذرتا گیا، فرہنگیں وجود میں آتی گئیں، لیکن ان میں کسی ایک میں بھی لفظ کے اصل مادے سے بحث نہیں ہوئی۔ نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ اگر کسی فارسی لفظ کی اصل آج معلوم کرنا ہو، تو صفحے کے صفحے سیاہ کرنا پڑینگے اور معاملہ پھر بھی ظن و تخمین سے آگے نہیں بڑھیگا۔ اور اب یہ کام اتنا دشوار ہوگیا ہے کہ اگر زبان شناس اس امر کی طرف توجہ کریں اور مدتِ دراز تک لفظوں کی تحقیق و تدقیق ہوتی رہے پھر بھی خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوسکتی، اس لیے کہ قدیم ایرانی زبانوں کا بیشتر سرمایہ ضائع ہوچکا ہے، ایسی صورتِ حال میں فارسی کے تمام الفاظ کی اصل اور ان کے مادے کا دریافت کرنا ناممکن ہوگیا ہے۔ مشہور زبان شناس استاد ہننگ، جن کی عمر کا بیشتر حصہ قدیم ایران کی زبانوں کی تحقیق و تدقیق میں صرف ہوا، عرصے سے زبانِ فارسی کی فرہنگ اشتقاقی کی ترتیب و تکمیل میں مصروف تھے، مگر ان کی دفعتہً موت سے یہ کام ناتمام رہ گیا۔ یہ معما کسی طرح حل نہ ہوسکا کہ اہلِ ایران جنھوں نے عربی زبان کی فرہنگ نویسی میں اس درجہ جدّتِ طبع دکھائی تھی، خود اپنی زبان کی فرہنگ مرتب کرنے سے کیوں غافل رہے اگر انھوں نے فرہنگ لکھی بھی تو نہایت ناقص اور ادھوری۔

ہم یہاں فارسی فرہنگوں کے بیان کی روشنی میں کچھ الفاظ کا مطالعہ اس غرض سے پیش کرتے ہیں تاکہ اندازہ ہوسکے کہ الفاظ کی تحقیق کا معاملہ کیسا پیچیدہ ہے۔ اگرچہ یہ موضوع جس وضاحت کا مستحق ہے، وہ اس وقت پیش نظر نہیں، اس کی تفصیل بحث میں نے دوسری جگہ پیش کردی ہے، فی الحال چند مزید الفاظ فرہنگ نویسوں کے اصلی بیان کی روشنی میں جانچے جارہے ہیں، اس سے اصل مسئلے کی نزاکت اور اہمیت کا اندازہ ہوسکیگا۔ جن فرہنگوں کا یہاں ذکر ہوا ہے، ان میں قدیم فرہنگوں میں صرف دو یعنی لغتِ فرس اسدی (تالیف قبل ۴۶۵ھ) اور صحاح الفرس (تالیف ۷۰۷ھ) تہران میں چھپ چکی ہیں؛ بقیہ سب قلمی ہیں۔ ہنوز فرہنگ قواس (تالیف قبل ۷۱۵ھ) اور دستور الافاضل (تالیف ۷۴۳ھ) کے صرف ایک ایک نسخے کا سراغ مل سکا ہے۔ زفان گویا کا ایک نسخہ پانچ سال قبل

بانکی پور پٹنہ لائبریری کے لیے خریدا گیا تھا۔ اس کے ایک اور نسخے کے وجود کا پتا حال ہی میں لینن گراڈ میں چلا ہے۔ ادات الفضلا کے نسخے بھی کمیاب ہیں، شرفنامے کے نسخے اتنے کمیاب نہیں، لیکن قلمی شکل میں ہونے کی بنا پر اور نسخوں کی طرح یہ بھی لوگوں کی دسترس سے باہر ہے۔ مواد کی قلت کی وجہ سے کم لوگوں کو اس موضوع کی طرف توجہ کرنے کا موقع ملا، اور بعض لوگوں نے توجہ کی بھی تو قلتِ مواد ہی کی بنا پر وہ اصل مسئلے پر پوری طرح روشنی ڈالنے سے قاصر رہے۔ ان تمہیدی اشارات کے بعد اب چند الفاظ کی وضاحت ملاحظہ کیجیے:

اشتو۔ اشبو

فرہنگ قواس: اشتو انگشت

دستور الافاضل: اشتو، انگشت

ادات الفضلا: اشتو انگشتِ آتش وقیل اشنو بفتح ہمزہ

زفان گویا: انگشت؛ بعضی بفتح گویند

بحر الفضایل: اشتو، بفتح ہمزہ، انگشت

شرفنامہ: اشتو بالفتح، انگشت دان

موید الفضلا: اشتو، بمعنی انگشت و زغال است و جاے را نیز گویند کہ زغال در ان ریزند، بعضی بر آنند کہ این لغت مترادفِ اشبو است و بعضی بر آنند کہ بای موحدہ بہ تحتانی تصحیف خوانی شدہ باشد واللہ اعلم، و بمعنی انگشت ہم بدیدہ آمدہ کہ بتازی اصبع خوانند و بضم اوّل بمعنی سبزہ ہم بنظر رسیدہ۔

اشبو، بالفتح انگشت دان کذا فی شرفنامہ و در ادات الفضلا مذکور است بالضم وقیل بالفتح انگشت دان

مدار الافاضل: اشتو، در ابا سبی است بفتح انگشت والا؛ و در ادات بضم وقیل بفتح انگشت آتش و در تبخر لیست بوزنِ ابرو انگشتِ دست، اشتوا انگشت و انگشتوانہ

سروری: اشتو، انگشتدان بود در نسخۂ میرزا۔ اما در ادات الفضلا مسطور است کہ اشتو انگشت باشد کہ زغال نیز گویند و در فرہنگ اشبو انگشتدان و اشنو

واشتوا و انگشتوانہ، وسبزہ باشد و زغال را نیز گویند۔ مثالِ معنی سبزہ ایں بیتِ منصور شیرازی آوردہ:

اگر ز قلزمِ لطفِ تو قطرۂ بچکد
دروانِ کورۂ دوزخ لہب شود اشتو

جہانگیری: اشبو، انگشت دان باشد؛ اشتو و اشتوا باول مفتوح انگشتوانہ را گویند باول و دوم مضموم دو معنی دارد، اول سبزہ باشد منصور شیرازی فرماید: اگر ز قلزمِ الخ۔ دوم انگشت را گویند و آنرا زغال نیز گویند۔

برہان: اشبو، جاے را گویند کہ زغال و انگشت دراں ریزند؛ اشتو بفتح اول بمعنی انگشت و زغال باشد و جاے را نیز گویند کہ زغال دراں ریزند، ظاہراً دریں معنی با اشبو تصحیف خوانی شدہ باشد، واللہ اعلم۔ وبضم اول بمعنی سبزہ آمدہ است و بمعنی انگشت ہم نوشتہ اند کہ عربان اصبع می گویند۔ اشتوا بمعنی اشتواست کہ زغال و زغالدان باشد و بضم اول سبزہ را گویند۔

رشیدی: اشتو بضم الف و تا و قیل بفتح الف انگشت دان و در فرہنگ بفتح الف و ضم بای موحدہ انگشتدان و بضم الف و ضم تای مثناۃ انگشتوانہ و بضم الف و ضم تا سبزہ و زغال۔ منصور شیرازی گوید: اگر ز قلزمِ لطفِ تو قطرۂ الخ

ناصری: اشتو، انگشتوانہ

آنندراج: اشتو، انگشتوانہ را گویند نیز سبزہ باشد، منصور شیرازی فرماید:
اگر ز قلزمِ لطفِ تو الخ

فرہنگ نظام: اشتو، زغال و انگشت منصور شیرازی: اگر ز قلزمِ لطفِ تو الخ
بافتح ہمزہ انگشتانہ: اشتوا، انگشتانہ

لغت نامہ: اشبو[1] جاے را گویند کہ زغال و انگشت دراں ریزند۔ انگشت دان انبار

---

[1] ورادات الفضلا اشبو بالضم وقیل بالفتح

زغال و انگشت (برہان، ناصری، موید، آنند راج)

اشتو انگشت و زغال: اگر ز تلزم لطف تو قطرہ بچکد بنقل از فرہنگ نظام جائے، نیز گویند کہ زغال در آں ریزند، انگشتدان، انگشتانہ (برہان، جہانگیری، فرہنگ نظام) ظاہرا در ایں معنی با اشبو تصحیف خوانی شدہ باشد واللہ اعلم (برہان)

اشتو سبزہ، انگشت کہ عربان اصبع گویند۔ اشتوا بمعنی اشتو کہ زغال و زغال دان باشد۔ انگشتانہ؛ اشتوا، سبزہ

فرہنگ نفیسی: اشتو، زغال و زغالدان و انگشت و اصبع؛ اشتوا: اشتو و زغال و زغال دان، سبزہ

اس سلسلے میں فرہنگ نویسوں کے بیانات میں جو اختلاف ہے، اسے حسبِ ذیل طور پر بیان کر سکتے ہیں:

(الف) اختلافِ قرأت لفظ:

اشبو۔ اشنو۔ اشتوا

(ب) اختلافِ معانی

(۱) انگشتِ زغال

(۲) انگشتِ دست

(۳) انگشت دان

(۴) انگشتوانہ

(۵) سبزہ

لفظ کی قرأت کے اختلاف کے سلسلے میں یہ عرض ہے کہ اصل لفظ اشتو ہے اور اشبو اس کی تصحیف ہے۔ اس کے وجوہ حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ پانچ قدیم نسخوں میں ایسا ہی ہے۔

۲۔ انھیں نسخوں کی تصحیف خوانی کی وجہ سے 'اشتو' 'اشبو' بن گیا ہے۔ غالباً موید الفضلا سے اس کی ابتدا ہوئی۔ اس میں ادات الفضلا کے حوالے سے 'اشبو' لکھا ہے۔ مگر ادات کا حوالہ

غلط ہے۔ اس مؤلف کے سامنے ادات کا جو نسخہ تھا اس میں کتابت کی غلطی کی وجہ سے اشبو درج ہوگیا تھا۔ اس لیے کہ ہمارے پیش نظر ادات کا جو نسخہ ہے، اس میں 'اشتو' ہی ہے۔ ثانیاً ادات الفضلا کے مآخذ میں قواس اور دستور دونوں تھے۔ اور ان دونوں میں بھی اشتو ہی ہے، اشبو نہیں۔ ثالثاً ایک اور قرینہ یہ بھی ہے کہ صاحبِ مدار اور سروری نے ادات ہی کے حوالے سے اشتو لکھا ہے نہ کہ اشبو۔ رابعاً اشتو سے اشتوا آیا ہے، اشبوا نہیں۔

ان وجوہ کی بنا پر ہم یہ قیاس کرنے میں حق بجانب ہیں کہ اشبو اصل لفظ نہیں ہے۔

لفظ کی قرأت متعین ہونے کے بعد اس کے معنی کے سلسلے میں قابلِ غور بات یہ ہے کہ اس لفظ کا قدیمترین ماخذ ہمارے سامنے فرہنگِ قواس ہے۔ اس میں اس کے معنی صرف انگشت لکھے ہیں یہاں چونکہ یہ لفظ اندامِ آدمی کے ذیل میں نقل ہوا ہے اور نیز اس سے پہلے کا لفظ 'کدست' بمعنی 'بدست'، اور بعد کا 'بک' بمعنی بندِ انگشت ہے، اس لیے واضح ہے کہ مؤلف نے اس سے انگشتِ دست ہی مراد لیے ہیں، انگشتِ دغال نہیں۔ لیکن ادات الفضلا نے اس کے معنی انگشتِ آتش قرار دیے ہیں جس سے اس کا اختلاف واضح ہوجاتا ہے، ورنہ دستور الافاضل اور بحر الفضائل کے انگشت سے کویلہ اور انگلی دونوں پر استدلال ہوسکتا ہے۔ شرفنامہ بظاہر پہلا لغت ہے جس کے بیان سے ایک نئے اختلاف کا پتا چلتا ہے، یعنی انگشت کے بجائے اس میں انگشت دان درج ہے۔ میرے خیال میں اس میں تصحیف خوانی کا دخل ہے۔ دراصل اس کے ماخذ میں کسی جگہ انگشتِ دست رہا ہوگا، جو انگشت دان کی شکل میں مصحف ہوا۔ اس بنا پر میرے نزدیک انگشتدان کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہ جاتی۔ چوتھے معنی انگشتدانہ دراصل انگشتدان کی تصحیف خوانی کا نتیجہ ہے۔ اس طرح اب اس لفظ کے تین معنوں کے درمیان کوئی فیصلہ کرنا ہے: یعنی انگشتِ دست، انگشتِ آتش اور سبزہ۔ بظاہر اس آخری معنی کے اضافے کا سہرا صاحبِ فرہنگ جہانگیری کے سر ہے اور سند میں منصور شیرازی کا شعر پیش کرنے کا موید الفضلا یا اور کسی قریبی ماخذ کے سر ہے۔ اس شعر کے معنی اس کے خیال میں یہ ہیں:

"اے ممدوح تو لطف کا بحرِ بے پایاں ہے، جس کے ایک قطرے کی تاثیر یہ ہے کہ جہنم کے کورے کی لپٹ سبزہ ہوجاتی ہے۔"

Accession Number
83721
Date 7.11.65

یہ معنی حسبِ حال ہیں، لیکن لفظ اشتو قافیہ ہے، اس بنا پر جب تک قصیدے یا قطعے کے دوسرے اور قوافی دیکھ نہ لیے جائیں، اس کی قرأت قطعی طور پر متعین نہیں کی جا سکتی۔ بہرحال بحالتِ موجودہ اس بیت کی روشنی میں اس معنی کے ماننے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں ہے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ سروری اور بعض دوسرے فرہنگوں میں اسی معنی کی توضیح میں یہی بیت نقل ہوئی ہے۔ لیکن اس کے بالکل برخلاف فرہنگ نظام اور لغت نامہ میں اسی بیت سے زغال وانگشت کے معنی پر استدلال ہوا ہے۔ اس صورت میں معنی یہ ہوں گے:

"اے ممدوح تیرے لطف بے پایاں کا ہر قطرہ کورۂ جہنم کی لپٹ کو کوئلے میں تبدیل کر سکتا ہے۔"

اس پر دو اعتراض وارد ہوتے ہیں: اولاً یہ کہ فرہنگِ نظام کے کسی ماخذ میں اس معنی کی توضیح میں یہ بیت نقل نہیں ہوئی ہے۔ (لغت نامہ میں فرہنگ نظام ہی سے یہ بیت نقل ہوئی ہے؛ نہ جانے کیوں اس میں اس سے قدیمتر حوالوں یعنی جہانگیری، سروری اور رشیدی کو حذف کر دیا گیا۔) جہانگیری اور سروری میں واضح طور پر سبزہ کی توضیح ملتی ہے اور رشیدی کے یہاں سبزہ اور زغال لکھ کر بغیر کسی تخصیص کے یہی بیت درج کی گئی ہے۔ گمان غالب یہی ہے کہ رشیدی ہی کے غیر توضیحی نوٹ سے صاحبِ فرہنگ نظام کو دھوکا ہوا اور انھوں نے اس بیت سے زغال کی توثیق کرنا چاہی ہے۔ یہ غلطی پھر لغت نامہ میں شامل ہو گئی۔

ثانیاً یہ کہ بیت میں 'لہب' کا 'اشتو' میں تبدیل ہونا بیان ہوا ہے۔ 'لہب' کے معنی زبانۂ آتش کے ہیں، زبانۂ آتش بمعنی لپٹ اور سبزہ میں تشبیہ کی مناسبت ہے، لیکن زبانۂ آتش کا کوئلہ ہونا کسی طرح ممکن نہیں۔ اس بیت سے واقعۂ ابراہیم کی یاد تازہ ہوتی ہے۔ غالباً شاعر کے ذہن میں بھی نارِ نمرود کی گلزار میں تبدیلی رہی ہو۔ بہرحال پوری طرح واضح ہے کہ اشتو سے سبزہ مراد لینا زیادہ شاعرانہ کیفیت کا حامل ہے۔

غرض میرے نزدیک زیرِ بحث بیت میں اشتو بمعنی سبزہ زیادہ قرینِ قیاس ہے، اس سے زغال کے معنی پر استدلال نہ صرف کمزور بلکہ غلط معلوم ہوتا ہے۔ اس لیے اب دو معنوں یعنی انگشتِ دست اور انگشتِ آتش کے درمیان فیصلہ باقی رہا۔ چونکہ معنی اول کے لیے یہ قوی قرینہ

موجود ہے کہ لفظ اشتو فرہنگ قواس میں " اندام آدمی " کے ذیل میں درج ہے، اس بنا پر اس قدیم ماخذ کے اعتبار سے اس کے معنی متعین ہیں۔ تبحتری میں یہی معنی درج تھے۔ شرفنامہ کی غلط فہمی و تصحیف خوانی کو ختم کرنے کے بعد ہم اسی نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ اس سے بھی انگشتِ دست ہی کی ایک گونہ تائید ہوتی ہے۔ دستور الافاضل اور بحر الفضائل سے اس کی نہ واضح طور تردید ہوتی ہے، نہ تائید۔ صرف ادات الفضلا کا معاملہ رہ جاتا ہے، لیکن چونکہ اس کی تائید میں کوئی اور قرینہ سوائے بعد کے فرہنگ نگاروں کی کورانہ نقل کے، موجود نہیں ہے۔ اس وجہ سے اس کے بیان کردہ معنی کو قواس کی بیان پر ترجیح نہیں دی جا سکتی جب کہ قواس نہ صرف ادات الفضلا ہی کا بلکہ لفظ اشتو کا قدیم ترین ماخذ بھی ہے۔ اس بنا پر بحالتِ موجودہ ہم اشتو کے دو معنی قرار دیتے ہیں: اوّل انگشتِ دست، دوم سبزہ، لیکن یہ آخری معنی مشروط ہے، اس لیے کہ اس کے اور دوسرے قوانی سے اس کی تطبیق کرنا ہے اور یہ دیکھنا ہے کہ کہیں منصور شیرازی نے اشتو کی توضیح کے لیے ہی تو یہ بیت اسی انداز میں وضع نہیں کر لی ہے جیسے شمس فخری نے معیارِ رحمانی میں کیا ہے۔

تفصیلاتِ بالا سے متاخر فرہنگ نویسوں کی عدم توجہی پوری طرح نمایاں ہو جاتی ہے، خصوصاً لغت نامے سے جائز طور پر یہ توقع تھی کہ اس طرح کے الجھے ہوئے مسائل کا حل اس سے نکل آئیگا، لیکن حل پیش کرنا درکنار، اس سے تو مسائل اور الجھ گئے۔

ابیشہ، البستہ، الیشہ"

لغتِ فرس: ابیشہ، جاسوس بود۔ شہید گوید

در کوے تو ابیشہ ہمی گردم اے نگار!
وز دیدہ تا مگرت ببینم ہبام بر

صحاح: ابیشہ، جاسوس بود۔ شہید گوید:

در کوے تو ابیشہ الخ

قواس: البستہ، جاسوس کردار بود۔ شہید گوید:

در کوے البستہ ہمی گردم اے نگار! وز دیدہ تا ببینم مگرت بہام بر

دستور : ایشہ، جاسوس

ادات : ایشہ، جاسوس کردار و چاپلوس ۔ زفان گویا، ایشہ جاسوس کردار و دلد فردوس است ۔

بحر الفضائل : ایشہ، چاپلوس

شرفنامہ : البستہ و ایشہ، جاسوس کردار و چاپلوس

مدار : ایشہ، بروزنِ شیشہ، جاسوس کردار و چاپلوس است و آنرا البستہ و بستہ نیز گویند، و در موید ایشہ بوزنِ شیشہ بدیں معنی گفتہ است :

در کوے تو چو ایشہ ہمی گردم اے نگار! الخ

موید : ایشہ، بوزنِ شیشہ، جاسوس کردار و چاپلوس است، کذا فی الادات و شرفنامہ و لسان الشعرا

سروری : انیشہ،

در شرفنامہ البستہ آمدہ و ایشہ نیز گویند و در فرہنگ ایشتنہ و ایشنہ و ایشہ آمدہ

جہانگیری : ایشہ، دو معنی دارد، اول جاسوس باشد، شہید نظم نمودہ ،

در کوے تو چو ایشہ ہمی کردمی نگاہ
دز دیدہ تا مگرت ببینم ببام در

رشیدی : انیشہ، بوزنِ ہمیشہ جاسوس باشد، شہید گوید : ع

در کوے تو انیشہ ہمی گردم اے نگار!

و صحیح ایشہ است

برہان : البستہ، بفتحِ اول، بمعنی جاسوس و چاپلوس باشد۔ انیشہ بروزن ہمیشہ جاسوس و چاپلوس را گویند۔ ایشہ بروزن و معنی بیشہ و جنگل باشد و جاسوس و چاپلوس را نیز گفتہ اند۔

حاشیۂ رشیدی (محمد عباسی) بنا بگفتۂ صاحب سراج : دیگران آبستہ بمد و ایستہ بکسر

وآبشتنہ وایشنہ وآیشہ، بمعنی جاسوس وبمعنی چاپلوس نوشتہ۔ نزد صاحبِ سراج اکثرے از اینہا خطاست در لفظ ومعنی، ولفظ آبشتنہ است کسیکہ پنہاں بود از آبشتن پنہان شدن وازیں جہت جاسوس را گفتہ اند و آبشنہ وآبشہ وبغیرِ مد نیز درست است۔

فرہنگ نظام: ابیشہ، جاسوس؛ شہیار: در کوے تو ابیشہ ہمی گردم الخ

ایشہ، بیشہ وجنگل، جاسوس: در کوے تو چو ایشہ ہمی کردے نگاہ الخ

لغت نامۂ دہخدا: آبشت، نہفتہ، پنہاں، جاسوس۔ البستہ، جاسوس وچاپلوس، منہی، کار آگاہ۔ ایں کلمہ را در فرہنگہا انیشہ وایشہ ودر فرہنگ اسدی ابیشہ نیز بہمیں معنی ضبط کردہ اند۔ شاہدے برائے ہیچ یک نیاوردہ اند، تنہا در فرہنگ اسدی آمدہ است ابیشہ ..... ببام برم وظاہراً صورِ دیگر مصحفِ ایں صورتِ اخیر یعنی اپیشہ است (حاشیہ در برہان وبعض فرہنگہائے دیگر ہر جا کلمۂ جاسوس می آید، چاپلوس را چوں عطفِ بیان وتفسیرے در دنبال می آورند، از جملہ در معنی کلمۂ البستہ۔ لیکن جاسوس مرادف چاپلوس نیست وہر یک را معنی دیگر است۔ دریں بیت معنی جاسوس وہم چاپلوس برائے کلمہ مناسب نمی نماید وظاہراً اصل اپیشہ بودہ است، کلمۂ مرکب از "آ" علامتِ سلب ونفی، و"پیشہ" بمعنی حرفت وشغل، ومجموع مرکب بمعنی عاطل وبیکار:

در کوے تو اپیشہ ہمی گردم، اے نگار! الخ

اگرچہ فرہنگوں کی تصریح کے مطابق زیرِ بحث لفظ کی عام شکلیں مندرجہ ذیل ہیں:

ابیشہ، البستہ، ایشہ، آبشہ، انیشہ۔ لیکن صاحبِ بدیع نے اس کی متعدد شکلیں بیان کرکے ان کی تعداد ایک درجن سے زیادہ کر دی ہے؛ اور ان سب میں اس کے نزدیک "آبشتنہ" صحیح ہے جس کے معنی پنہاں ہونے والے کے ہیں۔ اس کے بقول یہ لفظ آبشتن (بمعنی پنہاں شدن) مصدر سے بنا ہے، اور اسی وجہ سے اس کے معنی

جاسوس کے ہیں، آبشنہ و آبشہ، ابشنہ و ابشہ بھی درست شکلیں ہیں۔ میرے خیال میں صاحبِ سراج کا قیاس حسبِ ذیل امور کی بنا پر زیادہ قابلِ توجہ نہیں رہ جاتا۔

(۱) کسی فرہنگ میں ان کی بتائی ہوئی صورتیں یعنی آبشتنہ، آبشنہ، آبشہ، ابشتنہ، ابشتہ، ابشہ نہیں پائی جاتی ہیں۔

(۲) شعر شاہد میں آبشتنہ و ابشتنہ ٹھیک طرح سے پیوست نہیں ہوتا۔

(۳) آبشتن مصدر سے آبشتنہ اسم فاعل کی شکل نہیں ہوتی، البتہ اگر آبشتن سے یہ لفظ ماخوذ ہو تو آبشتہ اسم مفعول کی صورت زیادہ مناسب ہوگی، اور جیسا کہ صاحبِ لغت نامہ نے لکھا ہے آبشتہ کے اصلی معنی نہفتہ، پنہاں کے ہیں اور دوسرے معنی جاسوس کے۔ لغت نامے کے اس بیان میں زیادہ وزن ہے اور اسی وجہ سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ فرہنگِ قواس کے ابستہ میں شین قرشت زیادہ مناسب ہوگا، اگرچہ حقیقت یہ ہے کہ کسی فرہنگ نگار نے یہ صورت نہیں لکھی ہے۔

صاحبِ لغت نامہ نے اپنے اس قیاس کو زیادہ اہمیت نہیں دی ہے۔ ان کے نزدیک ابیشہ ہی صحیح ہے، جس کے معنی ان کے نزدیک بیکار اور معطل کے ہیں۔ ان کا ایک اعتراض یہ ہے کہ شعر سند سے جاسوس کے معنی نہیں نکلتے، مجھے ان کی رائے سے اتفاق ہے، لیکن قدیم فرہنگ نگاروں نے اس کے معنی جاسوس کے بجائے جاسوس کردار کے لیے ہیں اور یہ معنی شعرِ سند میں پوری طرح منطبق ہو جاتے ہیں۔ لیکن جن لوگوں نے یہ معنی مراد لیے ہیں، ان کے یہاں لفظ کی صورت ابیشہ نہیں بلکہ ابستہ یا ابشہ ہے۔ اس سے تو انکار ممکن نہیں کہ یہ سب ایک ہی لفظ کی مختلف محرف شکلیں ہیں۔ بہرحال چونکہ صاحبِ لغت نامہ کے سامنے جاسوس کے بجائے جاسوس کردار نہ تھا اس بنا پر انہوں نے ابیشہ کے معنی معطل قرار دیے اور اس میں شبہہ نہیں کہ یہ معنی بھی شعر میں پوری طرح منطبق ہو جاتے ہیں، لیکن اسی طرح جاسوس کردار بھی ٹھیک اترتے ہیں۔ تو پھر جاسوس کردار پر دوسرے معنی کو ترجیح دینے کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ ہاں، اگر یہ کہا جائے کہ چونکہ شعر کے پیشِ نظر فرہنگ نویسوں نے اس کے معنی مقرر کیے، اور چونکہ قدیمی لفظ ابیشہ اپنی اصل کے لحاظ سے معطل

کے معنی سے زیادہ قریب ہے، اس لیے اس کے آخر الذکر معنی ٹھیک سمجھے جانا چاہییں۔ لیکن اگر لفظ آبشتہ یا ابشتہ ہے تو اپنے مصدری معنی کے لحاظ سے اس کے معنی جاسوس یا جاسوسی کردار کے زیادہ مناسب ہوتے ہیں۔

اس گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ اصل لفظ یا تو ابیشہ ہے یا ابشتہ، باقی سب صورتیں مصحف ہیں اور اسی بنا پر ساقط الاعتبار، ایشہ کا قدیمترین ماخذ دستور الافاضل ہے اور ظاہر ہے کہ صاحبِ دستور کے پیشِ نظر فرہنگِ قواس تھی، اور اس میں واضح طور پر ابشتہ ہے جو متاخر فرہنگوں میں بھی برابر نقل ہوتا رہا ہے اس بنا پر ہم یہ سمجھنے میں حق بجانب ہیں کہ دستور کا ایشہ یقیناً فرہنگ قواس کے ابشتہ یا ابشتہ کی غلط خوانی کا نتیجہ ہے۔ جب لفظ کی یہ محرف صورت سامنے آئی جو ابیشہ یا ابشتہ کے ہموزن نہ ہونے کی بنا پر شعرِ سند میں پرانی قرأت کے اعتبار سے ساقط الوزن ہوتا تھا، اس لیے خود شعر کے پہلے مصرعے میں بہت مناسب تبدیلی عمل میں آئی، یعنی 'در کوے تو ابیشہ ہمی گردم اے نگارا' کی جگہ 'در کوے تو چو ایشہ ہمی کردمی نگاہ'؛ لیکن شعر میں یہ تحریف دستور کے زمانے کے بہت بعد یعنی گیارہویں صدی میں فرہنگ جہانگیری اور دوسری فرہنگوں میں ملتی ہے۔ ظاہر ہے کہ دستور، بحر الفضائل درادات الفضلا میں شعری شواہد موجود نہیں، اس لیے ان میں سے یہ بیت خارج ہے لیکن واضح ہے کہ ان کے مؤلفین کے سامنے یہ شعر ضرور رہا ہوگا اور انھوں نے حسب ضرورت شعر میں تبدیلی کر لی ہوگی جس کی کوئی عملی شکل ہمارے سامنے نہیں ہے۔ البتہ صاحبِ جہانگیری نے کسی عہد کی کسی روایت کی بنا پر یہ تبدیلی جائز قرار دے دی۔

ایشہ، ابیشہ سے محرف ہے، اور اسی بنا پر درخورِ اعتنا نہیں، لیکن ہمیں یہ تصحیف بہت بعد کو ملتی ہے یعنی سروری کے یہاں۔ بعد کو رشیدی اور برہان قاطع نے بھی یہ محرف صورت درج کی ہے۔ رشیدی ایشہ کو درج کرنے کے بعد لکھتا ہے کہ لفظ کی اصل صورت ایشہ ہے؛ وہاں مولف امثلہ لانے کا وعدہ کرتا ہے؛ لیکن اسے نہ لفظ ایشہ کو الگ داخل کرنے کا موقع ملا، نہ وہ اس کے لیے سند لا سکا۔

یہاں تک تو لفظ کے اصل کی بحث تھی؛ اب اس کے معنی کی سنیے:

لغت فرس اور صحاح میں جاسوس اور قواس کے یہاں جاسوس کردار ہے۔ دستور نے غالباً فرس کی پیروی میں جاسوس لکھا حالانکہ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، اس کے پیش نظر قواس ہے اور قواس میں جاسوس کردار ہے، (اور اسی سے ادات اور شرفنامہ میں جاسوس کے بجائے جاسوس کردار ملتا ہے۔) غالباً ادات الفضلا سب سے قدیم ماخذ ہے جس میں جاسوس کردار کے ساتھ چاپلوس درج ہے، جو یقیناً جاسوس کی غلط خوانی کا نتیجہ ہے لیکن غلط خوانی کی حالت میں صرف چاپلوس درج کرنا چاہیے، جاسوس نہیں۔ بظاہر اس میں مزید کسی اور غلط فہمی کا ہاتھ ہے۔ مثلاً کسی نسخہ میں جاسوس رہا ہوگا اور کسی میں چاپلوس دونوں سے جو نسخہ مرتب ہوا اس میں جاسوس اور چاپلوس دونوں درج ہو گئے۔ چاپلوس کے جاسوس کی غلط خوانی یا تصحیف ہونے کا سب سے مضبوط قرینہ بحر الفضائل کا بیان ہے جس میں جاسوس کے بجائے چاپلوس درج ہے۔ اور چونکہ بحر الفضائل بیشتر دستور الافاضل سے ماخوذ ہے، اس لیے قیاس غالب یہ ہے کہ اس کے یہاں دستور ہی سے یہ غلط فہمی پیدا ہوئی۔

ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ بعد کے فرہنگ نگاروں نے اس کے معنی میں بیشہ اور جنگل کا اضافہ کر لیا ہے۔ ہمارے ماخذ میں قدیم ترین ذکر اس معنی کا جہانگیری میں ملتا ہے، پھر برہان اور فرہنگ نظام وغیرہ میں بھی یہ شامل ہے۔ مگر ان آخری دونوں کتابوں میں اس لفظ کی مخصوص صورت ایشہ کے لیے یہ معنی مختص کیے گئے ہیں ہمارے ماخذ کے اعتبار سے یہ تخصیص پہلے برہان کے یہاں ملتی ہے۔ اس میں اس لفظ کی تین شکلیں درج ہیں، یعنی ابستہ، ایشہ اور ایشہ؛ پہلے دونوں کے معنی جاسوس و چاپلوس اور تیسرے کے تین بیشہ و جنگل، جاسوس و چاپلوس۔ بظاہر بیشہ بھی کسی غلط خوانی کی بنا پر جزو معنی قرار پایا۔ فرہنگ نظام نے ابیشہ، ایشہ دونوں کے لیے ایک ہی سند درج کی ہے: ابیشہ کے ذیل میں شعر کی وہ روایت جو قدیم فرہنگ نگاروں کے یہاں ملتی ہے، اور ایشہ کے تحت جہانگیری وغیرہ کی روایت، ظاہر ہے کہ ان دونوں میں سے ایک ہی صورت ٹھیک ہو سکتی ہے مگر صاحب فرہنگ نظام بغیر کسی دلیل کے معاملے کو بالکل تشنہ اور الجھا ہوا چھوڑ کر آگے

بڑھ گئے ہیں۔

آزغ ، وازغ

لغتِ فرس : آژغ ، شاخِ درخت باشد، بوشکور گوید ۔

سوے آسماں کردش آں مرد روے
بگفت اے خدا! این تنِ من بشوے
ازین آژغان پاک کن مر مرا
ہمہ آفرین ز آفرینش ترا

فرہنگ قواس ، وازغ ، آنچہ از درخت ببرند

دستور ، ازغ ، آنچہ از درخت خرما ببرند

موید : ارغ و آروغ ... ممدود آنچہ از درختِ خرما ببرند و قیل کلاہما بازاے فارسی۔ وازغ بدانچہ در باف بندند و در فرہنگ فخر قواس و ازغ با زاے ہوز آنچہ از درختِ خرما ببرند

مدار : آزغ و آزوغ ، بزاے معجمہ در سکندری و موید و پنج بخشی است، آنچہ از درختِ خرما ببرند۔ و در ادات در محلِ غین عین مہملہ آوردہ است

جہانگیری : آژغ و آژوغ ، لیفِ خرما باشد، و شاخہاے زیادتی را گویند کہ از درختِ تاک ببرند

برہان : آزغ ، آنچہ از شاخہاے درختِ خرما و تاکِ انگور و درختانِ دیگر ببرند و آنرا بعربی جلمہ خوانند

آژغ بروزن و معنی آزغ درختِ بریدہ باشد و لیفِ خرما را نیز گویند

ازغ ، آنچہ از شاخہاے درخت ببرند و پیرایش دہند و آنرا بعربی جلمہ گویند

واژغ ، آنچہ از درخت خرما ببرند و باین معنی بازاے ہوز ہم گفتہ اند، و آنچہ بداں تاکِ انگور را بندند و باین معنی باراے قرشت ہم بنظر آمدہ است۔

رشیدی : آژغ و آژوغ ، در فرہنگ بمعنی لیفِ خرما باشد و شاخہائے زیادتی کہ ادتاک ببرند۔
وارغ ، آنچہ تاک را بران بندند و در موید بزائے معجمہ آنچہ از درخت ببرند و در فرہنگ ہندی کہ در پیش الخ

فرہنگِ نظام : آزغ ، مخففِ آزوغ و آزوغ مبدل آروغ (بمعنی بادے کہ از گلو با صدا بیروں آید)
آژوغ ، (۱) لیف خرما (۲) شاخہائے زیادی الخ (جہانگیری)
ازغ ، شاخ و برگہائے کہ از درخت در پیرایش برند

لغت نامۂ دہخدا : آزغ ، آنچہ از شاخہائے درختِ خرما و انگور و دیگر درختاں ببرند (برہان)
آژغ ، آزوغ ، آژوغ ، ازغ ؛ عمل پیراستن و بریدن شاخہا و برگہا

حاشیہ برہان از دکتر معین : (واژغ) 'و' جزو کلمہ نیست ، اصل آژغ ، آزغ است ۔
ورک : اژغ ، ازغ ، در لغتِ فرس آمدہ "آژغ ، شاخِ درخت باشد۔ بوشکور گوید : سوے آسماں گردش..... ازیں آژغاں پاک کن مر مرا
..... و در حاشیہ نوشتہ اند ایں لغت فقط ورن ۔ ورن آژغہا تصحیح متن قیاسی است ؛ علامہ دہخدا نوشتہ اند "تصحیح قیاسی صحیح نیست ، کلمۂ ازغ است بفتح ہمزہ و سکونِ زے و "اژغہا" جمع آر ناممکن است ، واژغ = آژغ باشد (قس ، وارن ، آرن ، وارنج آرنج ولے محتاج بشاہد است۔

زیرِ بحث لغت کی قدیمترین شکل 'اژغ' ہے جو لغتِ فرس میں ملتی ہے ، اگرچہ ڈاکٹر اقبال آشتیانی نے اسے آژغ پڑھا ہے لیکن شعرِ سند اس کے بجائے 'اژغ بفتح' کی تائید ہوتی ہے ۔ چونکہ شعر میں یہ لفظ بشکل جمع (اژغہا) آیا تھا اور اسے بمد پڑھنے سے مصرعہ وزن سے ساقط ہو جاتا تھا ، اس لیے موصوف نے اسے 'آژغاں' میں تبدیل کر لیا ۔ لیکن اتنی زحمت کے بجائے اگر اژغ کو فتحہ سے پڑھ لیا جاتا تو معاملہ صاف ہو جاتا

ں قیاس علامہ دہخدا کا بھی ہے جس کا ذکر ڈاکٹر معین نے برہان قاطع کے حاشیے میں کر دیا ہے۔
غ کی اور صورتیں یعنی آژغ ، آزغ ، ازغ ، آژروغ ، سمجھ میں آتی ہیں۔ لیکن 'ز' کی تبدیلی
ے مہملہ میں سہوِ کتابت ہے ، اصل سے اس کا کوئی تعلق نہیں اور اسی بنا پر ہم موید الفضلا
، بیان کو درخورِ توجہ نہیں سمجھتے ، جس نے آرغ اور آروغ کو ڈکار اور آنچہ از درخت خرما
ے معنی میں لکھا ہے۔ گو اس میں آخر میں یہ اضافہ بھی ہے کہ آخری معنی میں آزغ و آزروغ بھی ہے
ہنگِ نظام میں آزغ اور آزروغ کو آرغ ' در آروغ کا مترادف قرار دیتے ہوئے اس کے
نی صرف ڈکار کے لیے ہیں۔ گویا وہ اس لحاظ سے موید الفضلا سے کئی قدم آگے ہے۔ موید میں
رغ و آروغ کے دونوں معنی دیے تھے اور یہ بھی لکھا تھا کہ آزغ و آزروغ بھی اس آخری
نی میں آیا ہے۔ لیکن یہ ساری باتیں فرہنگِ نظام میں حذف ہو گئی ہیں۔ اس بنا پر آخر الذکر
بیان قابلِ توجہ نہیں رہ جاتا۔ البتہ آژروغ کے دو معنی بحوالۂ جہانگیری اور ازغ کے صرف
ے معنی درج کیے ہیں۔

فرہنگ قواس میں ازغ کے بجائے دازغ ملتا ہے، جو بعد کو موید الفضلا، رشیدی اور
ہان میں داخل ہو گیا ہے۔ دازغ کے معنی عام طور پر وہی ہیں، جو ازغ وغیرہ کے بیان ہوتے
ب۔ موید الفضلا نے فرہنگ قواس کی اس قرأت کو اسی کے حوالے سے درج کیا ہے۔ لیکن میرے
یشِ نظر جو نسخۂ قواس ہے، اس میں 'د' اور 'ازغ' کے درمیان کچھ زیادہ فاصلہ ہے جو
بہہ پیدا کرتا ہے۔ اس کے انداز سے پورے یقین کے ساتھ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ کم از
م کاتب کے نزدیک 'د' جزو کلمہ نہیں ہے۔ اتفاق کی بات یہ ہے کہ اس کلمے کی تصحیح بھی
سی نے بعد کو کی، لیکن اس کے باوجود 'د' کا اصل کلمہ سے فصل برقرار رہا (و - ازغ) چونکہ
ہاں عام طور پر واو عاطفہ کا موقع نہیں تھا، صاحب موید الفضلا نے واو کو اصل کلمہ
ے ملا دیا۔ لیکن اگر دیکھا جائے، تو ہم اس واو کو دو کلموں کے درمیان نہیں بلکہ دو
ملوں کے درمیان واو عاطفہ قرار دے سکتے ہیں۔ گو فرہنگ قواس کی یہ عام خصوصیت
ہیں۔ بہرحال اس شبہہ کو تقویت اس وجہ سے ہے کہ اس کلمے کی اصل مسلم طور پر ازغ (یا آزغ)
ے اور یہ کلمہ مع شعر سند کے موجود ہے۔ اس بنا پر اگر فرہنگِ قواس میں درج کیے ہوئے 'د' کو

واوِ عطف قرار دیں یا غلط کہہ دیں تو کچھ ایسا بعید از قیاس نہ ہوگا۔ ظاہر ہے کہ برہان اور رشیدی کے لفظ 'وازغ' کی اس وجہ سے کوئی اہمیت نہیں ہے کہ انھوں نے اسے موید الفضلا سے لیا ہوگا اور خود ان کے سامنے قواس کے نسخے نہیں رہے ہوں گے جس سے اس بات پر استدلال کیا جاسکے کہ قواس کے تمام نسخوں میں وازغ ہی ہے۔

ڈاکٹر معین کا قیاس ہے کہ چونکہ 'آ' کی 'وا' میں تبدیلی ہوتی ہے، جیسے آرنج، وارنج؛ آرن، وارن۔ اس سے آزغ سے وازغ بننے پر بھی استدلال ہوسکتا ہے۔ لیکن بہرحال اس کے لیے سند درکار ہے۔ اس سلسلے میں یہ بھی قابلِ غور ہے کہ فرس اور صحاح میں وارنج نہیں ملتا صرف آرنج ہے، اور فرس میں صرف وارن، آرن نہیں ہے اور صحاح میں دونوں؛ لیکن دونوں کے لیے بیت سند وہی ایک ہے، جو فرس میں بھی وارن کے لیے آئی ہے۔ چونکہ دونوں صورتیں یعنی آرن اور وارن کی ہم وزن اور ہم قافیہ ہیں اس لیے ان کی تبدیلی بغیر کسی دقت کے عمل میں آجاتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ دراصل وارن اور آرن، وارنج اور آرنج کا مسئلہ اس طرح سے حل نہیں ہوا ہے کہ اسے بطور سند کے پیش کیا جاسکے۔ اگرچہ بعد کے فرہنگوں میں چاروں شکلیں موجود ہیں، لیکن قدیم فرہنگوں میں ان کی عدمِ موجودگی سے معاملہ کچھ مشتبہ ضرور ہوجاتا ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود چونکہ وازغ کے لیے کوئی سند نہیں، اس بنا پر اسے بخوبی تصحیف قرار دیا جاسکتا ہے۔

اس کلمے کے معنی میں بھی تھوڑا سا اختلاف ہے۔ لغتِ فرس میں بغیر کسی قید کے اس کے معنی شاخِ درخت کے قرار دیے ہیں، قواس کے یہاں آنچہ از درخت (یا درختِ خرما) ببرند؛ یہی معنی بعد کی اکثر فرہنگوں میں نقل ہوگئے ہیں۔ ہمارے ماخذ کے لحاظ سے جہانگیری پہلا لغت ہے، جس میں ان معنوں میں تھوڑی سی تبدیلی کی گئی، یعنی انگور کی بڑھی ہوئی بیل جو کاٹنے کے قابل ہے۔ گویا اس میں دو اعتبار سے فرق آیا، اوّل یہ کہ قدیم فرہنگوں میں اس کے معنی چھانٹنا اور تراشنا یا عمل پیرائش تھے۔ دوسرے یہ کہ اس میں خرما کے بجائے انگور کی قید لگادی گئی، علاوہ بریں اس میں ایک اور معنی "لیفِ خرما" بڑھا دیے گئے جو بعد کی بعض فرہنگوں میں بھی شامل ہوا (مثلاً برہان، رشیدی، فرہنگِ نظام وغیرہ) برہان میں بڑی افراتفری ہے۔

زغ اور ازغ کے معنی عام درختوں کی پیرائش ؛ آزغ ، درختِ پیراستہ اور لیفِ خرما ؛ واژغ
ازغ ، درختِ خرما کی پیرائش اور جس پر تاکِ انگور لٹکاتے ہیں ؛ اس معنی میں لفظ وازغ
بھی آتا ہے لیکن اس سلسلے میں صاحبِ برہان سے سہو ہوا ہے ۔ دراصل جس پر انگور کی بیل
لٹکائی جاتی ہے ، وہ وازیج یا وادیج ہے ، جو لغت فرس اور فرہنگ قواس وغیرہ میں مع
بیتِ ذیل کے آیا ہے :

ہمہ وازیج پُر انگور و ہمہ جائے عصیر
زانچہ برزید کنوں بر بخورد برزگرا

یا وازنج ، جیسا کہ صحاح الفرس میں ہے (اور جہاں بیتِ سند یہی ہے مگر وازیج کی جگہ
وازنج درج ہے) اس کو وازغ سے کوئی تعلق نہیں ۔ صاحبِ رشیدی کا بھی بیان وازغ کے
سلسلے میں بالکل غیر واضح اور مبہم ہے ۔ مختصر یہ کہ اس لفظ کے قابلِ وثوق معنی وہی ہیں جو قدیم
فرہنگوں کے بیان کی روشنی میں لغت نامہ میں مندرج ہیں ، انہیں کو صحیح سمجھنا چاہیے ؛ باقی
سب قابلِ ترک اور بے بنیاد ہیں ۔

نسر ، نصر ، نصران ، نسیرم

فرس : نسر ، سایہ گاہ باشد ۔ رودگی گوید :

دور ماند از سرائے خویش و تبار
نسرے ساخت بر سرِ کہسار

قواس : نسر ، سایہ بان باشد ۔ رودکی گوید :

دور ماند . . . . . نسرکے ساخت بر سرِ کہسار

ص آقا فروزانفر "آونج" (آونگ) کو بہتر سمجھتے ہیں (دیکھیے صحاح ذیل وازنج) لیکن اگر یہ
آونج ہے تو پھر فرہنگ نویسوں کی غلط فہمی کی کوئی حد نہیں رہتی کہ انہوں نے آونگ الگ بیان کیا ہے اور
وازنج الگ ، آونگ اور آونج ایک ہی ساتھ بیان ہونا چاہیے ۔ دستور الافاضل میں وازیج کو واو کے
ذیل میں بیان کیا ہے اور فرس کی پیروی میں اس کے پہلے ونگ اور اونگ بھی اسی معنی میں بیان کیا گیا ہے
فرس اور صحاح میں بھی آونگ اور وازیج (وازنج) الگ الگ بیان ہوئے ہیں ۔

نسیرم : آنجا کہ آفتاب نیفتد

صحاح : نسر، سایہ گاہ بود۔ رودکی گفت :

دور ماند .... نسرے ساخت۔ الخ

دستور الافاضل : نصر، سایہ گاہ

نصران، آنجا کہ آفتاب نیفتد

بحر الفضائل : نصران، آنجا کہ شعاع آفتاب نیفتد

ادات : نسر، سایہ گاہ

نسیرم، آنجا کہ آفتاب برآں افتد

شرفنامہ : نشر (بفتح اول) و نشر (بفتحتین) سایہ کلاہ (موید میں بحوالہ شرفنامہ نسر)

نسیرم، آنجا کہ آفتاب[ہ] نیفتد

معیار جمالی : نسر، سایہ بانے باشد بر سر کوہ از چوب و خاشاک :

ملک در تاب آفتابِ ستم

سازد از عدل تو ہمیشہ نسر

موید : نسر، سایہ کلاہ، کذا فی فرہنگ فخر قواس ؛

نسیرم، آنجا کہ آفتاب نیفتد کذا فی شرفنامہ و در فرہنگ فخر قواس بدیں معنی نسرم است بمعنی آنجا کہ براں آفتاب نیفتد

سروری : نسر، (۱) سایبانے باشد کہ بر سر کوہ از چوب و خاشاک سازند، مثالش شمس فخری گوید : ملک در تاب الخ

و استاد رودکی نیز گوید : دور ماند الخ

(۲) و بمعنی مطلق سایہ نیز بنظر رسیدہ (۳) و بعضے بمعنی موضعے از کوہ وغیرہ کہ آفتاب براں نتابد آوردہ اند۔ نسار نیز گویند و نسا بحذف را

ہ در فرہنگ قواس بدیں معنی نسیرم است (یعنی سوم ب است) و در ادات آنجا کہ آفتاب نیفتد (م ۔) و آنجا کہ براں آفتاب افتد

نیز آمدہ و گذشت ۔ نسا در فرہنگ بمعنی موضعے باشد از کوہ وغیرہ کہ آفتاب
بران نتابد و نسر نیز گویند۔
نسیرم ، از نسخۂ میرزا و موید بمعنی جاے باشد کہ آفتاب بران نیفتد (کذا
فی الفرہنگ) و در سامی نسرم بنظر رسیدہ

جہانگیری : نسر ، باول و ثانی مفتوح جاے را گویند کہ مانند کوہستان و جز آں بود و
ہرگز آفتاب در آنجا نتابد و آنرا نسا و نسار و نسیرم نیز نامند، و صاحب
فرہنگاں آوردہ اند کہ سایبانے باشد بر سر کوہ کہ از چوب و خس و خاشاک
ترتیب دہند (پس ازاں بیت شمس فخری و رودکی (مدون ذکر نامہ شاہد
آمدہ) نسا موضعی را گویند کہ از کوہ و جز آں کہ در انجا آفتاب ہرگز نتابد
یا کمتر تابد و آنرا نسیر نیز نامند۔
نسیرم ، جاے را گویند کہ آفتاب در انجا نتابد۔

رشیدی : نسا ، بالفتح موضعے از کوہ و جز آں کہ برو آفتاب نتابد۔
نسر ، ہمان نسا یعنی (۱) جاے کہ آفتاب برو نتابد، فخری گوید :
ملک در تاب ۔ ۔ ۔ ۔ الخ
و صاحب فرہنگاں بمعنی (۲) سایبانے کہ بر سر کوہ از چوب و خاشاک
ترتیب دہند، آوردہ اند۔ رودکی گوید : و در ماند، الخ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
و دریں مثال تأمل است ۔
نسیرم ، ہمان نسا یعنی جاے کہ آفتاب برو نتابد ۔ ۔ و در فرہنگ سروری
نسرم نیز بمعنی اول آوردہ و از سامی نقل کردہ ۔ نسش سایہ، و در
موید سایۂ کلاہ ۔

برہان : نسا ، موضعے را گویند از کوہ و غیر آں کہ در آنجا آفتاب ہرگز نتابد یا
کمتر برسد۔
نسار ، موضعے باشد کہ آفتاب کمتر بران تابد و سایبانے را نیز گویند کہ

از چوب و خاشاک سازند، و بمعنی سایه هم آمده۔
نسر، بمعنی نسار و آں جاے باشد از کوهستان وغیره که آفتاب کمتر دراں تابد، و سایبانے که بر سر کوه از چوب و علف سازند، و مطلق سایه را گویند عموماً و سایهٔ کوه را خصوصاً۔ و بمعنی سایهٔ کلاه هم بنظر آمده۔ و بمعنی سایبان هم گفته اند۔
نسیرم بمعنی نسر است و آں جاے باشد۔۔۔ و بعضے گویند نسیرم جاے است که پیوسته آفتاب بر آں تابد۔ نش بمعنی سایه و سایه گاه باشد که جاے سایه است و بمعنی سایهٔ کلاه هم بنظر آمده۔

انجمن آرائے ناصری: نسا، موضعے را گویند از کوه و غیر آں که بر آں آفتاب نتابد بعضے بتو که جاے آفتاب تاب است۔ و آنرا باضافهٔ را 'نسار' گفته اند۔ نسر بمعنی نسا و نسار است یعنی جاے که آفتاب نتابد۔ شمس فخری گفته: ملک در آفتاب الخ۔ و بمعنی سایبان که بر سر کوه از چوب و خاشاک سازند نیز آمده۔ رودکی گفته: دور ماند الخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
نش، سایه و در موید سایهٔ کلاه است۔

فرهنگِ نظام: نسا، جاے که بر آں آفتاب نتابد، یا در بعضے اوقاتِ سال بتابد۔ نسار، جاے که بر آں تمام سال آفتاب نتابد، یا در بعضے از اوقاتِ سال بتابد۔ در سنسکرت 'نسُور' (नसूर) بمعنی بے آفتاب است؛ و نسا و نسر مخففِ آنست، نسر زمینے که بر آں آفتاب نتابد یا بسیار کم تابد۔ در کلام خراسان ایں لفظ هست و بمعنی سرما خوردن از زیاد نشستن در سایه هم هست۔ جهانگیری گوید: بسیارے از فرهنگ نویسهاے پیش از جهانگیری معنیِ دوم نسر را سایهٔ کلاه نوشته اند و جهانگیری تشریح معنی سایهٔ کلاه را نسبت بآنها داده۔ صحاح الفرس شاعر را رودکی نوشته و مصرع دوم را طورے دیگر نقل کرده و شعر را شاهد براے نسر بمعنی کرگس عربی قرار داده۔ عبارتش اینست: "نسر سایه باشد

ونسر بلفظِ عرب کرگس باشد۔ رودکی گفت :

دور گشت از دیارِ خویش و تبار
نسر می ساخت بر سرِ کہسار

یعنی آں شخص مانند کرگس بود کہ با کوہسارے ساخت... نسیرم، در نسخۂ میرزا (فرہنگِ ابراہیمی) و موید الفضلا، جائے باشد کہ آفتاب بر آں نیفتد سروری شاہد بدست نیامد۔

تفصیلاتِ بالا سے معلوم ہوا کہ بظنِ قوی اصل لفظ نسر اور نسیرم ہیں، لیکن اس کی دوسری شکلیں یعنی نصر، نصران، نسپرم اور نسرم تصحیفات ہیں۔ نصر صرف دستور الافاضل میں ہے جس کی تصدیق کسی اور مآخذ سے نہیں ہوتی؛ نصران بھی اس میں ہے، لیکن اس کی تائید بحر الفضائل سے ہو جاتی ہے۔ اس سے بخوبی واضح ہے کہ خود مؤلفِ دستور کے نزدیک اس لفظ کی یہی قرأت درست تھی۔ یہ بھی یاد رہے کہ اس لفظ کے وہی معنی ہیں جو نسیرم کے ہیں اور نسیرم دستور اور بحر الفضائل دونوں سے خارج ہے، قواس کے کسی نسخے کی بنا پر شرفنامہ کے حاشیے میں ہے کہ فرہنگ قواس میں نسیرم کے بجائے نسپرم ہے، یعنی حرف سوم کو بائے فارسی قرار دیا گیا ہے لیکن بہر حال یہ قرأت فرہنگ قواس کی غلط کتابت کی وجہ سے فرض کی گئی ہے، اس لیے کہ آخر الذکر کے موجودہ نسخے میں نسیرم ہی ہے۔ نسرم کی قرأت جو موید میں قواس کے حوالے سے ہے، اسے سروری نے سامی کے حوالے سے لکھا ہے۔ ظاہر ہے کہ کسی سند کے بغیر محض ایک روایت کی بنا پر نسیرم پر جو فرہنگوں میں ہے، نسپرم یا نسرم کو ترجیح نہیں دی جا سکتی۔

اب آیئے ان کے معانی کی طرف : نسر کے معنی قدیم فرہنگوں میں سایہ گاہ یا سایہ بان کے ملتے ہیں۔ اور اس کی شہادت رودکی کے ایک شعر سے دی گئی ہے، جو فرس، قواس، صحاح، جہانگیری، سروری، رشیدی اور ناصری میں نقل ہوا ہے۔ اس سلسلے میں سروری، جہانگیری، رشیدی اور ناصری میں اس معنی پر اتنا اضافہ ہے : "سائبانے کہ بر سر کوہ از خس و خاشاک سازند۔" اس اضافے کی ذمہ داری شمس فخری پر ہے؛ لیکن اس نے جو بیت سند میں نقل کی ہے اس سے اس اضافے کی توثیق مطلق نہیں ہوتی۔ جہانگیری کے پیشِ نظر معیارِ جمالی تھی اس بنا پر

اسے واضح طور پر لکھنا چاہیے تھا کہ اس کا اضافہ شمس فخری کی طرف سے ہوا ہے، لیکن اس میں اس اضافے کی طرف مطلق توجہ نہیں کی گئی۔ اس معنی کا اکثر فرہنگوں میں ذکر ہوا ہے۔ صاحب رشیدی رودکی کا شعر نقل کرنے کے بعد لکھتا ہے کہ اسے اس معنی میں تامل ہے۔ صاحب فرہنگ نظام اس معنی کے لیے رودکی کے شعر کو غلط قرار دیتا ہے۔ اس نے صحاح الفرس کا سہارا لیا، جس کے قلمی نسخے میں دو معنی اسی ترتیب سے تھے: (۱) سایہ گاہ (۲) کرگس۔ اور اس کے بعد رودکی کی بیت درج تھی۔ مولف فرہنگ نظام کا خیال ہے کہ محمد بن ہندو شاہ مولف صحاح نے یہ بیت کرگس کے معنی کی توثیق میں درج کی ہے۔ چنانچہ مولف فرہنگ کے نزدیک اس بیت کے معنی یہ ہوتے: "وہ شخص کرگس کی طرح تھا جو کوہسار کے ساتھ ساز گاری پیدا کرتا تھا۔" مولف فرہنگ نظام کے قول پر بوجوہ اعتراض وارد ہوتا ہے:۔ اوّلاً یہ کہ جب صحاح الفرس میں دو معنی دیے ہیں تو بیت سنہ کو معنی دوم کا شاہد بغیر کسی قرینہ کے کیوں سمجھا گیا۔ دوم صحاح الفرس کے سامنے لغت فرس ہے اور اس میں رودکی کی بیت بمعنی اوّل یعنی سایہ گاہ یا سایہ بان شاہد کے طور پر نقل ہوئی ہے۔ سوم، فرہنگ قواس میں بھی یہ بیت اسی معنی کی شاہد ہے۔ چہارم، "نسر می ساخت بر سر کہسار" میں مولف فرہنگ نظام کے معنی کے لحاظ سے 'بر' کے بجائے 'با' ہونا چاہیے، جو کسی نسخے میں نہیں ہے (مولف مذکور کے معنی پر بھی اعتراض ہے، لیکن اس سے نسر کے معنی پر کسی قسم کی روشنی نہیں پڑتی اس لیے اس کا اعادہ غیر ضروری ہے) مختصر یہ کہ میرے خیال میں صحاح الفرس میں لغت فرس کی پیروی میں رودکی کی بیت کو نسر بمعنی سایہ بان کا شاہد سمجھا گیا ہے نہ کہ دوسرے معنی کا۔

اس سلسلے میں ایک اور امر کی طرف بھی اشارہ ضروری ہے۔ شمس فخری کی بیت جو نسر بمعنی سایہ بان کی توضیح کے لیے درج ہوئی تھی، اسے رشیدی میں نسر بمعنی 'جائے کہ آفتاب بر وتابد' کی وضاحت کے لیے بتایا گیا ہے جو غلط ہے۔ رشیدی نے جہانگیری سے استفادہ کیا، مگر وجہ نہ معلوم ہوئی کہ آخر اس نے اپنے ماخذ سے انحراف کیوں کیا۔ مزید براں خود ناظم بیت یعنی شمس فخری نے یہ بیت نسر بمعنی سایبان کی توضیح کے لیے لیا تھا۔ اس کی تصدیق نہ صرف اس فرہنگ کے تمام نسخوں سے ہوتی ہے، بلکہ بعد کی فرہنگوں میں بھی اس بات کا برابر اعادہ کیا گیا

ہے۔ اس کے باوجود اگر صاحبِ رشیدی بیت کو کسی دوسرے معنی کی سند سمجھیں تو اس کا کوئی علاج نہیں۔ رشیدی کی پیروی میں رضا قلی ہدایت نے بھی شمس فخری کی بیت کو 'جائے کہ آفتاب نتابد' کی وضاحت کے لیے سمجھا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ قول سراسر غلط اور قابلِ ترک ہے۔

یہاں تک تو 'نسر' کے سند کے شعر کا معاملہ تھا۔ اب اس کے مختلف معانی کی حقیقت ملاحظہ ہو۔ فرہنگوں میں اس کے حسب ذیل معانی بیان ہوئے ہیں:

۱ - سایبان

۲ - سایہ گاہ

۳ - سایۂ کلاہ

۴ - سایہ

۵ - سایبان، جو پہاڑ پر خس وخاشاک سے بنایا جائے

۶ - پہاڑ وغیرہ پردہ جگہ جہاں آفتاب کا عکس نہ پڑتا ہو۔

سایہ بان اور سایہ گاہ ایک ہی ہے۔ قدیم فرہنگوں میں اکثر سایہ گاہ ہے۔ صرف فرہنگِ قواس میں سایہ بان ہے (اگرچہ اس کے ایک نسخے میں سایہ گاہ بھی ہے، جسے بعض فرہنگ نویسوں نے سایۂ کلاہ پڑھا) شمس فخری میں پہاڑ پر چھپر کا سایبان قرار دیا گیا ہے، حالانکہ یہ قید بیکار ہے نہ اس کے اپنے نظم کیے ہوئے شعر سے اس کی توثیق ہوتی ہے اور نہ رودکی کی بیت ہی سے یہ معنی نکلتے ہیں لیکن چونکہ رودکی کی بیت میں 'سرکہسار' ہے، اس لیے شمس فخری کے معنی میں بھی اس کی قید ہے جس کا بعد کے فرہنگوں میں برابر اعادہ ہوتا رہا۔ واضح رہے کہ یہ اضافہ بالکل غیر ضروری ہے اصل بیت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ تعجب اس بات کا ہے کہ خود شمس فخری اس قید کے اضافے کا بانی ہے (بظاہر بیتِ رودکی میں 'سرکہسار' کی بنا پر) لیکن خود اپنی بیت میں اس طرح کی کوئی پابندی عائد نہیں کرتا۔ وہ کہتا ہے کہ آفتاب ستم سے بچنے کے لیے ملک ہمیشہ تیرے عدل کے وسیلے سے 'نسر' تیار کرتا ہے۔ اس میں نسر کے معنی سوائے سایہ گاہ یا سایہ بان کے اور کیا ہیں؟ اس لیے سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر اس بیت کے ناظم نے یہ غیر ضروری قید کیوں لگائی۔ سایۂ کلاہ سایہ گاہ کی تصحیف اور اس لیے درخورِ اعتنا نہیں ہے۔ مویدیں یہ

معنی فرہنگِ قواس کے حوالے سے درج ہوئے ہیں۔ فرہنگ مذکور کے موجودہ نسخے میں سایبان ہے۔ لیکن سایۂ کلاہ کے ذکر سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ کسی نسخے میں شاید سایہ گاہ رہا ہو جو غلطی سے سایۂ کلاہ پڑھا گیا۔ اس کا بھی امکان ہے کہ صاحبِ موید نے حوالہ غلط نقل کر دیا ہو، اس لیے کہ صاحبِ موید کے پیشِ نظر فرہنگ قواس کا کوئی نسخہ نہیں تھا، اس نے قواس کے اقوال کسی دوسرے ماخذ سے نقل کیے ہیں۔ اس قیاس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ موید میں نسر عربی کے ذیل میں شرفنامہ کے حوالے سے سایۂ کلاہ معنی بھی ملتے ہیں۔ ممکن ہے کسی وجہ سے شرفنامہ کے بجائے قواس کا نام درج ہو گیا ہو۔ شرفنامہ کے نسخۂ علیگڑھ میں بھی نشر (باشین قرشت) سایۂ کلاہ کے معنی میں آیا ہے۔ پھر نشر کے معنی مختلف متاخر نسخوں میں سایۂ کلاہ کے ملتے ہیں۔ ایسا خیال ہوتا ہے کہ اس تصحیف کی ذمہ داری صاحبِ شرفنامہ کے سر ہے، حالانکہ اس کے قبل کی کسی معلوم فرہنگ میں یہ معنی نہیں ملتے۔ اسی لیے ہم اسے غلط اور قابلِ ترک ٹھہراتے ہیں۔ صاحبِ شرفنامہ کے پیشِ نظر جو فرہنگیں تھیں، ان میں سایہ گاہ ہے، اس بنا پر کوئی وجہ نہیں کہ ہم سایۂ کلاہ کو سایہ گاہ کی تحریف نہ سمجھیں۔

مطلق سایہ کے معنی سروری اور برہان میں بیان ہوئے ہیں۔ لیکن کسی قدیم فرہنگ سے اس کی باقاعدہ تائید نہیں ہوئی، البتہ بعض نسخوں میں سایہ گاہ کی جگہ صرف سایہ درج ہو گیا ہے (مثلاً دیکھیے صحاح، ۴: ص ۱۱۷) شاید اسی وجہ سے نسر کے یہ معنی تجویز ہوئے ہیں — مختصر یہ کہ نہ کسی اہم ماخذ میں یہ معنی موجود ہے، نہ اس کے لیے کوئی سند ہی پائی جاتی ہے۔ اس بنا پر یہ معنی بھی درخورِ توجہ نہیں۔

رہے نسر کے یہ معنی، پہاڑ کی وہ جگہ جہاں آفتاب کا عکس نہ پڑتا ہو، یہی معنی نسبرم کے ہیں اور اسے نسر کا مترادف قرار دے کر آخر الذکر کے لیے یہ معنی ٹھہرا لیے گئے ہیں۔ اس معنی کا قدیم ترین ماخذ بحالتِ موجودہ فرہنگِ جہانگیری ہے اور وہیں سے بعد کی فرہنگوں میں یہ نقل ہوئے ہیں، لیکن اس معنی کے سلسلے سے نہ نسبرم کے لیے کوئی سند موجود ہے اور نہ نسر کے لیے۔ اسی لیے نسبرم اور نسر کے ہم معنی ہونے کا معاملہ قابلِ اطمینان حد تک حل نہیں ہو سکا ہے۔

نسیرم کے معنی کے سلسلے میں کوئی خاص اختلاف نہیں۔ اس لفظ کا قدیم ترین ماخذ فرہنگ قواس ہے جس میں نسیرم کے معنی دیے ہیں، وہ مقام جہاں آفتاب کا سایہ نہ پڑتا ہو۔ اکثر فرہنگوں میں بالکل یہی معنی نقل ہوئے ہیں۔ بعض میں پہاڑ کی جگہ کی قید لگا دی گئی ہے، اور یہ اس لیے کہ نسیر کو اس کا مترادف ٹھہرایا اور چونکہ نسہ کے معنی میں پہاڑ کی تخصیص تھی، اس لیے بعد کے فرہنگ نویسوں میں سے بعض کے یہاں نسیرم کے معنی میں پہاڑ کی جگہ کی تخصیص ملتی ہے۔ واضح رہے کہ یہ قید دونوں حالتوں میں متاخر فرہنگ نویسوں کی ایجاد ہے، اور چونکہ اس کی تائید میں کوئی سند نہیں ہے، ہم اسے بھی قابلِ توجہ قرار نہیں دے سکتے۔

ادات الفضلا کے نسخۂ علی گڑھ میں ذرا اختلاف ہے۔ اس میں 'نیفتد' کی جگہ 'افتد' ہے۔ شرفنامہ کے حاشیے میں موید کے حوالے سے مزید یہ لکھا ہے: 'در ادات آنجا کہ آفتاب نیفتد، و آنجا کہ برآں آفتاب (یا آفتاب برآں) افتد'۔ اس سے ظاہر ہے کہ ادات کے مختلف نسخوں میں اختلاف ہے۔ اسی وجہ سے برہان میں بغیر حوالہ کے درج ہے کہ 'و بعضی گویند نسیرم جائے است کہ پیوستہ آفتاب برآں تابد'۔ چونکہ ادات کے بعض نسخوں میں 'تابد' ہے اور یہی قدیم اور متاخر سبھی فرہنگوں میں ہے، اس لیے ہم 'بتابد' کتابت کی غلطی قرار دیتے ہیں۔

'نسر' کے وجود کے سلسلے میں دو گواہیاں ملتی ہیں۔ فرہنگ نظام میں ہے کہ خراسان میں گفتگو میں یہ لفظ موجود ہے اور سایے میں زیادہ بیٹھنے کی وجہ سے سردی لگ جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ آقای فردز انفر سے روایت ہے کہ بشرویہ (خراسان) میں نسر جائے سرد کو کہتے ہیں اور تابستانی ایوان جس کا رخ شمال کی طرف ہو، نسار کہلاتا ہے اور محاورہ میں استعمال کرتے ہیں 'جا نسر کی طرف' یعنی شمال کی طرف۔

(رک صحاح الفرس، ۱۱۷ ح)

فرہنگ نظام کے مولف نے نسر کو سنسکرت کلمہ نسور (न सूर) سے ماخوذ بتایا ہے جو حرف نفی 'نہ' اور 'سور' بمعنی سورج سے بنا ہے جس کے معنی بے سورج کے ہیں۔ یہ بات قرینِ قیاس معلوم ہوتی ہے۔ لیکن ایران کی قدیم زبانوں میں بھی اس لفظ کی اصل کی تلاش ضروری تھی۔

بلنج ، ملنج

قواس : بلنج ، ریوند

دستور : ملنج ، ریوند

ادات : بلنج ، باجیم فارسی زاکِ سیاہ کہ بداں خضاب کنند وعرب آنرا راج گویند

موید : بلنج ، زاکِ سیاہ کہ بداں خضاب کنند، بتازیش راج گویند

ملنج ، گیاہی است کہ چرندگاں را مستی آرد۔

مدار : بلنج ، زاکِ سیاہ کہ بداں خضاب کنند۔

جہانگیری : بلنج ، سنگ فلاخن بود

ملنج ، گیاہے باشد کہ چوں حیوانات بخورند، مست شوند

برہان : بلنج ، زاکِ سیاہ را گویند

ملنج ، سنگے را گویند کہ در فلاخن گذارند

ملنج ، گیاہے باشد کہ چوں چہار پایاں خورند، مست گردند۔

رشیدی : ملنج ، گیاہے است، چوں حیوانات خورند مست شوند ؛ و در فرہنگ مخلج بتقدیم خائے نیز آوردہ

فرہنگ نظام : ملنج ، گیاہے بود کہ چوں الخ

تفصیلاتِ بالا سے واضح ہوتا ہے کہ بظاہر 'بلنج' اور 'ملنج' دو الگ لفظ ہیں۔ اول الذکر کے معنی زاکِ سیاہ کے ہیں جس سے خضاب کرتے ہیں۔ یہ معنی ادات، موید، مدار، برہان اور سروری میں پائے جاتے ہیں۔ لفظ بلنج جہانگیری، رشیدی اور فرہنگِ نظام سے خارج ہے۔ لیکن اس اخراج سے زیادہ قابلِ غور بات قواس میں درج شدہ لفظ 'بلنج' کی ہے، جس کے معنی ریوند کے ہیں۔ یہی معنی دستور میں 'ملنج' کے بتائے گئے ہیں۔ اور ریوند کے معنی موید (۱ : ۲۸۴) میں یہ درج ہیں : "گیاہے است کہ چرندگاں را مستی آرد"۔ اس سے واضح ہے کہ دستور میں مندرجہ معنی اور بعد کے فرہنگ نگاروں کے بیان کردہ معنی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اس سے مزید یہ بھی ظاہر ہے کہ قواس کے نزدیک بلنج کے معنی زاکِ سیاہ کے

نہیں[۵]، بلکہ ریوند کے ہیں۔ اس لحاظ سے بلخ اور ملخ میں ایک صحیح اور دوسری محرف صورت ہے۔ فرہنگ قواس کا محض ایک نسخہ موجود ہے اور وہ بھی غلطیوں سے پُر ہے، پھر وہ حرفِ تہجی کے قاعدے سے مرتب نہیں۔ اس بنا پر حرفِ اول کتابت کی غلطی پر بآسانی محمول ہو سکتا ہے۔ البتہ دستور، موید، مدار، جہانگیری، برہان، رشیدی، نظام سب میں ملخ ہے اور چونکہ یہ سب حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب ہیں اس لیے حرف اول ان کے یہاں متعین یعنی میم ہے۔ اس لحاظ سے ان آخری فرہنگ نگاروں کے بیان کو ترجیح حاصل ہے، اور بلخ کو جو فرہنگِ قواس میں آیا ہے، ہم کتابت کی غلطی سمجھتے ہیں، دراصل ریوند کے لیے ملخ ہوگا، بلخ نہیں ہوگا۔

جہانگیری میں ملخ کے ایک اور معنی سنگِ فلاخن کے بھی ملتے ہیں، جو بعد برہان میں نقل ہوا ہے بظاہر اس لفظ کی یہ قرأت درست نہیں، صحیح لفظ مخلج ہے اگرچہ برہان کے مطبوعہ نسخے میں ملخ ہی ملتا ہے، لیکن اسے چھاپے کی غلطی پر محمول کرنا چاہیے، اس لیے کہ رشیدی میں جہانگیری کی اس قرأت کا ذکر ہوا ہے، دوم برہان کے معینی ایڈیشن میں ملخ کے بجائے مخلج ہی درج ہے اور یہ اطلاع فرہنگِ جہانگیری سے ماخوذ ہے۔ اس بنا پر صاحبِ جہانگیری کے نزدیک صحیح لفظ مخلج ہی ہے، جس کے معنی سنگ فلاخن کے ہیں۔ صاحبِ رشیدی نے جہانگیری کی اس قرأت کا ذکر تو کیا ہے، لیکن اس کے معنی نہیں بتائے بلکہ سیاق و سباق سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس کے نزدیک مخلج اور ملخ میں کوئی فرق معنی کے اعتبار سے نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ رشیدی کا یہ قیاس بے بنیاد ہے۔

مختصر یہ کہ یہ تین لفظ ہم شکل ہیں، لیکن تینوں کی الگ الگ صورتیں ہیں اور ان کے معنی بھی مختلف ہیں:-

(۱) بلخ، بمعنی زاکِ سیاہ

(۲) ملخ، بمعنی ریوند، یعنی گیاہے کہ مستی آرد

---

۵ فرہنگ قواس میں نباتات کے ذیل میں بلخ نقل ہوا ہے، اس سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ فرقواس بلخ کو نباتات ہی کی قسم گردانتا ہے۔

(۳) مخلج بمعنی سنگِ فلاخن۔

کانا، کاناز

لغتِ فرس: کاناز، بُنِ خوشۂ رطب باشد، رودکی گوید:

من بداں آمدم بخدمتِ تو
کہ برآید رطب زکاناز م

قواس: کانا، چوبِ بُنِ خوشۂ خرما بود۔ رودکی گوید:

من بداں آمدم بخدمتِ تو
تا برآید رطب زکانا ام

صحاح الفرس: کاناز، بُنِ خوشۂ رطب باشد۔ رودکی گفت:

من بداں آمدم الخ.....

وستور: کانا (صح کانا) چوبِ بُنِ خوشۂ خرما
کاناز، چوبِ بنِ خوشۂ خرما

بحرالفضائل: کانا، چوبِ بنِ خوشۂ خرما

موید: کانا، ابلہ و نادان و چوبِ بُنِ خوشۂ خرما، وگویند کانا پارہ از خوشۂ خرما وانگور است کذا فی الادات

معیار جمالی: کاناز، بُنِ خوشۂ رطب باشد:

عجب نباشد اگر از نحوستِ طالع
مخالفان ورا زہر روید از کاناز

جہانگیری: کاناز، بُنِ خوشۂ خرما را گویند۔ رودکی گوید: من بداں الخ....
شمس فخری گفتہ: عجب نباشد الخ....

رشیدی: کاناز، بُنِ خوشۂ رطب۔ رودکی گوید: من بداں الخ...

برہان: کانا، بمعنی نادان واحمق، وچوبِ بن خوشۂ انگور وخرما، وپارۂ از خوشۂ انگور وخرما۔

کاناز، چوبِ بُنِ خوشۂ خرما را گویند، یعنی جائے کہ نخل چسپیدہ باشد۔

کانا کے معنی احمق اور نادان کے ہیں، جو لغتِ فرس، صحاح، معیارِ جمالی، جہانگیری، رشیدی میں درج ہیں، اس کے صرف ایک معنی چوبِ بُنِ خوشۂ خرما کے قواس اور بحر الفضائل میں ملتے ہیں جبکہ اس کے حسبِ ذیل تین معانی: ۱۔ ابلہ و نادان، ۲۔ چوبِ بُنِ خوشۂ خرما؛ ۳۔ پارۂ از خوشۂ خرما و انگور، موید الفضلا اور برہان میں پائے جاتے ہیں۔ آخر الذکر میں دوسرے معنی میں خرما کے ساتھ انگور کا بھی اضافہ ہوا ہے۔ دستور میں 'کانا' اور 'کاناز' ہم معنی ہیں، اور دونوں کے ایک ہی معنی ہیں یعنی چوبِ بُنِ خرما۔ اس کے مقابلے میں، لغتِ فرس، صحاح الفرس، معیارِ جمالی، جہانگیری اور رشیدی میں 'کانا' اور 'کاناز' کے الگ الگ معانی بیان ہوتے ہیں: 'کانا' بمعنی احمق اور 'کاناز' بمعنی بُنِ خوشۂ خرما۔ اس تفصیل سے واضح ہے کہ دراصل فرہنگ قواس کے اصل نسخوں میں 'کاناز' کے بجائے 'کانا' لکھا ہوا ہے اگرچہ اس غلطی کو خود فخر قواس یعنی مولف فرہنگنامہ کی غلطی قرار دینے میں یہ امر مانع ہے کہ اس کے پیشِ نظر لغتِ فرس تھی اور اس لغت میں کانا اور کاناز اتنے دور آئے ہیں کہ ان میں التباس کا موقع ہی نہیں۔ 'کانا' حرفِ الف کے ذیل میں اور 'کاناز' حرفِ ز کے ذیل میں درج ہوئے ہیں۔ لغتِ فرس میں 'کاناز' کی بیتِ تشریح وہی ہے جو فرہنگِ قواس میں 'کانا' کی ہے۔ اس بنا پر ہم یہ قیاس کرنے میں حق بجانب ہونگے کہ دراصل فرہنگنامۂ قواس میں 'کاناز' ہی کو 'کانا' سمجھا گیا ہے، احمق والے کانا سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ بیتِ سند میں اس لغت میں 'کانازم' کی جگہ 'کانام' درج ہوگیا۔ اس سے یہ بیت بجائے 'کاناز' کے شاہد کے 'کانا' کی سند سمجھی گئی جو بہر حال غلط ہے۔ اس سے فرہنگنامہ اور بحر الفضائل میں مندرج 'کانا' کی حقیقت باطل ہو جاتی ہے۔ اصلی کلمہ 'کاناز' ہے 'کانا' غلط ہے اور ممکن ہے کہ یہ کاتب ہی کی غلطی ہو، مصنف کی نہ ہو۔ بہر حال دستور الافاضل کے سامنے قواس میں مندرج 'کانا' ضرور ہے، ممکن ہے تو اس کے کسی دوسرے نسخے سے یا کسی اور فرہنگ سے صاحبِ دستور کو 'کاناز' بھی مل گیا ہو، اور اس نے دونوں الفاظ کو درج کر کے غلط لفظ 'کانا' کے جواز کی صورت اور بعد کے فرہنگوں میں درج ہونے

کا موقع فراہم کیا۔ دراصل 'کاناز' کے معنی صرف 'بُنِ خوشۂ خرما' تھے، مگر قواس میں 'چوبِ بنِ خوشہ' الخ' لکھا گیا۔ یہی اضافہ اور فرہنگوں میں بھی ملتا ہے۔ لیکن جن فرہنگوں نے صرف 'کاناز' ہی کو صحیح سمجھا ہے، ان کے یہاں بالکل درست معنی دیے ہیں۔ ادات الفضلا میں قواس اور لغتِ فرس کے معنی میں دوسری طرح کا اضافہ ہوا، یعنی پارۂ از خوشۂ خرما و انگور؛ اس میں اصل سے دو طرح کا تجاوز ہے، (۱) 'بُنِ خوشۂ خرما' کی جگہ 'پارۂ خوشہ' آیا ہے، (۲) 'خرما' کے ساتھ 'انگور' کا اضافہ ہے حالانکہ بیتِ سند میں رطب ہے، انگور نہیں۔ اس سلسلے کا سب سے دلچسپ بیان برہانِ قاطع کا ہے جس میں وہ سارے معنی جو مختلف فرہنگوں میں درج ہیں، قطع نظر اس کے کہ وہ غلط ہیں یا صحیح درج کر دیے گئے ہیں؛ اس فرہنگ کی یہ مابہ الامتیاز خصوصیت اکثر الفاظ اور معانی کے سلسلے میں پائی جاتی ہے۔

خلاصۂ گفتگو یہ کہ اصل لفظ 'کاناز' ہے جس کے معنی 'بنِ خوشۂ خرما' ہیں۔ 'کانا' بمعنی احمق ہے، یہ لفظ 'کاناز' کا مترادف نہیں۔ 'کاناز' کے معنی میں 'چوبِ بن' یا 'پارۂ از خوشہ' یا 'خوشۂ خرما و انگور' کا اضافہ غلط معلوم ہوتا ہے۔

باسک، و باسک

اس لفظ کی دو قرأتیں ہیں: 'باسک' اور 'و باسک' اور دونوں کے معنی فاژہ یعنی جماہی کے ہیں۔ اس لفظ کا قدیم ترین ماخذ قواس ہے جس میں یہ لفظ صرف 'باسک' کی شکل میں آیا ہے۔ دستور الافاضل اور معیار جمالی میں یہ لفظ شامل نہیں، جبکہ ادات الفضلا میں اس کی دونوں صورتیں 'پاسک' اور 'واسک' مذکور ہیں۔ پاسک حرف 'پ' (با فارسی) کے ذیل میں اس معنی کے ساتھ، 'پاسک' بضم و فتح سین با بار فارسی از ہم باز شدنِ دہن از کاہلی یا از آمدنِ خواب و فاژہ نیز گویند و عرب آنرا ثوبا و اہلِ ہند جنبہائی خوانند' حرف واو کے ذیل میں: 'و باسک' فاژہ آنکہ دہن از ہم باز شود از کاہلی یا از آمدنِ خواب و عرب آنرا ثوبا گویند' جہانگیری، رشیدی اور فرہنگِ نظام میں 'باسک' اسی معنی میں حسبِ ذیل بیتِ شاہد کے ساتھ نقل ہوا ہے:

چو باسک کند ماہ من از خمار
قرار از مہِ نو نماید فرار (راجی)

اے برادر! بیار کاسۂ مے
چند باسک زنم ز خواب و خمار (طپاں مرغزی)

ادات کی طرح مدار میں 'پاسک' اور ناصری میں 'باسک' بغیر بیتِ شاہد کے آیا ہے۔ سروری میں باسک اور وباسک دونوں ہیں، باسک کے سلسلے میں راجی کی مندرجہ صدر بیت بھی نقل ہوئی ہے، مگر وباسک کی کوئی سند نہیں دی ہے[۵]۔ مؤید الفضلا اور برہانِ قاطع ہر دو میں باسک اور وباسک دونوں معنیِ مذکور کے لیے آتے ہیں۔ مگر واضح رہے کہ وباسک مصحف و محرف شکل ہے؛ اصل لفظ باسک ہے، کسی وجہ سے واو عاطفہ اس لفظ میں شامل ہو کر 'وباسک' کی تشکیل کا سبب ہو گیا۔ اس کے قراین یہ ہیں:

۱۔ جب باسک لفظ موجود ہے تو وباسک کو تصحیف کے علاوہ کچھ نہیں سمجھا جا سکتا۔ اتفاق سے 'وباسک'، جس کا قدیمترین ماخذ ادات الفضلا ہے، اس میں باسک بھی موجود ہے۔

۲۔ طپاں مرغزی اور راجی کے ابیات سے بھی باسک ہی کے اصل ہونے کا استدلال کیا جا سکتا ہے، جبکہ 'وباسک' کے لیے کوئی سند نہیں ملتی۔

۳۔ اکثر لغات میں وباسک نظر انداز ہوا ہے، یہاں تک کہ فرہنگ قواس جو باسک کا قدیمترین ماخذ ہے، اس میں بھی وباسک نہیں ہے۔

۴۔ برہان قاطع کے حاشیے میں بھی وباسک کو مصحف بتلاتے ہوئے صراحت سے لکھا گیا ہے کہ اس میں واو عطف ہے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ صاحبِ ادات الفضلا نے 'وباسک' کو اپنی فرہنگ میں نقل کر کے بعد کے فرہنگ نگاروں کے لیے ایک مسئلہ پیدا کر دیا۔ یہ بھی قرار واقعی نہیں معلوم کہ آیا اسے خود دونوں لفظ کے وجود کا قطعی احساس تھا بھی یا نہیں؛ کیونکہ نہ باسک کے ذیل میں وباسک

---

۵ رشیدی میں دونوں اور جہانگیری اور ناصری میں صرف دوسری بیت نقل ہوئی ہے۔

کا ذکر ہے اور نہ ویاسک کی تشریح کے موقع پر وہ باسک سے متعلق کوئی اشارہ کرتا ہے ایسی واضح بات سے صرف نظر محض دوسرے لفظ کے وجود سے عدم واقفیت کی بنا ہی پر ممکن ہے۔

زنج ، زنج بلور

ادات : زنج بلور، جیم و واو ہر دو فارسی، چیزیست کہ اہل ہند آنرا پھٹکری خوانند

زفان گویا : زنج بلور، کہ بہندوی پھٹکری گویند

بحر الفضائل : زنج ، داروے پھٹکری

موید : زنج ، ہماں زنج گذشتہ (اما در جائی زنج یافتہ نمی شود) و بالفتح نام موضعے، کذا فی شرفنامہ و در زفان گویا زنج بالفتح بلور و بمعنی پھٹکری نیز و بالکسر شکرہ است معروف، کہ بر کبوتر افتد۔

زنج بلور، زاک است کہ آنرا بتازی زاج نامند و ہند پھٹکری خوانند۔ و در ادات ہمچنیں مرقوم است یعنی متصل باکان۔

برہان : زنج مطلق زاج را گویند، ایں لغت معرب زماست، و زمہ زاج سفید باشد۔ مطلق زاج . . . . . و بعضے گویند مرغیست شکاری الخ۔

زنج ، بمعنی زاج است مطلقاً چہ زاج سفید را زنج بلور میگویند و نام موضعے ہم ہست . . . و بعضے گویند شکرہ است و آں پرندہ باشد شکاری کہ جثہ تر باشد۔

زنج بلور زاج سفید را گویند۔

زنجیگور، ایں لغت را سروری در لغت خود از موید الفضلا بر وزن گردی دور آوردہ است الخ

انجمن آرائے ناصری : زنج در برہان گوید زاج است و زاج سفید را زنج بلور گویند و نام موضعے است الخ۔

ـــ زفان میں ج اور چ الگ الگ بیان ہوئے ہیں

زمجی کور، با جیم پارسی و کاف، ایں لغت را سروری در فرہنگ خود از موید الفضلا بر وزن گردی دور، آوردہ است بمعنی زمج بلور کہ زاج سفید است۔ و ایں لغت را کہ زنج بلور باشد متصل نوشتہ بودند دیاران زمجبلور را زمجیکور خواندہ اند و ازیں گونہ تصحیفات بسیار شدہ است۔

ان تینوں لغات کے سلسلے میں یہ بات تو واضح ہے کہ زمجی کور، زمج بلور کی تصحیف ہے جیسا کہ صاحبِ برہان نے صراحت کردی ہے اور جسے انجمن آرائے ناصری میں بغیر حوالہ کے ہو بہو نقل کر لیا گیا ہے۔ البتہ اس سلسلے میں یہ عرض ہے کہ فرہنگ سروری کے مطبوعہ نسخے میں زمجیکور کوئی لغت نہیں آیا ہے۔ ظاہر ہے کہ صاحبِ برہان نے کسی قلمی نسخے سے یہ لفظ اخذ کیا ہوگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ سروری کی قدیم روایت میں یہ لفظ تھا اور چونکہ اس نے فرہنگ جہانگیری سے استفادے کے بعد اس پر نظر ثانی کی تھی ممکن ہے اس وقت یہ مصحف لغت بھی ترک کر دیا ہو۔ البتہ زمج اور زمج بلور کے سلسلے میں بعض باتیں تشریح طلب ہیں۔ زفان گویا میں یہ لغت بخش اول میں شامل ہے جس میں سارے لفظ مفرد ہیں، یعنی دو لفظوں سے مرکب نہیں؛ دوسرے بخش میں ایسے لغات شامل ہیں جو دو لفظوں سے بنے ہیں۔ اس سے واضح ہے کہ صاحبِ زفان گویا زمج بلور کو ایک لفظ نہیں قرار دیتا۔ اس کے نزدیک اصل لغت زمج، اور بلور اس کا معنی ہے دوسرے وہ اس لفظ کو حرف جیم کے ذیل میں نقل کرتا ہے۔ اگر وہ بلور کو بھی اس کا جزو سمجھتا، تو صاحبِ ادات کی طرح اسے حرف 'رے' کے تحت نقل کرتا۔ تیسرے صاحبِ موید نے اسی کے حوالے سے زمج کے دو معنی لکھے ہیں یعنی بلور اور پھٹکری۔ اسی سلسلے میں اس بات کی طرف اشارہ ضروری ہے کہ موید میں 'زنج' غلط ہے، زمج ہونا چاہیے۔ اس لیے کہ جو کچھ اس میں زنج کے ذیل میں ہے، وہی زفان گویا میں زمج کے تحت آیا ہے۔ مزید زفان میں زمج کے ایک معنی شکرہ کے درج ہیں، وہی موید میں زنج کی طرف منسوب ہے۔ اس تفصیل سے واضح ہے کہ صاحبِ زفان گویا کو ادات کے

مطالب کے سمجھنے میں غلطی ہوئی، اس نے ادات میں مذکور 'بلور' کو الگ لفظ سمجھ لیا، حالانکہ ادات میں زمج بلور کے 'ج' اور 'واو' دونوں کو فارسی بتایا ہے۔ ظاہر ہے کہ واو سے بلور کی واو کی طرف اشارہ ہے۔ اس واضح دلیل کے بعد زمج بلور کو دو لفظ گردانے کی کوئی صورت بھی نہیں ہو سکتی۔

اب سوال یہ ہے کہ زمج الگ کوئی لفظ پھٹکری کے معنی میں ہے یا نہیں؟ اس سلسلے میں ہمارے پاس صرف بحر الفضایل کی ایک قدیم شہادت ہے جس میں زمج کے یہی معنی درج ہیں۔ لیکن بحر الفضایل ہی کے ایک دوسرے نسخے سے جس کے ہندی عناصر شیرانی مرحوم نے رسالہ مخزن مارچ، اپریل ۱۹۲۹ء میں شائع کیے تھے، یہ لفظ بظاہر خارج ہے۔ بہر حال اس شہادت کے علاوہ بظاہر اس وقت اور کوئی شہادت موجود نہیں ہے جس سے زمج کے الگ وجود پر استدلال کیا جا سکے۔ متاخر فرہنگ نویسوں کا بیان انہی قدیم فرہنگوں کے بیان پر مبنی ہے، اس لیے وہ زیادہ قابلِ توجہ نہیں۔ اسی ضمن میں موید کا ایک اور بیان قابل ذکر ہے:

'زاج زاک کذانی التاج و در زفان گویاست زاج ہماں زنج یعنی پھٹکری واجناس آں'

اور زفان میں زاج کے معنی اس طور پر درج ہیں:

'زاج، زاک یعنی پھٹکری واجناس آں'

اور زاک کے ذیل میں صرف زاج لکھا ہے، پھٹکری نہیں آیا۔

اس سے ظاہر ہے کہ موید الفضلا نے حوالہ جات کے سلسلے میں وہ احتیاط ملحوظ نہیں رکھی، جو فرہنگ نویسی کے لیے لازمی ہے۔ صاحبِ موید کی عدمِ توجہی کی وجہ سے جو مسائل الجھ گئے ہیں اس کی تفصیلی بحث میں نے اپنے مضمون "فارسی فرہنگوں میں ہندوستانی عناصر" میں کی ہے۔

اس گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ زمج کے الگ وجود کا مسئلہ پوری طرح واضح نہیں، زفان گویا کی توضیح غلط ہے، اس سے اس پر استدلال نہیں ہو سکتا؛ اور غالباً اسی کے بیان کی وجہ سے

یہ مسئلہ اتنا الجھ گیا۔ زیج بلور البتہ ایک مرکب لفظ ہے جس کے معنی پوری طرح واضح ہیں۔

نخچیر گان، نخچیر گاو

نظامی کی خسرو شیریں ذیل سی لحن باربدی (ص ۱۹۳) میں ہے:

نخچیر گان:

چو بر نخچیر گاں تدبیر کردی　　بسے چوں زہرہ را نخچیر کردی

دستور الافاضل: نخچیر گاو، نامِ نوا

بحر الفضایل: نخچیر گاو، نامِ نوا است

ادات، زفانگویا ـــــ (دونوں خاموش ہیں)

موید الفضلا (۲: ۲۳۶) نخچیر گان، نام نوائے است و لحنے

ایضاً (۲: ۲۳۹) نخچیر گاو، نامِ نوائے است

مجمع الفرس سروری (۲: ۷۸۰) نخچیر گان، ذیل سی لحن باربدی

ایضاً (۳: ۱۴۴۳) نخچیر گان، نامِ نوا بیست و لحنے از جملہ سی لحن باربد ـــ

شیخ نظامی فرماید در تعریف باربد: چو بر نخچیر گان الخ

برہان قاطع (ص ۲۱۲۲) نخچیر گان، نامِ لحن آخر است از جملہ سی لحن باربدی و آنرا نخچیر گانی ہم خوانند و نامِ نوائے ہم ہست از موسیقی۔

برہان قاطع (ص ۲۱۲۲) نخچیر گاو، نامِ نوائے است از موسیقی

فرہنگ رشیدی (ص ۱۳۹۳) نخچیر گان، لحنے است از سی لحنِ باربد

انجمن آرائے ناصری (ص ۷۰۴) ذیل کلمۂ نخچیر:

دیگر نامِ نوائے است از موسیقی کہ آنرا نخچیر گان گویند چنانچہ نظامی گفتہ:

چو بر نخچیر گان الخ

فرہنگ نظام: (۴: ۳۲۴) نخچیر گان و نخچیر گانی، نامِ لحنے است از سی لحن ساختۂ باربد۔ نظامی:

چو بر نخچیر گاں الخ

تفصیلاتِ بالا سے واضح ہے کہ زیرِ بحث لفظ کے معنی میں کوئی خاص اختلاف نہیں ہے۔ البتہ اس کی قرأت مختلف فیہ ہے۔ دستور الافاضل میں اس کی قرأت نخچیرگاو درج ہے، جو بآسانی کتابت کی غلطی پر محمول ہو سکتی تھی۔ لیکن اس کی تصدیق بحر الفضائل سے ہوتی ہے۔ چونکہ آخر الذکر نے دستور سے کافی استفادہ کیا۔ اس بنا پر اس قرأت کا انتخاب بھی دستور ہی کی بنیاد پر ہوا ہے۔ آگے چل کر موید الفضلا اور برہانِ قاطع میں بھی یہی قرأت موجود ہے۔ لیکن ان دونوں کتابوں میں نخچیرگاو کے ساتھ نخچیرگان بھی ہے اور دونوں نے محض دونوں قرأتوں کے نقل کر دینے پر اکتفا کیا ہے، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی تنقید حسبِ عادت غیر ضروری سمجھ کر نظر انداز کر دی ہے۔ رشیدی، انجمن آرائے ناصری اور فرہنگِ نظام میں بھی نخچیرگاو کے ذکر سے مطلق صرفِ نظر کیا گیا ہے۔ موجودہ دور کے فاضلوں میں سب سے پہلے جمال زادہ نے مجلۂ موسیقی میں 'آوازہائے قدیمی ایران' کے ذیل میں اس لفظ کی قرأتِ صحیح نخچیرگان بتائی ہے اور نخچیرگاو کو تصحیف قرار دیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کی بنیاد نظامی کا مندرجہ صدر شعر ہے جس میں نخچیرگان آیا ہے، نخچیرگاو سے مصرع ساقط الوزن ہو جاتا ہے۔ آقائے ڈاکٹر معین نے بھی جمال زادہ کے قول کی تائید کی ہے اور نخچیرگاو کو مصحف قرار دیا ہے۔ انھوں نے برہان کے اس قول سے متعلق کہ نخچیرگان الحانِ باربدی میں سب سے آخر ہے۔ ٹھیک کہا ہے کہ یہ ۲۷ واں لحن ہے، لحن آخر نہیں (برہان حاشیہ)۔ لیکن یہ حضرات اس غلط قرأت کے ماخذ کی نشاندہی نہ کر سکے۔ دستور الافاضل اور بحر الفضائل کے بیان کے سامنے آجانے سے یہ حقیقت روشن ہو گئی کہ سب سے قدیم مصنف جس نے نخچیرگاو کی مصحف صورت کو اصل قرار دیا ہے، وہ صاحبِ خیرات ہے۔ یہ غلطی بحر الفضائل میں بعینہٖ درج ہو گئی، جو موید الفضلا اور برہان قاطع میں بھی صحیح قرأت نخچیرگان کے دوش بدوش ملتی ہے۔ لیکن نخچیرگاو کے غلط ہونے میں کوئی شبہہ نہیں، اس لیے کہ نوائے باربدی کے فارسی ادب میں مخصوص ترتیب کے ساتھ پیش کرنے کا سہرا نظامی گنجوی کے سر ہے۔ اور اس کے یہاں جو شعر اس نوا کے لیے مخصوص ہے، اس میں نخچیرگان ہے۔ اگر اس کی جگہ نخچیرگاو لکھ دیا جائے تو مصرع

ساقط الوزن ہو جائیگا۔ اس سے ظاہر ہے کہ یہ شکل یقیناً لفظ کی غلط قرأت کا نتیجہ ہے۔ اگر دستور الافاضل میں شواہد بھی درج ہوتے تو یقیناً صاحب دستور سے ایسی غلطی نہ ہوتی اور ایک مصحف اور محرف لفظ کی بنا نہ پڑتی، جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے، یہ کتابت کی غلطی کا نتیجہ نہیں ہے، کیونکہ یہی غلطی بعض قدیم فرہنگوں میں بھی بعینہٖ موجود ہے، جس سے ان کے ماخذ کی غلطی کی پوری طرح توثیق ہو جاتی ہے۔ ایک تیسری شکل نخچیرگانی کا ذکر برہان قاطع میں ہے، جو بعد کی فرہنگوں میں بھی مل جاتا ہے۔ لیکن جس اصول پر نخچیرگاو غلط ہے، اسی اصول پر نخچیرگانی بھی غلط ٹھہرایا جا سکتا ہے اس لیے کہ اس قرأت سے بھی نظامی کا مصرع وزن سے ساقط ہو جاتا ہے۔ برہان قاطع میں اشعار سے قرأتوں اور معنوں کی توثیق نہیں ہوئی ہے، لیکن تعجب ہے صاحب فرہنگِ نظام پر کہ انھوں نے برہان کی تین قرأتوں میں سے ایک یعنی نخچیرگاو کو تو نظر انداز کر دیا، اور باقی دو کو صحیح سمجھ کر اپنے لغت میں جگہ دی، مگر شعری سند میں وہی نظامی کی مشہور بیت نقل کر دی جس سے صرف نخچیرگان کی تائید ہوتی ہے، نخچیرگانی کی نہیں۔ ڈاکٹر معین نے بھی اس سلسلے میں کچھ نہیں لکھا۔ بہرحال جب تک نخچیرگانی کے لیے کوئی شعری سند نہیں ملتی اس وقت تک یہ قرأت اسی طرح قابلِ رد ہے جیسے کہ نخچیرگاو کی۔

اس گذارش سے جو ایک مفصل گفتگو کی دوسری قسط ہے، نہ کہ اس کا تتمہ و تکملہ، فارسی الفاظ کے تعیّن و تلفظ اور ان کے معانی کے سلسلے میں جو پیچیدگیاں ہیں ان کا کسی قدر اندازہ ہو سکیگا۔ یہ اہم موضوع جس توجہ کا محتاج تھا، اب تک یہ اس توجہ سے محروم رہا ہے۔ یہ گفتگو فضلا کو دعوتِ مطالعہ دیتی ہے۔ لیکن واضح رہے کہ جب تک یہ قیمتی مواد جو بیشتر قلمی صورت میں ہے مطبوعہ شکل میں سامنے نہیں آجاتا اس وقت تک مطالعے کی دشواریاں حل نہیں ہونگی یہ مواد اکثر و بیشتر لغات کی شکل میں ہے، اور یہ لغات اکثر ہندستان میں مرتب ہوئیں، اس بنا پر ان کی تصحیح و ترتیب کی ذمہ داری بھی اہلِ ہند پر ہے۔ اہلِ ایران کو نسبتہً دشواری ہے، کیونکہ ان میں جو ہندستانی عناصر ہیں ان کا

تعیّن ان کے لیے محال ہے۔ اس لحاظ سے ہم لوگوں پر لغات کی تصحیح کی دوہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ ہم اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کی صورت نکالینگے۔

مالک رام

مولانا ابوالکلام آزاد

(پہلے بیس سال)

مولانا ابوالکلام آزاد کے بزرگ ہرات کے رہنے والے تھے۔ وہاں سے وہ بابر کے زمانے (۱۵۲۶ - ۱۵۳۰ء) میں ہندستان آئے۔ شروع میں وہ دارالخلافہ آگرہ میں رہے، اور بعد کو غالباً اکبر کے عہد میں نقل مکان کر کے دلی چلے آئے[1]۔

یہاں ہمیں ان کے بزرگوں میں سب سے پہلا نام مولانا جمال الدین عرف شیخ بہلول دہلوی کا ملتا ہے۔ جن حضرات نے مولانا آزاد کی کتاب تذکرہ کا مطالعہ کیا ہے، انھیں معلوم ہوگا کہ دراصل یہ پوری کتاب انھیں مولانا جمال الدین کی سوانح عمری ہے۔ مولانا جمال الدین اکبر کے ہمعصر تھے اور انھوں نے اس کی مذہبی بدعتوں اور اصلاحوں کی مخالفت کی تھی۔ ان کے حالات اس عہد کے بعض تذکروں میں ملتے ہیں[2]۔

مولانا جمال الدین کے بیٹے شیخ محمد حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کے مرید تھے۔ حضرت مجدد مدتوں جہانگیر کے معتوب رہے تھے۔ اس کے باوجود شیخ محمد کا ان سے میل جول رکھنا اور بادشاہ وقت کی سیاست کی پرواہ نہ کرنا ظاہر کرتا ہے کہ وہ آزاد رو اور دین کے معاملے میں بےخوف تھے۔

بعض لوگوں نے مولانا آزاد کے بزرگوں کا وطن قصور (ضلع لاہور) ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

---

۱ - انڈیا ونس فریڈم (انگریزی)، ۱

۲ - مثلاً منتخب التواریخ، ۳، ۱۱۳؛ اخبار الاخیار۔

یہ ٹھیک نہیں ہے۔ قصور سے ان کا صرف اتنا تعلق تھا کہ مولانا آزاد کی دادی کے والد مولانا منورالدین غالباً قصور میں پیدا ہوئے اور ان کی زندگی کا ابتدائی زمانہ بھی یہیں بسر ہوا تھا۔ مولانا منورالدین کے والد مولانا رشیدالدین بھی دراصل ہرات ہی کے خاندانِ قضات میں سے تھے۔ اور مولانا رشیدالدین کے والد بزرگوار مولانا صدرالدین ہاں شیخ طریقت کی حیثیت سے معروف تھے۔ گمانِ غالب ہے کہ مولانا آزاد کے بزرگوں اور مولانا رشیدالدین کے خاندان کے آپس میں ہرات میں بھی تعلقات رہے ہونگے۔ قاضی رشیدالدین احمد شاہ ابدالی کے ساتھ پنجاب آئے اور یہاں انھوں نے قصور میں سکونت اختیار کرلی۔ احمد شاہ نے انہیں صوبہ لاہور کا قاضی القضاۃ اور اپنے نائب السلطنت نورالدین کا مشیر مقرر کر دیا تھا[۴]۔ ان کے بیٹے منورالدین اپنی ابتدائی تعلیم لاہور میں ختم کرنے کے بعد سولہ سترہ سال کی عمر میں حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کی شہرت سن کر دلی آئے اور یہاں ان کے حلقۂ درس میں شامل ہو گئے۔ مولانا آزاد نے خود لکھا ہے کہ مولانا منورالدین نے قصور سے دلی تک کا یہ سفر بیشتر پیدل طے کیا تھا، بالخصوص سرہند سے دلی تک کی مسافت[۵]۔ یہ اس لیے کہ اس زمانے میں پنجاب کی سیاسی حالت بہت مخدوش تھی، ہر طرف طوائف الملوکی کا دور دورہ تھا۔ ایسے میں سواری کا انتظام کہاں ہو سکتا تھا۔ قرائن ایسے ہیں کہ یہ ۱۸۰۰ - ۱۸۰۱ کا زمانہ ہوگا، جب پنجاب میں سکھوں کی عملداری اور دلی کے نواح میں انگریزوں اور مرہٹوں کی باہمی آویزش کے باعث افراتفری پھیلی ہوئی تھی۔

مولانا منورالدین دلی آئے تو پھر چھ برس تک تعلیم کے سوائے اور کسی چیز سے سروکار نہیں رکھا۔ اسی اثنا میں ان کے والد قاضی رشیدالدین کا قصور میں انتقال ہو گیا۔ جب انھیں اس کی اطلاع ہوئی تو وہ قصور گئے اور خاندان کے بقیہ افراد کو ساتھ لوا لائے اور اب مستقل طور پر یہاں دلی میں سکونت اختیار کرلی۔ اس کے بعد انھوں نے حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کے مشورے سے یہیں دلی میں شادی کی۔ ان کی اولاد میں صرف دو لڑکیاں ہوئیں۔ بڑی کی شادی انھوں نے

۳ - تذکرہ، ۲۶۔ آزاد کی کہانی (صفحہ ۳۷) میں ملیح آبادی نے مولانا منورالدین کے والد کا نام سراج الدین لکھا ہے۔ یہ سہو ہوگا، تذکرہ کا نام ہی صحیح اور معتبر ہے۔

۴ - غالب، ۲۸۱ ؛ نقش آزاد، ۳۱۱ - ۳۱۲ ؛ آزاد کی کہانی، ۴۱ - ۴۲

۵ - آزاد کی کہانی، ۴۲

مولانا جمال الدین کے خاندان کے نام لیوا شیخ محمد ہادی سے کر دی یہی شیخ محمد ہادی مولانا آزاد کے جدِ امجد تھے[6]۔

عزیز شجرۂ نسب یوں ہے ۔ مولانا ابوالکلام آزاد بن مولانا خیرالدین بن مولانا محمد ہادی بن شاہ محمد افضل بن مولانا محمد محسن[7]۔ یہ سب بزرگ یہیں دلّی کے رہنے والے تھے۔ پس جب وہ اپنے نام کے ساتھ دہلوی لکھتے ہیں، یا کہتے ہیں کہ "آبائی وطن دہلی مرحوم ہے" تو اس میں حق بجانب ہیں۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ مولانا جمال الدین عرف شیخ بہلول دہلوی جن کا ذکر اوپر ہوا، انھیں مولانا آزاد کے پردادا شاہ محمد افضل کے ننہالی سلسلے کے بزرگ تھے[9]۔

مولانا منورالدین نے کرنے کو تو حکومتِ وقت کی ملازمت بھی اختیار کر لی، لیکن ملک کی عام طور پر اور شاہی خاندان کی خاص طور پر جو حالت ـــــ سیاسی اور اخلاقی اس وقت تھی، وہ اس سے سخت دل برداشتہ تھے۔ بالآخر انھوں نے غالباً ۱۸۵۵ء میں یہاں سے ہجرت کر کے حجاز چلے جانے کا فیصلہ کر لیا۔ وہ بھوپال کے راستے سے بمبئی کے لیے روانہ ہو گئے۔ ارادہ یہ تھا کہ وہاں سے جہاز پر سوار ہو جائیں گے۔ بھوپال میں ان دنوں نواب سکندر بیگم حکمران تھیں۔ وہ مولانا منورالدین کے وعظ اور پند و نصائح سے بہت متاثر ہوئیں۔ ہنوز یہ بھوپال ہی میں تھے، جب ۱۸۵۷ء کا مشہور ہنگامہ (غدر) ہوا ہے۔ شورش فرو ہو جانے کے بعد یہ بمبئی پہنچے، لیکن آگے جانا نصیب نہ ہوا۔ پہلے علالت کی وجہ سے سفر جاری نہ رکھ سکے، بعد کو مریدوں نے جوشِ عقیدت میں روکے رکھا۔ غرض اسی حیص بیص میں دو سال نکل گئے اور بالآخر ان کا انتقال ہو گیا۔ یہ ۱۸۵۸ - ۱۸۵۹ء کا زمانہ سمجھنا چاہیے[10]۔

۶۔ تذکرہ : ۲۵ ۷۔ تذکرہ ۳۱ ۸۔ ایضاً : نیز ص ۲۸۹

۹۔ ایضاً ۳۱ ۱۰۔ انڈیا ونس فریڈم (انگریزی) : ۱

اس کے برخلاف "آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی" میں مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی نے لکھا ہے کہ مولانا منورالدین کا "بمبئی میں دو سال قیام رہا، تیسرے سال مکہ معظمہ پہنچے اور پانچ سال میں حج کر کے وہیں انتقال کیا۔ اسی سال ہندستان میں غدر ہوا" (ص ۶۳) اس میں اور انڈیا ونس فریڈم کے بیان میں متعدد نمایاں اختلافات ہیں۔ بہ ذاتی طور پر دوسری کتاب کو زیادہ معتبر

مولانا آزاد کے جدامجد شیخ محمد ہادی نے بہت کم عمری (غالباً ۱۸۳۴ - ۱۸۳۵ء) میں وفات پائی۔ اس وقت مولانا آزاد کے والد بزرگوار مولانا خیرالدین صرف تین یا چار سال کے تھے؛ ان کا سال ولادت ۱۸۳۱ء ہے۔ والد کی وفات کے بعد ان کی پرورش اور تعلیم و تربیت اپنے نانا مولانا منورالدین کی نگرانی میں ہوئی۔

جب مولانا منورالدین دلی سے حج کے لیے روانہ ہوتے ہیں، تو یہ بھی نانا کے ساتھ تھے۔ ان کے بمبئی میں انتقال کر جانے کے بعد یہ حجاز گئے۔ چونکہ تعلیم ہندوستان میں مکمل کر چکے تھے، اس لیے حجاز میں انھوں نے بعض علماء سے صرف اسناد کی تجدید کی۔ اسی سلسلے میں یہاں ان کی اس زمانے کے دو مشہور عالموں سے ملاقات ہوئی۔ شیخ عبداللہ سراج مکے میں اور شیخ محمد ظاہر وتری مدینے میں حدیث و فقہ کے درس و تدریس میں مسلم الثبوت استاد مانے جاتے تھے۔ مولانا خیرالدین ان اصحاب کی خدمت میں حاضری دینے لگے اور انھوں نے ان سے بہت استفادہ کیا۔

مولانا خیرالدین نے حجاز پہنچنے کے کوئی دس سال بعد یعنی (۱۸۷۰ - ۱۸۷۱ء) میں وہیں مدینے میں شادی کی[۱۲]۔ یہ خاتون جن کا اسم گرامی عالیہ تھا، ان کے استاد شیخ محمد ظاہر وتری کی بھانجی تھیں۔ یہی مولانا آزاد کی والدہ ماجدہ ہیں۔ ان سے متعلق مختلف ذرائع سے کچھ مزید معلومات حاصل ہوئی ہیں۔

مدینے میں پوچھ گچھ سے پتہ چلا کہ ان کا خاندان دراصل مراکش کا رہنے والا اور مدتوں سے علم و ارشاد کا مرکز تھا۔ ان کے بزرگ ہجرت کر کے مدینے میں آبسے تھے۔ یہ خود یہیں مدینے میں پیدا ہوئی تھیں۔ مولانا آزاد نے ان سے متعلق لکھا ہے[۱۳] کہ انھیں اپنے گھر کے علمی ماحول کے باعث

خیال کرتا ہوں میرے خیال میں ملیح آبادی صاحب سے سہو ہوا۔ نیز اس سلسلے میں دیکھیے نقش آزاد، ۱۷۷

۱۱۔ آزاد کی کہانی : ۶۵ ۱۲۔ آزاد کی کہانی ، ۲۷

۱۳۔ میرے سامنے مولانا مرحوم کی ایک غیر مطبوعہ تحریر ہے، اس میں انھوں نے جناب عبدالشاہد خاں شیروانی (علی گڑھ) کے استفسار پر اپنے اور اپنے خاندان سے متعلق کچھ معلومات مہیا کی تھیں۔ کئی تاریخوں اور ناموں کی تعیین اسی سے ہوئی اس کا حوالہ جابجا "غیر مطبوعہ تحریر" کے نشان سے دیا گیا ہے۔ یہ نام بھی وہیں ملا (ص ۵)

۱۴۔ غیر مطبوعہ تحریر ، ۵ - ۶

تعلیم کا غیر معمولی موقع ملا۔ فنونِ عربیہ اور دینیات میں متوسط درجے تک کی قابلیت ضرور تھی۔ لیکن اردو اچھی طرح نہیں جانتی یا بول سکتی تھیں۔ حج کے موقع پر جو ہندستانی عورتیں ان کی ملاقات کو آتیں، ان سے بات چیت کرنے کے لیے انھیں مترجم کی ضرورت محسوس ہوتی تھی۔ مولانا آزاد نے ان کی دینی مسائل سے واقفیت کے ایک واقعے کا ذکر کیا ہے، لکھتے ہیں[15]:

> ایک مرتبہ ایک عورت نے جو ملتان سے آئی تھی، فرائض یعنی تقسیم ورثہ کا ایک نہایت پیچیدہ سوال کیا۔ انھوں نے ایک منٹ کے اندر غور کر کے اس کا جواب دے دیا۔ وہ جواب مجھے یاد ہے اور میں محسوس کرتا ہوں کہ آج مجھ سے کوئی اس نوعیت کا سوال کرے تو میں بغیر کاغذ پر حساب کرنے کے اس کا جواب نہیں دے سکتا۔

مولانا خیرالدین کے ان خاتون سے پانچ بچے ہوئے: تین لڑکیاں اور دو لڑکے۔ لڑکیاں، زینب، فاطمہ اور حنیفہ (عرف محمودہ) تھیں، اور لڑکے ابوالنصر غلام یٰسین اور ابوالکلام غلام محی الدین احمد یعنی ہمارے مولانا آزاد۔

میرا خیال ہے کہ ان دونوں بھائیوں کی کنیت ۔ ابوالنصر اور ابوالکلام ان کے نام کے ساتھ ہی ان کے والدین نے رکھی ہوگی۔ آج بھی عرب ممالک میں یہ عام رواج ہے کہ چھوٹے بچے کی کنیت کا بچپن ہی میں اعلان کر دیتے ہیں۔

حنیفہ سب سے چھوٹی کا تخلص آبرو تھا اور منجھلی فاطمہ کا آرزو۔ سب سے بڑی زینب قصبہ طنطا میں پیدا ہوئی تھیں۔ آبرو بیگم کا ذکر انھوں نے بہت جگہ کیا ہے۔ یہ ان کی بڑی ہمدرد اور غمگسار تھیں۔ ان کی شادی کلکتہ کے ایک صاحب احمد ابراہیم سے ہوئی تھی جو بعد کو خاندان کے پرانے تعلقات کے پیش نظر بھوپال میں ایک معقول عہدے پر فائز ہو کر مستقلاً وہیں مقیم ہو گئے تھے۔ آبرو بیگم کا جون ۱۹۴۴ء میں بھوپال ہی میں انتقال ہوا[16]۔ آرزو بیگم کا بھی ۱۳ اپریل ۱۹۶۶ء کو ۸۲ سال کی عمر میں بھوپال میں انتقال ہو گیا[17]۔

مولانا خیرالدین اپنی مذہبی اور دینی حیثیت کے باعث اپنے گھر اور اپنے مریدوں کے حلقے میں حضرت کے عرف سے مشہور تھے[18]۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا ابوالکلام آزاد کو ان کے بچپن میں یہ لوگ

۱۵۔ ایضاً، ۱۶ ۱۶۔ انڈیا ونس فریڈم، ۲
۱۷۔ ہندوستان ٹائمز، دلی، ۱۴ اپریل ۱۹۶۶ء، ۴
۱۸۔ آزاد کی کہانی، ۳۵۴ ۱۹۔ غبار خاطر، ۹۹

چھوٹے حضرت کہہ کر پکارتے تھے [19]

مولانا آزاد نے اپنی والدہ ماجدہ جناب عالیہ کی فیاضی اور خیر خواہی کا ایک دلکش واقعہ لکھا ہے۔ فرماتے ہیں:

> ان کی اخلاقی اور دماغی سیرت پر اب میں جس قدر غور کرتا ہوں، مجھے محسوس ہوتا ہے کہ وہ ہر اعتبار سے بلند و برتر تھی۔ وہ نہایت فیاض اور خیر چشم تھیں، مفلس اور مصیبت زدہ آدمیوں کی تکلیف ان سے دیکھی نہیں جاتی تھی۔ والد مرحوم نے ایک مرتبہ نہایت قیمتی دوشالہ ان کے لیے منگوایا۔ جس دن انھوں نے اسے اوڑھا اسی دن ایک غریب بیوہ جو ہمارے گھر سے قریب رہتی تھی، ان سے ملنے کے لیے آئی۔ یہ ایک غریب بیوہ تھی، جو ہمارے گھر سے قریب رہتی تھی، اس نے ایسا قیمتی دوشالہ کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس کا پلہ ہاتھ میں لے کر نہایت طامع نگاہوں سے اسے دیکھنے لگی اور بار بار کہنے لگی کہ ایسی چیز ہم غریبوں کو کہاں نصیب ہو سکتی ہے۔ والدہ نے فوراً دوشالہ کاندھے سے اٹھایا اور ان کے کاندھے پر ڈال دیا۔

انسان کی سیرت بچپن میں بنتی ہے۔ وہ چھوٹی چھوٹی وقتی باتیں اور کام جو انسان کم سنی میں کرتا ہے، یہی وہ بنیادی اینٹیں ہیں جن پر اس کے مستقل کردار کی عمارت تعمیر ہوتی ہے۔ اگر گھر کے بزرگ شروع ہی میں بچوں کی غلطیوں کی نگرانی نہ کریں، تو یہی باتیں بار بار کرنے سے عادت راسخہ بن کر بالآخر شخصیت کا روپ اختیار کر لیتی ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ شروع میں بڑے بوڑھے چھوٹے بچوں کی شرارتوں اور بدعنوانیوں کو لاڈ چاؤ کے باعث انگیز کر لیتے ہیں، اور جب پانی سر سے گذرنے لگتا ہے، تو اب شکایت کرتے ہیں حال آنکہ اصلاح کا جو اصلی موقع تھا، وہ تو گنوا دیا، اب پچھتاوے سے کیا ہوتا ہے۔

مولانا آزاد نے اپنے بچپن کا ایک واقعہ لکھا ہے، جس سے ان کی والدہ کے اخلاق کی بلندی اور پاکیزگی ظاہر ہوتی ہے۔ لکھتے ہیں [21]:

> ایک شخص حافظ مبارک بخاری ہمارے یہاں رہتے تھے؛ وہ بہت اچھے خوشنویس تھے، اسی لیے والد مرحوم نے انھیں اپنی مصنفات کی تبییض کے لیے گھر میں رکھ لیا تھا۔ چونکہ انھیں اپنے کپڑوں کی صفائی کا زیادہ خیال نہیں رہتا تھا، اس لیے میں نے

۱۹۔ غبار خاطر: ۹ ۲۰۔ غیر مطبوعہ تحریر: ۶ ۲۱۔ ایضاً: ۶-۷

ایک دن کہہ دیا کہ وہ بڑے گندے آدمی ہیں۔ والدہ نے جیسے ہی سنا سخت برہم ہوئیں۔ اسی وقت تک ان کی باریک آواز میرے کانوں میں گونج رہی ہے۔

یا عینی لا تقل ھٰکذا۔ رُبّما ھو اکرم عند اللہ منک ومنا۔

(یعنی میری جان، ایسا نہ کہو۔ ہو سکتا ہے کہ خدا کی نظر میں وہ تم سے اور ہم سے عزیز تر ہوں)۔

اسی طرح کا ایک واقعہ مولانا حالی نے سرسید کے بچپن سے متعلق لکھا ہے[۲۲]

ایک اور جگہ انھوں نے اپنی والدہ کی فصاحت اور غیر معمولی قوتِ بیانیہ کی لڑکی لڑکے کی عورتوں کے ان کے پاس عقیدت اور استفادے کی غرض سے آنے کا بھی ذکر کیا ہے[۲۳]

مولانا آزاد کے اپنے بیان کے مطابق وہ ذوالحجہ ۱۳۰۵ھ میں مکے میں پیدا ہوئے[۲۴] ۱۳۰۵ھ کا ذوالحجہ ۱۷ اگست سے ۶ ستمبر ۱۸۸۸ء تک تھا۔ لہٰذا ہم کہینگے کہ وہ اگست یا ستمبر ۱۸۸۸ء میں پیدا ہوئے۔ چونکہ ذوالحجہ کی ٹھیک تاریخ معلوم نہیں، اس لیے عیسوی مہینے کی تاریخ کا تعین بھی ممکن نہیں[۲۵]۔ تعجب ہوتا ہے کہ پروفیسر ہمایوں کبیر نے ان کی ولادت ۱۱ نومبر ۱۸۸۸ء لکھ دی ہے[۲۶] اور حکومتِ ہند کی طرف سے بھی جو تقریبات مولانا آزاد کی پیدائش کے سلسلے میں ہوتی ہیں، ان کے لیے ۱۱ نومبر کی تاریخ مقرر کر دی گئی ہے حالانکہ نومبر کی صورت میں ہجری سال ۱۳۰۵ کی بجائے ۱۳۰۶ ہو جاتا ہے۔ میرے علم میں خود مولانا آزاد نے اپنی تاریخ ولادت تذکرہ کے سوائے اور کہیں نہیں لکھی اور وہاں انھوں نے، صراحت سے ذوالحجہ ۱۳۰۵ھ ہی لکھا ہے، جو اگست، ستمبر ۱۸۸۸ء کے مطابق ہے۔ اس لیے ۱۱ نومبر ۱۸۸۸ء کی تاریخ کسی طرح درست نہیں۔

مولانا آزاد کے والد نے مدینے میں شادی کر لینے کے بعد مکہ میں اپنا ذاتی مکان تعمیر کر لیا تھا۔ چونکہ دولتِ عثمانیہ کے قانون کے تحت کوئی غیر ملکی غیر منقولہ جائداد کا مالک نہیں ہو سکتا تھا، اس لیے انھوں نے عثمانی جنسیت (نیشنلٹی) اختیار کر لی تھی۔ یہ مکان جس قطعۂ زمین میں بنا تھا، وہ دراصل مولانا

۲۲- حیاتِ جاوید، ص ۱۵ ۲۳- آزاد کی کہانی، ص ۳۲۵-۳۲۶ ۲۴- تذکرہ، ص ۲۸۰

۲۵- مولانا غلام رسول مہر فرماتے ہیں کہ "خود مجھے مولانا سے جو معلوم ہوا اس کی بنا پر میں نے تاریخ ولادت ۹ ذی الحجہ ۱۳۰۵ھ یعنی ۱۷ اگست ۱۸۸۸ء طے کی تھی" (صبحِ امید، ۱۹۶۷ء، ص ۱۰)

۲۶- انڈیا ونس فریڈم (دیباچہ)، ص ۸

عبداللہ سراج کی ملکیت تھا۔ مولانا خیرالدین نے ان سے یہ ٹکڑا خریدا اور اس پر مکان بنالیا۔ یہ مکے کے محلہ قدوہ میں باب السلام کے متصل تھا[۲۷]۔ اس کے کوٹھے کی کھڑکیوں سے حرم مکہ کے مناروں کی قندیلیں صاف نظر آتی تھیں۔ اور وہاں سے اذان کی آواز اتنی صاف اور بلند سنائی دیتی تھی کہ یوں معلوم ہوتا تھا، جیسے کوئی اس مکان کی چھت پر سے اذان دے رہا ہو[۲۸]۔ اسی مکان میں مولانا آزاد پیدا ہوئے[۲۹]۔ یہ مکان، بلدیہ مکہ کی تعمیری اور توسیعی سرگرمیوں کی نذر ہو گیا۔ اب یہاں ایک بڑی کشادہ سڑک ہے۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ مولانا آزاد غالباً ہندستان میں یا رامپور میں پیدا ہوئے، یہ بے بنیاد ہے۔

مولانا آزاد کے بھائی ابوالنصر غلام یٰسین ان سے دو برس بڑے تھے[۳۰]۔ گویا وہ ۱۸۸۲ء میں پیدا ہوئے۔ وہ کوئی چھ برس کے رہے ہوں گے، جب کہ ان کی تسمیہ خوانی ہوئی۔ اگرچہ مولانا آزاد اس وقت بہت کم عمر تھے، پھر بھی کوئی چار، ایک سال کی عمر ہوگی، لیکن جیسا کہ ایسی تقریبوں میں چھوٹے بچے بالعموم کرتے ہیں یہ بھی شوقیہ اس موقع پر بڑے بھائی کے ساتھ بیٹھ گئے[۳۱]۔ اس کے بعد دونوں بھائیوں کی تعلیم ایک ساتھ ہونے لگی، بلکہ ایک زمانہ تک ان کی بہنوں، بہنیں بھی ان کے ساتھ درس میں شامل رہیں، خاص کر فارسی میں۔

تعلیم متعدد اساتذہ سے حاصل کی۔ فارسی بیشتر اپنے والد مولانا خیرالدین سے پڑھی۔ بقیہ علوم ان کے علاوہ دوسروں سے بھی۔ خود لکھتے ہیں[۳۲] کہ ابتدائی تعلیم مکے میں شیخ محمد عمر اور شیخ حسن اساتذہ حرم سے پائی۔ حجاز میں تحقیقات سے معلوم ہوا کہ بچپن میں یعنی خاندان کے ساتھ ہندستان آنے سے پہلے وہ مدرسہ صولتیہ کے کسی استاد سے بھی پڑھتے رہے تھے۔ یہ مدرسہ مکہ میں مولانا محمد رحمت اللہ کیرانوی نے ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴-۱۸۷۵ء میں قائم کیا تھا۔ ممکن ہے یہ دونوں استاد یا ان میں سے کوئی ایک اسی مدرسہ سے وابستہ رہے ہوں۔ قرآن انھوں نے یہیں ختم کیا۔ اس وقت ان کی عمر نو سال سے زیادہ نہیں تھی۔ یہ بات موجودہ صدر مدرس صولتیہ مولانا سلیم سے ان لوگوں نے بیان کی تھی، جو مولانا کو بچپن میں جانتے تھے۔ ہندستان آنے کے بعد مختلف اوقات میں انھوں نے مولانا محمد یعقوب دہلوی[۳۳]، مولانا محمد ابراہیم[۳۴]، شمس العلما مولانا سعادت حسین[۳۵]، مولانا محمد شاہ محدث رامپوری[۳۶] سے مختلف

۲۷۔ آزاد کی کہانی۔ ۷۱ ۲۸۔ غبار خاطر، ۲۶۱ ۲۹۔ تذکرہ۔ ۲۶۹
۳۰۔ غیر مطبوعہ تحریر۔ ۲ ۳۱۔ آزاد کی کہانی، ۳۲ ۳۲۔ غیر مطبوعہ تحریر۔ ۳
۳۳۔ آزاد کی کہانی۔ ۱۹۰ ۳۴۔ ایضاً، ۱۹۲، ۲۱۰، ۳۷۵
۳۵۔ ایضاً، ۱۹۳ ۳۶۔ ایضاً، ۲۱۵ - ۲۱۶

علوم میں نصاب کی کتابیں پڑھیں، اور بالآخر معقولات وغیرہ کی تکمیل مولوی نظیر الحسن امیٹھوی سے کی[۳۷] جو مولانا عبدالحق خیرآبادی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ مولانا خیرالدین نے انھیں کلکتہ بلا کے ان دونوں بھائیوں کی تعلیم پر مقرر کر دیا۔ یہاں وہ تین برس تک رہے تھے[۳۸]۔

مولانا خیرالدین ایک مرتبہ حجاز گئے تو پھر انھیں وطن واپس آنے کا موقع نہیں ملا۔ وہ غالباً پہلی مرتبہ اپنے بعض گجراتی مریدوں کی درخواست پر توجہ کے لیے گئے تھے، ۱۸۸۰ء میں حجاز سے بمبئی آئے اور پھر اس کے بعد وقتاً فوقتاً آتے رہے[۳۹]۔ جہاں تک کھوج نکال سکا ہوں آخری مرتبہ وہ ۱۸۹۸ء میں ہندستان آئے[۴۰]۔ اس مرتبہ آنے کی وجہ یہ ہوئی کہ مکہ میں ایک حادثے میں ان کی الٹی ران کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ وہاں کوئی تسلی بخش علاج نہ ہو سکا۔ اور انھیں مجبوراً ہندستان آنا پڑا۔ کلکتہ میں علاج کروایا گیا۔ اس سے وہ ٹھیک تو ہو گئے لیکن بائیں ٹانگ چھوٹی رہ گئی جس سے لنگ پیدا ہو گیا اور چلنے میں لکڑی کا سہارا لینا پڑتا تھا۔

ہندستان پہنچ کر دوسرا حادثہ پیش آیا کہ ۱۸۹۹ء میں ان کی بیوی (یعنی مولانا آزاد کی والدہ) کا انتقال ہو گیا۔ وہ مانک تلہ (کلکتہ) کے قبرستان میں دفن ہوئیں[۴۱]۔ مولانا خیرالدین نے ان کی قبر پر ایک خاص قسم کی سنگِ مرمر کی عمارت تعمیر کروا دی، اور اسی کے پہلو میں اپنی قبر کے لیے بھی جگہ رکھی[۴۲]۔ بعد کو خاندان کے متعدد دوسرے افراد بھی یہیں دفن ہوئے۔

آزاد بھی والدین کے ساتھ آئے تھے۔ ان کی تعلیم مکے میں شروع ہو چکی تھی۔ اب یہاں کے اساتذہ سے اس کی تکمیل کا انتظام کیا گیا۔ وہ ۱۹۰۳ء میں یعنی جب ان کی عمر صرف پندرہ برس کی تھی، درسِ نظامی سے فارغ ہوئے۔ فاتحۂ فراغ کی مجلس ہی میں سات طالب علم ان کے حوالے کر دیے گئے کہ انھیں پڑھائیں۔ ان کو قیام اور ضروریات کا انتظام مولانا خیرالدین نے کر دیا تھا۔ بعد کو ان کی تعداد بڑھ کر بیس تک

۳۷۔ ایضاً، ۱۹۱ نیز غیر مطبوعہ تحریر، ۳ (ملیح آبادی نے نام نذیر الحسن لکھا ہے یہ ٹھیک نہیں۔ مولانا نے خود نظیر الحسن لکھا ہے)

۳۸۔ آزاد کی کہانی، ۱۹۲

۳۹۔ مولانا آزاد (فہاد لیو ڈیائی)، ۱۱
ایضاً نیز غیر مطبوعہ تحریر، ۱

۴۰۔ غیر مطبوعہ تحریر، ۱

۴۲۔ آزاد کی کہانی، ۱۴۸

پہنچ گئی۔[۴۳]

ابھی تعلیم ختم نہیں ہوئی تھی کہ ۱۸۹۸ - ۱۸۹۹ء میں یعنی دس گیارہ برس کے سن میں انہیں شعر کہنے کا شوق پیدا ہوا۔ ابتدا یوں ہوئی کہ ان کے گھر میں سینے پرونے اور اوپر کے کام پر ایک منلانی علیمہ نام کی ملازم تھی۔[۴۴] وہ سہسرام کی رہنے والی تھی۔ اس کا صرف غالباً امانی تھا۔ غبار خاطر کے ایک خط میں اسی نام سے اس کا ذکر آیا ہے۔[۴۵] علیمہ کا بھائی عبدالواحد خان کبھی کبھی اس سے ملنے آیا کرتا تھا۔ یہ صاحب مولانا محمد فاروق چریاکوٹی کے شاگرد اور اچھے خاصے تعلیم یافتہ تھے۔[۴۶] شعر بھی کہتے اور ادیب تخلص کرتے تھے۔[۴۷] انھیں کی باتوں سے مولانا آزاد کو شعر گوئی کی ترغیب ہوئی۔ آزاد تخلص بھی عبدالواحد خان ہی نے تجویز کیا تھا۔[۴۸] اس سے غرض یہ تھی کہ چونکہ گلدستوں میں شعرا کا کام ان کے تخلص کی انتشی تزئین سے چھپا تھا، اس لیے ان کا نام بالکل آغاز میں چھپا کریگا۔ مولانا آزاد کی سب سے پہلی غزل بھی کے ایک گلدستے ارمغانِ فرخ میں چھپی کئی طرح تھی: پوچھی زمین کی، تو کہی آسمان کی۔ مولانا نے اس پر گرہ لگا کر اسے مقطع کر دیا۔

آزاد بیخودی کے نشیب و فراز دیکھ
پوچھی زمین کی، تو کہی آسمان کی!

مولانا آزاد نے شروع میں دو غزلیں اصلاح کے لیے منشی امیر مینائی کی خدمت میں بھیجیں۔[۴۹] لیکن ان کی اصلاح انھیں کچھ پسند نہیں آئی۔ اس پر انھوں نے دوسرے استادِ وقت داغ دہلوی سے رجوع کیا، یہ سلسلہ بھی زیادہ دن تک نہ چل سکا۔[۵۰] یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بعد انھوں نے امداد حسین ظہور سیرٹھی سے بھی کچھ مشورہ کیا کیونکہ ان کی ایک نعت جو بمبئی کے رسالے سفینۂ نجات کے اپریل ۱۹۰۰ء کے شمارے میں شامل ہے اس کے عنوان میں ان کے نام کے ساتھ شاگرد مولانا امداد حسین ظہور سیرٹھی لکھا ملتا ہے۔[۵۱] اس کے بعد ان کی نظر مولانا ظہیر احسن شوق نیموی پر پڑی جو علم اور واقفیتِ فن کے لحاظ سے اپنے معاصرین پر بدرجہا فوقیت رکھتے تھے۔ ان سے پورے طور پر مطمئن

۴۳ - غیر مطبوعہ تحریر، ۴
۴۴ - ایضاً، ۱۲
۴۵ - غبار خاطر، ۲۵۰
۴۶ - آزاد کی کہانی، ۲۳۷
۴۷ - غیر مطبوعہ تحریر، ۱۲
۴۸ - آزاد کی کہانی، ۲۳۹
۴۹ - ایضاً، ۲۴۱
۵۰ - غیر مطبوعہ تحریر، ۱۳
۵۱ - اردو (کراچی)، اکتوبر ۱۹۶۶ء، ۵۰

ہے، اور پھر جتنے دن شاعری کی، اصلاح انھیں سے لی[۵۱]۔ اس اثنا میں کبھی کبھی فارسی میں بھی
ہنے کا شوق رہا۔
یل تذکرہ یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ ان کی دیکھا دیکھی ان کے بڑے بھائی ابوالنصر غلام یٰسین نے آہ
لص اختیار کیا۔ وہ داغ ہی سے اصلاح لیتے رہے۔ مقامی مشاعروں میں شرکت کے علاوہ ان کا
م بھی گلدستوں میں چھپنے لگا تھا۔ انھوں نے نثر میں بھی کچھ مضامین اور دو ایک کتابیں بھی لکھیں[۵۲]
ال مولانا آزاد کی شاعری کی مدت یہی دو تین برس کے قریب ہے۔ اس کے بعد دوسری سرگرمیوں اور
غلوں کے مقابلے میں یہ شوق ترک ہو گیا۔ ان کا اردو اور فارسی منظوم کلام جو ملتا ہے۔ وہ ڈھائی
صہ سے زیادہ نہیں ہوگا۔
لیکن تعجب کی بات یہ ہے کہ اتنی قلیل مدت کی شاعری، اور اتنی کم سنی میں بھی انھوں
نے اتنی شہرت حاصل کر لی تھی کہ ۱۹۰۱ء میں انھوں نے مولوی عبدالرحیم عظیم آبادی کی
تاب "تذکرۂ صادقہ یعنی الدر المنثور فی تراجم اہل صادق فور" کے لیے جو تقریظ لکھی، ناشر نے اس
کے عنوان میں لکھا تھا:[۵۳]

ریویو بر کتاب مستطاب تذکرۂ صادقہ از مجمع فضائل و محاسن شاعر باکمال
سخنور بے مثال، مولوی ابوالکلام محی الدین احمد صاحب آزاد دہلوی مقیم کلکتہ
صَانَهُ اللّٰهُ مِنْ شَرِّ الْحُسَّادِ۔

دہے کہ اس وقت ان کی عمر کسی طرح ۱۳ سال سے زیادہ نہیں تھی۔
شاعری تو چھٹ گئی لیکن اس کا شاخسانہ صحافت کی شکل میں نمودار ہوا۔ جس نے حاکم مستقل حیثیت اختیار
کر لی۔ ہوا یہ کہ انھیں خیال ہوا کہ ایک ماہانہ گلدستہ نکالا جائے۔ یہ گویا اپنی شاعری کی تکمیل کا ایک ذریعہ
تصور کیا گیا۔ چنانچہ مقامی اور بیرونی شعرا سے غزلیں جمع کی گئیں۔ اس گلدستے کا نام نیرنگِ عالم رکھا گیا،
ہادی پریس کلکتہ میں چھپتا تھا۔ یہ پرچہ ۱۸۹۹ء کے آغاز میں نکلا اور سال کے اندر ہی بند بھی،

۵۱۔ آزاد کی کہانی، ۲۴۴
۵۲۔ ان کے حالات اور کلام کے لیے دیکھیے آزاد کی کہانی، ۱۷۸ - ۱۸۵، خم خانۂ جاوید،
۱۱۴۰۱، نیز آجکل (دہلی) اپریل ۱۹۶۲ء، ۳ - ۷
۵۳۔ اردو ادب (آزاد نمبر)، ۳۳ - ۳۴

ہوگیا، صرف آٹھ مہینے جاری رہا۔[55]

اس کے بعد انھوں نے ایک شخص محمد موسیٰ سے بات چیت کر کے ہفتہ وار المصباح جاری کیا۔ اس کا پہلا پرچہ ان کے بقول[56] سنیچر عید الفطر کے دن شائع ہوا۔ اس میں انھوں نے اداریہ 'عید' کے عنوان سے لکھا تھا۔ یہ اداریہ غالباً بعض دوسرے اخباروں میں بھی نقل ہوا تھا۔ جیسے اخبار لاہور کا نام تو خود مولانا ہی نے لکھا ہے۔ اگرچہ انھوں نے المصباح کی اشاعت کی تاریخ اواخر سال ۱۹۰۰ء لکھی ہے، لیکن یہ سہو ہے۔ اس لیے کہ رمضان کی پہلی سنیچر ۲۳ دسمبر ۱۹۰۰ء کو تھی، لیکن عید الفطر منگل کے دن ۲۲ جنوری ۱۹۰۱ء کو ہوئی تھی اس لیے المصباح کا پہلا شمارہ بھی اسی موقع پر شائع ہوا ہوگا۔ نیرنگ عالم گلدستہ تھا، اس میں ایڈیٹر کا کام برائے نام تھا یعنی باہر سے آئی ہوئی غزلوں کو جمع کر کے شائع کر دینا۔ پہلا پرچہ جو مولانا آزاد نے ٹھیک طور پر مرتب کیا، وہ یہی المصباح تھا۔ یہ اخبار بھی تین چار مہینے سے زیادہ نہیں چلا۔[57]

اس وقت تک مولانا آزاد کی سب سے قدیم کتابی شکل میں شائع شدہ تصنیف جو میری نظر سے گذری ہے، اس کا عنوان ہے 'اعلان الحق'۔ اس میں انھوں نے اپنے والد مولانا خیر الدین کے مخالفوں کو ایک مسئلہ سے متعلق جواب دیا ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ مولانا خیر الدین نے رویت ہلال رمضان اور عید کے بارے میں یہ فتویٰ دیا تھا کہ اگر مشرق میں کسی جگہ چاند دکھائی دے اور شرعی شروط پوری ہو جائیں، تو وہاں سے تار وغیرہ کے ذریعے سے رویت کی اطلاع ملنے پر مغرب والوں پر لازم ہے کہ اس کے مطابق روزہ رکھیں یا عید کریں۔ مخالف علما نے اس پر نہ صرف اعتراض کیا، بلکہ اس کی آڑ میں مولانا خیر الدین کی مخالفت شروع کر دی۔ مولانا آزاد نے اس رسالے میں انھیں مخالفوں کے دلائل کا رد کیا ہے۔ یہ مختصر رسالہ ۵ رمضان ۱۳۱۹ھ یعنی ۵ جنوری ۱۹۰۲ء کو شائع ہوا تھا۔ اس وقت ان کی عمر تیرہ برس اور چار پانچ مہینے کے قریب تھی۔

اسی رسالے کے آخر میں ان کے ایک دوسرے رسالے 'ہدایت الرشید' کا اشتہار بھی ہے۔ (یہ رسالہ اعلان الحق کے شمارے میں جوں کا توں اشاعتِ اوّل کے مطابق شائع کیا جا رہا ہے۔)

خیر یہ تو جملہ معترضہ تھا۔

۵۵۔ آزاد کی کہانی، ۲۴۳ ۵۶۔ ایضاً، ۲۷۵ ۵۷۔ ایضاً

کہہ چکا ہوں کہ تین چار مہینے جاری رہ کر المصباح بھی اپریل / مئی ۱۹۰۲ء میں بند ہو گیا۔ اب اس کے بعد ان کا اپنا کوئی پرچہ نہیں رہا لیکن جو خون منہ کو لگ چکا تھا اس سے چھٹکارا بھی مشکل تھا۔ چنانچہ انھوں نے مختلف رسالوں اور پرچوں میں مضامین لکھنا شروع کیے۔ ان میں مخزن لاہور، احسن الاخبار کلکتہ، تحفۂ احمدیہ کلکتہ، مصرِ قدیم، عالم ہرن وغیرہ کے نام ہمیں معلوم ہیں۔ اسی دور کا ایک مشہور رسالہ مذہبِ نظر تھا جسے ۱۸۹۷ء سے منشی ذہبت رائے نکالتے تھے۔ اس میں نظم و نثر دونوں تھے۔ مولانا آزاد نے نظر کو لکھا کہ آپ اس میں نثر کا حصہ بڑھا دیجیے اور ایڈیٹر کی ترتیب میں آپ کا ہاتھ بٹانے کو تیار ہوں۔ چنانچہ یہ انتظام نظر نے قبول کر لیا اور کچھ مدت تک [illegible] کی ترتیب و تدوین ان کے ذمے رہی۔ اس رسالے میں خود مولانا آزاد کا کلام اور نثری مضمون بھی چھپتے رہے۔ انھیں میں ایک مضمون عکس ریز کے موضوع پر تھا جسے دیکھ کر مولانا شبلی نے ان سے کہا تھا کہ اس طرح کا کام اگر کیا جائے تو ندوۃ العلماء کے ہر شمارے کے لیے لکھ دیا کیجیے۔[58] بالآخر یہی چیز ان کے الندوہ کے نائب مدیر بننے میں بھی معاون ہوئی۔

۱۹۰۰ - ۱۹۰۱ء میں ان کی شادی کر دی گئی تھی۔ ان کی والدہ کے ایک بہت مخلص مرید مولوی آفتاب الدین صاحب تھے۔ وہ وہیں کلکتہ میں سروے آفس میں ملازم تھے۔ انھوں نے طویل ملازمت کے بعد اسی دفتر سے پنشن پائی۔ ان کے پانچ لڑکیاں تھیں[59] ان میں سے ایک کا نکاح انھوں نے ابوالنصر غلام الدین سے اور دوسری کا مولانا آزاد سے کر دیا۔[60] اس وقت ان کی عمر بیس ۱۲ - ۱۳ سال کے لگ بھگ تھی۔[61] اور ان کی بیوی کی سات آٹھ سال کی۔[62] مولانا آزاد کی بیوی بہنوں میں سب سے چھوٹی تھیں۔ ان کا نام زلیخا تھا۔[63] انھوں نے اردو فارسی کی تعلیم پوری طرح حاصل کی تھی اور عربی کی بھی بنیادیں سے آشنا تھیں، مطالعہ کا بہت شوق تھا۔[64] اولاد میں صرف ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا چار برس کی عمر میں انتقال ہو گیا چونکہ وہ بہت خوبصورت تھا اس لیے اس کا نام حسین رکھا تھا۔[65] بیگم آزاد کا تپ دق سے ۹ اپریل ۱۹۴۲ء کو کلکتہ میں انتقال ہوا۔[66]

۵۸- ایضاً، ۹۰ ۔
۵۹- ابوالکلام آزاد، ۲۰۳
۶۰- ذکرِ آزاد، ۴۲۵ - ۴۲۶
۶۱- آجکل ستمبر ۱۹۵۹ء، ۱۵
۶۲- غبارِ خاطر، ۲۳۵
۶۳- غیر مطبوعہ تحریر: ۷
۶۴- ایضاً: "
۶۵- غبارِ خاطر: ۲۴۰؛ ذکرِ آزاد (ص ۴۲۹ - ۴۳۰) میں تاریخ وفات ۱۹ اپریل چھپی ہے۔ یہ سہوِ کتابت ہے؛ صحیح ۹ اپریل ہے۔

لکھ چکا ہوں کہ ۱۹۰۳ء میں وہ تعلیم سے فارغ ہوئے جو زندگی کا بہت بڑا مرحلہ ہے۔ ۱۹۰۳ء ہی کا دوسرا اہم واقعہ لسان الصدق کا اجرا ہے۔

مولانا آزاد دس سال کی عمر سے نظم و نثر لکھ رہے تھے، ان کی تحریریں کلکتہ وغیرہ کے رسائل و جرائد میں شائع ہو رہی تھیں اور اس سے ان کی شہرت میں بھی روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا تھا لیکن اس کے باوجود یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کی یہ شہرت کل ہند تھی یا وہ لوگ جن کی رائے کی واقعی کوئی وقعت یا اہمیت تھی، ان تک بھی یہ تحریریں پہنچ رہی تھیں۔ یہ کام لسان الصدق نے کیا۔ یہ واقعہ ہے کہ اس کی اشاعت کے بعد ملک کے علمی اور ادبی حلقوں کو معلوم ہوا کہ صحافت کے افق پر ایک نیا ستارہ ابھرا ہے۔ اور ستارہ بھی کیسا کہ دیکھتے دیکھتے اس کی تیز روشنی سے آنکھیں چکا چوند ہو گئیں۔

ستارۂ بدرخشید و ماہِ مجلس شد

لسان الصدق کا پہلا شمارہ ۲۰ نومبر ۱۹۰۳ء کو شائع ہوا۔ یہ پرچہ ایسا مقبول ہوا کہ اس کی دھوم مچ گئی۔ ملک کے مشہور جرائد مثلاً وکیل امرتسر، پیسہ اخبار، لاہور وغیرہ میں اس پر بہت اچھے تبصرے شائع ہوئے۔ مضمونوں کا معیار اتنا بلند اور طرزِ تحریر اتنا دلکش تھا کہ لوگوں نے اس کے مدیر کو کوئی معمر عالم خیال کیا۔

بیجا نہ ہوگا اگر لسان الصدق کے چار مقاصد جو اس کے پہلے شمارے میں چھپے تھے، یہاں بیان کر دیے جائیں۔

۱۔ سوشل ریفارم یعنی مسلمانوں کی معاشرت اور رسومات کی اصلاح کرنا

۲۔ ترقی اردو یعنی اردو زبان کے علمی لٹریچر کے دائرہ کو وسیع کرنا

۳۔ علمی مذاق کی اشاعت بالخصوص بنگالیوں میں۔

۴۔ تنقید یعنی اردو مصنفات پر منصفانہ ریویو کرنا

ذرا مدیر اعلیٰ کی عمر کا خیال کیجیے اور ان بلند بانگ مقاصد کا! انگریزی کی مثل ہے کہ آنے والے واقعات کی پرچھائیاں پہلے سے دکھائی دینے لگتی ہے، اس کی اس سے بہتر مثال نہیں مل سکتی۔

اسی رسالے کی شہرت نے انھیں انجمن حمایت الاسلام لاہور کے اجلاس ۱۹۰۴ء میں شرکت کی ترغیب دی۔ یہ اجلاس یکم اپریل سے ۳ اپریل تک لاہور میں ہوا تھا۔ اسی موقع پر مولانا آزاد کی پہلی مرتبہ

مولانا حالی سے ملاقات ہوئی۔ جو جلسے میں شرکت کے لیے آئے ہوئے تھے۔ مولانا آزاد یہاں پہلے مولانا وحیدالدین سلیم پانی پتی سے ملے سلیم کو جب معلوم ہوا کہ یہی لسان الصدق کے مدیر ہیں، تو انھوں نے تعجب کیا، وہ ایک عجوبہ کے طور پر انھیں مولانا حالی سے ملانے کو لے گئے۔ وہاں پہنچے تو سلیم نے ان کی طرف اشارہ کر کے مولانا حالی سے پوچھا کہ آپ کے خیال میں ان کی کیا عمر ہوگی؟ حالی نے اپنے محتاط اور سنجیدہ انداز میں تامل سے فرمایا، ابھی بہت کم سن ہیں۔ لیکن جب سلیم نے اصرار ہی کیا کہ نہیں بتلائیے کیا عمر ہے؟ تو کہا کہ کوئی پندرہ سولہ سال کی ہوگی۔ جب سلیم نے بتلایا کہ لسان الصدق کے مدیر یہی ہیں، تو بیحد تعجب کیا۔ پھر اس دن جو تعلقات قائم ہوئے ہیں، زمانے کے ساتھ ساتھ وہ استوار ہوتے چلے گئے۔[۶۶]

لسان الصدق کے ایک اعلان سے معلوم ہوتا ہے[۶۷] کہ مولانا آزاد لاہور سے بمبئی گئے تھے یہی وہ زمانہ ہے، جب ان کی آغا حشر کاشمیری اور علی خان سے ملاقات ہوئی، جن کے ساتھ مل کر انھوں نے اسلام کی مدافعت میں آریہ سماج کے پرچارکوں اور عیسائی مشنریوں سے مناظرے کیے۔[۶۸] اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انھیں مختلف مذاہب اور ان کی کتب مقدسہ سے متعلق وسیع واقفیت حاصل ہوگئی جو بعد کے زمانے میں بہت کام آئی۔ بمبئی میں وہ کافی زمانہ رہے۔ لسان الصدق کے کچھ شمارے انھوں نے مرتب کر کے وہیں سے شائع کیے تھے۔

لسان الصدق بھی اپنے پیشروؤں (نیرنگ عالم اور المصباح) کی طرح زیادہ دن تک نہ چل سکا، اگرچہ ان کی بہ نسبت یہ زیادہ سخت جان ثابت ہوا۔ نومبر ۱۹۰۳ء میں اس کا پہلا شمارہ شائع ہوا تھا، اور اگلے مہینے دسمبر میں دوسرا۔ پہلی جلد میں بس یہی دو پرچے نکلے۔ نومبر و دسمبر ۱۹۰۳ء، جنوری ۱۹۰۴ء سے دوسری جلد کا آغاز ہوا۔ لیکن سال بھر میں صرف نو شمارے شائع ہو سکے۔ اس جلد کا آخری پرچہ اگست ستمبر کا مشترکہ شمارہ (نمبر ۸-۹) ہے اس کے بعد ۱۹۰۴ء میں کوئی پرچہ شائع نہیں ہوا

۶۶۔ اس واقعے کی پوری تفصیل کے لیے دیکھیے، آزاد کی کہانی: ۳۰۸-۳۱۰۔ البتہ کہانی میں سال غلطی سے ۱۹۰۳ء لکھا گیا ہے حالانکہ یہ واقعہ ۱۹۰۴ء کا ہے۔

۶۷۔ شمارہ جون، جولائی ۱۹۰۴ء یہاں بمبئی میں ان کا پتہ تھا: ۱۳ بلاس روڈ بائی کلا

۶۸۔ آزاد کی کہانی: ۳۴۴-۳۴۵

بلکہ ۱۹۰۵ء کی پہلی سہ ماہی بھی خالی گئی۔ اپریل مئی ۱۹۰۵ء کے مشترکہ شمارے پر جلد ۳ کا نمبر ۲ ثبت ہے۔ یہ پرچہ آگرے کے مشہور مفید عام پریس میں چھپا تھا۔

اواخر دسمبر ۱۹۰۴ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس لکھنؤ میں ہوا تھا۔ دراصل اس سال جلسہ پٹنے میں کرنے کا فیصلہ ہو چکا تھا، لیکن اجلاس کے ایام میں وہاں طاعون پھیل گیا، اس لیے پٹنے کی جگہ لکھنؤ میں کیا گیا۔[69] پرنسپل دارالعلوم سر تھیوڈور ماریسن اس اجلاس کے صدر تھے،[70] مولانا آزاد اور ان کے برادر بزرگ مولانا ابوالنصر آہ دونوں اس اجلاس میں شریک ہوئے تھے۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اس کانفرنس کے ساتھ ہی مسلم پریس کانفرنس کا دوسرا سالانہ جلسہ بھی ۳۰ دسمبر ۱۹۰۴ء کو منعقد ہوا تھا۔ ایک اردو پریس کانفرنس کے قیام کا خیال مشہور پیسہ اخبار والے منشی محبوب عالم کو ۱۸۹۵ء میں آیا تھا۔ انھوں نے اپنے دوستوں سے مشورہ کیا اور بالآخر ایک عام کانفرنس کا دعوت نامہ ملک بھر کے صحافیوں اور اخبار نویسوں کو بھیجا گیا۔ مئی ۱۸۹۶ء میں یہ جلسہ ہوا، بدقسمتی سے لاہور سے باہر کے لوگوں نے پورا تعاون نہ کیا، صرف دو ایڈیٹر جلسے میں شرکت کے لیے پہنچے۔ اس پر منشی محبوب عالم مایوس ہو کر خاموش ہو گئے۔ یہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ مولانا آزاد ۱۹۰۲ء میں عارضی طور پر ایڈیٹر ڈگزٹ شاہجہاں پور کے ایڈیٹر بھی رہے تھے۔[71] اسی زمانے میں انھوں نے ایک شذرہ اس پریس کانفرنس سے متعلق اپنے اخبار میں لکھا۔ اس میں انھوں نے منشی محبوب عالم کو توجہ دلائی کہ ان کی پریس کانفرنس سے متعلق تجویز بہت مفید اور وقت کی ضرورت تھی، انھیں چاہیے کہ اس کانفرنس کو پھر سے زندہ کر کے اسے فعال جماعت بنائیں۔ منشی محبوب عالم نے یہ شذرہ اپنے اخبار میں نقل کیا اور اسی کا نتیجہ تھا کہ جب اس سال یعنی ۱۹۰۳ء کے اواخر میں ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس بمبئی میں ہوا، تو اسی کے ساتھ "محمڈن پریس ایسوسی ایشن" کا بھی جلسہ ہوا۔ کانفرنس کے سلسلے میں ملک بھر کے مسلمان ایڈیٹر اور تعلیم یافتہ طبقے کے چیدہ اصحاب تو موجود ہی تھے، جلسہ کرنے میں کونسی مشکل تھی، لیکن جلسے کے بعد کی بے نتیجگی بھی دیکھنے کی چیز تھی۔

اب کے جو لکھنؤ میں کانفرنس کا اجلاس ہونے والا تھا، تو علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں پھر آواز اٹھائی گئی۔ منشی محبوب عالم صاحب سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ پریس ایسوسی ایشن کے سلسلے میں بھی کوئی قدم اٹھائیں۔

۶۹۔ مرقع کانفرنس، ۱۰۱

۷۰۔ خطبۂ صدارت کے لیے دیکھیے خطباتِ عالیہ (۱)، ۲۴۰ - ۲۵۸

۷۱۔ لسان الصدق، اپریل، مئی ۱۹۰۵ء، ۲۳۰

لیکن صدائے برنخاست۔ بلکہ منشی محبوب عالم صاحب لکھنؤ کانفرنس میں شرکت تک کے لیے نہیں آئے۔ تو یہ تھا پس منظر اس مسلم پریس کانفرنس جس کا بھی ذکر کیا گیا۔ اب کے اس کے روح رواں حاجی ریاض الدین بریلوی ایڈیٹر الریاض تھے۔

اس جلسے میں متعدد اخبار و رسائل کے ایڈیٹروں کے علاوہ کوئی ۵۰ کے قریب معززین نے بھی حصہ لیا۔ اس موقع پر مسلم پریس کانفرنس کو مستقل ادارہ بنانے کی ضرورت اور اس کی اہمیت پر بہت تفصیلی اور گرما گرم بحث ہوئی۔ اس بحث میں حصہ لینے والوں میں خواجہ غلام الثقلین، ایڈیٹر عصر جدید، میرٹھ؛ مولوی بشیر الدین، ایڈیٹر البشیر، اٹاوہ؛ منشی جمال احمد، ایڈیٹر ہمدرد، کٹرا (الہ آباد)؛ حاجی ریاض الدین احمد بریلوی، ایڈیٹر الریاض وغیرہ کے ساتھ مولوی ابوالکلام آزاد، ایڈیٹر لسان الصدق کلکتہ کا نام بھی بہت نمایاں ہے[۷۲]۔

اس مسلم پریس کانفرنس کے انعقاد کے بعد مولانا آزاد نے جو خیالات ظاہر کیے تھے، تیار وہ دلچسپی سے سنے جائینگے۔ لکھتے ہیں[۷۳]:

> اب رہی یہ بحث کہ پریس کانفرنس کا یہ دوبارہ قیام کہاں تک کامیاب ہوگا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ نہ ہم کو اس کی پہلی کارروائی پر اطمینان ہے، اور نہ صرف ہم لوگ کوئی ذی فہم شخص کو ان جلسوں پر جو بلا مبالغہ بچوں کا کھیل ہے۔ اطمینان ہو سکتا ہے۔ لیکن چونکہ ایسی حالت میں کوشش اور امید سے دست بردار ہونا بجز موہوم کا گمان بھی مٹا دینا ہے۔ اس لیے سر دست ہم اس کے متعلق کوئی رائے نہیں دیتے۔ سوا اس کے کہ آئندہ کارروائیوں کا انتظار کریں اور دیکھیں کہ جدید سکریٹری کی کوشش کیا نتائج پیدا کرتی ہے۔

اس مختصر سی تحریر میں جو خود اعتمادی، معاملہ فہمی اور دور بینی لفظوں کا پردہ چاک کر کے جھانک رہی ہے، کیا ایک سولہ سالہ نوجوان کے قلم سے باعث استعجاب ہے یا نہیں؟ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ مولانا آزاد کا اندیشہ درست ثابت ہوا مسلم پریس کانفرنس اس ابتدائی جلسے کے بعد ابدی نیند سو گئی، جیسا کہ کبھی کچھ ہوا ہی نہیں تھا۔

۷۲۔ یہ تمام تفصیلات لسان الصدق اپریل مئی ۱۹۰۵ء (ص ۲۲ — ۲۶) سے لی گئی ہیں۔

۷۳۔ ایضاً: ۲۴ — ۲۵

جہاں تک میں معلوم کر سکا ہوں، اپریل مئی ۱۹۰۵ء کے مشترکہ شمارے کے بعد لسان الصدق کا اور کوئی پرچہ شائع نہیں ہوا۔ اس کے فوراً ہی بعد وہ عراق کے سفر پر روانہ ہو گئے۔[۷۴] پورا واقعہ کچھ یوں معلوم ہوتا ہے:

ایک صاحب تھے حافظ عبدالرحمٰن امرتسری، بڑے جہانیاں جہانگرد، اسی باعث وہ سیاح ممالکِ اسلامیہ کے لقب سے مشہور تھے۔ ان کی ملاقات کہیں مولانا آزاد کے بڑے بھائی مولانا ابوالنصر آہ سے ہو گئی۔ آہ کو اسلامی ممالک کی سیر و سیاحت کا بہت شوق تھا۔ آہ نے حافظ عبدالرحمٰن کے ساتھ عراق جانے کا منصوبہ بنایا، مولانا آزاد بھی ساتھ ہو لیے۔ چنانچہ یہ قافلہ بغداد پہنچا۔ مولانا آزاد یہاں پہنچتے ہی بہت بیمار پڑ گئے، اور بالآخر واپس بمبئی چلے آئے۔[۷۵] آہ اور حافظ عبدالرحمٰن آگے بڑھے اور موصل اور دیار بکر اور شام تک گئے۔ یہیں شدید سردی کے باعث آہ کے پھیپھڑوں پر حملہ ہوا۔ مولانا آزاد شاکی ہیں کہ ان کے رفیقِ سفر حافظ عبدالرحمٰن امرتسری صاحب نے بھی کچھ زیادہ توجہ نہیں کی۔ اسی بیماری کی حالت میں وہ واپس بغداد آئے۔ یہاں ان دنوں برطانوی قنصل خانے میں منجملہ اور اصحاب کے اردو کے مشہور مصنف (بلکہ ہمارے ہاں رومانی تحریک کے بانیوں میں سے) سید سجاد حیدر یلدرم بھی ملازم تھے۔ انھوں نے بہت مدد کی۔ قصہ کوتاہ آہ بہت زار و نحیف حالت میں واپس بمبئی پہنچے۔ یہاں ان کی حالت روز بروز بد سے بدتر ہوتی گئی۔ مولانا خیرالدین انھیں علاج کے لیے کلکتہ لے گئے، لیکن بیسویں دن ۱۹۰۶ء میں ان کا انتقال ہو گیا۔[۷۶] مانک تلا کے خاندانی حصہ قبرستان میں مدفون ہیں۔

۱۹۰۵ء کے شروع میں مولانا شبلی بمبئی آئے۔ وہ ان ایام میں حیدرآباد میں ناظم سررشتہ علوم و فنون کے عہدے پر فائز تھے۔ مولانا آزاد کی ان سے تین چار برس سے خط و کتابت تھی، لیکن ملاقات پہلی مرتبہ یہیں بمبئی میں ہوئی اور دونوں ایک دوسرے کے مقام شناس ہو گئے۔ دارالعلوم ندوۃ العلما

۷۴۔ آزاد کی کہانی، ۲۱۱ یہاں اس سفر کی تاریخ ۱۹۰۴ء درج ہے، یہ غلط معلوم ہوتی ہے، صحیح ۱۹۰۵ء ہو گی اور وہ بھی اپریل کے بعد۔

۷۵۔ ایضاً، ۱۷۹

۷۶۔ ایضاً، ۱۸۰ میں سالِ وفات ۱۹۰۰ء لکھا ہے۔ یہ ٹھیک نہیں۔ ان کا انتقال ۱۹۰۶ء میں ہوا۔ ان کی وفات پر مقبول حسین وصل بلگرامی نے اپنے پرچے عالمگیر کے اکتوبر ۱۹۰۶ء میں ایک شذرہ بھی لکھا تھا۔

لکھنؤ کا مشہور رسالہ "الندوہ" جاری ہو چکا تھا اور مولانا شبلی ہی اس کے ایڈیٹر تھے۔ انھوں نے مولانا آزاد سے کہا کہ اگر آپ کو "الندوہ" کی ترتیب و اشاعت اپنے ہاتھ میں لے لو لیکن اس وقت مولانا آزاد کسی باعث یہ پیشکش قبول نہ کر سکے۔

مولانا شبلی چند دن کے قیام کے بعد حیدر آباد چلے گئے۔ دراصل انھوں نے حیدر آباد کی ملازمت سے استعفیٰ دے دیا تھا اور اگرچہ مدار المہام یعنی وزیر اعظم نے اسے منظور کر لیا تھا، ہنوز اعلیٰ حضرت نظام کی طرف سے اس کی تصدیق نہیں ہوئی تھی۔ جب یہ حیدر آباد پہنچے، تو یہ تصدیق بھی مل گئی۔ اور وہ فروری ۱۹۰۵ء کے آغاز میں حیدر آباد سے پہلے اپنے وطن اعظم گڈھ اور وہاں سے لکھنؤ آ گئے۔[۷۷] یہاں سے انھوں نے مولانا آزاد کو دوبارہ دعوت دی کہ آیئے اور الندوہ کو سنبھال لیجیے۔ اب کے انھوں نے اسے منظور کر لیا۔ اور لکھنؤ چلے گئے۔ یہاں ان کا قیام مولانا شبلی ہی کے ساتھ رہا۔ دن رات کا ایک ساتھ اٹھنا بیٹھنا رہا۔ شبلی بھی اپنے مطالعے اور وسعتِ نظر اور ترقی پسندانہ خیالات میں ایک فرد تھے۔ مولانا آزاد نے یقیناً ان کی صحبت سے بہت فائدہ اٹھایا۔ وہ اکتوبر ۱۹۰۵ء سے مارچ ۱۹۰۶ء تک چھ مہینے الندوہ کے ادارۂ تحریر میں منسلک رہے۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ انھوں نے الندوہ سے کیوں قطع تعلق کیا۔ خود انھوں نے لکھا ہے کہ "بمبئی میں ایک ایسا واقعہ پیش آیا کہ میں لکھنؤ چھوڑنے پر مجبور ہوا اور بمبئی چلا آیا۔ یہ واقعہ کیا تھا اور اس کا ان سے کیا تعلق تھا، ہمیں اس کی کوئی اطلاع نہیں۔ بہر حال وہ مارچ ۱۹۰۶ء میں الندوہ سے قطع تعلق کر کے بمبئی چلے گئے۔ انجمن حمایت اسلام کے جلسوں کے دوران میں ان کا تعارف وکیل امرتسر کے مالک شیخ غلام محمد سے ہو چکا تھا، جو اپنے زمانے کا مشہور اخبار تھا۔ یہ ہفتے میں تین مرتبہ شائع ہوتا تھا اور ملک میں اس کی رائے اور پالیسی کی بہت قدر تھی۔ لاہور سے واپسی کے بعد وہ وکیل کے لیے مضمون بھی لکھنے لگے تھے۔ اب جو الندوہ کا تعلق باقی نہ رہا، تو شیخ غلام محمد نے انھیں لکھا کہ اگر آپ چاہیں تو یہاں آ جایئے اور وکیل کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لیجیے۔ چنانچہ یہ بمبئی سے پہلے لاہور اور پھر وہاں سے اپریل ۱۹۰۶ء میں امرتسر پہنچ گئے۔ یہاں آنے کے کچھ مدت بعد ان کے بڑے بھائی مولانا غلام یٰسین آہ کا انتقال ہو گیا۔ جنھیں ان کے والد دراصل اپنی جانشینی کے لیے تیار کر رہے تھے اور جیسا کہ مولانا آزاد نے لکھا ہے، وہ بھی مذہبی عقائد میں محفوظ و تذکیر کے طور طریقے، چال ڈھال، وضع و کردار غرض تمام باتوں میں اپنے والد کے

۷۷۔ حیاتِ شبلی: ۴۰۸ - ۴۰۹ ۷۸۔ آزاد کی کہانی - ۳۱۷

قدم بقدم تھے[79] ان کی جوان مرگی کا مولانا خیرالدین کو صدمہ ہونا ہی چاہیے تھا۔ اب ان کی امیدوں کا سہارا لے دے کے مولانا آزاد کی ذات رہ گئی۔ بھائی کے انتقال کی خبر سن کر یہ پہلے ہی دل برداشتہ ہو رہے تھے۔ والد نے خط لکھا اور پھر انھیں لانے کو آدمی امرتسر بھیج دیا، چنانچہ یہ نومبر ۱۹۰۶ء میں وکیل سے قطع تعلق کر کے کلکتہ چلے گئے۔ یوں گویا یہاں تقریباً سات مہینے وکیل کے ایڈیٹر رہے[80]۔ گمانِ غالب ہے کہ والد نے ضرور انھیں اپنے مسلک پہ ڈھالنے کی کوشش کی ہوگی لیکن یہ بہت پہلے سے کچھ کچھ کے محمد داد اور قدامت پسندانہ ماحول کی وجہ سے، اور کچھ سرسید احمد خاں کی تصنیفات کے اثر سے بالکل آزاد خیال ہو چکے تھے۔ اس لیے یہ کسی طرح ان کی متمان پر پورے نہیں اتر سکتے تھے۔ یہاں کلکتہ میں وہ چند ایک ہفتہ وار اخبار 'دارالسلطنت' کے ادارۂ تحریر سے متعلق رہے، لیکن ان کی اس کے مالکوں سے نبھ نہ سکی۔ وہ کچھ نیم سرکاری قسم کے لوگ تھے، قدم پھونک پھونک کر رکھنے والے اور سرکارِ دولتمدار کی چشم و ابرو کے اشاروں کی رعایت کرنے والے۔

ادھر مولانا آزاد وکیل کے زمانۂ ادارت میں ہندستان تو الگ رہا، دنیا جہان کی سیاست اور عالمِ اسلامی کے معاملات پر رائے زنی کرتے رہے تھے۔ وہ بھلا کسی پابندی سے کیونکر خوش رہ سکتے تھے۔ بہ غرض کہ یہ دارالسلطنت سے الگ ہو گئے۔ چونکہ امرتسر سے علیحدگی کسی اختلاف کی بنا پر نہیں ہوئی تھی، وہ تو خانگی حالات کی مجبوری کا نتیجہ تھی۔ اس لیے یہ اگلے ہی برس یعنی اگست ستمبر ۱۹۰۷ء میں امرتسر چلے گئے[81]۔ اب کے انھوں نے اخبار میں یہ تبدیلی کی کہ اسے ہفتہ میں تین مرتبہ چھاپنے کی بجائے سہ روزہ کر دیا یعنی ہفتہ میں دو بار۔

یہاں ایک بات قابلِ ذکر ہے۔ کہ اس زمانے میں مولانا عبداللہ العمادی بھی ان کے ساتھ وکیل میں کام کرتے رہے[82]۔ مولانا عمادی بڑے فاضل اور خوبیوں کے مالک تھے۔ وہ اپنا نام 'خدا بندہ' لکھا کرتے تھے، جو عبداللہ کا ترجمہ ہے۔ مولانا آزاد اور مولانا عمادی کی خوب گاڑھی چھنی۔ یہ انھیں تعلقات کا نتیجہ تھا کہ بعد کو جب مولانا آزاد نے الہلال جاری کیا تو مولانا عمادی بھی اس کے ادارۂ تحریر

۷۹۔ ایضاً، ۱۸۱ ۸۰۔ ایضاً ۳۱۹

۸۱۔ ایضاً، ۳۲۳ یہاں وکیل سے دونوں تعلقات کے درمیان آٹھ مہینے کا فاصلہ لکھا ہے۔

۸۲۔ اردو ادب (آزاد نمبر) ۱۹۵۹ء، ۲۷۸

میں شامل ہو گئے۔ ان کا میں انتقال ہوا[۸۳]

وکیل سے یہ دوسری مرتبہ کا تعلق بھی نو دس مہینے سے زیادہ نہیں رہا۔ وہ وسط ۱۹۰۸ء کے بعد (تقریباً جولائی اگست میں) وکیل سے مستعفی ہو گئے۔ امرتسر سے پہلے بھوپال گئے اور وہاں اپنی ہمشیرہ اکبر بیگم سے ملتے ہوئے بمبئی کے راستے پونا چلے گئے۔ پنجاب میں گرمی کا موسم بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔ اس سال برسات بھی بہت کم ہوئی تھی۔ اس لیے یہ امرتسر کے قیام کے زمانے میں بیمار ہو گئے، چنانچہ بحالیِ صحت کے لیے پونا کا موسم بہت اچھا رہا[۸۴]

یہیں پونا میں تھے کہ کلکتہ سے والد کی شدید علالت کا تار ملا۔ یہ والد کے پرانے خادم حافظ ولی اللہ بنارسی کے ساتھ کلکتہ روانہ ہو گئے۔ ۱۵ اگست کی صبح کو وہاں پہنچے۔ اگرچہ یہ ان کا مرض الموت تھا لیکن ہوش و حواس آخر تک قائم رہے۔ آتے جاتے کو پہچانتے تھے، خود مولانا آزاد سے وفات سے آدھ گھنٹہ پہلے تک باتیں کرتے اور مختلف قسم کی ہدایتیں اور وصیتیں کرتے رہے۔ حافظ ولی اللہ نے جب حالت غیر دیکھی تو سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کر دی۔ انھیں اشارے سے منع کر دیا اور خود سورۂ یٰسین پڑھنے لگے۔ دس پندرہ منٹ بعد جان، جان آفریں کے سپرد کر دی[۸۵] انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جب ان کی بیوی کا ۱۸۹۹ء میں انتقال ہوا ہے تو انھوں نے مانک تلہ کے قبرستان میں ان کی قبر پر ایک مختصر سا گنبد نما مقبرہ بنوا دیا تھا، اور اسی کے پہلو میں اپنے لیے بھی جگہ چھوڑ دی تھی۔ وہیں دفن ہوئے ان کے مرید ہر سال ۱۷ رجب کو یہاں عرس کیا کرتے تھے، بوجوہ ۱۹۶۰ء کے بعد یہ نہ ہو سکا۔ سننے میں آیا ہے کہ اب پھر اس کی تجدید ہونے والی ہے۔

اب یہ گویا ہر طرح آزاد ہو گئے۔ تیغ فرد نے غم کا لا۔ انھوں نے ہندستان سے باہر جانے کا پروگرام بنایا، چنانچہ عراق، لبنان، مصر کی سیر کرتے ہوئے فرانس تک پہنچے۔

۸۳۔

۸۴۔ آزاد کی کہانی، ۳۲۴، ۳۲۵ ۸۵۔ آزاد کی کہانی، ۱۴۶ - ۱۴۷

کتابیات

۱۔ آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی — مرتبہ عبدالرزاق ملیح آبادی — (دہلی، اپریل ۱۹۵۸ء)
۲۔ مولانا ابوالکلام آزاد (انگریزی) — مرتبہ ہمایوں کبیر — (بمبئی ، ۱۹۵۹ء)
۳۔ اخبار الاخیار — از شیخ عبدالحق محدث دہلوی — (دہلی ، ۱۳۳۲ھ)
۴۔ انڈیا ونس فریڈم (انگریزی) — مرتبہ ہمایوں کبیر — (کلکتہ ، ۱۹۵۹ء)
۵۔ تذکرہ — از ابوالکلام آزاد — مرتبہ فضل الدین احمد مرزا — (طبع ثانی، دلی، ۱۹۶۸ء)
۶۔ حیاتِ جاوید — از الطاف حسین حالی — (علی گڈھ ، ۱۹۲۶ء)
۷۔ حیاتِ شبلی — از سید سلیمان ندوی — (اعظم گڈھ ، ۱۹۴۳ء)
۸۔ خطباتِ عالیہ (۱) — مرتبہ حاجی انوار احمد مارہروی — (علی گڈھ ، ۱۹۲۸ء)
۹۔ خم خانۂ جاوید (۱) از لالہ سری رام — (لاہور ۱۹۰۸ء)
۱۰۔ ذکرِ آزاد — از عبدالرزاق ملیح آبادی — (کلکتہ ، ۱۹۶۰ء)
۱۱۔ غالب — از غلام رسول مہر — (لاہور ، ۱۹۴۶ء)
۱۲۔ غبارِ خاطر — از مولانا ابوالکلام آزاد مرتبہ مالک رام — (دلی ، ۱۹۶۷ء)
۱۳۔ غیر مطبوعہ تحریر (قلمی) از مولانا ابوالکلام آزاد
۱۴۔ مرقع کانفرنس — مرتبہ حاجی انوار احمد مارہروی — (علی گڈھ ، ۱۹۳۵ء)
۱۵۔ منتخب التواریخ (۳) از عبدالقادر بدایونی — (کلکتہ ، ۱۸۶۹ء)
۱۶۔ مولانا آزاد (انگریزی) از مہادیو ڈیسائی — (راج ہنس پریس دہلی)
۱۷۔ نقشِ آزاد — مرتبہ غلام رسول مہر — (لاہور ، ۱۹۵۸ء)

رسائل وغیرہ

۱۸۔ آجکل (ماہنامہ) دلی ، — ستمبر ۱۹۵۹ء ؛ اپریل ۱۹۶۲ء
۱۹۔ اردو، سہ ماہی کراچی — اکتوبر ۱۹۶۶ء
۲۰۔ اردو ادب (آزاد نمبر) علی گڈھ — ۱۹۵۹ء

۲۱۔ صبح (ماہنامہ) دلی، مارچ ۱۹۶۷ء
۲۲۔ عالمگیر (ماہنامہ) لکھنؤ، اکتوبر ۱۹۰۶ء
۲۳۔ لسان الصدق (ماہنامہ) کلکتہ، جون / جولائی ۱۹۰۴ء ؛ اپریل / مئی ۱۹۰۵ء
۲۴۔ ہندستان ٹائمز (روزنامہ انگریزی)، دلی ، ۱۴ اپریل ۱۹۶۶ء

علمی مجلس کی نئی پیشکش

علمی مجلس نے پچھلی تباہی میں دو نئی کتابیں شائع کی ہیں :

(۱) کلیات میر (حصہ اول) مرتبہ ظلّ عباس عباسی

اس حصے میں میر کے چھ دیوانوں کی غزلیات شامل ہیں۔ یہ نسخہ اس کی زندگی کے کلکتہ ایڈیشن (۱۸۱۱ء) پر مبنی ہے۔ اس کے شروع میں تعارف از رشید احمد صدیقی؛ میر کے حالات از قاضی عبدالودود؛ میر کے مطالعہ کی اہمیت از آل احمد سرور اور میر کی عالمگیر مقبولیت از فراق گورکھپوری ـــــ چار نثری مضامین شامل ہیں۔ ان کے علاوہ ایک فصل میں میر کے حالات سے متعلق جو کچھ مختلف تذکروں میں ملتا ہے، یکجا کر دیا گیا ہے۔

پہلی مرتبہ میر کا کلیات اس اہتمام اور وسعت سے شائع ہوا ہے۔ صفحات : ۸۴۰

قیمت مضبوط کپڑے کی جلد : ۲۵ روپیہ ۔ غیر مجلد : ۲۰ روپیہ

(۲) کلیات مصحفی مرتبہ نثار احمد فاروقی

یہ مصحفی کا دوسرا دیوان ہے، جو پہلی مرتبہ شائع ہوا ہے۔ اس کا متن اس قلمی نسخے پر مبنی ہے، جو کسی زمانے میں شور لکھنوی اور بعد کو جعفر علی خاں اثر لکھنوی کے کتابخانے میں رہا۔ اس کی ترتیب میں رام پور اور حیدرآباد کے خطی نسخوں سے مدد لی گئی ہے۔

شروع میں مالک رام کا پیش لفظ ہے۔

علمی مجلس کے منصوبے میں مصحفی کے تمام دواوین کی اشاعت شامل ہے۔

صفحات : ۲۵۶ قیمت مجلّد : ۷۵ - ۶ روپیہ ؛ غیر مجلد : ۶ روپیہ

علمی مجلس ۱۴۲۹ چھتہ نواب صاحب، فراشخانہ دلّی ۶

گوپی چند نارنگ

مستشرقین کی بین الاقوامی کانگرس

(ستائیسواں اجلاس)

مستشرقین کی بین الاقوامی کانگرس دنیا میں محققین کی سب سے بڑی جماعت ہے۔ اس کے اجلاس ۱۸۷۳ء سے لے کر اب تک باقاعدگی سے مختلف ملکوں میں ہوتے رہے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد اس کے اجلاس کیمبرج (۱۹۵۴ء)، میونخ (۱۹۵۷ء) اور ماسکو (۱۹۶۰ء) میں ہو چکے ہیں۔ ۱۹۶۴ء میں کانگرس کو ہندوستان میں مدعو کیا گیا تھا اور اس کے اجلاس دلّی یونیورسٹی میں ہوئے تھے۔ اسی موقع پر آئندہ کانگرس کے لیے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی طرف سے دعوت دی گئی تھی، جو منظور کر لی گئی۔ طے پایا تھا کہ ۱۴ سے ۲۰ اگست ۱۹۶۷ء تک اس کے اجلاس آن آربر مشی گن یونیورسٹی میں ہوں گے۔ پروفیسر نارمن براؤن جو امریکہ میں ہندیات کے سربراہ ہیں، اس کے صدر اور مشی گن یونیورسٹی کے پروفیسر رشل فیلڈ سکریٹری جنرل مقرر کیے گئے تھے۔ حکومت ہند نے اپنے وفد کی تیاری تقریباً ایک سال پہلے شروع کر دی تھی، لیکن زرِ مبادلہ کی قلت کی وجہ سے آخری وقت تک کچھ یقین نہیں تھا کہ وفد جا سکے گا یا نہیں۔ کانگرس کی طرف سے دو خاص چارٹر جہاز ۱۲ اگست اور ۱۳ اگست کو بالترتیب فرینک فرٹ اور پیرس سے روانہ ہونے تھے۔ مجھے مطلع کیا گیا کہ میری جگہ پیرس کے جہاز میں محفوظ کر دی گئی ہے اور مجھے ۱۳ اگست سے پہلے پہلے وہاں پہنچ جانا چاہیے۔ چنانچہ میں ۱۲ اگست کی صبح کو ایر انڈیا کا مٹ جٹ سے پیرس کے لیے روانہ ہوا۔ پیرس پہنچتے پہنچتے شام ہو گئی۔

رات پیرس ہلٹن میں ایر انڈیا کا مہمان رہا۔ دوسرے دن بین امریکن کے چارٹر بوئنگ سے امریکہ کے لیے روانگی تھی۔ یہیں اور لی پر ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی، ڈاکٹر محمد حمید اللہ، ڈاکٹر اپادھیائے اور لندن کے پروفیسر برٹن پیج اور آر جی بالڈ ٹکر، لائیڈن کے پروفیسر گوتم اور جینوا کے پروفیسر مکرجی اور کئی دوسرے احباب سے ملاقات ہوگئی۔ جہاز پر دونوں دروازوں کے قریب مستشرقین کی بین الاقوامی کانگرس اور مشی گن یونیورسٹی کا نام جلی حروف میں لکھا ہوا تھا۔ سوار ہوتے ہی پائلٹ کی طرف سے مندوبین کا خیر مقدم کیا گیا۔ پیرس سے ڈی ٹرائٹ مشی گن تک کا سفر جس کا زیادہ تر حصہ بحر اوقیانوس کے اوپر پرواز تھی، تقریباً نو گھنٹے میں طے ہوا۔ پیرس اور مشی گن میں پانچ گھنٹوں کا فرق ہے، چنانچہ جب ہم ڈی ٹرائٹ پہنچے تو ابھی رات کے ساڑھے بارہ بجے تھے۔ مشی گن کیمپس وہاں سے تقریباً تیس میل دور ہے۔ کانگرس کی طرف سے بسوں کا نہایت عمدہ انتظام تھا۔ یونیورسٹی کے طلبہ اور طالبات "مددگار" اور "میزبان" کے بلّے لگائے استقبال کے لیے موجود تھے۔

دوسرے دن صبح آٹھ بجے سے اجلاس شروع تھے۔ میں مشی گن یونیورسٹی میں آنے کا یہ دوسرا اتفاق تھا۔ پچھلی بار ۱۹۶۴ء میں سخت سردیوں میں یہاں پہنچا تھا، جب ہر طرف برف ہی برف تھی۔ اب عالم ہی دوسرا تھا۔ جاتی گرمیوں کی ہلکی ہلکی دھوپ میں عمارتیں، سڑکیں، سبزہ ہر چیز خوشنما معلوم ہوتی تھی۔ جگہ جگہ یونیورسٹی کے ڈیڑھ سو سالہ جشن کے بورڈ لگے ہوئے تھے۔ مستشرقین کی کانگرس کی میزبانی بھی انہیں تقریبات کے سلسلے کی ایک کڑی تھی۔ چند ماہ پہلے صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر ذاکر حسین انہیں تقریبات کا افتتاح کرنے اور جلسۂ تقسیم اسناد کا خطبہ پڑھنے کے لیے یہاں تشریف لائے تھے۔ کیمپس کے بیچوں بیچ نہایت وسیع اور خوشنما سبزہ زار ہیں۔ جا بجا برج اور ایلم کے درخت ہیں۔ پیدل چلنے کے راستے دَتَر کی صورت میں کاٹے گئے ہیں اور دونوں طرف پھولوں کے تختے بچھے ہوئے ہیں۔ اِدھر اُدھر یونیورسٹی کی عمارتیں پھیلی ہوئی ہیں۔ سامنے اسٹیٹ اسٹریٹ ہے جس پر طلبہ کے رستوران اور قہوہ خانے ہیں، کتابوں کی دکانیں،

پینی اسٹور اور بعض دوسری ضروری دکانیں بھی اسی سڑک پر ہیں۔ مندوبین کے ٹھہرنے کا انتظام جنوبی اور شمالی رہائشگاہوں میں تھا۔ کھانے کے کمرے بھی وہیں تھے۔ زیادہ رونق جنوبی رہائشگاہ میں رہی۔ یہاں بیٹھنے کے کمرے بہت عمدہ تھے؛ لوگ مقالوں سے نمٹ کر بالعموم یہیں پہنچ جاتے تھے اور رات گئے تک ملاقاتوں اور تبادلۂ خیال کا سلسلہ جاری رہتا۔ مرکزی دفتر ایکم ہال میں تھا۔ سفر کے ٹکٹ، ڈاک، قیام وطعام کے انتظامات کے شعبے سب یہیں تھے۔ اوپر کے کمرے اور ایمپی تھیٹر "جدید جنوبی ایشیا" کے جلسوں کے لیے وقف کر دیے گئے تھے۔ "قدیم ایشیا" کے جلسوں کا انتظام اینگلز اور میسن ہال میں تھا۔ یونین اور مشی گن کی عمارتیں مصریات اور اسلامیات کے جلسوں کے لیے محفوظ تھیں۔ اگرچہ مندوبین کو کیمپس کے نقشے دے دیے گئے تھے، پھر بھی مختلف عمارتوں کو جانے والے راستوں پر مختلف رنگوں سے تیر کے نشان بنا کر چپکا دیے گئے تھے۔ جس سے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے آنے میں بڑی سہولت ہو گئی۔

مشی گن کی کانگرس اب تک کی کانگرسوں میں سب سے بڑی تھی۔ تقریباً اسّی ملکوں سے ڈھائی ہزار مندوبین نے شرکت کی۔ اس میں حسب ذیل دس شعبے تھے:

۱۔ قدیم مشرق قریب	۲۔ مشرقِ قریب اور اسلامی دنیا
۳۔ قدیم اور کلاسکی جنوبی ایشیا	۴۔ جدید جنوبی ایشیا
۵۔ جنوب مشرقی ایشیا	۶۔ قدیم چین
۷۔ جدید چین	۸۔ جاپان
۹۔ کوریا	۱۰۔ وسط ایشیا

ان شعبوں کے علاوہ مندرجہ ذیل چھ خصوصی موضوعات سے متعلق مباحثوں کا انتظام تھا:۔

۱۔ ایشیا میں آبادی کے مسائل۔
۲۔ مشرقی تھیٹر میں موسیقی
۳۔ ایشیائی ممالک کے قوانین میں تبدیلیاں۔

۴ - لسانیات اور مشرقی زبانیں
۵ - افسانوی ادب کا روایتی ڈھانچہ اور جدید ادبی تحریکیں۔
۶ - ایشیائی آرٹ میں روایت اور اجتہاد۔

پاکستان سے جناب رضی واسطی اور ڈاکٹر محمود الحسن تشریف لائے تھے۔ ڈاکٹر محمد باقر جو ان دنوں یورپ میں لکچر دینے کے لیے آئے ہوئے تھے، کانگرس میں دعوت خاص پر شریک ہوئے تھے۔ ان کا مقالہ "قدیم ہند و ایران کے تعلقات اور فارسی کے اثرات" کے موضوع پر تھا۔ پاکستان میں تیمور گڑھ کے مقام پر جو اثری مسالا حال ہی میں دستیاب ہوا ہے، ڈاکٹر محمد باقر نے اس کے حوالے سے بتایا کہ فارسی زبان کشان حکمرانوں کے زمانے ہی میں ہندستان پہنچ چکی تھی۔ انہوں نے ان کتبوں کا بھی حوالہ دیا جو سرخ کوتل (بغلان) میں دستیاب ہوئے ہیں اور جن میں دری اور فارسی کے الفاظ شامل ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ فارسی کی پہلی نثری کتاب چندر گپت کے وزیر چانکیہ کی زہر کے اثرات سے متعلق سنسکرت تصنیف کا ترجمہ تھی۔ اسے آٹھویں صدی عیسوی میں ایک ہندستانی طبیب مانک نامی نے خلیفہ ہارون الرشید کے وزیر یحییٰ بن خالد برمکی کے لیے فارسی میں ترجمہ کیا تھا۔ یہ کتاب اب دستیاب نہیں ہوتی، ورنہ فارسی نثر کا قدیم ترین نمونہ قرار پاتی۔ ڈاکٹر محمد باقر نے فارسی اثرات کی اس داستان کو دسویں صدی عیسوی تک پہنچایا اور بتایا کہ مسلمانوں کے باقاعدہ ہندستان میں آنے سے بہت پہلے شمال مغربی ہندستان میں فارسی کے لیے زمین ہموار ہو چکی تھی۔

ہندستانی مسلمانوں کی لسانیات سے متعلق آٹھ دس مقالے پڑھے گئے۔ ان میں سے دو ہندی اور اردو افعال کے بارے میں، ایک ایک بنگالی اور گڑھوالی کے، اور باقی دراوڑی زبانوں کے بارے میں تھے۔ پروفیسر کرشنا مورتی نے جو جامعۂ عثمانیہ میں تلگو کے شعبے کے صدر ہیں، اپنے مقالے میں دراوڑی زبانوں کی روایتی تقسیم کو نظر ثانی کا محتاج قرار دیا۔ اور ان کی نئی درجہ بندی کا خاکہ پیش کیا۔ دراوڑی زبانوں کے چوٹی کے ماہر پروفیسر امانوف نے اپنی صدارتی تقریر میں نئی تقسیم کی بنیادی باتوں سے اتفاق کیا۔ ڈاکٹر سنیتی کمار

چٹرجی نے ہندستان اور حبش کے قدیم تعلقات پر روشنی ڈالی اور حوالوں اور مثالوں میں ایشیائی زبانوں پر اپنی دسترس کا حیرت انگیز ثبوت دیا۔ ہمایوں کبیر صاحب نے کوئی مقالہ نہیں پڑھا، لیکن بعض بحثوں میں گرم جوشی سے حصہ لیا۔ ایسی ایک بحث پروفیسر فوزی نظر کے مقالے "اسلام اور سوشلزم" پر ہوئی۔ مقالہ نگار نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ اسلام اور سوشلزم میں گہری ہم آہنگی ہے، اور اس میں سوشلزم کے عناصر شروع سے ملتے ہیں۔ ہمایوں کبیر صاحب نے وضاحت کی کہ سوشلزم سے مراد صرف سماجی عدل یا مساوات نہیں، اس کی ایک اقتصادی معنویت بھی ہے اور اسلام میں اسے تلاش کرنا مناسب نہ ہوگا۔

جدید ہندستانی ادبیات پر مقالوں کی تعداد کُل ملا کر پندرہ سے زیادہ نہیں ہوگی۔ اردو کے بارے میں تین مقالے تھے، اور اس لحاظ سے یہ زبان خاصی نمایاں رہی۔ چیکوسلوواکیہ کے یان ماریک بھی اردو سے متعلق مقالہ پڑھنے والے تھے لیکن وہ کمیونسٹ بلاک کے بائیکاٹ کی وجہ سے شریک نہیں ہو سکے۔ پڑھے جانے والے مقالوں میں ایک ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی کا، ایک شکاگو یونیورسٹی کے چودھری نعیم کا اور تیسرا میرا تھا۔ خواجہ صاحب نے وہابی تحریک کے اردو مآخذ پر ایک جامع مقالہ پڑھا اور غیر معروف مآخذ کی وضاحتی کتابیات بھی پیش کی گئی جسے پسند کیا گیا۔ چودھری محمد نعیم نے اپنے مقالے میں اردو زبان و ادب پر ہند و پاک کی حالیہ جنگ کے اثرات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دونوں طرف کے ادیبوں اور شاعروں کی تخلیقات کا تقابلی مطالعہ پیش کیا اور بتایا کہ اس سے باہمی یگانگت اور رواداری کے قدیم رشتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ پاکستان کے ادیبوں نے اس سے نسبتہً زیادہ اثر لیا ہے، لیکن عام طور پر دونوں طرف ہنگامی اور وقتی چیزیں ہی سامنے آئی ہیں۔

میں نے اپنے مقالے میں اردو افسانے کے بنیادی رجحانات کا ذکر کیا تھا۔ میرے نزدیک پہلا رجحان پریم چند کا، دوسرا جمالیاتی افسانہ نگاروں کا اور تیسرا سماجیاتی اور جنسی افسانے کا تھا جو ترقی پسند تحریک کے ساتھ سامنے آیا۔ آزادی کے بعد فسادات

کے افسانوں کو چوتھے رجحان کی ذیل میں رکھا گیا۔ خواتین افسانہ نگار اور عورت کے نقطۂ نظر سے لکھے گئے گھریلو اور جنسی افسانوں پر بھی الگ سے روشنی ڈالی گئی۔ چھٹا بنیادی رجحان تقسیم کے المیے کو تہذیبی سطح پر پیش کرنے کا تھا۔ پاکستان کو ہجرت کرنے والے اتر پردیش کے مسلمان متوسط طبقے کی تہذیبی اقدار کا ماتم، مشترک ہندستانی تہذیب کے ایک موڑ پر پہنچ کر سوالیہ نشان بن جانے کا احساس اور صدیوں سے لکھی جانے والی ایک مشترک داستان کے یکلخت ختم ہو جانے کا افسوس، اس قسم کے افسانوں میں موجِ تہ نشیں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آخری بنیادی رجحان عام انسان اور اس کے داخلی مسائل سے متعلق غیر سماجیاتی افسانے کا ہے جو نئی نسل کے ذریعے سامنے آرہا ہے۔

اس سے بحث کرتے ہوئے اس بات پر خاص طور سے توجہ دلائی گئی کہ وجودیت کے خیالات مغرب میں تقریباً تین دہائیوں سے مقبول ہو رہے ہیں، لیکن ہمارے ہاں ان کا اثر پچھلے چند برس میں قبول کیا گیا ہے۔ اس لیے نہیں کہ ہم نے یکلخت صنعتی منزلِ ترقی کی بہت سی طے کر لی ہیں اور ہمیں بھی انہیں مسائل کا سامنا ہے جو مغرب میں صنعتی تہذیب کی حشر سامانی سے پیدا ہوئے ہیں۔ بخلاف اس کے ہم ابھی تک قدیم و جدید کی کشمکش میں گرفتار ہیں، لیکن موجودہ دَور خوابوں کی شکست کا دور ہے۔ حکمراں طبقے کی بدعنوانیوں اور قول و فعل کے تضاد سے ملک میں بددلی اور مایوسی کی ایک ایسی فضا پیدا ہو گئی ہے جس نے ادب کی سطح پر سماج سے بے تعلقی اور غیریت کے احساس کو عام کر دیا ہے اور وجودیت کے اثرات کے لیے راہ کھول دی ہے۔ اردو کے حقوق کی پامالی نے شکست خوردگی کے جذبات کو اور ہوا دی ہے۔ اگرچہ ایک غیر ترقی یافتہ ملک میں ادیب اپنی سماجی ذمہ داری سے یکسر غافل نہیں رہ سکتا، لیکن سماجی بے تعلقی کے موجودہ رجحان کا تعلق روحِ عصر کے تقاضوں سے بھی ہے۔ نیز مقصدیت کی حد سے بڑھی ہوئی لے کے ردِ عمل کا زور بھی ابھی باقی ہے۔ نئی نسل کی کوششوں کو اسی لیے ہمدردی سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔

ڈاکٹر شیشر کمار داس نے جو لندن یونیورسٹی کے تعلیم یافتہ ہیں اور آج کل کارنیل یونیورسٹی

(نیویارک) میں کام کر رہے ہیں، بنگالی ادب کی تاریخ کے مسائل پر روشنی ڈالی اور ایک نئی جامع تاریخ کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اپنے مقالے میں ان کوششوں کا ذکر کیا جو بنگالی ادب کی تاریخ کے سلسلے میں انیسویں صدی کے وسط سے اب تک ہوئی ہیں انہوں نے بتایا کہ ادبی تاریخ کا تصور بنگال میں وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتا رہا ہے شروع میں جب ہندستان کی تاریخ میں دلچسپی لی جانے لگی تو ادبی تاریخ پر بھی توجہ ہوئی چنانچہ اس میں بھی وہی اصول اور طریقے مدنظر رکھے جاتے تھے جو سیاسی یا سماجی تاریخ کے لیے کارآمد ہوتے ہیں۔ بعد میں مخطوطات کی دریافت اور لوک ادب کے نئے ذخیروں کے دستیاب ہونے سے زمانے اور مصنف کے تعین اور متن کی تنقیح کے مسائل سامنے آئے اور ادبی تاریخ کو منفرد قسم کی تاریخ سمجھنے کا شعور پیدا ہوا۔ ڈاکٹر داس نے داس گپتا اور سین کی ضخیم بنگالی تاریخوں کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا کہ ادبی تاریخ، ادبی سوانح نگاری یا ادبی تنقید سے الگ ضابطہ رکھتی ہے۔ اس لحاظ سے بنگال میں اب تک ادبی تاریخ کا ڈھانچہ تو پیش کر دیا ہے، لیکن ایک جامع تاریخ کی ضرورت اب بھی باقی ہے۔

پروگرام میں ہندستان سے متوقع محققین میں جناب مالک رام "اسلام میں رجم یعنی سنگ ساری"، پروفیسر آصف علی اصغر فیضی "قاضی نعمان"، پروفیسر خلیق احمد نظامی "اسلام ایشیا میں"، ڈاکٹر مختار الدین احمد "عربی شاعری کا ایک نایاب تذکرہ"، اور سید اوصاف علی "فارسی کا ایک غیر معروف لغت" پر مقالے پڑھنے والے تھے۔ لیکن یہ حضرات بوجوہ تشریف نہیں لا سکے اور ان کی کمی برابر محسوس کی گئی۔ روس سے نہ آنے والوں میں اے۔ ایم مرزا ذف کو "رودکی سے منسوب الحاقی کلام"، کے۔ ایس مینی کو "سام نامہ کا اصل مصنف"، ایس۔ ایس جکیہ کو "سولہویں صدی کی ترکی دستاویزیں" اور یون گرولیوین کو "وسط ایشیا میں نو دریافت شدہ سنسکرت تحریریں" پر مقالے پیش کرنا تھے۔ پروفیسر عزیز احمد اپنا مقالہ "اٹھارہویں صدی کا نظریۂ خلافت" پیش کرنے کے لیے ٹورنٹو یونیورسٹی کنیڈا سے تشریف لائے تھے لیکن طبیعت کی ناسازی کی وجہ سے جلد ہی واپس چلے گئے۔

مشرق قدیم کے شعبہ میں ایک دلچسپ مقالہ لندن یونیورسٹی کے اسکول آف اورینٹل اینڈ افریقن اسٹڈیز کے پروفیسر آرچی بالڈ ٹکیر کا تھا۔ انہوں نے شمال مشرقی یوگنڈا میں ایک ایسی قبائلی نسل کا پتہ چلایا ہے جس کی زبان مسیح سے پہلے کی مصری زبان سے مشابہت رکھتی ہے۔ اس سے قدیم مصری آبادی کے یوگنڈا کو ہجرت کرنے کا ناقابلِ تردید ثبوت فراہم ہوگیا ہے۔ پروفیسر ٹیکر نے بتایا کہ مصری سلطنت کے زوال کے بعد یہاں کے لوگ حملہ آوروں کے ڈر سے مشرقی افریقہ کی طرف چلے گئے تھے۔ ۷۰۰ ق م میں مصریوں نے خرطوم سے شمال میں اپنا دارالخلافہ نپاطہ کو بنایا۔ پروفیسر ٹیکر نے (E K) ایک قبیلے کی زبان سے مثالیں پیش کرکے بتایا کہ اس کی لفظیات اور نحو کا گہرا تعلق قدیم مصری زبان سے ہے جو مسیح سے دو ہزار سال پہلے بولی جاتی تھی اور جو بعد میں وادیِ نیل کی زبان کی حیثیت سے لکھی جانے لگی اور مسیح کے زمانے تک ختم ہوگئی۔ کانگرس کے حلقوں میں عام خیال تھا کہ پروفیسر ٹیکر کی دریافت سے قدیم مصری تاریخ کی ایک گم شدہ کڑی مل گئی ہے اور اس سے مشرقی افریقہ کی قبائلی زبانوں کے بارے میں تحقیق کی نئی راہ کھل جائیگی اور قدیم مصری زبان کے ساتھ ان کے لسانی خاندانوں کی تشکیل کی جاسکیگی۔

ایک اور بحث انگیز مقالہ مشی گن کے پروفیسر آئی۔ جے۔ گیلب نے پڑھا۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلے چھ سال سے وہ قدیم مشرقی تہذیب کا مطالعہ کر رہے ہیں اور ڈھائی ہزار سال قبل مسیح کا عراق (میسوپوٹامیہ) ان کا موضوع رہا ہے۔ اپنے تحقیقی کام سے وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مارکس کا دو طبقاتی سماج کا نظریہ یعنی حکمران اور غلام میں افراد کی تقسیم ناقابلِ تردید نہیں ـــــ میسوپوٹامیہ کے سرحدی مشرقی پہاڑوں میں جنگی قید سے بھاگنے والے صدیوں تک پناہ لیتے رہے ہیں اور ان کی حیثیت ہمیشہ ایک اہم سماجی طبقے کی رہی ہے جس کا تعلق اس نیم ترقی یافتہ سماج میں نہ آزاد طبقے سے تھا نہ غلام سے۔ پروفیسر گیلب نے تاریخی حقائق کی روشنی میں بتایا کہ یہ جنگی قیدی غلام نہیں سمجھے جاتے تھے۔ ان کی حیثیت نیم آزاد افراد کی تھی۔ یہ ریاست اور بادشاہ سے متعلق تھے، مذہبی عبادتگاہوں کو استعمال کرتے تھے اور ملک کے اندر ایک اہم سماجی

اور اقتصادی قوت کی حیثیت رکھتے تھے۔ ان قیدیوں کو غیر غلاموں کا مرتبہ حاصل تھا اور وہ عموماً بادشاہ کے محافظ دستے میں شامل کر لیے جاتے تھے؛ اور انہیں باقی آبادی کی بہ نسبت زیادہ وفادار سمجھا جاتا تھا۔ ایک طرف یہ لوگ بادشاہ کو امراء کے طبقے کے ناجائز دباؤ سے بچاتے تھے تو دوسری طرف سماج کے مظلوم طبقے کی بغاوت وغیرہ کو بھی دبانے کا کام کرتے تھے۔ پروفیسر گیلب نے چار ہزار سال پہلے کے کتبوں کی تصویریں پیش کیں اور ان کا ترجمہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہر تیسرے مہینے ان مفرور جنگی قیدیوں کو بادشاہ کی طرف سے تحفے تحائف و وظائف دیے جاتے تھے۔

مشرق قدیم کے ایک خاص جلسے میں ڈاکٹر وینڈر فلپ نے (جو مشہور ماہر آثار قدیمہ ہیں اور شاہِ اردن کے مشیرِ خاص بھی) مشرقِ وسطیٰ سے متعلق اپنی تحقیقات پر مبنی ایک فلم دکھائی۔ انہیں کی کوششوں سے عمان میں تیل کے ان ذخیروں کا پتا چلا ہے جن کی بدولت چند ہی برس میں عمان دنیا کی دولت مند ترین قوموں کی صف میں شامل ہو گیا ہے۔ ڈاکٹر فلپ نے بتایا کہ آج کل وہ یمن میں مآرب کے مقام پر کھدائی کے کام میں مصروف ہیں جو ملکۂ شیبا کا دارالحکومت تھا۔ اب تک کے برآمد شدہ مسالے سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ شیبا ایک تاریخی شخصیت کا نام ہے اور اس نے واقعی ۹۵۰ ق۔م میں شاہ سلیمان سے ملاقات کے لیے سفر کیا تھا اور اس کے تجارتی قافلے میں تقریباً پندرہ ہزار لوگ شریک تھے۔

یہاں کانگریس کے تمام مقالوں کی تفصیل پیش کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ اس لیے بعض شعبوں کے خاص خاص مقالوں کی فہرست ذیل میں پیش کی جاتی ہے:

"مشرق قریب اور اسلامی دنیا" کے شعبے میں چالیس ذیلی شعبے تھے جس میں سے بعض یہ ہیں:

مشرق وسطیٰ کے سماجی اور تہذیبی مسائل۔ اسلامی فلسفہ۔ فارسی ادبیات۔ عربی ادب۔ مشرقی ملکوں کی تاریخ۔ اسلام میں اقدار کا مسئلہ۔ تاریخی جغرافیہ۔ ترکی ادب۔ سماج اور نظم و نسق۔ اسلامی آرٹ اور

آثارِ قدیمہ ۔ اسلامی فقہ ۔ اسلامی تاریخ نویسی ۔ روس اور ترکی۔
مشرقی تہذیب سے متعلق تحقیقی مواد ۔ اسلامی تاریخ کے مآخذ ۔

ان تمام ذیلی شعبوں میں تقریباً ڈھائی سو مقالے پڑھے گئے جس میں سے خاص خاص کے نام یہ ہیں :

اسلام میں اقدار کا مسئلہ :	سید حسین نصر (تہران) محسن مہدی (شکاگو)
جمال الدین افغانی اور اسلامی دنیا :	نکی ، کیڈی (کیلی فورنیا)
ابن عربی کی وحدانیت پر سرہندی کی تنقید :	مرزا قدیر بیگ (ٹورنٹو)
ہندستان، پاکستان اور مصر میں قدیم اسلام کا مطالعہ :	محمد عشاق (ہیم برگ)
مسئلۂ ابد اور شکوکِ رازی :	مہدی محاغیف (میک گل)
فارابی کا نظریۂ علم :	ایم پلیسز (یروشلم)
مشرق اور مغرب میں ابن خلدون پر تحقیقی کام کا جائزہ اور آئندہ کے لیے تجاویز :	والٹر جے فشل (برکلے)
مذہبِ حنبلی اور تصوّف :	بارج مقدسی (ہارورڈ)
ہجری اور گریگوری سنین کی نئی تقویم کی ضرورت :	محمد حمید اللہ (پیرس)
مصر میں کتاب سازی :	اے سروج (قاہرہ)
اسلامی دینیات میں جبر و قدر کے مسائل :	ظفر عشاق انصاری (پرنسٹن)
حاتم بن ابراہیم الحمیدی کی تحفۃ القلوب :	عباس ہمدانی (قاہرہ)
چند نو دریافت شدہ ساسانی یادگاریں :	علی اصغر بختیار (شیراز)
اسلامی تصوف کا اثر جدید نفسیات پر :	رضا آراستہ (واشنگٹن)
تاریخ قطبی پر نئی نظر :	سید مجاہد حسین زیدی (ہائڈلبرگ)
فتح پور سیکری کی طرزِ تعمیر کے مآخذ :	جے برٹن بیچ (لنڈن)

سندھ میں اسماعیلیوں کے کارنامے اور ان کے اثرات :	محمود الحسن صدیقی (میکسیکو)
کویت انیسویں صدی کے پہلے پندرہ برس میں :	ابو حکیم (اردن)
ابو سلیمان السجستانی کی تین غیر مطبوعہ فلسفیانہ تصانیف :	جوئل ایل کریمر (ییل)
عربی بولیوں میں بنیادی اعداد	اری یل بلاخ (برکلے)
جدید عربی ادب میں روایت اور ترقی	سد ماضی یوسف (بون)
عربی کی فلسفیانہ اصطلاحات (یونانی تراجم کی روشنی میں) :	گرہارشدن ڈریس (فرینک فرٹ)
نجدی عربی کا نظامِ افعال :	پیٹر عبّود (ٹیکساس)
عربی معنویات :	انجی ایل رومیل (ٹیوبنگن)
اوستا کے تین ادوار :	علی جعفری (ایران)
زرتشت کا تصورِ کائنات :	بی شلے رتھ (فرینک فرٹ)
ایرانی اساطیر میں شر کا تصور :	صابری تبریزی (ایڈنبرا)
ایران میں سماجیاتی تحقیق :	احسن ناراگی (تہران)
شہاب الدین سہروردی کی فارسی تصانیف :	سید حسین نصر (تہران)
شاہنامہ کی تصحیحِ متن کے چند اصول :	چارلس ایم پیس (ٹیوبنگن)
ایران میں شیعیت :	اے طاہری (ہارینڈن)
تعزیہ خوانی میں سادوں کی اہمیت :	ہرمز فرحت (لاس انجلز)
فارسی گرامر میں عربی عناصر :	محمد علی الجزائری (ٹیکساس)
جدید ایرانی میں حرف 'ک'	گرنت ایل ونڈ فوہر (مشی گن)
فارسی زبان اور رسم الخط (پانچویں صدی ہجری میں) :	جلال متینی (مشہد)

قدیم جنوبی ایشیا سیکشن کے ۲۵ ذیلی شعبے اور جدید جنوبی ایشیا کے ۱۷ ذیلی شعبے تھے۔ ان دونوں میں کُل ملا کر تقریباً دو سو مقالے پڑھے گئے۔ خاص خاص ذیلی شعبوں کے نام یہ ہیں:

جنوبی ایشیا اور جدیدیت۔ تاریخ اور سیاسیات۔ بین الاقوامی تعلقات۔ اقتصادی تاریخ۔ پاکستان۔ ہندستانی ادبیات۔ جدید ایشیا کے مورخین۔ سماجیات۔

یہاں جو مقالے پڑھے گئے، اُن میں سے بعض کے عنوانات یہ ہیں:

قدیم جنوبی ایشیا:-

سنسکرت ڈرامہ کے مآخذ:	ایف۔ بی۔ جے۔ کوپر (لائیڈن)
ہڑپہ کلچر میں لوتھول کی اہمیت:	لوز بینز۔ ایس۔ لیشنک (ہائیڈلبرگ)
ہندستانی فلسفے میں تصوریت کے اصول:	آرنلڈ کنسٹ (لندن)
سنسکرت کے الحاقی حروف:	مَری امالوف (برکلے)
پانینی کا تصورِ افعال:	جارج کاردونا (پن سل وے نیا)
سنسکرت متن کی جانچ کے لیے کمپیوٹروں کا استعمال:	تھامس ٹرومن (لندن)
سام وید میں لفظ اپنشد کا استعمال کالے جادو کے معنی میں:	سمراندر ناتھ بسواس (کلکتہ)
اپنشد فلسفے کا اثر چینی تاؤ مت پر:	ٹی۔ اے۔ بیین (آکسفورڈ)
ہندو معنویات کے بعض پہلو:	اشوک اجلوجکر (کیمبرج)
دھیان ولاس کا ایک مصور نسخہ:	ارنسٹ بنڈر (پن سل وے نیا)
ہندستانی شعریات کے نظریۂ رس پر نئی نظر:	موتی لال گپتا (جودھپور)
پرانوں میں دیوتاؤں اور رشیوں کے افعال کے بعض مشکوک پہلو:	ایس۔ کے بسکسینہ (ہوائی)

ودھی تانتروں کے بارے میں مستشرقین کی غلط فہمیاں :	اے ۔ وے من (کولمبیا)
ہندستانی ادب میں کام دیو کی پرستش :	ایم ۔ جارج (کیرل)
جدید ہندستانی ناولوں کے پلاٹ :	الفونزو کارکلا (نیویارک)
جدید تامل افسانوی ادب :	مری لاگو (مزوری)
کھانسیوں کے لسانی مآخذ :	بیگم لیشم (کین برا)
منو اور مارکس :	ایم ۔ جی ۔ خزانچی (احمد آباد)

جدید جنوبی ایشیا :

جنوبی ایشیا میں جدیدیت کے مسائل :	برنارڈ کوہن (شکاگو)
پاکستانی اسلام اور سرمایہ داری :	حفیظ ملک (ولانووا)
انگریز اور ہندستان کا زمینداری نظام :	ڈیٹمر روتھرمنڈ (ہائیڈلبرگ)
۱۸۵۷ء کے بعد انگریزوں کی پالیسی (نئے دستاویزات کی روشنی میں) :	رضی واسطی (کراچی)
انگریزوں کے دورِ حکومت میں نیپال کی بین الاقوامی حیثیت :	سید اسد حسنین (کنساس)
اٹھارہویں صدی انگریز تعلیم یافتہ طبقہ اور علوم مشرقیہ میں ان کی دلچسپی :	ڈیوڈ کوف (مینی سوٹا)
لنکا کی سیاست میں بودھ مت اور اشتراکیت :	کے ۔ این ۔ جیوتی لیکھے (لنکا)
جدید ہندستانی مذاہب اور سیکولرازم :	ہانس کلی مکیٹ (بون)
ہند پاک سیاست میں چین کا کردار :	فلپ فیبز (ولزلی)
روحانی فرد پرستی اور گاندھی جی کے سیاسی نظریات :	اندرا رودرمنڈ (ہائیڈلبرگ)
ہندستانی قومی تحریک میں ہندوؤں کا کردار :	توشی کازدموری (ٹوکیو)

گاندھی جی کے ابتدائی خیالات پر چینی اثرات :	سٹیفن ہے	(کیلی فورنیا)
ہندستان کی قومی تاریخ اور بھاریہ اتہاس پریشد کی کوششیں، ایک تنقیدی جائزہ :	جونسن ایچ وِدگٹ	(آکسفورڈ)
پاکستانی ادب کی مختلف اصناف پر امریکی اثرات :	مظہرالاسلام	(راجشاہی)
بنگالی تعلیم یافتہ طبقے کی ذہنی بے عملی (۱۸۶۰ - ۱۸۸۰) :	شیونرائن رے	(ملبورن)
زرعی بغاوت اور ہندستانی غدر :	ارک اسکوکز	(کیمبرج)
جدید ہندستان میں مرکزیت اور جمہوریت :	جی ڈوکر	(برلن)
جدید ہندستان میں سماجی طور پر جلاوطن انسان :	آشا کانت مبارک	(ٹرائے)
ہندستانی فلسفے کا اثر امریکی فکر پر :	ڈیل ریب	(نیویارک)
ہندستان میں طبقاتی تعلقات اور سماجی تبدیلی :	جوزف دی بون	(بروک لین)

اگرچہ روس نے سرکاری طور پر کانگرس کا بائیکاٹ کیا تھا، لیکن تاس کا نمائندہ خصوصی واہن سکریچین (Vahan Mkrichian) دعوتِ خاص پر شریک ہوا اور شروع سے آخر تک موجود رہا۔ آخری دن وائس آف امریکہ والوں نے دو انٹرویو ریکارڈ کیے۔ ایک پاکستان کے لیے تھا جس میں میرے علاوہ اور لوگ بھی شریک تھے۔ دوسرے کی نوعیت انفرادی تھی، اس میں ہندستانی ادب سے متعلق پڑھے گئے مقالوں سے متعلق سوالات کیے گئے اور یہ انٹرویو ہندستانی سروس میں نشر کیا گیا۔

کانگرس کے موقع پر کئی نمائشوں کا انتظام تھا۔ علومِ مشرقیہ کی کتابوں کی نمائش مشی گن لیگ کے بال روم میں ہوئی۔ دنیا کے کونے کونے سے ناشرین نے اپنے اپنے اسٹال یہاں سجائے تھے۔ مخطوطات کی نمائش کا انتظام مشی گن یونیورسٹی لائبریری کی طرف سے

کیا گیا تھا۔ مشی گن میں تقریباً دس ہزار مخطوطات محفوظ ہیں، جن میں بڑی تعداد انجیلی ادب، مذہب، قانون، ریاضی اور فلکیات سے متعلق کتابوں کی ہے۔ چند مخطوطات عربی، فارسی اور ترکی کے بھی ہیں۔ نمائش میں دیوانِ خاقانی کا ایک نسخہ ۱۶۳۴ء کا کتابت کیا ہوا اور دیوان صائب کا ۱۶۹۲ء کا بھی شامل تھے۔ علاوہ ازیں خمسۂ نظامی، مثنوی مولانا روم، یوسف زلیخا جامی، اور دیوان طالب کے نہایت خوشخط اور قیمتی نسخے بھی رکھے تھے۔ بعض نسخے خطاطی، مصوری یا جلد سازی کے نمونوں کے طور پر پیش کیے گئے۔ نستعلیق کے نمونوں میں سعد اللہ آفندی کے شاگرد عمری کی ۱۷۴۷ء کی لکھی ہوئی ایک دعلی تھی۔ سترہویں اور اٹھارہویں صدی میں لکھے ہوئے کئی قرآن شریف تھے۔ ان میں نہایت چھوٹے سائز کے بعض وہ نسخے بھی تھے جو عرب اور ترکی سلاطین اور امرا کی فرمائش پر تیار ہوئے تھے۔ اودھی مخطوطات میں تانترک فلسفے کا ایک نسخہ تاڑ کے پتوں پر لکھا ہوا تھا۔ یونیورسٹی کے آرٹ میوزیم کی طرف سے بھی دو نمائشوں کا انتظام تھا۔ ایک ایران کے ساسانیوں کے تیسری سے چھٹی صدی عیسوی تک کے زیورات اور ظروف سے متعلق تھی۔ دوسری، سترہویں صدی کے مشہور چینی مصور اور شاعر تاوچی (Taochi) کی تصویروں پر مشتمل تھی۔

مقالوں کی نشستوں کے بعد شام میں کئی استقبالیوں کا انتظام تھا۔ پہلے دن گالف میدان میں این آربر کے شہریوں کی طرف سے نہایت پُر تکلف دعوت دی گئی۔ دوسرے دن رات کے کھانے کے بعد جنوبی ایشیا کے تقریباً تین سو مستشرقین کو شمالی کیمپس کے بڑے کمرے (Commons) میں استقبالیہ دیا گیا۔ اسی طرح چینی، جاپانی اور اسلامی مستشرقین کے لیے الگ الگ استقبالیوں کا انتظام بھی تھا تاکہ ایک موضوع سے متعلق کام کرنے والے علما بے تکلف ایک دوسرے سے مل سکیں۔ ایسے اجتماعوں سے ایک مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت سے لوگوں سے ملاقات ہو جاتی ہے۔ ان کے کام کے بارے میں معلوم ہوتا ہے اور ذاتی طور پر تبادلۂ خیال کا موقع ملتا ہے۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ جلسہ گاہ کے علاوہ کھانے کے ہال اور آرام کے کمروں میں بھی جاری رہتا تھا۔ ظاہر ہے کہ اس سے

آئندہ کام کرنے میں بہت سہولت رہتی ہے۔
شام کو موسیقی کے کانسرٹوں کا انتظام تھا۔ پہلے دن ہل آڈیٹوریم میں موزارٹ کی دھنیں پیش کی گئیں۔ دوسری شام کو جاپانی اور جنوب ایشیائی موسیقی کا پروگرام تھا۔ آخری شام کو ایکم ہال میں پیانو اور امریکی عوامی دھنیں بجائی گئیں۔
تیسرے دن دوپہر کے کھانے کے بعد مندوبین کو گرین فیلڈ ویلج اور ہنری فورڈ میوزیم کی سیر کرائی گئی۔ یہ دونوں مقامات آن آربر سے زیادہ دور نہیں ہیں۔ چودہ ایکڑ میں بنائے ہوئے ہنری فورڈ میوزیم میں امریکہ کے ماضی کو محفوظ کر دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ ایک حصہ پرانے زمانے کی دکانوں کے لیے وقف ہے۔ اس میں بڑھئی، ٹین ساز، لوہار، وائلن ساز، کمہار وغیرہ وہ سب پیشہ ور کام کرتے ہوئے دکھائے گئے ہیں، جو صنعتی ترقی کی وجہ سے امریکی زندگی سے ناپید ہو چکے ہیں۔ مشینی حصے کی نمائش میں زراعت کے قدیم اوزاروں سے لے کر جدید دور کے صدا شکن جٹ جہازوں تک ہر چیز کے نمونے رکھے گئے ہیں۔ گرین فیلڈ گاؤں کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ملک کے مختلف حصوں سے تاریخی عمارتوں کو یہاں لا کر محفوظ کر دیا گیا ہے۔ لیکن، ولیبٹر، رابرٹ فراسٹ اور رائٹ برادران کے پورے کے پورے مکان یہاں منتقل کر دیے گئے ہیں۔ اور تو اور وہ چھپر بھی جوں کا توں موجود ہے جہاں رائٹ برادران نے پہلا ہوائی جہاز بنایا تھا۔ اسی طرح وہ عمارت بھی دیکھی جا سکتی ہے، جہاں پہلی فورڈ موٹر گاڑی بنائی گئی تھی۔ ایڈیسن کی وہ تجربہ گاہ بھی یہاں ہے، جہاں اس نے اپنی زیادہ تر ایجادوں کو مکمل کیا۔ آرٹ گیلریوں کو نہایت سلیقے سے سجایا گیا ہے۔ باخ اور پرسل کی موسیقی دھیمے سُروں میں بجائی جاتی ہے ہنری فورڈ کا ذاتی میوزیم دوسری منزل پر ہے۔ یہاں اس کا نجی سامان محفوظ کرا دیا گیا ہے اور اس کی آواز کے ریکارڈ سُنانے کا انتظام بھی ہے۔

مستشرقین کی یہ بین الاقوامی کانگرس ایک غیر سرکاری ادارہ ہے اور اس کا تعلق کسی ملک کی

حکومت سے نہیں ہے۔ چنانچہ موجودہ اجلاس کے اخراجات بھی صرف امریکی حکومت کی طرف سے ادا نہیں کیے گئے۔ بلکہ مشی گن یونیورسٹی اور کولمبیا یونیورسٹی کے ادارۂ علوم مشرقیہ کے علاوہ تقریباً بیس فونڈیشنوں (اوقاف) نے عطیات دیے جن میں فورڈ، راک فیلر، امریکی اورینٹل سوسائٹی اور ایشیائی علوم کی ایسوسی ایشن خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

کانگرس باضابطہ طور پر ۲۰ اگست کو ختم ہو گئی تھی۔ اس کے بعد مندوبین کو نیویارک اور واشنگٹن کی سیر کرانے کا پروگرام تھا۔ تقریباً ایک ہزار اسکالر بیس ڈی لکس بسوں میں روانہ ہوئے۔ یہ مقامات چونکہ میرے دیکھے ہوئے تھے، میں آن آربر سے میڈسن وسکانسن چلا گیا۔ یہاں پرانے دوستوں سے ملا۔ پھر امریکہ سے یورپ آیا، اور یہاں پیرس، لندن، برسلز وغیرہ کی سیر کرتا اور مصر اور لبنان میں رکتا ہوا ڈیڑھ مہینے کی غیر حاضری کے بعد ۲۴ ستمبر کو دلّی پہنچا۔

حیف در چشمِ زدن صحبتِ یار آخر شد۔

خوبصورت تحفہ

کم قیمت ——— اچھی کتابیں ——— عمدہ کتابت و طباعت

شعر ناول افسانہ معلومات

اسٹار پاکٹ بکس

اردو زبان کی واحد پاکٹ سیریز

سات برس میں ۲۲۵ سٹار پاکٹ بکس، شائع ہوئیں

——— فہرست طلب کیجیے ———

سٹار پبلیکیشنز دریا گنج دہلی ۶

تذکرہ

گلشنِ ہند

از سید حیدر بخش حیدری

مرتبہ

ڈاکٹر مختار الدین احمد

قیمت مجلد: ——— ۵ روپے

علمی مجلس دلی

مالک رام

وفیات

پچھلے چند مہینوں میں اردو کے بعض مایۂ ناز مصنف اور ادیب ہم سے جُدا ہو گئے لیکن ان کی خدمات تاریخِ ادب میں بُھلا دینے والی چیز نہیں؛ وہ ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہیں، دل سے دور نہیں ہوئے:

نذر سجاد حیدر

نذر سجاد حیدر جنھیں اردو کی جین آسٹن کہا گیا ہے، یو. پی کے ایک قدیم زمیندار گھرانے کی نام لیوا تھیں۔ ان کے پردادا میر معصوم علی (مصنف انشائے معصوم) سلطنتِ اودھ میں ناظم اور چکلہ دار تھے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کے بعد انگریزوں نے پنجاب کا نظم و نسق چلانے کے لیے جن اصحاب کا یو پی سے انتخاب کیا تھا، ان میں میر معصوم علی کے صاحبزادے خان بہادر میر قائم علی بھی تھے۔ انھوں نے پنجاب کے قانونِ آراضی کی تشکیل اور تنظیم میں نمایاں حصہ لیا۔ میر قائم علی کے پوتے اور میر مظہر علی کے بیٹے خان بہادر میر نذر الباقر مدتوں فوج کے سپلائی کے محکمے میں ایجنٹ کی حیثیت سے صوبۂ سرحد میں تعینات رہے۔ یہیں ان کے ہاں ۱۸۹۴ء میں ایک بیٹی پیدا ہوئی، جس کا نام انھوں نے نذر زہرا بیگم رکھا۔

یہ لڑکی اپنے خاندانی ماحول کے اثرات کے تحت بہت جلد لکھنے پڑھنے کی طرف مائل ہو گئی؛ اور اس کے مضمون بنت نذر الباقر کے قلمی نام سے سید ممتاز علی مرحوم کے ماہانہ رسالے تہذیبِ نسواں میں چھپنے لگے۔ ۱۹۰۸ء میں جب اس کی عمر مشکل سے ۱۴ سال کی ہو گی، اس کا پہلا ناول: "اختر النسا بیگم" دار الاشاعت، لاہور کی طرف سے شائع ہوا۔

وفیات

تہذیب نسواں کے علاوہ ان کے مضمون بچوں کے ہفتہ وار پھول اور دوسرے رسائل میں بھی شائع ہو رہے تھے۔ ان کا معیار اتنا اچھا تھا کہ مصنفہ کی دھوم مچ گئی۔ شہرہ شدہ اس کی اطلاع نواب بیگم بھوپال تک پہنچی اور انھوں نے انھیں اپنا سکتر مقرر کرنے کی دعوت دی لیکن میر نذر الباقر نے اپنی ساری روشن خیالی کے باوجود بیٹی کو یہ ملازمت قبول کرنے کی اجازت نہ دی۔ میر نذر الباقر عورتوں کے پردے کے قائل نہیں تھے؛ لہٰذا ان کے گھر میں بھی اس کا رواج نہیں تھا۔ اس کے باوجود انھوں نے اپنی بچیوں کو بھی اعلیٰ تعلیم سے بہرہ ور ہونے کا موقع دیا۔ لیکن وہ یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ لڑکیاں شرم و حیا کو بالائے طاق رکھ کر جہاں چاہیں اکیلی پھرتی رہیں۔

۱۹۱۲ء میں نذر زہرا بیگم کی شادی سید سجاد حیدر یلدرم سے ہوگئی، جو اردو ادب میں رومانی افسانے اور مضمون نگاری کے بانیوں میں سے ہیں۔ یلدرم انگریزی ملازمت کے سلسلے میں بہت دن تک قسطنطنیہ اور بغداد میں مقیم رہے تھے اور وہاں سے واپسی پر امیر کابل کے نائب پولیٹیکل ایجنٹ مقرر ہو کر مسوری میں رہنے لگے تھے۔ جب علی گڈھ مسلم یونیورسٹی قائم ہوئی تو وہ ۱۹۲۰ء میں اس کے پہلے رجسٹرار (مسجّل) مقرر ہوئے۔ شادی کے بعد نذر زہرا بیگم نے اپنا قلمی نام بدل کر نذر سجاد حیدر رکھ لیا۔ انھوں نے ہر طرح یلدرم کا ہاتھ بٹایا۔ یونیورسٹی فنڈ میں چندہ جمع کرنے کی تحریک میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا؛ بلکہ وہ اس کی یو پی کی صوبائی شاخ کی سکتر بھی رہیں۔ پھر کھدر پرچار میں پوری گرمجوشی کا مظاہرہ کیا۔ اسلامی ملکوں کی سیاحت بھی کی تھی۔ اس کے ساتھ لکھنے پڑھنے کا مشغلہ بھی جاری رہا۔ انھوں نے اختر النسا بیگم کے علاوہ اور بھی متعدد ناول لکھے، جن میں سے حرماں نصیب، آہِ مظلوماں، نجمہ، جانباز، ثریا، مذہب اور عشق وغیرہ نے خاصی شہرت حاصل کی۔

انھیں ۲۰-۲۵ برس سے ضغطِ دم (ہائی بلڈ پریشر) کا عارضہ تھا؛ ۱۹۶۱ء میں علاج کے لیے لن ن بھی گئی تھیں۔ عمر کے ساتھ کچھ اور پیچیدگیاں بھی پیدا ہوگئیں۔ آخر ۱۹ اکتوبر ۱۹۶۷ء کو بمبئی میں انتقال ہوگیا۔ اثنا عشری آرامگاہ، رحمت آباد (بمبئی) میں دفن ہوئیں

اس سلسلے میں دو ایک اور باتوں کا ذکر دلچسپی کا باعث ہوگا :
نذر سجاد حیدر کے دادا میر مظہر علی سیالکوٹ میں تحصیلدار تھے۔ علامہ اقبال کے والد شیخ نور محمد (عرف میاں نتھو) ان کے گھر پر بیٹھ کر کپڑے سینے اور رفو کرنے کا کام کیا کرتے تھے۔ اقبال اپنی طالب علمی کے زمانے میں میر مظہر علی کے تینوں بیٹوں کے ساتھ اسکول جایا کرتے تھے۔ یہی باعث ہے کہ اقبال اپنے خطوں میں نذر سجاد حیدر کو 'آقا زادی' کے لقب سے خطاب کیا کرتے تھے۔

اردو کے ایک مصنف میر افضل علی ہوئے ہیں۔ ان کی کتاب "تخیلات" اپنے زمانے میں بہت مشہور ہوئی۔ وہ کسی زمانے میں پنجاب میں انکم ٹیکس کے محکمے میں ملازم تھے۔ نسبتاً جوان عمری میں ان کا ۱۹۳۷ء میں انتقال ہوا۔ وفات کے وقت وہ غالباً لاہور میں اڈیشنل انکم ٹیکس کمشنر تھے۔ عقیدے کے لحاظ سے وہ احمدی تھے۔ تو خیر، میر افضل علی، مرحومہ کے ماموں زاد (اور پھوپھی زاد) بھائی تھے؛ ان کی والدہ اکبری بیگم، ان کی پھوپھی تھیں۔ میر افضل علی کی شادی ثروت آرا بیگم، نذر سجاد حیدر کی چھوٹی بہن سے ہوئی تھی۔ خود اکبری بیگم کا مشہور ناول 'گودڑ کا لال' غالباً ۱۹۰۷ء میں شائع ہوا تھا۔

قرۃ العین حیدر جنھیں امسال افسانوں کے مجموعے 'پت جھڑ کی آواز' پر ساہتیہ اکاڈیمی کا انعام ملا ہے، نذر سجاد حیدر کی صاحبزادی ہیں۔

مہاشہ سدرشن

منشی پریم چند کی افسانہ نگاری نے بہت لوگوں کو متاثر کیا، لیکن غالباً ان میں مہاشہ سدرشن اور اعظم کریوی کے نام سب سے نمایاں ہیں۔ اعظم کریوی کو ہم سے جدا ہوئے بہت دن ہوئے۔ مہاشہ سدرشن کا بھی ۱۶ دسمبر ۱۹۶۷ء کو بمبئی کے ہری کشن داس ہسپتال میں انتقال ہوگیا۔

مہاشہ سدرشن کا اصلی نام بدری ناتھ تھا۔ وہ ۱۸۹۶ء میں ضلع سیالکوٹ کے ایک برہمن خاندان میں پیدا ہوئے۔ شروع سے طبیعت افسانہ نگاری کی طرف مائل تھی۔ کہتے ہیں کہ جب ان کا پہلا افسانہ چھپا ہے، وہ ہنوز آٹھویں درجے کے طالب علم تھے۔ تعلیم بی اے تک پائی۔

اس کے بعد انھوں نے دو چیزوں کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا: آریہ سماج تحریک اور افسانہ نویسی؛ اور بعد کو یہ محض افسانہ نویسی تک محدود ہو کر رہ گیا۔ اس آخری شوق کی تکمیل کے لیے انھوں نے ماہنامہ چندن جاری کیا، جس میں صرف افسانے چھپتے تھے۔

ان کی شہرت میں اب روز افزوں ترقی ہونے لگی۔ چنانچہ فیلکس کمپنی والوں نے پبلسٹی کے لیے ان کی خدمات حاصل کرلیں؛ یہاں وہ چار سو مشاہرہ پاتے تھے۔ اس کے بعد انھوں نے فلم کے لیے کہانیاں لکھنے کی طرف توجہ کی۔ اس سلسلے میں وہ چندے بھارت لکشمی پکچرز (کلکتہ) اور نیو تھیٹر (کلکتہ) سے وابستہ رہے۔ آخر الذکر کی فلم 'دھوپ چھاؤں' کی کہانی کے علاوہ گانے بھی انھیں نے لکھے تھے۔ اس کے گیت، 'دنیا رنگ رنگیلی بابا' اور 'تیری گٹھڑی میں لاگا چور' بہت مقبول ہوئے۔ یہاں تک کہ گاندھی جی بھی انھیں اپنی مجلسوں میں سنا کرتے تھے۔ ہر دلعزیز گلوکار سہگل کا ایک گیت، 'اب میں کیا کروں، کت جاؤں' بہت مشہور ہے، یہ بھی سدرشن نے لکھا تھا۔ انھوں نے تقریباً ۴۵ فلموں کی کہانیاں، گیت اور مکالمے لکھے۔ ان میں دھوپ چھاؤں، پتھروں کا سوداگر، دشمن، گراموفون سنگر، پردیسی، سکندر، پڑوسی، چندرلیکھا وغیرہ نے بہت کامیابی حاصل کی۔

سدرشن نے اپنی تصنیفی زندگی اردو سے شروع کی تھی، لیکن بعد کو وہ ہندی میں بھی لکھنے لگے؛ اور رفتہ رفتہ صرف ہندی کے ہو کر رہ گئے۔ لیکن اردو افسانے کے ارتقا میں ان کا حصہ فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اردو میں ان کی کہانیوں کے چار مجموعے شائع ہوئے: سدابہار پھول، چندن، بہارستان اور سولہ سنگھار۔ اس کے علاوہ انھوں نے مشہور بنگالی ناول نویس بنکم چندر چٹرجی کے دو ناول 'نادیا نے' اور 'زہریلا آب حیات' کے نام سے اردو میں منتقل کیے تھے۔ ایک اور ناول 'عورت کی محبت' بھی بنگالی سے ترجمہ تھا۔ 'بیگناہ مجرم'، بعض بنگالی اور فرانسیسی ناولوں پر مبنی تھا۔ ہندی میں ان کی تقریباً بیس کتابیں ہیں۔

سراج لکھنوی

سراج الحسن سراج کہنے کو تو لکھنوی شاعر تھے، لیکن ہے یہ کہ ان کے ہاں لکھنؤ کی خارجیت سے

زیادہ دلی کی داخلیت ملتی ہے۔ انھوں نے پیارے صاحب رشید اور ان کے چھوٹے بھائی باقر رضا حمید سے دونوں سے اصلاح لی اور خود استادی کا درجہ حاصل کیا۔ لکھنؤ میں ان کے بہت شاگرد ہیں۔

سراج کا خاندان قدیمی کٹرہ مانکپور کا رہنے والا تھا، جہاں سے ان کے والد شیخ نورالحسن نقلِ مکان کر کے لکھنؤ میں آبسے تھے۔ یہیں ۱۸۹۴ء میں یہ پیدا ہوئے۔ انگریزی میں دسویں درجے تک تعلیم چرچ مشن ہائی اسکول لکھنؤ میں پائی، اور اس کے بعد محکمۂ امداد باہمی (کوآپریٹو سوسائٹیز) میں ملازم ہو گئے۔ ساری عمر اسی محکمے میں گذری اور یہیں سے ۱۹۴۶ء میں پنشن پائی۔ کنبہ خاصا بڑا تھا۔ تنخواہ بھی قلیل رہی، اور پنشن تو ظاہر ہے کہ قلیل تر ہونا ہی چاہیے تھی۔ اس لیے عسیر الحالی میں بسر ہوئی، کبھی خوشحالی کا منہ دیکھنا نصیب نہ ہوا۔

انھوں نے ۱۹۰۸ء میں شعر کہنا شروع کیا۔ اردو کا یہ مشہور شعر انھیں کا ہے:

آپ کے پانؤ کے نیچے دل ہے　　اک ذرا آپ کو زحمت ہو گی

کلام میں غزلیات کا انتخاب 'شعلۂ آواز' کے عنوان سے ۱۹۶۰ء کے قریب شائع ہوا تھا۔ بہت سارا کلام غیر مطبوعہ رہ گیا۔ کسی زمانے میں وہ لکھنؤ کی ادبی انجمن 'معراج الادب' سے وابستہ رہے؛ بلکہ اس کے سکتر تھے؛ صدر حکیم آشفتہ تھے۔ لیکن بعد کو جب اس کے اراکین میں باہمی شدید اختلافات پیدا ہو گئے، تو سراج اس سے الگ ہو گئے اور بہار لکھنوی کی قائم کردہ انجمن 'بہار ادب' میں شامل ہو گئے۔ وہ مدتوں اس کے بھی سرگرم رکن رہے۔ بہت خاموش اور مرنجاں مرنج طبیعت پائی تھی؛ جذبات کی رَو میں نہیں بہ جاتے تھے۔ جس زمانے میں پورا لکھنؤ یاس یگانہ کے خلاف تھا اور کسی کی جرأت نہیں تھی کہ عزیز اور ان کے دوستوں کو ناراض کر کے یگانہ کے حق میں کلمۂ خیر کہے، سراج نے یگانہ کا ساتھ نہیں چھوڑا۔

تندرستی کبھی تسلی بخش نہیں رہی، ضغطۂ دم کے دائمی مریض تھے۔ بالآخر اسی سے ۲۳ جنوری ۱۹۶۸ء کو صبح کو ساڑھے آٹھ بجے جاں بحق ہوئے۔ عیش باغ کے قبرستان میں آخری آرامگاہ بنی۔

آفتاب پانی پتی، انوپ چند

۱۳ اپریل ۱۸۹۶ء کو بیساکھی کے موسمی تیوہار کے دن پانی پت کے ایک کھاتے پیتے جین خاندان میں پیدا ہوئے۔ تعلیم ختم کی تو یہ وہ زمانہ تھا جب ملک میں چکبست اور سرور کی قومی شاعری کا غلغلہ ہر طرف بلند ہو رہا تھا۔ اس سے انھیں بھی شعر گوئی کی طرف توجہ ہوئی۔ اتفاق سے انھیں ایام میں مولانا وحیدالدین سلیم پانی پتی روزنامہ زمیندار (لاہور) کی ملازمت ترک کر کے اپنے وطن واپس آ گئے۔ آفتاب نے ان سے اصلاح کی درخواست کی جو قبول ہوئی۔ یہ سلسلہ سلیم کی وفات (۱۹۲۷ء) تک جاری رہا۔

آفتاب کو غزل سے کوئی خاص دلچسپی نہیں تھی؛ انھوں نے زیادہ تر نظمیں کہی ہیں، اور وہ بھی بیشتر قومی اور سیاسی۔ ان کے منظومات کے چھ مجموعے چھپ چکے ہیں: جلوۂ آفتاب، آفتابِ وطن، جذباتِ وطن، جذبات کی دنیا، حبِ وطن، شمشیرِ وطن ـــ زبان سلیس اور بیان جذبات سے مملو ہے۔ منظومات کے علاوہ انھوں نے بعض ڈرامے بھی تصنیف کیے تھے۔ ان میں سے من موہنی، شریمتی انجنا دیوی، ہندوستانی سورما، ویر چھترانی وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

ان کی قومی و ادبی خدمات کے پیشِ نظر حکومتِ ہریانہ نے ۲۸ مارچ ۱۹۶۷ء کو انھیں 'راج کوی' کا اعزاز دیا تھا۔

۹ فروری ۱۹۶۸ء کو اچانک حرکتِ قلب بند ہو جانے سے پانی پت ہی میں انتقال ہو گیا۔

محمد عبدالباقی

اردو کے ممتاز صحافی مولانا محمد عبدالباقی کا بروز جمعہ ۲۳ فروری ۱۹۶۸ء کو ساڑھے پانچ بجے شام دلی میں انتقال ہو گیا۔ وہ ایک زمانے سے اختلاجِ قلب کے مریض تھے۔ ۲۱ فروری کو مرض کا شدید حملہ ہوا۔ اس پر انھیں ہمدرد نرسنگ ہوم (دلی) میں داخل

کیا گیا، جہاں دو دن بعد حرکتِ قلب بند ہو جانے سے رہ گرائے عالمِ جاودانی ہوئے۔ اگلے دن ۲۴ فروری کو جنازہ اٹھا۔ نمازِ جنازہ قاضی زین العابدین سجاد استادِ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پڑھائی اور انھیں جامعہ نگر کے قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔

مولانا محمد عبدالباقی کو اتھ ضلع شاہ آباد (بہار) کے ایک پٹھان خاندان میں ۱۸۹۳ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد عبدالسلام صاحب فوج میں ڈاکٹر تھے۔ یہ جگہ شیر شاہ سوری کی جائے ولادت سہسرام سے کوئی دس بارہ میل دور پٹھانوں کی مشہور بستی ہے۔ دسویں درجے تک تعلیم آرہ میں ہوئی اور جامعہ ملیہ اسلامیہ سے بی اے کی سند لی۔ شروع سے صحافت کا چسکا تھا۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد لاہور پہنچے اور مولانا ظفر علی خاں کے روزنامہ زمیندار کے ادارۂ تحریر میں شامل ہو گئے۔ یہاں سے الگ ہوئے تو صدیق حبیب اور محفوظ الحق (جامعی) کے تعاون سے روزنامہ آزاد نکالا۔ یہ حقیقت ہے کہ اردو میں اس شان اور اہتمام سے کوئی روزنامہ آج تک نہیں چھپا۔ افسوس کہ یہ چشمِ حوادث کا شکار ہو گیا۔ اس معیار کے اخبار کے اخراجات کے لیے جس قارون کے خزانے کی ضرورت تھی، وہ باقی صاحب اور ان کے دوستوں کے پاس تھا نہیں؛ چنانچہ چند ماہ بعد پرچہ بند ہو گیا۔

اس کے بعد وہ بہار چلے گئے اور پٹنے سے استقلال جاری کیا جو ہفتے میں دو بار چھپتا تھا۔ جب ۱۹۳۶ء میں کانگریس نے سری کرشن سنہا کی قیادت میں پہلی بار بہار میں وزارت بنائی، تو باقی صاحب اس میں مفصلات کے لیے پبلسٹی افسر مقرر ہوئے۔ اس زمانے میں جمیل مظہری اور رام دھاری سنگھ دنکر بھی اسی محکمے میں ملازم تھے۔ جب سری کرشن سنہا کی وزارت مستعفی ہوئی، تو یہ لاہور پہنچے۔ اتحاد پارٹی کے اکابر سے ان کے تعلقات بہت خوشگوار تھے۔ خضر حیات خاں ٹوانہ نے انھیں اپنے پبلسٹی ڈپارٹمنٹ کا ڈپٹی ڈائرکٹر مقرر کر دیا (ڈائرکٹر نور احمد صاحب تھے)

آزادی اور تقسیم ملک کے بعد وہ دلّی آئے اور 'پیامِ وطن' کے نام سے اپنا روزنامہ شائع کرنے لگے۔ یہ پرچہ کوئی تین چار برس جاری رہا۔ اس کے بند ہو جانے پر وہ ریاست

وفیات

کشمیر میں ملازم ہو گئے لیکن یہاں کی فضا راس نہ آئی اور انھیں دلی واپس آنا پڑا۔ یہاں مختلف رسائل و جرائد میں مضمون لکھ کر بسر اوقات کے لیے کچھ پیدا کر لیتے تھے۔ آخری ایام میں اپنا ایک ہفت روزہ کاروانِ ہند شائع کرتے تھے اور اس کے علاوہ متعدد دوسرے پرچوں میں بھی اجرت پر مضمون لکھتے تھے۔

اس میں شبہہ نہیں کہ وہ بلند پایہ صحافی تھے — وسیع معلومات، زورِ قلم، قوتِ استدلال ان کی تحریر کا طرۂ امتیاز تھے۔ لیکن افسوس کہ عدمِ استقلال اور مزاج کے لاابالیانہ پن نے کہیں جم کر کام نہ کرنے دیا۔ اسی لیے بیشتر زمانہ افلاس اور تکلیف میں بسر ہوا۔

ظل عباس عباسی پرنٹر، پبلشر نے کوہ نور پریس، دلّی میں چھپوا کر
دفتر علمی مجلس ۱۴۲۹ چھتہ نواب، فراشخانہ، دلّی ۶ سے شائع کیا۔
(ایڈیٹر: مالک رام)

تحریر

علمی مجلس دلّی کا تماہی رسالہ

۱۲ روپے
رے کی قیمت ۱۵ روپے

مرتب
مالک رام

جلد ۲ ۱۹۶۸ء شمارہ ۲

ILMI MAJLIS
R. Price
Rs 5/-
DELHI

فہرست

مالک رام	ملاحظات	۱۲۶
مالک رام	ابوالنصر غلام یٰسین آہ	۱۲۷
علی جواد زیدی	اردو کا طویل ترین قصیدہ	۱۶۹
محمد اکبرالدین صدیقی	کتبۂ امین درگاہ، بیجاپور	۱۷۹
سید امیر حسن عابدی	عہد ہمایون و اکبر کی دو اردو غزلیں	۱۹۵
بیرم خان خانخاناں	ریختہ	۲۱۰
سید اوصاف علی	شاہ عبدالعزیز دہلوی رح	۲۱۱
شاہ عبدالعزیز دہلوی رح	در مدح دہلی	۲۲۰
محمد اسلم خان	ظفر خان احسن	۲۲۱
اکبر علی ترمذی	رضا کون تھا؟	۲۳۱
مالک رام	وفیات	۲۳۷

حافظ علی بہادر خاں، صولت ٹونکی
پریم شنکر فرحت، پرویز شاہ

ملاحظات

سالِ رواں کا دوسرا شمارہ حاضر ہے۔ جیسا کہ آپ دیکھینگے، اس کے موضوعات میں کافی تنوع ہے، اور ان میں سے ہر ایک اپنی جگہ مفید بھی ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ احباب کے تعاون سے ہم اس پہلو سے معیار کو نہ صرف قائم رکھ سکینگے، بلکہ بتدریج اسے خوب سے خوب تر بنانے میں کامیاب ہونگے۔

ابو النصر غلام یٰسین آہ مرحوم کا کلام شروع میں خاص طور پر جلی اور کتابی شکل میں لکھوایا گیا ہے۔ اس سے مقصود یہ ہے کہ اگر آپ ان اوراق کو الگ کر کے مجلد کروانا چاہیں، تو اس میں دقت نہ ہو۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ آہ بہت لکھنے والے تھے۔ اس لیے ہمیں یقین ہے کہ ان کا اور کلام بھی ہوگا جو ہماری دسترس سے باہر رہ گیا۔ اگر کسی کے پاس کچھ ایسا کلام ہو، تو وہ براہ کرم ہمیں اس کی نقل مہیا کر دیں، تاکہ یہ محفوظ ہو جائے۔

فروری ۱۹۶۹ء میں غالب کی سو سالہ برسی ہے۔ ملک کے مختلف ادارے — کچھ حکومت کی امداد سے اور کچھ اس کے بغیر — اس تقریب کو غالب کی شایانِ شان طریقے پر منانے کا پروگرام بنا رہے ہیں۔ ہمارا ارادہ ہے کہ اس مناسبت سے تحریک کا ۱۹۶۹ء کا پہلا شمارہ غالبیات کے لیے وقف کر دیا جائے۔ لیکن یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکتی، جب تک ہمیں لکھنے والے دوستوں کا پورا تعاون حاصل نہ ہو۔ اس سلسلے میں ہمیں مشورے کی بھی ضرورت ہے۔ احباب ان دونوں باتوں پر فوری توجہ فرمائیں تاکہ ہم کوئی فیصلہ کر سکیں۔

نئی دلّی

۱۵ جون ۱۹۶۸ء

مالک رام

ابوالنصر غلام یٰسین آہ

دنیا میں کئی ایسے شخص پیدا ہوئے جنھوں نے "ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات" کے مصداق کم عمری ہی میں غیر معمولی دماغی اور ذہنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اگر انھیں موقع ملتا، تو وہ یقیناً ترقی کرتے، علم و فن کے خدمتگذار ثابت ہوتے، بنی نوعِ انسان کے علم میں اضافہ کرتے، اور ملک و قوم کی نیکنامی و ناموری کا باعث قرار دیے جاتے۔ لیکن موت نے انھیں فرصت نہ دی؛ ان کا پیمانۂ حیات قبل از وقت لبریز ہو گیا اور وہ اپنی تمام معنوی خوبیاں ساتھ لیے یہاں سے چل بسے۔

ایسی ہی ایک شخصیت مولانا ابوالنصر غلام یٰسین آہ کی بھی ہے۔ ان کا نام اتنا مشہور نہیں ہوا جتنا ان کے چھوٹے بھائی مولانا ابوالکلام غلام محی الدین احمد آزاد کا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ ان کا عین عنفوانِ شباب میں انتقال ہو گیا، جس سے انھیں اپنی ذہنی صلاحیتوں اور اکتسابی قابلیتوں کے اظہار کا پورا موقع نہ ملا۔ وفات کے وقت ان کی عمر یہی ۲۰ - ۲۱ سال کی رہی ہوگی۔

ان کے والد مولانا محمد خیر الدین ہندوستان سے ہجرت کر کے مکے میں جا بسے تھے[1]۔ انھوں نے وہاں پہنچ کر شیخ ابراہیم کردی المدنی کے خاندان کے نام لیوا ایک عالم شیخ محمد ظاہر وتری مدنی کی بھانجی عالیہ سے شادی کی، جس سے ان کے پانچ اولادیں ہوئیں — تین بیٹیاں: زینب، فاطمہ عرف آرزو بیگم اور حنیفہ عرف محمودہ (آبرو بیگم) اور دو بیٹے: ابوالنصر غلام یٰسین اور ابوالکلام غلام محی الدین[2]۔

مولانا آزاد نے لکھا ہے کہ میرے بھائی عمر میں مجھ سے دو برس (دوسری جگہ[3] دو تین برس) بڑے تھے۔ چونکہ خود مولانا آزاد ذی الحجہ ۱۳۰۵ھ/اگست ستمبر ۱۸۸۸ء میں پیدا ہوئے تھے[5]، اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ غلام یٰسین کا سالِ ولادت ۱۸۸۵ء/۱۸۸۶ء ہوگا۔

ان کی تعلیم مکے میں شروع ہوئی۔ وہ چھ سات سال کے ہونگے، جب ان کی بسم اللہ کی رسم حرم کعبہ میں شیخ عبداللہ مرداد کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ اس کی حسب ذیل تفصیل مولانا بلیغ آبادی کی مرتبہ کتاب میں ملتی ہے، جو ان کے قول کے مطابق خود مولانا آزاد کے لفظوں میں ہے۔ لکھتے ہیں[6]:

> مجھے وہ دن اچھی طرح یاد ہے، جب حرم شریف میں بسم اللہ کی تقریب کرائی گئی۔ اس وقت میری عمر پانچ برس کی تھی، عصر کا وقت تھا اور مرحوم

۱۔ ان کے مفصل حالات کے لیے دیکھیے آزاد کی کہانی: ۶۶-۱۷۷؛ نیز غبار خاطر (حواشی)، ۳۰۲

۲۔ غیر مطبوعہ تحریر، ۲

۳۔ غبار خاطر: ۹۸؛ نیز غیر مطبوعہ تحریر: ۲

۴۔ آزاد کی کہانی: ۱۷۸ (دہلی، ۱۹۵۸)

۵۔ تذکرہ: ۳۱۰ (ساہتیہ اکادمی ایڈیشن، دہلی، ۱۹۶۸ء)

۶۔ آزاد کی کہانی: ۱۸۷

شیخ عبداللہ مرداد سے والد مرحوم نے یہ رسم ادا کرائی تھی۔ انھوں نے مجھ سے تین مرتبہ "یافتاح" کہلوایا اور "رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ" کہلوایا اور اس کے بعد الف سے شین تک حروف شناخت کرائے۔۔۔ میٹھے سموسے قاب میں بھرے ہوئے ہمارے ہاں سے آئے تھے، جو وہاں تقسیم کیے گئے۔ میں للچائی ہوئی نظروں سے انھیں دیکھ رہا تھا اور حافظ صاحب[7] انھیں تقسیم کر رہے تھے۔ لیکن شیخ عبداللہ نے اس قاب سے، جو ان کے سامنے پڑی تھی، ایک سموسہ اٹھا کے مجھے دیا، اور جب میں اسے لینے لگا تو انھوں نے نہیں دیا، اور اپنے ہاتھ سے میرے منہ میں رکھ دیا۔ دراصل یہ تقریب بھائی مرحوم کی تھی اور مجھے بھی بٹھلا دیا گیا تھا۔

گویا مولانا آزاد بھی ان کے ساتھ طفلانہ تفنن کے طور پر بٹھا دیے گئے تھے۔ اور ان کی بسم اللہ بھی اسی موقع پر ہو گئی، حالانکہ ان کی عمر بمشکل پانچ ایک سال رہی ہوگی۔ اس کے بعد ان دونوں کی تعلیم گھر پر ہونے لگی۔ بیشتر انھیں ان کی خالہ پڑھاتی تھیں، اگرچہ باہر کے بعض اساتذہ سے بھی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ یہاں انھوں نے تقریباً تین برس میں قرآن ختم کر لیا اور اس کے بعض حصے مثلاً یٰسٓ، قاف وغیرہ حفظ بھی کر لیے تھے۔ اس کے ساتھ ہی عربی صرف و نحو میں اجرومیہ بن مالک بھی شروع کر دی[8]۔

۱۸۹۸ء میں ان کے والد مولانا محمد خیر الدین حجاز سے ہندستان چلے آئے[9] اور بالآخر انھوں نے یہاں پہنچ کر کلکتے میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ یہاں ان دونوں

۷۔ اس سے حافظ ولی اللہ بنارسی مراد ہیں، جو مولانا خیر الدین کے قدیم اور معتمد علیہ خادم تھے۔

۸۔ ایضاً: ۱۸۸۔ ۱۸۹

۹۔ غیر مطبوعہ تحریر: ۱

بھائیوں کی تعلیم درسِ نظامیہ کے نصاب کے مطابق ہونے لگی۔ اس کے ساتھ ہی اردو اور فارسی کی ابتدائی کتابیں بھی درس میں شامل ہوگئیں۔ یہ تمام تعلیم غیر رسمی طور پر ان علما سے حاصل کی گئی جو عقائد میں ان کے والد مولانا محمد خیر الدین کے معیار کے مطابق ٹھیک مسلمان تھے۔ یعنی جن اصحاب کو جدید خیالات و تصورات کی جنھیں وہ وہابیت کہتے تھے، ہوا تک نہ لگی ہو۔

ابو النصر غلام یٰسین نے علوم درسیہ کے علاوہ طب میں بھی اچھی واقفیت حاصل کی تھی۔ انھوں نے شیخ الرئیس کی قانون کے تینوں مباحث کی تکمیل کی تھی۔[10]

وہ عربی اور فارسی کے علاوہ ترکی بھی جانتے تھے، جو انھوں نے ایک ترک طاہر بک سے پڑھی تھی۔

طاہر بک قوم کے ترک تھے اور یمن و شام میں مختلف سرکاری عہدوں پر متمکن رہ چکے تھے۔ قسطنطنیہ میں وہ ایک پرچے "ترجمانِ حقیقت" کے مدیر رہے۔ وہ متعدد زبان جانتے تھے؛ فرانسیسی اور فارسی اور عربی بھی اتنی ہی روانی سے بولتے تھے، جتنی اپنی مادری زبان ترکی۔ وہ بڑی پریشان حالی میں پھرتے پھراتے کلکتے پہنچے تھے۔ مولانا آزاد سے ملاقات ہوئی تو یہ انھیں مکان پر لے آئے اور والد کی اجازت سے ان سے ترکی پڑھنا شروع کی۔ مولانا آزاد تو تعلیم جاری نہ رکھ سکے، لیکن آہ پوری مستعدی سے پڑھتے رہے۔[11]

ان کے گھر کا ماحول سراسر علمی تھا۔ ان کے والد بلاشبہہ پرانے رنگ کے عالم و فاضل بزرگ تھے۔ اس پر طریقت کی چاشنی مستزاد۔ ظاہر ہے کہ ان کے ملنے والے بھی یا تو علومِ دین کے ماہر بزرگ ہونگے، یا اصحاب تصوف میں سے۔

۱۰- آزاد کی کہانی، ۲۰۰

۱۱- ایضاً، ۲۳۵-۲۳۶

ایسے گرد و پیش میں اولاد کا علم و تعلم اور تصنیف و تالیف کی طرف مائل ہو جانا چنداں تعجب کی بات نہیں۔ چنانچہ یہ دونوں بھائی بہت کم عمری ہی میں نظم و نثر لکھنے لگے۔ فرق صرف اتنا تھا کہ مولانا ابوالکلام کی طبیعت کا رجحان شروع سے صحافت اور اخبار نویسی کی طرف زیادہ رہا؛ اس کے مقابلے میں غلام یٰسین نے صرف نظم و نثر پر قناعت کی۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے کوئی دس سال کی عمر میں شعر کہنا شروع کیا تھا۔ بڑے بھائی نے ان سے پیچھے رہنے میں ہیٹی محسوس کی اور آہ تخلص اختیار کیا۔ دونوں داغ کے شاگرد ہوئے۔ آزاد تو جلد ہی انھیں چھوڑ گئے، لیکن آہ نے استواری اور استقامت کا مظاہرہ کیا اور داغ کے انتقال تک انھیں کو اپنا کلام دکھاتے رہے۔ داغ کا فروری ۱۹۰۵ء میں انتقال ہوا ہے۔ اس وقت آہ کی عمر بمشکل ۱۹ - ۲۰ سال کی ہوگی۔ اس کم عمری میں اور لے دے کے پانچ چھ برس کی شاعری کے باوجود ان کا داغ کے ممتاز شاگردوں میں شمار ہونے لگا تھا۔ مولانا احسن مارہروی نے استاد کی زندگی ہی میں ان کے حالات پر مشتمل ایک کتاب 'جلوۂ داغ' کے نام سے شائع کی تھی (۱۳۲۰ھ/۱۹۰۳ء)؛ یہی ان کی سب سے پہلی سوانح عمری ہے۔ اس میں انھوں نے داغ کے بیشتر ممتاز شاگردوں کا ذکر بھی کیا ہے۔ لیکن اس فہرست میں آہ کا نام نہیں ملتا۔ آہ نے اس کتاب سے متعلق ایک تعریفی مضمون احسن الاخبار، کلکتہ میں لکھا تھا؛ فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کا قابلِ قدر ہدایت نامہ اسی مضمون کے آخر میں انھوں نے احسن مارہروی کا ایک خط بھی نقل کیا ہے، جو انھوں نے آہ کے نام لکھا تھا۔ احسن لکھتے ہیں[۱۲]:

مجھ سے جلوۂ داغ میں ایک غلطی ہو گئی ہے، اس کا اعتراف ضروری ہے۔۔

۱۲۔ اس تمام تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مولانا ابوالکلام آزاد از عابد رضا بیدار: ۸۰ (دہلی، ۱۹۶۸ء)

وہ یہ کہ جہاں ممتاز تلامذہ کے نام لکھے ہیں، ان میں آہ کا نام نامی سہواً رہ گیا ہے؛ یہ محض بشریت ہے۔ انشاء اللہ دوسرے ایڈیشن میں اس کی صحت ہو جائیگی۔

اس پر کسی حاشیے کی ضرورت نہیں۔

نظم کے علاوہ وہ آغاز ہی سے نثر بھی لکھنے لگے تھے۔ چنانچہ اسی احسن الاخبار میں انھوں نے ایک سلسلۂ مضامین 'الخیام' کے عنوان سے لکھا، جو بعد کو اسی نام سے کتابی شکل میں مطبع آصفی، لکھنؤ میں چھپ کر شائع ہوا۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح کے حالات میں ایک عربی رسالہ 'غبطۃ الناظر' ہے؛ آہ نے اس کا اردو میں ترجمہ کیا تھا۔ ترکی زبان کی صرف و نحو بھی اردو میں قلم بند کی تھی؛ یہ بھی چھپ چکی ہے۔

منشی نوبت رائے نظر نے ۱۸۹۷ء میں ماہنامہ خدنگِ نظر جاری کیا تھا۔ شروع میں یہ محض گلدستہ تھا؛ اس نوع کے دوسرے پرچوں کی مانند اس میں بھی 'طرح' کا اعلان ہوتا اور اس پر شعرا کی غزلیں شائع ہوتی تھیں۔ مولانا آزاد نے نظر کو لکھا کہ اگر آپ اس میں نثری مضامین کا اضافہ کر دیں، تو میں ان کی ترتیب کا ذمہ لیتا ہوں؛ چنانچہ اس کے بعد 'خدنگِ نظر' میں مقالات بھی چھپنے لگے۔ آہ بھی اس رسالے میں لکھا کرتے تھے۔ ان کا کلام نظم و نثر اس کے متعدد شماروں میں ملتا ہے۔ نہ صرف یہی بلکہ وہ اس پرچے کی اور کئی طریقوں سے بھی مدد کرتے رہتے تھے۔ مثلاً اس کی اشاعت بڑھانے کے لیے خریدار مہیا کرنا، مالی امداد کرنا، وغیرہ۔ جو لوگ پرچے کے خاص ہمدرد اور سرپرست تھے، نظر ان کے نام کے ساتھ 'معاونِ خدنگِ نظر' کے الفاظ لکھا کرتے تھے۔[۱۳]

۱۳۔ مثلاً جنوری ۱۹۰۰ء کے شمارے میں آہ کے علاوہ مندرجہ ذیل اصحاب کے ناموں کے ساتھ بھی یہ
(باقی اگلے صفحہ پر)

متعدد شماروں میں آہ کے نام کے ساتھ 'معاونِ خدنگِ نظر' کے لفظ ملتے ہیں بلکہ اپریل ۱۹۰۲ء کے پرچے میں شکریہ کے عنوان کے تحت ان "معززین اور عالی حوصلہ حضرات کے نامِ نامی" شائع ہوئے ہیں، جنھوں نے خدنگ نظر کے "سہ سہ حصوں کی خریداری منظور فرما کر پیشگی قیمت عنایت فرمائی" ... "ایسے حضرات بہت زیادہ شکر گزاری کے مستوجب ہیں، جنھوں نے قیمتِ مقررہ سے زیادہ عنایت فرمائی"۔ اسی آخری زمرے میں ایک نام 'عالی جناب مولوی غلام یٰسین صاحب آہ دہلوی از کلکتہ' کا بھی ہے۔ انھوں نے آٹھ روپے ادا کیے تھے؛ اصلی چندہ صرف تین روپیہ سالانہ تھا۔

دورانِ مطالعہ میں مختلف پرچوں میں ان کے مندرجہ ذیل نثری مضامین میری نظر سے گذرے ہیں:

مشک	مخزن	جون	۱۹۰۲ء
اہلِ ختا کے مذاہب (۱)	مخزن	اکتوبر	۱۹۰۲ء
اہلِ ختا کے مذاہب (۲)	مخزن	فروری	۱۹۰۳ء
قطراتِ موسیقی (علیہ شفیقہ کے ترکی مضمون کا اردو ترجمہ)	خاتون	جنوری	۱۹۰۶ء
تحریر	خدنگ نظر	اپریل	۱۹۰۲ء
عالمِ اجسام (۱)	خدنگ نظر	اگست	۱۹۰۲ء
عالمِ اجسام (۲)	خدنگِ نظر	ستمبر	۱۹۰۲ء

(بقیہ حاشیہ نمبر ۱۳)

الفاظ ملتے ہیں: (۱) حاجی سید تجمل حسین صاحب تجمل جلالپوری؛ (۲) سید مراد حسن صاحب مراد تاجر کتب کلکتہ؛ (۳) حاجی حافظ محمد حسن صاحب نصرت از بمبئی۔ اس کے بعد بمبئی کے شمارے میں ایک اور صاحب حسن علی صاحب بن شجاع الدین صاحب سوداگر بمبئی کے نام کے ساتھ یہی لفظ لکھے ہیں۔

حیوانات کی تعجب خیز پرستش: مصر کا مشہور دیوتا آمون	خدنگ نظر	دسمبر ۱۹۰۳ء
مشہور رومی فصیح سسرو	خدنگ نظر	دسمبر ۱۹۰۳ء
شادی (اسراف کے خلاف)	لسان الصدق (۲:۱)	۲۰ دسمبر ۱۹۰۳ء
توہمات کی زندگی	لسان الصدق (۱:۲)	۲۰ جنوری ۱۹۰۴ء
اردو کا دکھڑا اور بنگالہ	" (۲:۴-۵)	اپریل مئی ۱۹۰۴ء
شگون	ایضاً	
ڈی ماس تھینیز: یونان کا ایک خاتم لکچرر (ترجمہ از انگریزی)	ایضاً (۳:۱-۲)	اپریل مئی ۱۹۰۵ء

مولانا آزاد اور آہ اپریل ۱۹۰۴ء میں انجمن حمایتِ اسلام کے سالانہ جلسے میں شرکت کے لیے لاہور گئے تھے۔ دونوں نے اس موقع پر تقریریں بھی کی تھیں۔ آہ کی تقریر انجمن کی سالانہ روداد میں چھپی ہوئی ہے۔ وصل بلگرامی کے تعزیتی شذرے سے معلوم ہوتا ہے کہ آہ انجمن کے سالانہ جلسہ منعقدہ ۱۹۰۵ء میں بھی شامل ہوئے تھے اور انھوں نے اس موقع پر بھی تقریر کی تھی۔

آہ کو اسلامی ممالک کی سیر و سیاحت کا بہت شوق تھا۔ وہ موقع کی تلاش میں تھے، جو اتفاق سے جلد میسر آگیا۔ ایک صاحب تھے حافظ عبدالرحمٰن امرتسری؛ انھوں نے اسلامی ملکوں کے بہت چکر کاٹے تھے، اسی لیے اپنے نام کے ساتھ 'سیاحِ ممالک اسلامیہ' لکھا کرتے تھے؛ ان کا سفرنامہ چھپ چکا ہے، آہ کی کہیں ان سے ملاقات ہوگئی۔ ان کی دلچسپ باتوں نے گویا سمندِ شوق پر تازیانے کا کام دیا۔ دونوں نے عراق اور مغربی ایشیا کے مختلف ممالک کی سیر کا منصوبہ بنایا۔ مولانا آزاد بھی ان کے ساتھ تھے۔ جب یہ قافلہ بغداد پہنچا، تو مولانا آزاد سخت بیمار پڑ گئے چونکہ ایسی حالت

میں ان کا سفر جاری رکھنا خطرہ سے خالی نہیں تھا، یہ بغداد سے ہندستان واپس چلے آئے۔ آہ اور حافظ عبدالرحمن آگے بڑھ گئے اور موصل، دیار بکر سے ہوتے ہوئے شام و لبنان پہنچے۔ اس سال ان نواح میں سخت برفباری ہوئی تھی اور سردی بہت شدید تھی۔ ہندستانی مزاج کو ایسا موسم کمتر ہی راس آتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے پھیپھڑوں پر حملہ ہوا۔ یہی تکلیف آگے چل کر موت کا بہانہ بن گئی۔ مولانا آزاد کا خیال ہے کہ ان کے ہمسفر حافظ عبدالرحمن نے کوئی خاص حقِ رفاقت ادا نہ کیا اور ان کی دیکھ بھال میں کوتاہی کا ثبوت دیا[۱۴]۔ رفتہ رفتہ آہ کی حالت خراب سے خراب تر ہوتی گئی۔ اسی بیماری کی حالت میں وہ بلادِ شام سے واپس بغداد آئے۔ یہاں اس زمانے میں سید سجاد حیدر یلدرم انگریزی قونصل خانے میں بحیثیت معاون ملازم تھے۔ انھوں نے ہر طرح مدد کی۔ جب مولانا خیرالدین کو بمبئی میں بیٹے کی بیماری کی خبر ملی، تو انھوں نے یہاں سے روپیہ بھجوایا اور یہ واپس وطن آئے، لیکن کس حالت میں کہ تندرستی بالکل تباہ ہو چکی تھی۔ والد انھیں لے کر کلکتے پہنچے۔ علاج معالجے کے باوجود کچھ افاقہ نہ ہوا اور بالآخر ان کا نمونیہ (ذات الجنب) سے ۱۹۰۶ء میں انتقال ہو گیا[۱۵]۔ قبرستان مانک تلہ میں اپنی خاندانی ہڑواڑی میں دفن ہوئے۔

مولانا خیرالدین کو جواں سال بیٹے کی موت سے جو صدمہ ہوا ہوگا، اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ آہ اپنے والد کے بہت چہیتے فرزند تھے۔ مولانا آزاد بہت ابتدا ہی میں سرسید کی تحریروں کے مطالعے کے بعد اپنے موروثی عقائد سے بغاوت کر چکے تھے۔ مولانا خیرالدین پیری مریدی کے قائل اور

۱۴۔ آزاد کی کہانی۔ ۱۷۹

۱۵۔ ایضاً: ۱۴۵

بہت قدامت پرست تھے۔ انھوں نے دیکھا کہ میرے بعد یہ سلسلہ آزاد لو چلانے سے رہے، اس لیے انھوں نے اپنی خاص تصوف کی تعلیم اور توجہ کے لیے آہ کو چنا۔ آہ بھی امتحان میں پورے اترے۔ وہ بڑے راسخ الاعتقاد اور اپنے خاندانی عقائد و اعمال میں بہت پختہ تھے اور ہر بات میں والد کے نقش قدم پر تھے۔ انھیں کی طرح سے وعظ کہتے اور اپنے لب و لہجہ اور حرکات و سکنات میں پوری طرح ان کی تقلید کرتے تھے۔ آہ کا لباس، چال ڈھال، وعظ کہنے کا طریقہ اس حد تک اپنے والد سے ملتا جلتا تھا کہ جن لوگوں نے مولانا خیرالدین کے وعظ سُنے تھے، وہ اعتراف کرتے تھے کہ آہ کے وعظوں میں بھی وہی لطف آتا ہے۔

آہ کی وفات پر مقبول حسین وصل بلگرامی نے اپنے رسالے عالمگیر (اکتوبر ۱۹۰۶ء) میں یہ تفصیلی شذرہ لکھا تھا:[۱۶]

> مولوی ابوالنصر غلام یٰسین آہ دہلوی مرحوم نہایت ہی لائق مضمون نویس اور عمدہ شاعر تھے۔ آپ کا کلام اکثر خدنگ نظر اور دیگر علمی رسالوں میں شائع ہوتا رہا ہے۔ نثر کے مضامین، کوئی ایسا اُردو اخبار اور رسالہ نہ تھا جس میں نہ نکلتے رہے ہوں۔ ۱۹۰۵ء میں انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ جلسہ میں خاکسار سے بھی ملاقات ہوئی تھی۔ اور اس جلسہ میں آپ نے جو لکچر دیے اور نظمیں پڑھیں، ان کا ایک ایک لفظ آپ کی اعلیٰ لیاقت اور جدت پسند طبیعت کا شاہد تھا حاضرین و سامعین سُن سُن کر نعرۂ آفریں بلند کر رہے تھے۔ حال میں آپ اسلامی ممالک کی سیر کو گئے تھے۔ وہاں سے آتے ہی آپ نے انتقال

۱۶۔ ابوالکلام آزاد (بیدار) ص ۴۲-۴۳

کیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

ہمیں آپ کی ناگہانی اور بیوقت موت کا افسوس اور سخت افسوس ہے۔ ایسا ہونہار اور علمی مذاق کا دلدادہ کہاں سے لائینگے! خدا آپ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور آپکے اعزہ کو صبرِ جمیل۔ یقین ہے کہ آپنے اپنے سفرنامے کا مسودہ ضرور چھوڑا ہوگا۔ امید ہے کہ آپکے چھوٹے بھائی مکرمی حضرت ابوالکلام آزاد دہلوی جو مشہور انشا پرداز ہیں، آپ کا سفرنامہ، آپ کی سوانحعمری اور کلام و مضمون ضرور ایک جگہ ترتیب دے کر شائع کرینگے اور ان کی مختصر سرگذشت سے ہمیں آگاہ کرینگے۔

آہ نے غالباً سفرنامہ تو نہیں چھوڑا لیکن وہ اپنے سفر کے دوران میں ہفتہ وار وطن، لاہور کو مراسلات بھیجتے رہے تھے۔ ان خطوط میں ان کے سفر کے کوائف اور بہت دلچسپ معلومات ہیں۔

آہ کا بہت کم عمری میں نکاح ہوگیا تھا۔ ان کے والد کے ایک بہت مخلص مرید آفتاب الدین صاحب تھے۔ وہ مدۃ العمر کلکتے میں سروے کے محکمے میں ملازم رہے اور یہیں سے انہوں نے پنشن پائی۔ ان کے پانچ بیٹیاں تھیں۔ ان میں سے دو آہ اور آزاد کے عقدِ نکاح میں تھیں۔ آہ کے ان سے ایک صاحبزادہ نورالدین احمد پیدا ہوا، یہ بفضلہ اب بھی حیات ہیں، کلکتے میں قیام ہے۔

مولانا آزاد کہتے ہیں[۱۷] کہ آہ کا دیوان تقریباً مکمل ہوچکا تھا جس میں ہر صنف کا معتدبہ کلام تھا، لیکن ان کی وفات کے بعد تلاش کروایا، تو نہیں

۱۷۔ آزاد کی کہانی ۱۸۰۱

ملا۔ دورانِ مطالعہ میں مجھے جو کچھ دستیاب ہوا، وہ یہاں یکجا کر دیا گیا ہے۔ یقیناً اور بھی بہت ہوگا، جو میری نظر سے رہ گیا۔

نئی دلی

یکم جون ۱۹۶۸ء

مالک رام

غزلیات

اشکِ حسرت ہیں ترے ہجر میں ڈھلنے کے لیے
ایک دریا مری آنکھوں سے ابلنے کے لیے

کوئی تدبیر نہیں دم کے نکلنے کے لیے
کیا اُٹھا رکھتے ہیں بیمار سنبھلنے کے لیے

چاہیے صورتِ پروانہ دلِ سوز طلب
ایک پر ایک گرا پڑتا ہے جلنے کے لیے

داغ کیوں تم نے دیا، مل کے رقیبوں سے، مجھے
آتشِ ہجر نہ کم تھی مرے جلنے کے لیے

لے گئے ہو جو مرے ہوش و خرد، صبر و قرار
داغ دے جاؤ کوئی دل کے بہلنے کے لیے

نزع میں دیکھے کوئی حسرت و ارماں کا ہجوم
سب مرے ساتھ ہیں تیار ہیں چلنے کے لیے

آبلے دل میں پڑے داغِ جگر کے ہمراہ
کیا بہار آئی مری پھولنے پھلنے کے لیے

جان ہی عشق کی افتاد نے لے لی آخر
ایک ٹھوکر یہی کھائی تھی سنبھلنے کے لیے

دو پہر حسن کی اب ہو چکی، اے مستِ شباب!
سر پہ آیا ہے دوپٹہ ترا ڈھلنے کے لیے

دیکھ یوں چاہتے ہیں چاہنے والے تجھ کو
ہر طرف آنکھیں بچھی ہیں ترے چلنے کے لیے

جب بگڑتے ہیں، سنبھالے سے سنبھلتے ہی نہیں
آپ بھی میری طبیعت ہیں مچلنے کے لیے

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا ہے کیوں پیرِ مغاں
مے ہے ڈھلنے کے لیے، جام ہیں چلنے کے لیے

سیکھ لے مجھ سے کوئی مشغلۂ تنہائی
تیری تصویر سے باتیں ہیں بہلنے کے لیے

لڑکھڑاتے ہیں کبھی رند، تو دیکھ، اے زاہد!
'یا علی!' منہ سے نکلتا ہے سنبھلنے کے لیے

کھائینگے زہر حسینانِ جہاں آج ان پر
دھانی پوشاک منگاتے ہیں بدلنے کے لیے

مجمعِ حسرت و اندوہ سے دم گھٹتا ہے
راہ پاتے نہیں ارمان نکلنے کے لیے

تم سلامت ہو، تو آئے گی قیامت بھی کہیں
اِک یہی چال اٹھا رکھی ہے چلنے کے لیے

لوٹ جاؤ دلِ بیتاب ہمارا لے کر
کوئی حیلہ نہیں درکار مچلنے کے لیے

ہے مرے خانۂ تاریک میں یکساں شب و روز
اِک چراغ آٹھ پہر چاہیے جلنے کے لیے

شاعری داد طلب، داد نہ دے جب کوئی، آہ!
پھر تو اک شغل ہے یہ دل کے بہلنے کے لیے

(نیرنگِ عالم، اپریل ۱۸۹۹ء)

۲

طالعِ بد سے نہ آئی راست اک تدبیر بھی
تو پھر اکیا ہم سے ظالم! پھر گئی تقدیر بھی

دل میں لازم ہے خیالِ رُوے پُرتنویر بھی
چاہیے اس آئینے کو نور کی تصویر بھی

مستعد ہے جان دینے کو دلِ نخچیر بھی
ناوک افگن پاس تیرے ہے کماں بھی، تیر بھی

سُوے زنداں جب ترا دیوانہ گیسو چلا
پاؤں پڑنے کے لیے آگے بڑھی زنجیر بھی

خاک میں ملنا ہے تجھکو، خاک کا پُتلا ہے تو
خاک ہے منعم! یہ سازِ عیش بھی، تعمیر بھی

جم گیا نقشہ رقیبوں کا دلِ دلدار پر
ہو گئی بیکار اب تحریر بھی، تقریر بھی

سر میں سودا زلف کا ہے، ابروؤں کی دل میں یاد
جان کے پیچھے پڑا ہے طوق بھی، زنجیر بھی

آپ آئے خانۂ دل میں، تو روشن ہو گیا
اب چمک اٹھے، خدا چاہے، میری تقدیر بھی

بسملِ نوکِ مژہ ہوں، کشتۂ ابروے یار
ساتھ میرے ہو لیے ہیں، تیر بھی، شمشیر بھی

کمسنی میں چاہتے ہو تم اگر مشقِ جفا
ترچھی چتون سے ذرا سیکھو لگانا تیر بھی

حالِ زخمِ محبت سے کسے صدمہ نہیں
خم کیے ہے سر کو اے قاتل! تری شمشیر بھی

روح سارے جسم کی آتی ہے کھنچ کر کان میں
سحر ہے ظالم! تری جادو بھری تقریر بھی

آہ! اس سفاک نے ہم پر کبھی کھایا نہ رحم
"روتے جاتے ہیں ہمارے حال پر رہگیر بھی"[۵]

(خدنگِ نظر، جنوری ۱۹۰۰ء)

۳

کبھی اُو ستمگار! وعدہ وفا کر
مریضِ تپِ ہجر کی کچھ دوا کر

رقیبوں سے ہنستے ہو باتیں بنا کر
مری جان لینا ہے تم کو رُلا کر

تپِ عشق کی آگ بھڑکی ہوئی ہے
مجھے بھی جلا تیرگی، دل کو جلا کر

شکایت یہ ہے دستِ قدرت سے ہم کو
بگاڑا تمھیں خوبصورت بنا کر

تجلّی پہ ہو جائیں مائل نہ موسیٰ
وہ بیٹھے ہیں پردے میں کیوں منہ چھپا کر

ہوا بُوئے مے لائی کیا میکدے سے
گرے شیخ سجدے میں کیوں لڑکھڑا کر

۵ یہ مصرع طرح تھا۔

ہنسیں، بولیں میت پہ آکر ہماری — وہ بیٹھے ہیں کیوں رونی صورت بنا کر
ہزاروں ہی وعدے ہیں، لاکھوں ہی پیماں — بہت سے نہیں، ایک ہی دو وفا کر
ترقی پہ ہے بیوفائی کسی کی — ابھی اور اے زندگی! کچھ وفا کر
قیامت کا غصہ، غضب کے ہیں تیور — مری جان لینے ہو، آنکھیں دکھا کر
زمانے کی نیرنگیاں کوئی دیکھے — بگاڑے بہت خوبصورت بنا کر

مرا دردِ پنہاں، مری دل کی حسرت
وہ پوچھے کبھی آہ! مجھ کو بلا کر

(خدنگِ نظر، فروری، ۱۹۰۰ء)

۴

کہتا ہوں جب کہ مجھ پہ نگاہِ کرم نہیں — کہتے ہیں ناز سے وہ: خدا کی قسم نہیں
تیرے جفا و جور کا ہم کو الم نہیں — جینے کا اپنے رنج ہے، مرنے کا غم نہیں
تکتے ہیں گاہ مجھ کو، کبھی وہ رقیب کو — شوخی سے شرم، شرم سے شوخی بھی کم نہیں
اک میں کہ جان دیتا ہوں کس ذوق و شوق سے — اک تو کہ میرے مرنے کا کچھ بھی الم نہیں
دل کی تڑپ میں شوخیِ جاناں کا ہے مزہ — اب آرزوئے وصل، خدا کی قسم، نہیں
آئی صدا مری لحدِ پایمال سے — رفتارِ یار، فتنۂ محشر سے کم نہیں
ملتے ہی آنکھ، دل مرا چور رنگ ہو گیا — ترچھی نظر حضور کی، برچھی سے کم نہیں

کھینچ جانا بات بات پہ ان کا شبِ وصال
میری لیے تو خنجرِ بُراں سے کم نہیں

تم ہو زباں دراز، تو ہم بیزبان ہیں
تم ہم سے کم نہیں ہو، تو ہم تم سے کم نہیں

جب سے کہ خطِ سبز کا نظارہ ہو گیا
ہاتھوں کو طوطے اُڑ گئے، آپے میں ہم نہیں

عاشق نہ ہو دہان و کمر کا جو اس کی، آہ!
کچھ وہ مسافرِ رہ ملکِ عدم نہیں

(خدنگِ نظر، فروری، ۱۹۰۰ء)

۵

بس کرو اب رونے والے رو چکے
"رات گذری، سونے والے سو چکے"

آپ کی چتون پہ عاشق ہو چکے
جان اپنی رونے والے کھو چکے

اب تو سیدھی کیجیے ترچھی نگاہ
سیکڑوں ٹکڑے جگر کے ہو چکے

کچھ نئی حجت ہے، میری آپ کی
حشر تک ممکن نہیں، جو ہو چکے

آبرو پائی نگاہِ خلق میں
ہم شہیدِ تیغِ ابرو ہو چکے

یہ بھی وعدہ آپ کا ہم دیکھ لیں
آج ہی کل میں قیامت ہو چکے

آرزو یوں بھی نہ نکلی وصل کی
ہم کنارِ قبر میں بھی سو چکے

سادہ کاغذ رہ گیا، اے نامہ بر!
خط کو ہم اشکوں سے اپنے دھو چکے

خالِ رُوئے یار کے عاشق ہیں ہم
کشتِ دل میں تخمِ حسرت بو چکے

ع مدرجِ طرح

کیا دہن ہے، کیا کمر ہے آپ کی
دیکھتے ہی جان و دل گم ہو چکے

ہنس رہے ہیں باغ میں غیروں کے ساتھ
میرے پھولوں میں وہ آکر رو چکے

کُوے جاناں میں عجب اندھیر ہے
نقدِ دل ہم بھی اسی جا کھو چکے

بڑھ کے ہے عارض تمھارا یا قمر
بحث یہ، رخ سے نقاب الٹو، چکے

نخلِ غم پھولے پھلیگا خلق میں
آہ! ہم تخمِ محبت بو چکے

(خدنگِ نظر، مارچ، ۱۹۰۰ء)

۶

کشتۂ حسرتِ ازل سے ہے دلِ ناکامِ عشق
روح نے پہلے پہل آکر دیا پیغامِ عشق

آبلوں کا گنجِ گوہر دے کے صحرا نے کہا،
سالکِ وحشت کو ملتا ہے یہی انعامِ عشق

فاتحہ پڑھنے جو آئے ہیں ہماری قبر پر
دوستوں کو آج آتا ہے نظر انجامِ عشق

آبلہ دل کا نہ ٹوٹا حشر تک، اے چارہ گر!
عالمِ فانی میں ہے کس درجہ استحکامِ عشق

اب نہ وہ جوشِ جوانی ہے، نہ داغوں کی بہار
صبحِ پیری آئی بجھتے ہیں چراغِ شامِ عشق

ہائے، وہ آنسو بہانا ان کا میری لاش پر
اور وہ کہنا کہ ہوتا ہے یہی انجامِ عشق

سہتے سہتے رنج و غم آخر نتیجہ یہ ہوا
"جان دے کر کام اپنا کر گئے ناکامِ عشق"[۵]

اب رسائی خلوتِ محبوب تک آسان ہے
دل نے آہوں کو بنایا ہے کمندِ بامِ عشق

بٹ رہے ہیں جامِ الفت حُسن کی خیرات میں
دوست دشمن پہ ہے یکساں آج فیضِ عامِ عشق

جو تڑپنے میں مزا ملتا ہے ظالم! کیا کہوں
میرے دل سے کوئی پوچھے لذتِ آلامِ عشق

زہر کھا کر مر گیا اُس سبزہ رُو کے عشق میں
آہ نے پایا ہے ملبوسِ زمرّد فامِ عشق

(خدنگِ نظر، اپریل، ۱۹۰۰ء)

---

۵ مصرع طرح

۷

مصحفِ رُخسار سے ہوتا ہے ہمسر آئینہ
کس قدر گستاخ ہے، اللہ اکبر، آئینہ

نامۂ آئینہ رُو ہے اے کبوتر! آئینہ
تُو تو اپنے ساتھ لایا ہے اڑا کر آئینہ

پہلے دل پر ہاتھ رکھ لیجے کہ آجائے نہ غش
"اپنی صورت دیکھیے گا پھر اُٹھا کر آئینہ"[۵]

لے چلا ہے اس کے رُوئے صاف و روشن کا خیال
راہِ الفت میں ہوا ہے اپنا رہبر آئینہ

رُو برُو کی چوٹ ہے، وہ بھی بڑا بیباک ہے
دیکھیے صاحب! دمِ تزئین سنبھل کر آئینہ

موجزن اک نور کا دریا نظر آیا مجھے
آ گیا جس وقت اُس رخ کے برابر آئینہ

اب نہ چاہیں گے تمھیں اے مہوشانِ خود پسند
ہم نے رکھا طاقِ نسیاں پر اُٹھا کر آئینہ

---

۵ مصرع طرح

آئینہ میں ابروے خمدار او قاتل! نہ دیکھ
ذبح کرتا ہے مجھے بن بن کے خنجر آئینہ

رُوے تاباں دیکھتے ہی آگ دل میں لگ گئی
شان اس کی بن گیا سینے میں مجمر آئینہ

عکس سے بھی اپنے آتی ہے انھیں شرم و حیا
دیکھتے ہیں صبحِ وصل آنکھیں چُرا کر آئینہ

پرتوِ رُوے کتابی نے دیا مصحف کا کام
اللہ اللہ ہو گیا گویا پیمبر آئینہ

(خدنگِ نظر، جولائی، ۱۹۰۰ء)

۸

جب سے دل میں اس حسیں کی یاد ہے
حور پیکر شعلۂ فریاد ہے

ایک ہے مسرور، اک ناشاد ہے
بزمِ ہستی کی عجب رُوداد ہے

تم کو چاہا سب کی نظروں سے گرے
یہ ہمارے عشق کی افتاد ہے

قید میں جلتا نہیں بلبل کا دل
یہ چراغِ خانۂ صیّاد ہے

ناز ہم سے اور غیروں سے نیاز
مہرباں! یہ آپ کا ایجاد ہے

ایک عالم کی اُڑائی اس نے نیند
اب مری فریاد کی فریاد ہے

زندگی میں تھیں ہزاروں گردشیں
مر کے بھی مٹی مری برباد ہے

ہو گئی برباد اپنی خاک بھی
وہ ابھی تک برسرِ بیداد ہے

لطف کے پردے میں ظلم و جور ہیں
کس ستم کا وہ ستم ایجاد ہے

بن پڑی تو ہم بھی دیں حوروں کو دل
دشمنِ جاں، حسنِ آدم زاد ہے

خاک کر دے آسماں کو تو سہی
دوسری بجلی مری فریاد ہے

ہجر کی شب دیکھیے کیونکر کٹے
ہر ستارہ دیدۂ جلّاد ہے

جس کو سب کہتے ہیں آہِ نیمجاں
یہ وہی تو خانماں برباد ہے[1]

(خدنگِ نظر، ستمبر، ۱۹۰۰ء)

۹

شرم کیسی یہ شبِ وصل! ادھر آؤ بھی
دیکھتا کون ہے، چپکے سے لپٹ جاؤ بھی
کیسے بیدرد ہو، سفّاک ہو تم، جاؤ بھی
"آپ ہی ظلم کرو، آپ ہی پچھتاؤ بھی"[2]

---

[1] مصرع طرح: بتلائے غمِ دلِ ناشاد ہے۔
[2] مصرع طرح

پردے آنکھوں پہ پڑے ہیں کہ بہار آئی ہے
ہو چکی توبہ، بس اب ساغرِ مے لاؤ بھی

تم تو جانے ہی پہ تیار ہو صبحِ شبِ وصل
کچھ ہمارے دلِ بیتاب کو سمجھاؤ بھی

ہم نے مانا کہ غش آجائیگا موسیٰ کی طرح
تم کو کیا فکر ہے، صورت ہمیں دکھلاؤ بھی

پاؤں اپنے نہیں اٹھتے طرفِ منزلِ عشق
دل بڑھا جاتا ہے، یہ کہتا ہوا: آؤ بھی

دیکھ کر دل کی تڑپ، آپ ہی ڈر بھی جاؤ
اور بجلی کی طرح، آپ ہی تڑپاؤ بھی

بات ہی وعدہ خلافی نے تمہاری کھو دی
روز کہتے ہو، ہم آئینگے؛ اجی، جاؤ بھی!

آہ کے دل کا بھی دھو جائے پسِ مرگ غبار
چند آنسو کبھی تربت پہ بہا جاؤ بھی

(خدنگِ نظر، اکتوبر ۱۹۰۰ء)

۱۰

سرِ قبر ٹھوکر لگاتے ہوئے
چلو، سوتی قسمت جگاتے ہوئے

اِدھر دیکھا ظالم کو آتے ہوئے
اُدھر دل کو پہلو سے جاتے ہوئے

چلے اُٹھ کے تیوری چڑھاتے ہوئے
وہ نظروں سے ہم کو گراتے ہوئے

مری قبر پر آ کے کہتے ہیں وہ
بہت نیند کے آپ ماتے ہوئے

حیا ہے جو مانع، تو آتی ہے شرم
تصور میں بھی ان کو آتے ہوئے

نہ توڑو بتو! دل شکستوں کے دل
ڈرو، گھر خدا کا گراتے ہوئے

کھنچے تیغ کے ساتھ ابرو ترے
ستم پر ستم اور ڈھاتے ہوئے

مجھے دیکھ کر ہائے، شرما گئے
چھپے، ہاتھ سے منہ چھپاتے ہوئے

دکھا کر وہ زلفِ سیہ، چل دیے
بلا میرے پیچھے لگاتے ہوئے

خدا جانے کب دل میں آئے گئے
انھیں آتے دیکھا، نہ جاتے ہوئے

گلی سے تری ہم نے دیکھا ہے حور!
ہوا باغِ جنّت کی آتے ہوئے

تمنّائے دل کو ترے خوف سے
زباں تک بھی ڈرتے ہیں لاتے ہوئے

گھلے جاتے ہیں آہ! ہم عشق میں
اثر آہ کا آزماتے ہوئے[۵]

(خدنگِ نظر، نومبر، ۱۹۰۰ء)

---

۵ مصرع طرح تھا، جھجکتے ہو کیوں دل میں آتے ہوئے

۱۱

ظاہری صاحب سلامت اور ہے
اور راہ و رسم و الفت اور ہے

تھا لڑکپن قہر، اب آیا شباب
یہ قیامت پر قیامت اور ہے

حاجتِ طوق و سلاسل کچھ نہیں
عاشقِ گیسو کی وحشت اور ہے

بیوفا ہیں سارے عالم کے حسین
ان کی صورت اور سیرت اور ہے

ظلم میں ان کے غضب کا ہے مزہ
اس لیے دل کو محبت اور ہے

سامنے وہ، اور میں نظروں سے دور
یار آئینے کی قسمت اور ہے

ہم سے کیا محشر میں ہوگی باز پُرس
شیخ! اس کی شانِ رحمت اور ہے

گرمیِ داغِ دلِ سوزاں ہے اور
حدّتِ مہرِ قیامت اور ہے

قتل کر کے لاش بھی کر پایمال
"ایک نکلی، ایک حسرت اور ہے"[۵]

درد کی دل میں کھٹک پہلے سے تھی
آپ کا جانا قیامت اور ہے

خاک تک تو کر چکے برباد تم
اب بھی کیا دل میں کدورت اور ہے

ہم شبِ فرقت میں مر مر کر جیے
کیا کوئی باقی قیامت اور ہے

کیا کہوں میں حالِ آہِ دہلوی
ان دنوں رنگِ طبیعت اور ہے

(خدنگِ نظر۔ دسمبر، ۱۹۰۰ء)

---

۵ مصرعِ طرح

۱۲

کبھی وہ جان کا دشمن، وہ قاتل یاد آتا ہے
کبھی پہلوے خاطر دیکھ کر دل یاد آتا ہے

چلے جاتے ہیں اٹھتے بیٹھتے ہم دشتِ غربت میں
وطن اپنا ہمیں منزل بمنزل یاد آتا ہے

پھنسے اک ان سے الفت کر کے ہم دوہری مصیبت میں
اِدھر وہ یاد آتے ہیں، اُدھر دل یاد آتا ہے

رہا پہلو میں جب تک ہم اُسے سمجھا کیے دشمن
گنوا بیٹھے ہیں، تو کم بخت اب دل یاد آتا ہے

گزرتا ہے نظر سے جب کوئی پھولا پھلا گلشن
تو پھر دل ہم کو اپنا رنگِ محفل یاد آتا ہے

مزے کی نیند گو آتی ہے آغازِ جوانی میں
مگر انجام میں یہ وقت، غافل! یاد آتا ہے

کبھی جس دل کو ظالم! دمبدم تو یاد آتا تھا
اب اپنا ہم کو وہ آیا ہوا دل یاد آتا ہے

ہماری بیگناہی پوچھتی رہتی ہے قاتل سے
کبھی تم کو کوئی ناکام بسمل یاد آتا ہے
بُرا ہوتا ہے صدمہ ہم نشیں کے ہجر کا اے آہ!
کلیجہ کوئی مل دیتا ہے جب دل یاد آتا ہے

(از بغداد: مخزن، جنوری ۱۹۰۶ء)

۱۳

قضا کیوں ہجر میں آتی نہیں، گر آنے والی ہے
کہ اب ٹوٹے ہوئے دل کی نہایت خستہ حالی ہے
اثر کیونکر رہے کچھ دیر ناصح کی نصیحت کا
مزاج اپنا ہے رندانہ، طبیعت لاابالی ہے
مری پھولوں کی محفل میں وہ اپنے دل میں ہنستے ہیں
مگر ظاہر میں صورت رونے والوں کی بنالی ہے
قلق یہ ہے کہ نازک پاؤں دکھ جائیں نہ قاتل کے
وگرنہ فخر کی جا مجھ کو دل کی پایمالی ہے
بہار اس گلبدن کو ہر روش پہ نذر دیتی ہے
دمِ سیرِ چمن ہر شاخِ گل پھولوں کی ڈالی ہے

اگر ساقی اجازت دے، تو اشکِ سرخ سے بھر دیں
بھری بیٹھے ہیں ہم محفل میں جب سے جام خالی ہے

غضب کا ہے، قیامت کا ہے، یہ چلتا ہوا جادو
کیا دیوانہ اس کو تم نے جس پر آنکھ ڈالی ہے

اگرچہ ہا خدا نے، گھر کرینگے غیر کے دل میں
نئی اِک راہ ہم نے اُن سے ملنے کی نکالی ہے

یہ کس نے اپنے پیارے ناخنوں سے چٹکیاں لی ہیں
کہ دل میں جو نشانِ زخم باقی ہے، ہلالی ہے

بنی ہے مدتوں میں یوں شہیدِ ناز کی تربت
کہ ہر قاتل نے چٹکی چٹکی اس پہ خاک ڈالی ہے

جلا رکھو چراغ، اے آہ! دن سو اپنے گھر میں تم
اندھیرا ہو چلا، شامِ جدائی آنے والی ہے

(مخزن، فروری، ۱۹۰۶ء)

نظم

کچھ اور دیکھ لیتے

بیچین کر رہی ہے یہ مختصر کہانی
جب چل دیا لڑکپن اور آ گئی جوانی
کچھ اور ہو گیا دل، کچھ اور ہو گئے ہم
کھو کھو کے مل گئے ہم، مِل مِل کے کھو گئے ہم
کہتے یہ محتسب سے، معذور دار مارا
اک بات تھی، "سکرنا یا ایہا السکارا"
سب سے جدا رہے ہم نقشہ جدا ہی دیکھا
آنکھیں جدھر اٹھائیں، عالم نیا ہی دیکھا
علم و ہنر کے ہاتھوں، ہم باکمال ٹھہرے
ہم ذی جلال ٹھہرے، ہم ذی جمال ٹھہرے
جانا تو کیا نہ جانا، سیکھا تو کیا نہ سیکھا
سب کام ہم نے سیکھے، پر دیکھنا نہ سیکھا

سرمہ بہت لگایا، چشمہ بہت چڑھایا
جو دیکھنے کا حق ہے، وہ دیکھنے میں آیا[۵]

ناکامیاب رہنا تقدیر میں لکھا تھا
کیا خاک دیکھتے ہم، جب دیکھنا نہ آیا

ہم کو ہماری فطرت جلوے دکھا رہی ہے
اِک چیز جا رہی ہے، اک چیز آ رہی ہے
بڑھنے لگی ضعیفی، ڈھلنے لگی جوانی
آنے لگا بُڑھاپا، ٹلنے لگی جوانی
ہے ہے اصولِ نیچر، آخر کو رنگ لائے
اور مضمحل قوٰی نے رہ رہ کے گُل کھلائے
اعضا میں کیا رکھا تھا، ڈھانچے میں کیا دھرا تھا
اک موت کا فرشتہ سر پر کھڑا ہوا تھا

---

۵ میرے سامنے خدنگ نظر کی وہ جلد ہے جو کبھی مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم کے کتابخانے میں رہی ہے جس شمارے میں یہ نظم شائع ہوئی تھی، اس میں سرخ روشنائی سے یہ شعر یوں بنا دیا گیا ہے،

سرمے بہت لگائے، چشمے بہت چڑھائے
جو دیکھنے کا حق ہے، وہ دیکھنے میں آئے

یہ اصلاح مولانا آزاد کے قلم سے بھی ہو سکتی ہے اور خود آہ کے بھی، کیونکہ یہ جلد ان دونوں کے پاس رہی ہے۔

آئے خزاں کے جھونکے، جینے کے گلستاں میں
مرنے کی شکل دیکھی، آئینۂ جہاں میں
پھر خاک میں ملے ہم یاد آگیا کندھلنا
قسمت پکار اٹھی: "اب دیکھنا سنبھلنا"

ہڈی لگی چٹخنے، چھٹنے لگے پسینے
واقع میں عمر بھر کے بدلے لیے زمیں نے

آنکھیں جو بند کرلیں، گویا کہ کچھ نہ دیکھا
پایا کہ کچھ نہ پایا، دیکھا کہ کچھ نہ دیکھا
اُف، تن بدن کی رگ رگ رہ رہ کے جل رہی ہے
اور دیکھنے کی حسرت دل میں مچل رہی ہے
سینے میں رہ گیا دل، دل میں رہی تمنّا
"کچھ اور دیکھ لیتے" یہ رہ گئی تمنّا

دنیا میں ہم نے دیکھا سب کچھ، مگر نہ دیکھا
کیا یہ بھی دیکھنا ہے، جو دیکھ کر نہ دیکھا

(خدنگِ نظر، اگست ۱۹۰۲ء)

رباعیات

یہ آپ سے کیا کہوں کہ اب کیسا ہوں
اللہ کا شکر ہے کہ میں زندہ ہوں
ہوں سلسلِ بول و دردِ سر سے رنجور
رنجور[۵] کے اصرار سے یاں آیا ہوں

بیداریِ شب سے تپ بڑھا کرتی ہے
اور فکر یہ تکلیف سوا کرتی ہے
سب کچھ مانا، مگر کہاں تک انکار
ہر چیز کی ایک حد ہوا کرتی ہے

[اردو ادب (آزاد نمبر)، ۲۹۲]

فردیات

ہم نہ کہتے کہ یوں نہ چمکے دو ـــــ تم اگر بات کے دھنی رہتے
زشت رُو کو حسیں سے کیا نسبت ـــــ آسماں کو زمیں سے کیا نسبت
ہنس ہنس کے داغہائے جگر دیکھتے بھی ہیں
اور یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ شوقِ چمن نہیں

[اردو ادب (آزاد نمبر)، ۲۹۲]

---

۵ مولوی محمد یوسف جعفری رنجور مراد ہیں

قطعات

●

ہر سمت سے آرہی ہے آواز — اللہ بھلا بشر بُرے ہیں
اللہ ہماری شرم رکھ لے — تیرے ہی تو ہیں اگر بُرے ہیں

●

اسراف کی دھوم ہر کہیں ہے — پابندیِ رسم دلنشیں ہے
اور اس کا نہیں خیال دل میں — اب گھر میں ہمارے کچھ نہیں ہے

●

پیری میں رو رہا ہے جوانی تو پیر مرد
یعنی وہ اگلے رنگ کے اب کھیل ہی نہیں
ایک خواب تھا زمانۂ ماضی کی چاہتیں
اگلا سا اب ملاپ نہیں، میل ہی نہیں
پہلو میں دل ہے، دل میں امنگوں کا کال ہے
کیونکر جلے چراغ کہ اب تیل ہی نہیں

●

پی کے کرنا مذمتیں مے کی — تو نے واعظ! مری سُنی ہی نہیں
جس میں حق الیقین کی بو ہو — ایسی تو نے کبھی کہی ہی نہیں
تیری باتوں میں خاک ہو تاثیر — ہائے کمبخت! تو نے پی ہی نہیں

●

رات کٹتی ہے بہر صورت فقیر و شاہ کی
اس نے ہنستے کاٹ دی اور اس نے روتے کاٹ دی
گو کہ دن کا جاگنا بھی غفلتوں کے ساتھ ہے
پر ہمیں دیکھو کہ ہم نے رات سوتے کاٹ دی

●

یہ تم کو کیا ہوا، اے اسیرانِ ہمصفیر!
اٹھتے نہیں ہلائے سے بھی، سو گئے ہو کیا؟
ہم تو وہی ہیں اگلے تمھارے نیازمند
چپ چاپ کیوں ہو، ہم سے خفا ہو گئے ہو کیا؟

●

آرام کی چیزوں سے میسّر نہیں آرام
دنیا میں ہر اک طرح سے مشکل ہے بشر کو
تھک تھک کے رہے جاتے ہیں کیوں راہِ طلب میں
کیا سر پہ کوئی لے کے چلے پائے سفر کو

●

شاعری اصلاً غلط گوئی نہیں
سب انھیں گندوں کے گندے ہیں خیال

جھوٹ کہنا شاعروں کا کام ہے
شاعروں سے شاعری بدنام ہے

(مخزن، اگست، ۱۹۰۴ء)

قطعاتِ تاریخ

انتقالِ پُرملال ملک الشعرا جناب منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی لکھنوی
نور اللہ مرقدہ استادِ نوابِ رامپور خلد آشیاں

فاتِ ہیہات امیرُ الالقاب
۱۳۱۸ھ

بزمیں رفت کان علم و ادب — قرصِ خورشید در سیاہی شد
آہ غمگیں نوشت سالِ وفات — وائے مفتی امیر راہی شد
۱۳۱۸ھ

قدسی صفات سوئے ملکِ بقا شد
۱۳۱۸ھ

آہ، سرتاج بزمِ شعر و سخن! — آہ، ذی علم مفتی و منشی
مل گئیں خاک میں امیدیں سب — ہائے بیوقت تو نے رحلت کی
بلبلِ طبع بول اٹھی پئے سال — آہ، باغِ سخن میں آگ لگی
۱۹۰۰ء

صاحبِ وقار بخلد رسید
۱۳۱۸ھ

طوطیِ باغِ سخن استادِ دہر — حضرتِ مفتی امیرِ لکھنوی
فی الحقیقت علم کے بدرِ منیر — واقعی مہرِ لیاقت واقعی

رشکِ آتش، عزت افزائے امیر — فخرِ ناسخ، فخرِ میر و مصحفی
ان کو ہر اک نظم میں تھی دستگاہ — کیا رباعی، کیا غزل، کیا مثنوی
تھے قصیدے میں ہوس سے بھی زیاد — غیرتِ عرفی کہوں یا انوری
کیا بجھا اُن کا چراغِ زندگی — شمعِ بزمِ شاعری ہی بجھ گئی

آہ! لکھو مصرعِ سالِ وفات
ہو گیا تاراج ملکِ شاعری
۱۳۱۸ھ

ایک جاتا ہے، ایک آتا ہے — ہائے، دنیا مقامِ عبرت ہے
کہیں ماتم کہیں ہے بزمِ نشاط — کہیں غم ہے، کہیں مسرت ہے
فاسمعوا کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ — ایک اللہ کو قدامت ہے
آہ، منشی امیر احمد، آہ — تیرا مرنا بھی اک قیامت ہے
سوز ہے دل میں، لب پہ نالہ و آہ — ایسے ماتم کی کس میں طاقت ہے
پے تاریخ سنگِ تربت پر — لکھ دو از حد خدا کی رحمت ہے
۱۳۱۸ھ

(خدنگِ نظر، نومبر، ۱۹۰۰ء)

باہتمامِ نظر یافت ایں چہ حسنِ قبول — بلند شد ز فلک پایۂ خدنگِ نظر
دعائیہ پے آغازِ سال گفتم، آہ! — کہ باد بر سرِ ما، سایۂ خدنگِ نظر
۱۹۰۰ء

قطعۂ تاریخ
سالِ نو خدنگِ نظر

مہِ چاردہ در برم تاختہ — مکانم مگر آسماں ساختہ
چہ محبوب، محبوبِ محبوب[1] ہم — چہ مطلوب، مطلوبِ مطلوب ہم
بگو، چوں نباشد دلم شادشاد — حق اُورا چہا حسنِ جاوید داد
بہر طور زحمت کشیدن چہ سُود — کہ گلہا ببیں، خار چیدن چہ سود
زنام دل آویز پُرسی اگر — بلے گویمت، کو خدنگ نظر
چہ گویم زتعریفِ اُو یلّلی — چہ خوانم زتوصیف او یلّلی
خدنگِ نظر گلشنِ بیخزاں — کہ اشعارِ گلہا، نظر[2] باغیاں
خدنگِ نظر اے خدنگِ نظر — دعا گوے تو آہ شام و سحر
بدل نیک دانم کہ شد سالِ نو — زمن نغمۂ شادمانی شنو
چہ از بہرِ تفصیل اجمال شد — خدنگِ نظر دیدنی سال شد
۱۹۰۲ء
دگر مصرعِ سال ازاں خوبتر — کہ محبوب زیبا خدنگِ نظر
۱۹۰۲ء
(خدنگ نظر، فروری ۱۹۰۲ء)

---

[1] آصف جاہ ششم میر محبوب علی خان نظام حیدرآباد کی طرف اشارہ ہے۔
[2] مدیر خدنگِ نظر منشی نوبت رائے نظر

قطعاتِ تاریخ

جشنِ تاجپوشی اعلیٰ حضرت شاہِ انگلستان

شہنشاہِ ہندوستان خلد اللہ ملکہ،

در صنعتِ حروفِ منقوط

شہا بشو محوِ بادہ نوشی — بخیر شد جشنِ تاجپوشی
بعیش کوشی بعیش کاری — مبارک ایں تخت و تاج بادا
ز رنج رستی کہ چست و چاتی — بذوق و مستی بجام و ساقی
بلطفِ ہستی بکامگاری — مبارک ایں تخت و تاج بادا
بحرفِ منقوط سال گفتم — ببیں چہ دُرہائے نغز سُفتم
عجیب رسمے و ملکداری — مبارک ایں تخت و تاج بادا

۱۹۰۲ء

خسروا! تو باحترام بماں — بر ہمہ احترامِ تو ماند
نامِ تو وردِ ہمہ صغیر و کبیر — تا جہانست، نامِ تو ماند
آہ گفت ایں دعائیہ مصرع
عمر و دولت بکامِ تو ماند

۱۳۲۰ھ

در صنعتِ تخرجہ

اتفاقاً کل جو آنکھیں بند کیں
تخت پر دیکھا اسی جمجاہ کو
آہ نے اٹھ کر دعائیہ کہا
تا چوشی راس آئے شاہ کو
۱۳۲۰ھ

علی جواد زیدی

اردو کا طویل ترین قصیدہ

قصیدے میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ تعداد اشعار کتنے ہوں اس کے بارے میں فنِ شعر کے ماہرین کی رائیں مختلف ہیں۔ اگرچہ پانچ شعر تک کے بھی مل جاتے ہیں، لیکن قصیدے میں اشعار کی کم سے کم تعداد سات بتائی گئی ہے۔ یہ بھی متفق علیہ نہیں ہے۔ کوئی کم سے کم تعداد بارہ بتاتا ہے، کوئی پندرہ، کوئی بیس، کوئی اکیس، کوئی پچیس اور کوئی تیس۔ نواب صدر الدین محمد خاں فائز دہلوی نے اپنے دیوان کے خطبے (مقدمے) میں تعداد اشعار کے اعتبار سے قصیدے اور قطعے میں امتیاز کرنے کی کوشش کی ہے۔ لکھتے ہیں:

> قصیدہ را باید کہ دو مصرع متفق در مطلع بود و الا قطعہ خوانند ہر چند از بیست و سی بیت بگذرد۔۔۔ چوں ابیات مکرر شود و از پانزدہ و شانزدہ بگذرد و بہ بیست رسد آں را قصیدہ خوانند۔

اس سے گمان ہوتا ہے کہ متاخرین بیس سے کم اشعار والے ذو مطلع قصیدے کو بھی قصیدہ نہیں سمجھتے تھے، بلکہ اس کا شمار قطعے میں کرتے تھے۔

عام طور سے یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ قصیدوں میں زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ اس سلسلے میں بھی ۱۰۰، ۱۲۰ اور ۱۰۰ کی تعداد معین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن ان میں سے کوئی حد بھی قطعی نہیں ہے! اردو میں اس سے کہیں زیادہ اشعار کے

۱۔۔ فائز دہلوی اور دیوان فائز، مرتبہ سید مسعود حسن رضوی ادیب، ۱۶۰۱

قصیدے لکھے گئے ہیں، مثلاً قطبی کا قصیدہ جو "تحفۃ النصائح" کا ترجمہ ہے، اس میں ۸۰۰ شعر ہیں۔ قریب تر زمانے میں قدر بلگرامی کے قصیدے "آئینۂ محبوب" میں ۳۰۰ اشعار ہیں۔

عملی طور سے شعرا نے ان حد بندیوں کی کبھی کوئی پروا نہیں کی۔ جیسے جیسے زمانہ گذرتا گیا، مختصر قصیدے ناپید ہوتے گئے۔ جو مختلف اشعار مدحیہ، مطلع کی قید کے ساتھ کم تعداد میں لکھے بھی گئے، انھیں قطعہ ہی شمار کیا گیا۔ قصائد میں عام طور سے ۱۰۰ کے قریب شعر ہوتے ہیں۔ یہاں بھی بڑی اکثریت ان قصائد کی ہے جن میں ۱۰۰ سے کم شعر ہیں، ۱۰۰ سے زائد اشعار والے قصائد بہت تھوڑے ہیں۔

اس پس منظر میں اردو کے طویل ترین قصیدے کی بحث غیر ضروری ہوتے ہوئے بھی دلچسپ ہے۔ یہ بحث سب سے پہلے ابو محمد سحر نے اٹھائی تھی۔ "اردو میں قصیدہ نگاری" کے پہلے ایڈیشن میں انھوں نے اصلح الدین یا احسن (شاگرد سودا) کے اس قصیدے کو اردو کا سب سے طویل قصیدہ قرار دیا تھا جو رد مصحفی میں لکھا گیا ہے۔[۲] اس قصیدے میں کل ملا کر ۸۳۹ مطبوعہ اور چھ محذوف اشعار ہیں۔ اس ہجویہ قصیدے کا مطلع ہے

کیا حضرت سودا نے کی اے سخی تقصیر　　کرتا ہے جو ہجو اس کی تو ہر شعر میں تحریر

ظاہر ہے کہ اتنے بڑے قصیدے میں تکرار قوافی سے گریز نہیں ہے مصنف نے اس کوتاہی کا یہ عذر پیش کیا ہے:

ان قافیوں میں آٹھ سو اور کتنے ہیں اشعار　　کس طرح سے اس میں نہ قوافی ہوں نہ تکریر

سحر نے جس وقت پہلے ایڈیشن میں طویل ترین قصیدہ لکھنے کا شرف اصلح الدین کو بخشا تھا اس وقت ان کی نظر میں یہی ایک طویل ترین قصیدہ تھا۔ اب انھیں محمد عبدالرحمٰن شاکر بدایونی کا قصیدہ "اعجاز عشق" دیکھنے کو ملا تو دوسرے ایڈیشن میں انھوں

۲۔ اس قصیدے کا حق تصنیف ان دو کے علاوہ بندہ ابن راقم کو بھی دیا گیا ہے اور یہ شبہ بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ اسے کئی شاگردان سودا نے مل کر تصنیف کیا۔

نے رائے بدل دی[3]۔ یہ قصیدہ سب سے پہلے ۱۳۲۲/۱۹۰۴ھ میں شائع ہوا۔ اس وقت یہ کل ۱۳۸۸ اشعار پر مشتمل تھا۔ اس کے بعد کئی ایڈیشنوں میں اس میں اضافہ ہوتے رہے اور رجب ۱۳۵۷/۱۹۳۸ء میں یہ آخری بار شائع ہوا تو اس کے اشعار کی تعداد بڑھتے بڑھتے ۱۳۹۶ تک پہنچ چکی تھی۔ اسی بنا پر سحر نے اردو کے طویل ترین قصیدے کے مصنف ہونے کا فخر شاطر کے حوالے کر دیا۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ بھی اردو کا طویل ترین قصیدہ نہیں ہے۔ ان دونوں قصائد کے برعکس کنور سین مضطر کے قصیدے "ریاض الشعرا" میں ۱۴۲۵ شعر ہیں اور جب تک کوئی اور اس سے طویل تر قصیدہ ہمارے سامنے نہیں آجاتا یہی اردو کا طویل ترین قصیدہ شمار کیا جائیگا۔

یہ مضطر کون تھے؟

لالہ کنور سین مضطر لکھنوی کا اصلی نام کرپا دیال تھا لیکن وہ اپنی عرفیت کنور سین ہی سے زیادہ مشہور ہیں۔ وہ قوم کے سکسینہ تھے۔ ان کے بزرگ شاہی میں ہمیشہ اچھے عہدوں پر سرفراز رہے۔ دادا دیوان چوڑامن داس دلی میں خزانہ شاہی کے دیوان اور پیشکار پنج ہزاری مغلیہ تھے۔ برہان الملک نواب سعادت خان (بانی سلطنت اودھ) کی رفاقت میں دلی سے لکھنؤ آئے اور محلہ کٹرہ رائے میں رہنے لگے۔ نواب منصور علی خان اور راجہ ٹوڈرمل کے زمانے میں نیابت اور پیشکاری کے عہدوں تک پہنچے۔ ان کے والد دیبی پرشاد یا بینی پرشاد اور ان کے چچا بھوانی پرشاد بھی دیوان تھے۔ ان کے بھائی صاحب سہائے بھی عمدہ روزگار تھے اور بھتیجے کاشی رام شاہی میں بخشی تھے۔

خود مضطر نے آصف الدولہ کے عہد میں کار لائقہ انجام دیے۔ یقیناً یہ آصف الدولہ

۳۔ اردو میں قصیدہ نگاری (طبع دوم)؛ ۲۴۱

۴۔ تذکرۂ ہندی؛ ۲۱۲

۵۔ عقدِ ثریا؛ حاشیہ ۵۷

کے عہدِ سلطنت کے آخری ایام کی بات ہوگی کیونکہ آصف الدولہ کی وفات کے وقت مضطر کی عمر ۲۴ برس کے لگ بھگ تھی۔ میرے خیال میں وہ پہلے پہل ۱۲۰۸ھ کے آس پاس اپنے والد کے ہمراہ محالات چاند پور وغیرہ (علاقہ پیلی بھیت) کی فوجداری پر متعین ہوئے اور اپنے والد کے ہمراہ وہیں رہنے لگے۔ بعد کو مظفر نگر میں تحصیلدار ہو گئے۔ شیفتہ نے لکھا ہے (۱۲۳۸ھ) کو بارہ برس سے بلند شہر میں تحصیلدار ہیں۔ تحصیل ڈبائی، بلند شہر کی تحصیلداری کا ذکر دوسرے تذکرہ نویسوں نے بھی کیا ہے۔

مضطر کے بزرگ اصلاً دلی کے رہنے والے تھے۔ لیکن یہ خود لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ "عقدِ ثریا" میں ہے کہ ۱۲۱۳ھ میں یہ ۲۵ سال کے تھے۔ اس حساب سے ان کی ولادت ۱۱۸۸ھ میں قرار پاتی ہے۔ "تذکرۂ ہندی" کے نسخۂ رام پور میں ان کی عمر بیس سال کی بتائی گئی ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ اطلاع مصحفی نے "تذکرۂ ہندی" پر نظرِ ثانی کرتے وقت ۱۲۰۸ھ کے آس پاس فراہم کی۔

مضطر کی نشو و نما اور تربیت بھی لکھنؤ ہی میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم بھی وہیں پائی۔ گھر میں لکھنے پڑھنے کا ماحول تھا اس لیے مکتب نشینی ہی کے زمانے سے ہندی اور فارسی میں شعر کہنے لگے۔ لیکن کسی کو اپنا کلام دکھاتے ہوئے جھجکتے تھے۔ اپنے بزرگوں تک کو اپنی شاعری کی ہوا نہ لگنے دی تھی۔ بالآخر مصحفی کے شاگرد محمد علیسیٰ تنہا انھیں مصحفی کے پاس لائے اور مصحفی کا شاگرد بنا دیا۔

مصحفی نے "تذکرۂ ہندی" میں اگرچہ ان کی روانیِ طبع کا اقرار کیا ہے لیکن انھیں "طرزِ شعر" اور "محاورۂ زبان" سے بے اطلاع بتایا ہے۔ "طرزِ شعر" کی بات تو سمجھ میں آتی ہے لیکن جس شخص کی اصل دلی کی ہو اور جس نے لکھنؤ میں تربیت پائی ہو اور جس کے گھر والے دلی کے "اہلِ قلعہ" اور نوابینِ اودھ کے مقرب اور متوسل رہے ہوں، وہ محاورۂ زبان سے بے اطلاع کیونکر ہو سکتا ہے! بہر حال مصحفی کو بھی مضطر کے جوہرِ قابل ہونے کا اعتراف تھا۔ انھوں نے "عقدِ ثریا" میں ان کے "خیال کی رسائی"

سخنِ شعرا: ۴۰؛ تتمہ سخن: ۲۱۴؛ بہارِ سخن: ۳۳۶؛ طبقاتِ شعرائے ہند: ۲۸۵

کی تعریف کی ہے۔ نسخۂ رام پور ۱۲۱۸ھ میں "محاورۂ زبان" سے بے اطلاعی والا ٹکڑا نہیں ہے، بظاہر نظر ثانی کے وقت مصحفی نے اسے حذف کر دیا۔

فارسی اور ہندی کی تعلیم تو پہلے ہی پا چکے تھے، بعد کو عربی اور حکمت کی طرف راغب ہوئے۔ سیاق اور انشا پردازی میں بھی دسترس رکھتے تھے۔ فارسی اور اردو دونوں میں شعر کہتے تھے۔ دلی بھی گئے تھے، وہاں شیفتہ اور دوسرے شعرا سے وہاں ملاقات کی تھی۔

مضطر حسن ظاہری کے ساتھ "حسن سیرت" کے بھی مالک تھے۔ سولہ برس کے سن سے شراب، مسکرات اور منہیات سے توبہ کر لی اور برے کاموں سے پرہیز کرنے لگے۔ خدا ترس اور خدا پرست تھے۔ درویشوں کے اس حد تک نیاز مند تھے کہ ان کے قدموں کی خاک چومتے تھے۔ علما، فضلا، شعرا اور فصحا کی خدمت کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے اور ان کی صحبتوں کے جویا رہتے تھے۔

سال انتقال کا نہیں معلوم ہو سکا۔ کریم الدین نے مضطر کا حالی میعۂ ماضی میں لکھا ہے۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ ۱۲۶۴ھ/۱۸۴۷ء سے پہلے انتقال ہو چکا تھا۔

ریاض الشعرا

مضطر کے قصیدے کا نام "فسانۂ غم" ہے جس سے ۱۲۳۶ھ برآمد ہوتے ہیں۔ یہ قصیدہ رائیہ اور موضوع کے اعتبار سے رثائی ہے۔ مضطر جب دلی گئے اور شیفتہ سے ملے، تو انھوں نے شیفتہ کو اس قصیدے کے دو تین شعر سنائے بھی تھے، اور انھوں نے اس کی تعریف بھی کی ہے۔ ظاہرا شیفتہ نے یہ قصیدہ خود نہیں دیکھا تھا، بلکہ اس کے صرف یہی شعر مصنف کی زبان سے سنے تھے۔ یہ اس لیے کہ انھوں نے اسے واقعۂ کربلا سے متعلق بتایا ہے۔ حال آنکہ یہ صرف واقعۂ کربلا تک محدود نہیں ہے۔ کریم الدین کا یہ بیان کہ مضطر کا یہ قصیدہ واقعۂ کربلا کے بارے میں ہے، شیفتہ ہی کے بیان

۱۔ گلشن بیخار: ۱۸۲-۱۸۱

سے ماخوذ ہے لیکن انھوں نے "گلشن بیخار" کا حوالہ نہیں دیا۔ اسناخ نے اس پر اتنا اضافہ کیا اس میں واقعاتِ کربلا مسلسل نظم ہوئے ہیں[۹] یہ بھی صرف جزوی طور پر صحیح ہے۔

اگرچہ "ریاض الشہدا" ۱۲۳۶ھ ہی میں مکمل ہو گیا تھا اور عزاداران سراپا اعتقاد کو اس کے مطالعے کا کمال ارمان تھا لیکن یہ ان کی زندگی میں شائع نہیں ہو سکا۔ مضطر کی وفات کے بعد ان کے بھتیجے بخشی کاشی رام نے اس کا چھپوانا منظور کیا۔ چنانچہ پنڈت بیج ناتھ نے اسے مطبع ثمر لکھنؤ میں چھپوا کر محرم ۱۲۹۱ھ / فروری ۱۸۷۴ء میں شائع کیا بظاہر یہ ۱۲۹۰ھ ہی میں چھپ گیا تھا کیونکہ تاریخ طبع کے سلسلے میں جو قطعات درج ہیں۔ ان میں سے کچھ سے ۱۲۹۰ھ برآمد ہوتا ہے۔

قطعاتِ تاریخ لکھنے والوں میں بعض ان کے اہل خاندان ہیں۔ خیالی رام خیالی شاگرد نواب عاشور علی خاں عاشور مضطر کے حقیقی بھتیجے اور منشی بنسی دھر کے بیٹے ہیں۔ دوسرے صاحب رتن لال نظم اپنے کو مضطر کا پوتا بتاتے ہیں۔ نظم کو اہل بیت اطہار سے عقیدتِ خاص ہے۔ قطعۂ تاریخ میں لکھتے ہیں:

ہے نظم کی یہ التجا، دل کو مرے دے اے خدا! ہر دم غمِ آلِ عبا، جب تک رہے لیل و نہار
ماتم رہے شبیر کا، اہلِ حرم کا تذکرہ مذکور وہ سجاد کا، قایم رہے اے کردگار!
لیکن بجز اس غم کے غم، کوئی نہ ہو پیدا الم یارب رہیں خرم بہم جتنے ہیں اہلِ روزگار

خود مضطر کو امام حسین اور کربلا سے گہری ذہنی وابستگی تھی، وہ ذاکرِ حسین بھی تھے۔ قصیدہ "ریاض الشہدا" کے عنوان میں ان کے نام کے ساتھ "ذاکرِ حسین" کے الفاظ مکرر درج کیے گئے ہیں۔ انھوں نے یہ قصیدہ بھی ضرور عزاداروں کو پڑھ کر سنایا ہوگا، جس کے باعث خوش اعتقاد عزاداران حسین اس کی طباعت سے پہلے ہی اس کے مطالعے کے مشتاق تھے۔

قصیدہ اس مطلع سے شروع ہوتا ہے:

۸- طبقات شعرائے ہند: ۳۸۵

۹- سخن شعرا: ۴۲۵

طفلانِ اشکِ لالہ گوں ہیں گرمِ لعب آبشار یا اک سحابِ تحرِ خوں گلشن پہ دردِ شعلہ بار

شروع میں ۳۸ شعروں پر مشتمل تشبیب ہے۔ اس میں حزنیہ مضامین درج ہوئے ہیں اور آنیوالے واقعات کی طرف اشارے ہیں۔ اس کے بعد ہی قصیدہ کے اصلی مضامین شروع ہوتے ہیں۔ جن اہم ہستیوں کے واقعات شہادت، وفات وغیبت اس میں درج ہوئے ہیں وہ یہ ہیں

۱ ختم المرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۲ حضرت فاطمۃ الزہرا صلواۃ اللہ علیہا

۳ حضرت علی علیہ السلام

۴ حضرت امام حسن

۵ حضرت امام حسین

واقعاتِ کربلا تفصیل سے بیان ہوئے ہیں اور اس ضمن میں حسبِ ذیل شہیدوں کا ذکر آیا ہے۔

۱ حضرت مسلم

۲ پسرانِ مسلم

۳ حضرت حُر

۴ حضرت قاسم

۵ حضرت عباس

۶ حضرت علی اکبر

۷ حضرت علی اصغر

ان کے علاوہ حضرت امام زین العابدین سے لے کر حضرت امام عسکری تک سب کی شہادتوں کا ذکر ہے۔ اور امام مہدی کی غیبت پر خاتمہ ہوتا ہے۔

اس تفصیل سے جہاں شیفتہ وغیرہ کا بیان کہ قصیدہ صرف واقعہ کربلا کے بارے میں ہے، غلط ثابت ہو جاتا ہے، وہیں منتظر کی اس کاوشِ شاعرانہ کی اہمیت بھی ظاہر ہوتی ہے کہ انھوں نے اتنی طویل تاریخ اس تسلسل کے ساتھ ایک ہی قصیدے میں نظم کر دی ہے

بحر زیادہ رواں نہیں ہے، اس پر قافیے کی پابندی اور قصیدے کا آہنگ، ان سب با کو نباہنا آسان نہیں تھا۔ چنانچہ اس میں روانی اور بے ساختگی کی کمی کا احساس ضرور ہے۔ پھر بھی یہ قصیدہ اردو قصائد میں خاص تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔

اتنے طویل قصیدے کے اقتباسات پیش کرنا بھی طوالت سے خالی نہیں ہے۔ صرف نعت و منقبت کے چند شعر یہاں لئے جاتے ہیں جس سے قصیدے کی عام فضا کا اندازہ ہو سکے

نعت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یعنی محمد مصطفےٰ، محبوب و مقبولِ خدا
ختم الرسل، خیر الوریٰ، عالی گہر، والا تبار

پیغمبرِ آخر زماں، شاہنشہِ کون و مکاں
سالارِ جیشِ مرسلاں، لمعانِ نورِ کردگار

پیغمبرِ امّی لقب، والا حسب، عالی نسب
مہرِ عجم، ماہِ عرب، لا مثل، فردِ روزگار

یٰسین لقب سلطانِ دیں، منصوصِ آیاتِ مبین
ہم رحمۃٌ للعالمین، ہم شافعِ روزِ شمار

سر دفترِ ایجادِ کل، ماحیِ ہر شرع و سُبُل
مامورِ امرِ چار قُل، اصلِ فروعِ ہشت و چار

منقبتِ حضرت علیؓ

مولا علی بنامِ خدا، ہمنامِ ذاتِ کبریا
خالق نصیری قوم کا، خلقِ خدا کا شہریار

وہ شہسوارِ لافتیٰ، وہ مردِ میدانِ وغا
وہ صف شکن، شیرِ خدا، وہ حیدرِ ضیغم شکار

کون اُس پر نصرت یاب ہے، شیر دل کا زہرہ آب ہے
کس کی مجال و تاب ہے، آنکھیں کرے جو اس سے چار

منقبت امام حسن

اوّل گلِ باغِ علی، دویم امام ابن الولی
آلِ عبا کا سوئمی اور پنجتن کا جزو چار
ریحانِ گلزارِ نبی، نعمان بستان علی
لمعانِ نورِ احمدی، فرمانِ فضلِ کردگار
باغِ نبوت کا سہی، خلدِ ولایت کا بہی
تاجِ سرِ فرماندہی، چترِ سپہرِ شہریار
نورِ جبینِ مرتضیٰ، پورِ مہینِ مرتضیٰ
مسند نشینِ مرتضیٰ، شہ کا وصی کامگار
وہ خضرِ اخضر پیرہن، وہ سروِ فردوسی چمن
وہ شمعِ قدسی انجمن، وہ گلبنِ طوبیٰ بہار

منقبت امام حسین

غوّاصِ بحرِ لوکشف، یکدانۂ درِ نجف
شمس الضحیٰ شمس الشرف، شمس الاسار شمس النہار
مذبوحِ شاہِ کربلا، غفرانِ امت خونبہا
ذبح العظیم کبریا، مقبولِ عشقِ کردگار
روئے منور شمس سا، با عز و جاہ و فر و شاں
شانِ یداللّٰہی عیاں، مانندِ شاہِ ذوالفقار

آخری جنگ کی جھلک

جس خضم سے مرکب ملا، شانِ یداللّٰہی میں آ
پھنکا سرِ زمین سے اٹھا، اٹھا نہ میدان سے غبار
گھوڑے کو چمکا کر گئے جس طرف، دشمن مر گئے
لاشوں سے ہر سو بھر گئے میدان کے آغوش و کنار
آئے جدھر بازو کشا، اک زلزلہ سا پڑ گیا
واقع ہوا یہ تہلکہ، فوجِ عدو سے ایک بار

بیانِ شہادت

وہ مہرِ اوجِ حیدری، نہرِ شفق میں خون کی
چوں شمس ڈوبا جس گھڑی، اٹھا مغاتیہ
لیکر سما سے تا سمک، تاریک تھا روئے فلک
تھے لب گزاں جن و ملک، مخسوف تھا
وہ سیدِ گلگوں قبا، مظلومِ دشتِ کربلا
لختِ دلِ خیر النسا، مشکلکشا کی یاد
عاشق، خدا کی ذات کا ٹکڑے رہِ حق میں ہوا
ابن جنابِ لافتیٰ، فرزند شاہِ ذوالفقا
شاہنشہِ کوثر عطا، بیکس لبِ دریا ہوا
لب تشنہ الحمد آشنا، مقتول با خویش و
دریائے خوں میں خشک لب، کیا کیا اٹھے سیراب سب
کیا کیا شجاعانِ عرب، اس شاہ کے غمخوار

اس کے بعد اور اماموں کی شہادتوں کا ذکر کر کے یوں خاتمہ کرتے ہیں:

اے خسروانِ خسرواں، فرمان دہانِ انس و جاں!
تم ہو کریمِ دو جہاں، ظلِ کریم کردگا
مضطر گدا حضرت کا ہے، بندہ درِ دولت کا ہے
دارین کی دولت کا ہے، یہ بینوا امید

اور سب سے آخر میں یہ تاریخی بیت ہے۔

ہیں "غم فسانہ" سے لیے اعدادِ ختم اس نظم کے
۱۲۳۶ھ
مضطر سے تا باقی رہے یہ غم فسانہ یادگار

محمد اکبر الدین صدیقی

کتبۂ امین درگاہ بیجاپور

امین الدین اعلیٰ کی جنھیں بعض اوقات امین الدین علی شیر خدا بھی کہا گیا ہے درگاہ امین درگاہ کے نام سے بیجاپور سے ملحقہ میل کے فاصلے پر شاہ پور میں مرجع خلائق ہے۔ امین الدین اعلیٰ حضرت میران جی شمس العشاق کے پوتے اور حضرت برہان الدین جانم کے بیٹے تھے۔ آپ اپنے والد کی وفات کے بعد پیدا ہوئے۔ تاریخ ولادت کا کوئی مستند حوالہ نہیں ملتا، البتہ بعض شہادتوں سے یہ قیاس کی جاسکتی ہے۔

حضرت میران جی شمس العشاق نے جب شاہ پور میں حضرت شاہ کمال الدین مجرد سیاہ پوش کے ہاتھ پر بیعت کی تو انھوں نے مرید کو متاہل زندگی اختیار کرنے کا حکم دیا۔ اس پر انھوں نے احمد نگر سے قریب ایک مقام بھکار کے ایک خاندان میں شادی کی۔ ان کے دو صاحبزادوں، برہان الدین جانم اور خواجہ عطاء اللہ کا ذکر ملتا ہے۔ خواجہ عطاء اللہ کا نوجوانی میں انتقال ہوگیا۔ وہ بھی اسی ٹیلے پر جہاں حضرت امین الدین اعلیٰ کا مزار ہے، بلکہ ان سے قریب ہی ایک چوکھنڈی میں دفن ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اس خاندان میں جو بھی غیر شادی شدہ نوجوان انتقال کرتا ہے، اسی احاطے میں دفن کیا جاتا ہے۔

حضرت میران جی جانم اور امین الدین کی مدح میں اور اس کے بعد آپ کے پوتے علی پیر کی تعلیمات پر ایک کتاب تذکرۂ غوثیہ کے نام سے موسوم ہے۔ اس میں سے جانم اور اعلیٰ کے چند مدحیہ اشعار حسب ذیل ہیں

وصف حضرت شاہ برہان

رکنِ شرعِ مصطفےٰ برہانِ دین　　شاہِ برہان اسمِ ذاتِ بہترین

جانشینِ شاہ میراں آن ولی — در ریاضت بود یکتا منجلی
شاہِ انس و جان و مولائے کرم — متقی مرتاض و ہم ثابت قدم
صاحبِ مشکل کشا روشن ضمیر — ہادیِ ہر بندگاں را دستگیر
فاخرِ فخرِ رسولِ کردگار — شرحِ وصفِ ذاتِ پاکش بیشمار

وصفِ حضرت امین الدین اعلیٰ

صاحبِ سجادہ بعدِ شہ بیں — بد امین الدین علی آن شمسِ دین
بود آنحضرت امینِ رازِ حق — ذاتِ پاکِ بہترین ہمرازِ حق
ہادیِ کونین و مقبولِ خدا — از خدا ایک دم کمی بود آں جدا
این ہمہ تدبیر و تقدیرات ہم — ہمعناں فی بود در دستِ کرم
سالِ تاریخِ وصالش منجلی — گفت ہاتف از ندا: خیم ولی

امین الدین اعلیٰ کے مرید معظم (شاگرد قادر نامہ کوتال) نے ایک نظم شجرۃ الانتقا لکھی ہے، جس میں یہ بتلایا ہے کہ حضرت برہان الدین جانم پندرہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو گئے اور سیاحت کے لیے نکلے تین سال بعد واپس آئے۔ اس کے بعد آپ کے والد کا وصال ہوا۔ لکھا ہے:

عمر جب ہوا پانزدہ سال کا — ہوا شوق غالب چھپے حال کا
ہوئے دست بیعت پدر سوں کتے — ہوا قطب روشن پدر سوں، کتے

اس کے بعد سفر پر جانے کا واقعہ بیان کر کے واپسی کی اطلاع ہے۔ پھر کہتا ہے:

کیے جانشین شاہ برہان کو — خلافت دیے ظل سبحان کو
اول حق کی سب آشنائی دیے — بعد انہ سو شاہ رحلت کیے

اس لحاظ سے والد کے انتقال کے وقت جانم کی عمر اٹھارہ اور بیس سال کے درمیان ہوگی۔ والد کے انتقال پر انھوں نے اپنے خیالات کا اظہار ایک مرثیہ میں کیا ہے جس کی ردیف ہے: "جے کچھ حکم الٰہی کا" ایک شعر میں فلسفہ کا اظہار کیا ہے کہتے ہیں:

دنیا کا سبج پدرا ہے، ہور دین منج لنگر ہے — اس دکھ کا منج مندر ہے، جے کچھ حکم الٰہی کا

ایک اور شعر میں اپنی تربیت کا ذکر کیا ہے:

دنیاں تھے منج فاضل کیا، اور دین منج حاصل کیا، باحق منج واصل کیا جے کچ حکم الٰہی کا

والد کی عمر اور تاریخ وفات کا ذکر ان شعروں میں ہے:

تاریخ سال نوسو دو اس پر اگلے بھی دو دو دن سدت وفا شو، جے کچ حکم الٰہی کا
اربع تسوں یہ سال ہے، ماہے کون شوال ہے رحلت کیے اس حال ہے، جے کچ حکم الٰہی کا
تاریخ بست و پنج بود بسیار گریاں رنج شد در حال واصل گنج خود، جے کچ حکم الٰہی کا
شب پنجشنبہ روشن کیا ہجرت منور پور کیا جیوڑا قبض کران لیا، جے کچ حکم الٰہی کا

برہان الدین جانم کے رسالۂ نثر کلمۃ الحقائق کی اشاعت کے موقع پر میں نے پہلے مصرع میں "نوسو دو" اس پر "دو دو" دین کے ساتھ اور دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں "اربع سوں" پڑھا تھا لیکن اس کی اشاعت کے بعد جب ایک اور نسخے تک رسائی ہوئی، تو مقابلہ کرنے پر شبہ اس طرح رفع ہوا کہ پہلے مصرعے میں "نوسو دو" اور دوسرے شعر کے پہلے مصرعے میں "تسوں" (تسعوں) تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ نے ۹۴ سال کی عمر میں ۲۵ شوال ۹۰۴ھ کو چہار شنبہ کا دن گذرنے کے بعد شب پنجشنبہ میں وصال فرمایا۔ اس طرح آپ کی ولادت ۸۱۰ھ قرار پاتا ہے۔ اور حضرت جانم کی عمر اس وقت اٹھارہ تا بیس سال ہو تو ان کی پیدائش کا سال ۸۸۴ تا ۸۸۶ھ ہوگا۔ انھوں نے ۹۹۰ھ میں اپنی طویل نظم ارشادنامہ لکھی اور کلمۃ الحقائق کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسالہ ارشادنامہ کے بعد لکھا گیا تھا۔ اس لیے کہ اس میں ارشادنامہ کے اشعار موجود ہیں۔ اگرچہ اس کا کوئی اندازہ نہیں کیا جا سکتا کہ کتنے دن بعد۔ مولوی عبدالحق کے خیال[1] کے برعکس آپ نے ۹۹۰ھ کے بہت بعد انتقال کیا۔ کتب خانۂ گنج گول بیجاپور کی ایک بیاض میں کئی بزرگوں کی وفات اور اہم واقعات کی تاریخیں درج ہیں، اس میں حضرت جانم کی تاریخ وفات "عزیز جان چشتیاں جانم" لکھی ہے، جس سے ۱۰۰۶ نکلتے ہیں۔ اگر اسے صحیح تسلیم کیا جائے، تو برہان الدین جانم کی وفات ۱۰۰۶ھ میں واقع ہوتی اور یہی سنہ حضرت امین الدین کی پیدائش کا بھی ہوگا، چونکہ آپ اپنے والد کی وفات کے بعد پیدا ہوئے تھے گویا اس وقت حضرت جانم کی عمر ایک سو بیس یا بائیس سال ہوگی۔ اس بزرگی میں تو الد و تناسل کا

۱۔ اردوے مصفّیٰ مولوی عبدالحق کے خطوط، بنام سخاوت مرزا۔

سوال پیدا ہوتا ہے، لیکن یہ اس وقت ہماری بحث سے خارج ہے۔ صاحب شجرۃ الاتقیا امین اعلیٰ کی پیدائش کا ذکر اس طرح کرتا ہے کہ حضرت جانم نے فرمایا:

اسی روز شہ نے دیے سب خبر — صفت سب امیں کی کہے کھول کر
خدا کا کہے شیر آتا ہے یو — برابر چھپے گنج لاتا ہے یو
نزیک شہار دو ملک رہتے پلنگ — نزیک میان میں دو سلتے فرنگ
کہے سر اوپر ہے تمھارے خدا — ہمیں اب تمھارے سوں ہوتیں جدا
مریداں تھے شاہ کے بیشمار — فقیراں تھے شاہ کے کتی ہزار
خلیفا تھے شہ کے سب نامور — دلے ان میں سید اتھے صاحب گر
نگہ کر کے سید طرف دیکھ کر — کہے تم امیں کو سو بولو خبر
کہے ان کو سب راز بولو تمھیں — امیں پر چھپی بات کھولو تمھیں
امیں علی پر یو کھولو تمام — امیں کو ہمارا اچھ بولو سلام
کلاہ اور شجرہ امیں کو دیے — اسی روز عالم سوں رحلت کیے
دنیا میں کیتک ان کو آیا امیں — برابر چھپے گنج لایا امیں

آپ کی ترست حضرت جانم کی وصیت کے مطابق شیخ محمود خوش دہاں، سید داول اور سید حمداوند شاہ خلفائے جانم کے ہاتھوں ہوئی، جس کا ذکر راقم نے "کشف الوجود" تصنیف سید داول کے مقدمے میں کیا ہے۔ آپ کی صغر سنی کی کرامتوں کے کتی واقعات روضۃ الاولیائے بیجاپور، حدیقۂ رحمانی، برکات الاولیا، تذکرۂ اولیائے دکن، تاریخ دکن (نجم الغنی رامپوری)، واقعات مملکت بیجاپور (بشیر الدین احمد) اور بساتین السلاطین وغیرہ میں درج ہیں۔ شجرۃ الاتقیا معظم کی روایت ہے کہ حضرت برہان الدین جانم کی زندگی میں لوگ تعظیماً ان کے سامنے جھک جایا کرتے تھے، اور سجدۂ تعظیمی کو آپ نے جائز قرار دیا تھا اس کے بعد یہ رواج امین الدین اعلیٰ کے دور میں بھی قائم رہا۔ دوسرے یہ کہ آپ ہمیشہ جذب کے عالم میں رہتے تھے۔ اس لیے ارکانِ شریعہ کی پابندی نہ ہو سکتی تھی، علمائے وقت آپ سے ناراض ہی نہیں رہتے، بلکہ ایک عالم سید محمد بخاری نے سکندر عادل شاہ تک یہ بات پہنچا کر نماز پڑھنے پر مجبور کیا۔ یہ واقعہ تقریباً ہر تذکرے میں موجود ہے۔ قادری

مشرب کے ایک شاعر صادق نے آپ کی ہجو میں ایک طویل مثنوی لکھی جو کتب خانہ گگی محل بیجاپور میں محفوظ ہے۔ آپ نے مریدوں کو عرفان و سلوک کی تعلیم دی، اور آپ کے خاندان میں بڑے بڑے اولیا اور بزرگان دین پیدا ہوئے، اور ادیب، عالم اور شاعر بھی۔ یہ کہنا غلط نہیں کہ دکن میں چشتیہ سلسلہ حضرت میران جی شمس العشاق ہی سے پھیلا چنانچہ آپ کے خلفا میں آپ کے صاحبزادہ برہان الدین جانم کے علاوہ فصیح الدین۔ بجنجل بھی ہیں جن کے شاعر ہونے کا ذکر بعض تذکروں میں ملتا ہے۔ حضرت جانم کے خلفا میں سید داول، حاجی محمد اسحٰق مدراسی، خداوند شاہ، شیخ خان میاں، شیخ محمود خوش دہان، رن سنگا خاں، قاضی محمود بحری کے والد بحر الدین قاضی دریا شاعر اور صاحب تصانیف ہیں۔ اسی طرح حضرت امین الدین اعلیٰ کے خلفا میں ان کے بیٹے حضرت باباشاہ اور پوتے علی میر کے علاوہ شاہ عبد القادر معروف بہ قادر شاہ کوتاں، سید شاہ محمد قادری نور دریا، معصوم، شاہ من عرف شاہ میران حسینی میران جی، خدا نما (کرمی گنبد کاردان ساہ، حیدر آباد) میران سید حسن خداوند خدا نما (چنچولی ضلع گلبرگہ) شاہ محمدی اور معظم بیجاپوری وغیرہ ہیں۔

حضرت امین الدین اعلیٰ کی ۲۴ رمضان ۱۰۸۵ھ کو وفات ہوئی، نہ کہ ۱۰۸۶ھ میں جیسا کہ مولوی عبد الحق صاحب نے اپنے مضمون مطبوعہ اردو جنوری ۱۹۳۸ء میں ذکر کیا ہے۔

آپ کے ایک مرید اور معتقد افضل خاں بلخی نے آپ کی اجازت سے ایک مکان خانقاہ کے بالمقابل ٹیلے سے کوئی تین فرلانگ کے فاصلے پر بنایا جس کے کھنڈر آج بھی باقی ہیں۔ تعمیر کے وقت اس میں صدا بندی کی گئی تھی، یعنی اگر خانقاہ کے شمالی چبوترے پر باہر کھڑے ہو کر تالی بجائیں یا آواز دیں، تو اس کی گونج لوٹ کر آتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب آپ افضل خاں کو یاد فرمانا چاہتے تو تالی بجاتے اور وہ حاضر ہو جاتے۔ اسی افضل خاں بلخی نے آپ کا گنبد بھی بنوایا تھا۔ گنبد کی تعمیر سے قبل آپ کی نعش گنبد کے چبوترے سے قریب امانتاً دفن کی گئی تھی، چبوترہ تیار ہونے پر ۱۰۸۲ھ میں یہ چبوترے پر منتقل کر دی گئی۔ وہ مزار جہاں نعش پہلے رکھی گئی تھی، اب بھی موجود ہے۔

حضرت امین الدین اعلیٰ کے متعدد رسائل نثر و نظم ملتے ہیں۔ مثلاً (۱) آپ نے اپنے والد کی شان میں ایک قصیدہ لکھا ہے، جس کی ردیف "برہان بن میراں اُپر" ہے۔ (۲) محب نامہ بشکل قصیدہ (ردیف کون، کو)؛ (۳) رموز السالکین یا رموز السالکین؛ (۴) رسالہ وجودیہ؛ (۵) رسالہ قربیہ؛

(۹) ناریزہ (۷) ارشاد نامہ نثر۔ ان کے علاوہ غزلیں، دوہرے، ریختے (نصف مصرع فارسی نصف) بھی ملے ہیں۔

کتبہ

دکھنی زبان میں یہ سب سے پہلا طویل منظوم کتبہ ہے، جو بحرِ مجتث سالم میں ہے۔ اس شان و شوکت کا کتبہ بہت کم عمارتوں پر ملیگا۔ کاتب نے اسے تحریر کرتے وقت اپنی خوش نویسی کا کمال دکھایا ہے۔ لکھے جانے والی ہر محراب کو کسی ایک حرف کی کشش سے دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ اور اس مصرعے خوبصورتی کے ساتھ بے ترتیب اور بلا تسلسل لکھ دیا گیا ہے۔ مصرع میں جتنے الف یا لام یا ک آئے ہیں، انھیں مساوی فاصلہ دے کر لکھا ہے خواہ ان کی تعداد دو ہے یا تین یا پانچ۔ دوائر کے لیے کوئی توازن قائم نہیں کیا گیا، یہ کہیں خطِ نسخ کے دائرے ہیں اور کہیں عربی رسم خط کی شکل کے۔ دو تین مصرعوں میں حروف امتدادِ زمانہ سے بگڑ گئے ہیں، اور ان کا پڑھنا مشکل ہے۔ خوبصورتی کے لیے اعراب اور جزم کے علاوہ جگہ بھرنے کے لیے چھوٹے چھوٹے الف یا جزم یا یکساں حروف دیے گئے ہیں۔ خط کی نزاکتیں اپنے عروج پر نظر آتی ہیں۔

عربی اور فارسی کتبے تھوڑی سی محنت سے پڑھے جا سکتے ہیں، لیکن دکھنی کتبہ کا پڑھنا خصوصاً جب کہ تحریر میں تسلسل بھی باقی نہ رہا ہو، مشکل ہے۔ کاتب نے آخر میں اپنا نام حسین لکھا ہے اور کتبہ کی تیاری کا سال ۸۸۰ھ دیا ہے۔ یہ پندرہ اشعار کی ایک نظم ہے جسے شاعر غزل کہتا ہے۔ تحریر کے لیے یہ تین حصوں میں تقسیم کر دی گئی ہے۔ باب الداخلہ کے سیدھی جانب چھ اشعار لکھے گئے ہیں، دروازے کے اوپر تین، اور بائیں جانب پھر چھ۔ اشعار کے اوپر اور بازوؤں کے مربعوں کو پُر کرنے کے لیے اسمائے حسنیٰ میں سے کوئی اسم، اسمائے دوازدہ امام، حضرت خواجہ بندہ نواز، یا حضرت میراں جی اور امین الدین اعلیٰ کے القاب اور ادعیہ تحریر کیے گئے ہیں۔

دروازے کی دائیں اور بائیں جانب ۲۰ سنٹی میٹر لمبا اور ۹۰ سنٹی میٹر چوڑا پتھر لیا گیا ہے۔ دونوں طرف کے کتبوں پر اوپر سے نیچے کی طرف تقریباً ۵۵ سم کی گنجائش لے کر اطراف میں حاشیہ دیا گیا ہے اور درمیان میں ایک بڑے گنبد کی تصویر بنائی ہے، جس کے نیچے کنول کی پتیاں ہیں، اس کے نیچے ایک چپٹا حلقہ ہے۔ اس سے نیچے کنگورے ہیں، جن کے دونوں سروں پر کنگوروں کی بلندی کے مساوی

دو چھوٹے چھوٹے مینار ہیں جن پر متناسب گنبد بنے ہیں۔ ستون اور گنبدوں کی ابتدا میں کنول کی پتیاں بنائی ہیں۔ ان کے نیچے بھی ایک حلقہ یا پٹا بنایا گیا ہے۔ بڑے چھوٹے سب گنبدوں پر کلس ہیں اور ان پر چاند کی شکل بنائی گئی ہے۔ گنبدوں میں تحریر موجود ہے۔ اس سے نیچے تقریباً ۱۲ سم کا حاشیہ دے کر ۳ سم جگہ لی گئی ہے اور اس میں مساوی لمبائی کی تین عادلشاہی وضع کی کمانیں ملتی ہیں۔ درمیانی کمان کے اوپر خالی جگہ میں آٹھ آٹھ پتیوں کے اور بازوؤں کی کمانوں پر چار چار پتیوں کے پھول ہیں اور محراب میں تحریر موجود ہے ان کمانوں کے نیچے ۱½ سم کا حاشیہ دے کر ۲۰ سم چوڑی آڑی محراب بنائی ہے جس کے دونوں پہلوؤں پر کنگورے دار کمانیں ہیں۔ کمانوں کے چاروں گوشوں میں چھوٹا سا دائرہ کھینچ کر مرکز پر ایک نقطہ دیا گیا ہے۔ اسی میں ایک مصرع لکھا ہے۔ اس سے نیچے ۱½ سم کے حاشیے سے ۲۰ سم کا فاصلہ لے کر جگہ کو تین برابر حصوں میں تین مربعے بنا کر درمیان میں دائرے کھینچے گئے ہیں اور تینوں دائروں میں تحریر ہے۔ اس کے نیچے ½ ۱ سم کا حاشیہ ہے اور پھر ۵۰ سم کا فاصلہ لے کر اس کو تین برابر حصوں میں تقسیم کر کے اس میں اوپر نیچے عادل شاہی وضع کی کمانیں بنا کر ان کے گوشوں میں دائرے اور درمیان میں نقطے دیے گئے ہیں۔ پھر پہلے کی طرح تین مربعے بنا کر ان میں دائرے اور دائرے میں تحریر ہے اور اس کے نیچے آڑی کنگورے دار محراب میں ایک مصرع لکھا ہے۔ پھر اوپر کا جواب تین مربعوں کی شکل میں نیچے بھی موجود ہے اور اس کے نیچے پہلے کی طرح ۵۰ سم کی لمبی تین کھڑی محرابیں ہیں اور اس کے نیچے حسب سابق تین مربعے دائرہ اور تحریر پھر آڑی کنگورے دار محراب جس میں مصرع ہے اس کے نیچے پھر سابق تین مربعے مع دائرہ و تحریر ہیں۔ اس سے نیچے ۵۰ سم کی گنجایش میں کھڑی محرابوں میں تین مصرعے ہیں اور نیچے تین مربعے مع دائرہ و تحریر ہے اور پھر آخر میں آڑی کمانی دار محراب ہے۔ جو چبوترے سے قریب ہو جاتی ہے اور اسی محراب میں مصرع کی بجائے ایک جملہ تحریر ہے۔ اسی ترتیب کو دروازے کی بائیں طرف کے کتبے پر بھی قائم رکھا گیا ہے۔ دونوں کتبوں کے درمیان باب الداخلہ پر ۸۵ سم لمبا اور ۶۰ سم چوڑا پتھر لے کر اس کے تین مساوی حصے کیے گئے ہیں۔ اس میں سیدھی جانب ایک حصے میں تقریباً سابقہ ابعاد کے اندرونی دائرے کے ساتھ مربع ہیں اور درمیان میں ۵۰ سم لمبی آڑی عادل شاہی وضع کی تین محرابیں ہیں جن کے گوشوں میں دائرے اور ان میں

نقطے بنے ہیں۔ بائیں جانب اس کا جواب ہے۔ درمیانی حصہ میں یعنی دروازہ پر خوبصورت کنگوروں والی آڑی محراب بنائی گئی ہے اور اس کے گوشوں میں چار دروازے کھینچ کر ان میں عربی عبارت تحریر کی گئی ہے۔ محراب میں بھی عربی عبارت ہے۔ اس حصے میں بہت زیادہ نقاشی کی گئی ہے اور گل بوٹے بنائے گئے ہیں۔

اس طرح پورے کتبے میں:

بڑے گنبد : دو

چھوٹے گنبد : چار، اور

چھوٹی کھڑی محرابیں : چھ

آڑی اور کھڑی محرابیں، تیس جن میں سے ۱۰ میں مصرعے اور ۲۰ میں جملے لکھے ہیں۔

مربعے ۳۸ جن میں دائرے ہیں اور ان میں اسماء داد عبارتیں ہیں

— بڑی آڑی محراب خوبصورت کنگوروں والی ایک ہے جس میں اللہ تعالیٰ اور کلمہ لکھا ہے، یہ دروازے کے اوپر ہے۔

دائرے چار، یہ بڑی محراب کے گوشوں میں ہیں۔

گنبد اور اس کے نیچے کی کمانوں میں حسب ذیل عبارت تحریر ہے،

دونوں بڑے گنبدوں میں۔ اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ

چار چھوٹے گنبدوں میں:۔ یا اللہ سیدھے جانب کتبے کی کمانوں میں۔ پہلی سیدھی کمان میں:۔ اللہ معانی۔ درمیانی کمان میں:۔ اللہ، محمد، علی، بائیں طرف کی کمان میں:۔ اللہ مانی۔ بائیں جانب کے کتبے کی کمانوں میں۔ سیدھے طرف کی کمان میں:۔ اللہ کافی۔ درمیانی کمان میں:۔ اللہ، محمد، علی، بائیں کمان میں۔ اللہ شافی

کتبہ کی ابتدا بائیں جانب سے ہوتی ہے، سب سے نچلی سطر (۱) میں تحریر ہے:

بنیاد عشق بازی جز نیاز نبود بالمقصود نبود

۲۔ اس کے اوپر درمیانی مربع میں 'یا حاجت روا' اور بازوؤں کے مربعوں میں 'یا امیر مدد' لکھا ہے۔ امیر سے مراد عموماً حضرت علیؑ ہیں، لیکن حضرت امین الدین اعلیٰ کے دادا کا نام بھی امیر الدین عرف میران جی اور لقب شمس العشاق تھا۔

۳۔ پہلی سطر (پہلا مصرع): دل بحر میں غواص ہو روح صدف کی کاجیں امین
دوسری سطر (دوسرا مصرع): دُرِ بے بہا تس صدف میں نور جاں توں ساجیں امین
تیسری سطر (تیسرا مصرع): گر گیان کے عرفان سوں سنبھال سیپنی چیر کر

۴۔ مربعوں میں۔ پہلا : یا صاحب الکرامات
دوسرا : یا امیر مدد
تیسرا : یا صاحب الکرامات

۵۔ آڑی محراب میں چوتھا مصرع) : موتی موتن ہاتھ لے عرفان انگوں پرکار امین

۶۔ مربعوں میں : (پہلا) : یا شمس العشاق (لقب حضرت میران جی)
(دوسرا) : یا معشوق ربانی (لقب حضرت امین الدین اعلیٰ)
(تیسرا) : یا فک المہمات

۷۔ (پانچواں مصرع) : سو ہے منور نور توں تس حال جو ظاہر طلوع
(چھٹا مصرع) : کر ما حضور حق او چت ہدیہ ایس تب توں امین
(ساتواں مصرع) : مقبولِ حق از حق ہوا ناگہ چرا کس جا دھرے

۸۔ مربعوں میں: پہلا : یا حاجت روا
دوسرا : یا امیر مدد
تیسرا : یا حاجت روا

۹۔ آڑی محراب میں (آٹھواں مصرع) : راضی رضا حق ہو فدا نھان ذوق نادو جا امین

۱۰۔ مربعوں میں پہلا : یا عاشقِ شہباز (لقب حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رحمہ [illegible] اعلیٰ کو بھی اس لقب سے یاد کیا گیا ہے)
دوسرا : یا امیر مدد۔

تیسرا : یا بلند پرواز (لقب حضرت خواجہ بندہ نواز رحمہ اللہ اور حضرت امین الدین اعلیٰ)

۱۱- (نواں مصرع) : اس ذوق کی تمثیل کوں کس لوک سوں کیا کریں

(دسواں مصرع) : تا ہر کسے زہرہ تھاں نا او کوئی سکیا ایں

(گیارھواں مصرع) : حق سوں وصل بھو بھانت ہے نس بھا کے تقل اللسان

۱۲- (مربعوں میں) پہلا : یا نور نوری

دوسرا : یا امیر مدد

تیسرا : یا سرّ سرّی

۱۳- (آڑی محراب میں بارھواں مصرع) : کھن کھن منزہ روپ اے بھو جک اچنبھ کن امین۔

(اوپر سے پہلا مصرع)

دوسرا کتبہ

(دروازے کے اوپر)

سیدھی طرف پہلی سطر پہلا مربع : امام علی المرتضیٰ

(تیرھواں مصرع) : ہادی ہدایت جس اپیں وصل بحر امواج میں۔

دوسرا مربع : امام حسن المجتبیٰ صابر

دوسری سطر پہلا مربع : امام محمد الباقر

(چودھواں مصرع) : ورنہ شفا غلب تھاں باریک رہ تاریک امین۔

دوسرا مربع : امام جعفر الصادق

تیسری سطر پہلا مربع : امام محمد التقی۔

پندرھواں مصرع : لیکن عروج ہے سن ایتا غرا اس قوں دل کی سمع۔

دوسرا مربع : امام علی النقی

درمیان میں عبارت بشکل طغرا:

اللہ تعالیٰ۔ لا الٰہ الا اللہ۔ انا محمد رسول اللہ۔

کتبۂ امین درگاہ بیجاپور



۱۔ پہلے گوشے میں، سیدھی طرف، اوپر کے دائرے میں:
قال رسول اللہ وبہ الشفاء

۲۔ دوسرے گوشے میں، بائیں طرف، اوپر کے دائرے میں:
رسول اللہ النبی وآلہ وصحبہ

۳۔ تیسرے گوشے میں، سیدھی طرف، نیچے کے دائرے میں:
لما اسرنی الحبا لسما الدینا

۴۔ چوتھے گوشے میں، بائیں طرف، نیچے کے دائرے میں:
ذلک علی اثر العز لمکنون؟

بائیں طرف پہلی سطر۔ پہلا مربع: امام حسین الشہید کربلا
سولھواں مصرع: امواج نصافی سو اللہ یز تھیو، ا ڈرا مین
دوسرا مربع: امام زین العابدین
دوسری سطر پہلا مربع: امام موسیٰ کاظم
سترھواں مصرع: مطلوب ہے آسان تب اشکال نامشکیل نوع
دوسرا مربع: امام موسیٰ الرضا
تیسری سطر۔ پہلا مربع: امام حسن العسکری
اٹھارھواں مصرع: جاڑو ب کر اوچار سا بے چارتوں کر نا امین
دوسرا مربع: امام محمد المہدی

تیسرا کتبہ
(بائیں طرف)

۱۔ کمانوں سے نیچے، پہلی سطر:
آڑی محراب میں۔ انیسواں مصرع: بے چاریو وسواس سب پڑا ہے تو اس سے
دوسری سطر۔ پہلا مربع: یا مرب اللہ

دوسرا مربع : یا امیر مدد

تیسرا مربع : وکل شئی من ربی

۳- تیسری سطر بیسواں مصرع : مردان حق تن نام ہے جن پیم اس پیلھا امین

اکیسواں مصرع : شاہید ہو تو دل انگ سوں دانا دلاور زور تر

بائیسواں مصرع : پیر سے معلم خاص تھے امداد دے حق سو امین

۴- چوتھی سطر- پہلا مربع : یا بندہ نواز (لقب حضرت خواجہ سید محمد حسینی بندہ نواز گیسو دراز رحمہ)

دوسرا مربع : یا امیر مدد

تیسرا مربع : یا گیسو دراز

۵- پانچویں سطر سولہویں محراب تیئیسواں مصرع : بربان کیرے فیض سوں فوتا لیا اپ ڈھونڈنے

۶- چھٹی سطر- پہلا مربع : یا مفتر العنات عفنا

دوسرا مربع : یا امیر مدد

تیسرا مربع : یا حدیۃ السوانح

۷- ساتویں سطر پہلی سطر چوبیسواں مصرع : یا یا جو ستحاب اب قدر تجہ ہنسبں . راہو امین

دوسری سطر پچیسواں مصرع : برہان بن میراں کیرے درعماہ کی سب خاک پہ

تیسری سطر چھبیسواں مصرع : ن من جاں دے کر کھال خربان بل کیتا امین

۸- آٹھویں سطر- پہلا مربع : یا فک المہمات

دوسرا مربع : یا معشوق ربانی (لقب حضرت امین الدین اعلیٰ)

تیسرا مربع : یا شمس العشاق (لقب حضرت میراں جی جد امین الدین اعلیٰ)

۹- نویں سطر آٹھویں محراب ستائیسواں مصرع : خط غلامی منجہ سما اسیر اس دربار کا

۱۰- دسویں سطر- پہلا مربع : یا ہادی برتر

دوسرا مربع : یا امیر مدد

تیسرا مربع : یا ساقی کوثر

۱۱ - گیارھویں سطر۔ پہلی سطر۔ اٹھائیسواں مصرع : آزادگی کو نین تجھ میں منحصر تجھے پایا امین
دوسری سطر۔ انتیسواں مصرع : ابیات خالی پنج وہ تمت کیا غزل میں
تیسری سطر۔ تیسواں مصرع : مفہوم کر ستار ہوا عیب جو ہونا امیں

۱۲ - بارھویں سطر۔ پہلا مربع : یا امیر مدد
دوسرا مربع . یا حاجت روا
تیسرا مربع : یا امیر مدد

۱۳ - تیرھویں سطر۔ آری محراب میں : بنیاد عشق نازی جز بنیاد درد بلا مقصود نبود۔

حسین ۱۰۸۸ھ

کتبے کا مفہوم

شعر (۱) اے امین، صدق کی روح کے لیے دل کی حسد میں غوطہ زنی کیجیے تو آپ جہان کے نور کا بیش قیمت موتی حاصل کر سکینگے۔ (من عرف نفسہ فقد عرف۔ یہ (جس نے اپنے آپ کو پہچانا) اس نے خدا کو پہچان لیا) کی طرف اشارہ ہے۔

شعر ۲ - اے امین، مرشد کا تصور کر کے سیپی چیر کر موتی حاصل کیجیے اور عرفان کو پیش نظر رکھیے۔

شعر ۳ - آپ تو ایک منور نور ہیں۔ جب آپ عرفان پالیں تو اپنے آپ کو موزوں اور مناسب ہدیہ کے طور پر بارگاہ خداوندی میں پیش کیجیے۔

شعر ۴ - آپ خدا کی بارگاہ میں مقبول ہیں۔ اب اور کہاں جا سکینگے۔ خدا آپ سے راضی ورضا پر آپ خدا ہیں۔ اس کے سوا آپ کا کوئی دوسرا ذوق نہیں۔

شعر ۵ - میں اس ذوق کی مثال آپ کے سامنے کس منہ سے پیش کر سکتا ہوں (آپ کو سارا راز کس کو بتلا سکتا ہوں) ہر شخص کی اتنی جرأت نہیں ہوتی اور نہ ہر شخص امین بن سکتا ہے۔

شعر ۶ - خدا تک رسائی حاصل کرنے کے متعدد طریقے ہیں۔ لیکن ہم اس کے اظہار پر قادر نہیں۔ اس سے ہماری زبان کٹتی ہے۔ اس کی پاکیزہ اور لطیف شکل لمحہ بہ لمحہ حیرت میں ڈالنے والی ہے۔

شعر ۷۔ اس طوفانی اور متلاطم سمندر میں وصل الٰہی کو حاصل ہو سکتا ہے جس کو ہادی (مرشد) کی ہدایت اور رہنمائی حاصل ہو، ورنہ یہ راستہ نہایت باریک اور تاریک ہے اس لیے بدنصیبی کا امکان ہے۔

شعر ۸۔ لیکن اے عوام! تو دل کے کانوں سے سن کہ عروج جب ہی حاصل ہوتا ہے جب ہم خواہشاتِ نفسانی کو ترک کریں، اور اے امین! سوائے خدا کے کسی سے نہ ڈریں۔

شعر ۹۔ اے امین! آپ کے لیے مطلوب یا مقصود کا پانا آسان ہے۔ اس میں آپ کے لیے کوئی دشواری نہیں۔ آپ ان اسرار و غوامض پر غور و فکر کر کے ہماری رہنمائی کیجیے۔

شعر ۱۰۔ یہ خیالات بغیر غور و فکر کے راز ہی رہینگے (ان پر پردہ پڑا رہیگا) اے امین! مردانِ حق وہی کہلاتے ہیں جن کے دل میں حق کی محبت جاگزیں ہے۔

شعر ۱۱۔ تو دل و جاں سے گواہ بن اور اپنے خاص معلم اور مرشد امین سے جو دانا اور بہت ہی دلدار ہیں، حق کو جاننے کے لیے مدد لے۔

شعر ۱۲۔ آپ نے برہان کے فیض سے اپنے آپ میں غوطہ لگا کر عرفان حاصل کیا ہے۔
(دوسرے مصرعہ کا مفہوم سمجھ میں نہیں آسکا شاید غلط پڑھا گیا ہو)

شعر ۱۳۔ امین نے برہان نظامیراں کی درگاہ کی خاک پر تن من جان اور طاقت سب قربان کر دی ہے۔

شعر ۱۴۔ مجھے اس دربار سے خطِ غلامی مل گیا جس نے مجھے اسیر کر لیا ہے۔ اور اے امین! میں نے کونین سے آزادی حاصل کر کے تجھے پالیا ہے۔

شعر ۱۵۔ میں نے پندرہ اشعار میں یہ غزل ختم کی ہے۔ اے امین! آپ انھیں سمجھ کر میری عیب پوشی کیجیے اور میری برائیوں کی چھان بین نہ کیجیے۔

سیدھے اور بائیں کتبوں کا آخری جملہ:

بنیادِ عشق بازی جز نہادِ درد بلا مقصود نبود

عشق بازی کی بنیاد سے بلاؤں اور تکالیف کی اصل کے سوا کوئی اور مقصود نہیں یعنی میدانِ عشق قدم رکھنے کے بعد ہم مصائب و آلام کے سوا کچھ حاصل نہیں کرتے۔

کتبۂ امین درگاہ، بیجاپور

مولوی عبدالحق نے اپنے ایک مضمون "اردو" جنوری ۱۹۲۸ء میں اس کتبے کے پانچ شعر درج کیے ہیں اور انھیں امین الدین اعلیٰ سے منسوب کیا ہے۔ پوری نظم کا مطالعہ کرنے کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ ان کے کسی مرید نے لکھے ہیں۔ ابھی تک ہمیں شاعر کا نام معلوم نہیں ہو سکا، نظم میں اس کی طرف کوئی اشارہ بھی نہیں ہے۔ مولوی صاحب مرحوم کے منتخبہ اشعار حسب ذیل ہیں[1]:-

دل بحر میں غواص ہو روح صدف کے کا جیں امیں — بے باہ درتس صدف میں نور جلا تو سمجھیں امیں
گر گیان کے عرفان سوں سبھال سینے جبر کر — موتی سرین ہات لے عرفان انگوں پرکار امیں
اس ذوق کی تمثیل کوں کس سوں کیا کر کہوں — نا ہر کسی زہر اتہاں نا آو کد سکتا امیں
لے چار یو سو اس سب پردار ہے تج اوس میں — مردان حق تن نام ہے جن میم اوس میٹھا امیں
تمت کیا یک طول میں ابیات خاصی پنج وہ — مفہوم کر ستار ہو نا عیب جو ہو نا امیں

یہ متن کے شعر (۱)، (۲)، (۵)، (۱۰) اور (۱۵) ہیں۔ کہیں کہیں ہم نے انھیں مختلف طور پر پڑھا ہے۔

---

[1] "اردوئے قدیم"۔ (انجمن ترقی اردو)۔ ص ۵۔

خوبصورت تحفہ

- کم قیمت
- اچھی کتابیں
- عمدہ کتابت و طباعت

شعر ، ناول ، افسانہ ، معلومات

اسٹار پاکٹ بکس

اردو زبان کی واحد پاکٹ سیریز

سات برس میں ۲۲۵ سٹار پاکٹ بکس شائع ہوئیں

فہرست طلب کیجیے

اسٹار پبلیکیشنز، دریا گنج، دہلی ۶

سید امیر حسن عابدی

عہدِ ہمایوں و اکبر کی دو اُردو غزلیں

اردو کا سب سے پہلا شاعر کون تھا، اس سے متعلق بہت کچھ چھان بین ہوئی ہے لیکن آئے دن کوئی نہ کوئی نیا نام سامنے آجاتا ہے جس سے یہ روایت اور پیچھے لے جانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

ابھی حال میں مجھے عہدِ ہمایوں و اکبر کے ایک شاعر سقا کی دو غزلیں ملی ہیں جنہیں ہم ابتدائی اردو میں شمار کر سکتے ہیں اور جن سے شمالی ہند میں اردو کی روایت بہت قدیم سے قائم ہو جاتی ہے۔

درویش بہرام بخاری متخلص بہ سقا قوم کے چغتائی ترک تھے۔ ان کا پیر سید علی ہمدانی (ف: ۷۸۶ھ / ۱۳۸۴ء) کے مرید حاجی محمد خجوشانی کے سلسلے سے تعلق تھا۔ بعض تذکرہ نویسوں نے انہیں ماوراء النہری بھی لکھا ہے۔ ان کی زندگی کا بیشتر حصہ سیر و سیاحت میں گذرا مگر خود انہیں بخارا سے بہتر کوئی جگہ نظر نہ آئی:

بگشتم در اقصائے جہاں از شہر و شہرستاں
خراسان و عراق و مصر و روم و شام و ہندستاں
ز مشرق تا بمغرب از برائے فیضِ ربانی
جہاں را سر بسر گشتم ز مغرب تا بہ ترکستاں

ندیدم چوں بخارا کشورے پُر فیض در عالم
نہ ستاں شد خلاص از جُبت وجوے من کرفتاں!

ان کے ایک شعر سے ان کے لاہجان کے سفر کا پتا چلتا ہے۔ ۹۴۵ھ/۱۵۳۸ء میں وہ حج کے لیے گئے، تو تاریخ کہی:

از طرفِ اولیاے بخارا علی الدوام — اے دل! رسید فیض بے باسِ گدا
زانجا بطوفِ کعبہ رواں گشتم از نیاز — تا در حریم فخرِ رُسل سازم التجا
آمد ندا ز غیب بتاریخِ ایں سفر — سقا بگو ہمیشہ کہ "یا فخرِ انبیا!"
۹۴۵ھ

ان کا آخری سفر ہندستان کی طرف ہوا جس کے بعد انھیں وطن واپس جانا نصیب نہ ہوا۔ ان کی زندگی کا کافی حصہ شمالی ہند میں گذرا۔ اور وہ بھی زیادہ تر دلی اور آگرے میں۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکی رح کا کس عقیدت سے ذکر کیا ہے:

بخت یاری کرد آے سقا کہ در دہلی ترا
خسروی دادند ملکِ نظم را دادی نظام
خواجہ قطب الدین بہرِ قطب الاقطاب کہ ہست
خادمانِ بارگاہش فیض بخشِ خاص و عام

صحیح پتا نہیں چلتا کہ وہ یہاں کب پہنچے۔ بعض تذکرہ نویسوں کا خیال ہے کہ وہ عہدِ ہمایوں میں آئے۔ بہرحال ابتداے عہدِ اکبری میں ان کی آگرے میں موجودگی یقینی ہے۔ اکبر ان کی بہت عزت کرتا اور ان سے مہربانی سے پیش آتا تھا۔ سقا نے بار بار اکبر کی تعریف کی ہے۔

من درویش را با شہ بارے — در ایامِ جنوں افتاد کارے
عجب فرخندہ شاہے سرفرازے — ہمایوں طلعتے مسکیں نوازے
سہ سالے کہ بود نعم او عام — جلال الدین محمد اکبرش نام

۱۔ یہ تکی بوریں دیوان کے جو دو خطی نسخے ہیں، ان میں آخری دو شعروں کے مصرع ہاے ثانی آپس میں بدلے ہوئے ہیں۔

مرا در آستانِ او گذر بود — برحمت سوئے من او را نظر بود
بہ تختِ آگرہ منزل بود او را — مرا از بخت حاصل بود او را
برائے پائے تختِ بادشاہے — بنامِ دہلی آمد دیں پناہے

ان کے اکبر کی توصیف میں اور شعر بھی ملتے ہیں۔

سقا نے اپنے شعروں میں شیخ حسین، فخر النبی اور حضرت سعد کا بھی ذکر کیا ہے، جن سے انہیں عقیدت تھی یا جن سے شاید ان کے تعلقات رہے ہوں — اس کے ایک شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ طریقۂ نقشبندیہ میں مرید تھے۔ شعر ہے:

زشاہِ نقشبند است ایں ہمہ آثار کیفیت
کہ باشد طالباں را حالتے از جام سرمستاں

سقا کوئی پیشہ ور مشقی نہیں، بلکہ صاحبِ علم سالک، مجذوب اور روشندل انسان تھے۔[2] یہاں کے قیام کے دوران میں شاید ان کے کوئی مرشد زادے ہندستان آئے تو انھوں نے اپنی تمام پونجی ان کے حوالے کر دی اور خود فقیرانہ لباس پہن، مشک کاندھے پر رکھ، اپنے شاگردوں کے ساتھ آگرے کی گلیوں میں لوگوں کو پانی پلانے لگے۔ اسی عالمِ جذب و سلوک میں سقایت کرتے اور اشعار بھی پڑھتے تھے۔ اس عالم میں بعض اوقات ایسے اشعار بھی ان کی زبان سے نکل جاتے جن پر ظاہر پرست کفر کا فتویٰ لگا سکتے ہیں مثلاً:

در مطبخِ گدائی ما اشترے خلیل
خادم محمد آمد و موسیٰ شبانِ ما

لیکن انھیں صحابۂ کرام اور اولادِ پیغمبر صلعم، خاص کر حضرت علی، امام حسین اور امام رضا سے بڑی عقیدت تھی۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں:

دودۂ فقر و فنا جز آل و اصحابِ رسول — التجا گر بردۂ سقا بکس ایوائے تو!
خوش آں دمے کہ ز شوق ایں کوئے سلمانی — ز بعدِ طوف نجف پُر کنم ز آبِ فرات
با بلا خو کردہ سقا گر کشندش باک نیست — زندۂ جاوید گشتہ چوں شہیدِ کربلا

۲ - روز روشن: ۲۴۵

علمدارم، سیہ پوشم، بگردوں شدم مامسکن — گرفتہ خاص از بہرِ شہیدِ کربلا ماتم
منت ایزد را، اگر سقا صفت گشتم گدا — ہر چہ نی جستم من، از شاہِ خراساں یافتم
مرد ہمچوں گدایاں در بدر سقائی و دوزی — بہر جائے کہ درمانی طلب شاہِ خراساں را

یوں معلوم ہوتا ہے کہ بالآخر سقا اکبر سے اجازت لے کر بنگال کے راستے سراندیپ (یعنی لنکا) کے لیے روانہ ہوئے ؛ ۳

رواں باش، از سوادِ ہند بگذر
سیہ بختاں بزنداں در نمائی
از رہِ بنگالہ چوں عزمِ سراندیپت شدہ است
از جفائے کوہ و از غولِ بیاباں غم مخور

مگر دورانِ سفر بر دوان میں انتقال ہو گیا، اور وہیں مدفون ہوئے۔ قبر ریلوے اسٹیشن سے ملی ہوئی ہے۔ یُزارُ وَیتبرکُ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ انہوں نے لنکا پہنچ کر انتقال کیا؛ یہ غالباً صحیح نہیں ہے۔

ان کی تجہیز و تکفین سے متعلق ایک کرامت نما قصہ بیان کیا گیا ہے۔ مؤلف مآثر لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے جو مرنے کے وقت سقا کے پاس تھا بیان کیا کہ ایک شخص جنازے کے پاس آ کر کہنے لگا: تین دن ہوئے میں نے حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، فرما رہے تھے کہ فلاں جگہ میرا ایک دوست دنیا سے جا رہا ہے، تم جا کر اس کی نمازِ جنازہ پڑھو۔ اس کے بعد اس نے نماز پڑھی اور چلا گیا۔ مؤلفِ مخزن الغرائب کے قول کے مطابق اس شخص کے آنے کی وجہ یہ تھی کہ اس جگہ کوئی ایسا آدمی نہ تھا جو ان کے غسل و کفن کا انتظام کر سکتا۔ اس لیے پیغمبر علیہ السلام کے حکم سے وہ شخص آیا اور ان کی تجہیز و تکفین کر کے چلا گیا۔ صاحبِ صحفِ ابراہیم نے

۳، ڈاکٹر غفور رسالہ پارس (ص: ۳۱) میں لکھتے ہیں کہ سقا کے آگرے سے جانے کی وجہ یہ تھی کہ لوگوں نے ان پر رافضی ہونے کا الزام لگایا تھا، اس سے دل ہو کر وہ آگرے سے چلے گئے، ڈاکٹر غفور نے کوئی سند پیش نہیں کی؛ میری نظر سے بھی کسی تذکرے میں یہ بات نہیں گذری۔

خود بردوان میں ان کی قبر دیکھی۔ ایک قول کے مطابق ان کی قبر اچھی حالت میں موجود ہے۔[۴] سقا کے سالِ وفات میں اختلاف ہے۔ ڈاکٹر اشپرنگر اور ایتھ نے مندرجۂ ذیل قطعے کی بنا پر جو دیوانِ سقا کے بانکی پور والے ایک نسخے میں موجود ہے، سالِ وفات ۹۶۲ھ/۱۵۵۴ء متعین کیا ہے:

با درد و محنت و غم آں یادگار خوباں
رفت از جہانِ فانی امروز سوے عقبیٰ
چوں دید، ایں گلستاں بوئے وفا ندارد
آں سروِ قدِ موزوں، فردوس کرد ماوا
آں گل چو زیں چمن رفت پرسیدمش ز تاریخ
گریاں بگفت، سقا ایں باغ ماند بے ما

مگر مؤلف فہرست بانکی پور کو اس سے کئی سبب سے اختلاف ہے۔ ان کی یہ رائے غالباً درست ہے کہ یہ قطعہ خود سقا نے اپنے کسی عزیز یا دوست کی وفات پر کہا تھا۔ کیونکہ بدایونی نے سقا کو عہدِ اکبری کے شعرا میں شمار کیا ہے، جو ۹۶۲ھ میں ان کی وفات ہو جانے کی صورت میں درست نہیں ہو سکتا۔ نہ صرف یہ، اس کے علاوہ بانکی پور والے نسخہ ہی میں سقا کی ایک مثنوی ہے جو ۹۶۶ھ/۱۵۵۸-۱۵۵۹ء میں تصنیف ہوئی تھی۔ اس کا مادۂ تاریخ کا شعر ہے:

نہ صد و شصت و شش بماہِ عشور
آمد از غیب نظمِ ما بظہور

سب سے اہم یہ کہ بردوان میں خود سقا کی قبر پر ایک کتبہ لگا ہوا ہے جس میں حسب ذیل دو قطعے ہیں۔ ایک سے سالِ وفات ۹۷۰ھ نکلتا ہے، دوسرے میں صاف صاف بتایا ہے کہ سقا کا انتقال ۹۷۰ھ میں ہوا۔

۴- Objects of Antiquarian Interest in Bengal, ص ۲۴۱

پورا کتبہ یہ ہے :

یا اللہ۔ یا فتاح۔ یا اللہ۔ یا فتاح۔ یا اللہ
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ حقا

زہے درویش عالم گشتہ بہرام
کہ در عرفاں دلِ اُو بود دریا
ز عالم رفت در راہِ سراندیپ
شد از ملکِ فنا بہرام دانا
حسابِ سالِ فوتِ آں یگانہ
ز حق کردیم چو فتح تمنا
ندا آمد کہ تاریخِ وفاتش
بود "درویش ما بہرام سقا"
(۹۷۰)

بہرام کہ بود شہرہ در سقائی
بے حلیہ و زرق
بود عالمِ علم دینی و دنیائی
ناخواندہ سبق
در نہصد و ہفتاد برفت از عالم
در کشورِ ہند
زد خیمہ بر درِ یکتائی
شد واصلِ حق

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ یہ دوسرا قطعہ بانکی پور کے دیوانِ سقا کے ایک نسخے میں بھی موجود ہے۔[۵]
ان کے ایک شعر سے پتا چلتا ہے کہ انہوں نے نوے سال سے زیادہ کی عمر پائی :

عمرِ تو بگذشت از نود، بگذر ز خصلتہائے بد
در پوش چوں سقا منہ، ابدال شو، ابدال شو!

۵۔ نمبر ۲۴۱ (ص ۱۶۸ ب)، خدا بخش لائبریری، پٹنہ

اس سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں، کہ سقا کی ولادت ۸۸۰ھ/۱۴۷۵ء سے پہلے ہوئی ہوگی۔ ہمیں سقا کی نجی اور گھریلو زندگی سے متعلق کوئی تفصیل نہیں ملتی لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ایک بچہ جس کا نام غالباً یوسف تھا، کم سنی ہی میں انتقال کر گیا تھا اور اس موقع پر انہوں نے یہ قطعۂ تاریخ کہا تھا:

نشستہ بود ببازیچہ لعبتم امروز — بیکدم از نظرم بُرد چرخ شعبدہ باز
شکستہ تازہ نہالم ز تندِ بادِ اجل — ہزار حیف ازاں عندلیب گلشن راز
ربود گرگِ اجل یوسفِ شریف مرا — بصد امید کہ پرورش نعمت [و] ناز
چو بود بندۂ مقبولِ حق قبول افتاد — بلے بخدمتِ محمود! این است ایاز
منال بہرِ جگر گوشۂ خود، اے سقا! — بداغِ ہجر اگر سوختی، بسوز و بساز
بنالہ بلبلِ طبعم شد از پے تاریخ — خیال ماتمش آورد شاخ بنیاز (؟)

سقا غالباً بھنگ پینے کا عادی تھا، یہ دو شعر دیکھیے:

می گذشتم دوش از دار السلام بنگیاں — خضر را دیدم دراں مسجد امامِ بنگیاں
داد تا آں سبز خط ساقی بما یک بیضہ بنگ — شد لبالب از مے اسرارِ جامِ بنگیاں

ممکن ہے کہ وہ کسی ہندو زادے پر عاشق بھی ہو:

بہ ہندو زادہ شد مرغِ دلم رام — کہ بے رویش نمیگیرد دل آرام
مثلِ بُتِ ہندوے سقا کجاست — در دکن و آگرہ و گجرات

شعرا میں وہ حافظ کے شیدائی اور عطار، مولانا روم، غیاث حلوائی، سعدی، خواجو کرمانی اور قاسم انوار کے معترف نظر آتے ہیں:

منم دیوانہ و شیدائے حافظ — دریں عالم شدم رسوائے حافظ
مولوی گفت خدائے من شمس الحق من — ہم دلیلست بدیں منطقِ عطارِ شما
غیاث و سعدی و خواجو بمدحِ روے تو اند — یکے لطیف، دوم کامل، سیم دلجوے
خطت و سنبل گیسو کہ شاعراں گفتند — یکے غیاث و دوم سعدی و سیم خواجو
بخدا گفت کہ من در دلِ انساں دیدم — مہرِ خورشیدِ ازل قاسم انوارِ شما

سقا نے اپنا دیوان اپنی زندگی میں مرتب کر لیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ جذب کے عالم میں ا
نے اسے پانی کی نذر کر دیا تھا۔ بعض تذکرہ نویسوں نے تو یہ بھی لکھا ہے کہ انھوں نے
مرتبہ ایسا کیا۔ بہر حال دیوان کے قلمی نسخے مختلف کتابخانوں میں ملتے ہیں، جو کمیت
لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف بھی ہیں۔

بانکی پور کے ایک قلمی نسخہ مکتوبہ ۱۰۷۲ھ (نمبر ۲۴۱) میں غزلیں، مسدس، مخمس، قطعے
فردیات، رباعیاں، ترجیع بند، قصیدے اور مثنویاں ہیں۔ اس نسخے میں ایک عر
غزل بھی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شاید عربی میں بھی شعر کہتے تھے۔ اسی کتابخانے
میں دو اور نسخے ہیں (نمبر ۲۴۲ اور ۳۷۳۸)؛ یہ نسبتہً مختصر اور انتخاب ہیں۔ ایشیاٹک
سوسائٹی، کلکتہ میں بھی ایک نسخہ ہے (نمبر ۶۶۹) اس میں بھی غزلیں، ترجیع بند، قطعے
رباعیاں، فردیات، ساقی نامہ، ایک مثنوی، مسدس، مغنی نامہ، متفرق نظمیں وغیرہ
ہیں۔ اسی کتابخانے کا دوسرا نسخہ (نمبر ۶۷۰) آخر سے ناقص ہے۔ بھنڈارکر اورینٹل
انسٹیٹیوٹ، پونا کے نسخہ (نمبر ۵۹) میں جو ردیف 'ی' کے آخر سے ناقص ہے،
صرف غزلیں ہیں۔

تمام دیوانوں میں پہلے حمد و نعت میں یہ دو غزلیں ہیں جو الفبا کی ترتیب میں شامل
نہیں ہیں:

پا ز سر کردہ براہِ طلبش حیرانم　　کہ من خستہ کجا و ہوس عمانم
تو روحِ روانی و آرامِ جانی　　رسول بحق رہبرِ عارفانی

اس کے بعد تمام نسخوں میں غزلیں الفبا کی ترتیب سے ہیں۔ نیز زیادہ تر نسخوں میں
بھی الفبا کی ترتیب اس غزل سے شروع ہوتی ہے:

در آئینۂ روے تو دیدیم ہویدا　　سرّے کہ نہاں بود تقدس و تعالیٰ

مگر بعض نسخے ان غزلوں سے بھی شروع ہوتے ہیں:-

الا یا ایہا الساقی، بدہ آں بادۂ حمرا
بیادِ روے آں لیلی بمجنونانِ بے پروا

صبح فرخ دم رسید، از عالم غیبم ندا
رفع ظلمت شد ازاں انوار شمس والضحیٰ

سقا پختہ اور قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کے یہاں جذب، رندی، سلوک اور تصوف کا غلبہ ہے اور انہوں نے شاعری کو زیادہ تر اپنے حالات و کیفیات کے بیان کرنے کا آلہ بنایا تھا۔ بہرحال ان کے دیوان میں بکثرت ایسے سلیس اور رواں اشعار ملتے ہیں جن میں تصوف کی لذت کے ساتھ ساتھ شعریت کا بھی امتزاج ہے۔ کچھ ایسے اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

حالاتِ صوفیاں و ہیاہوے طالباں — در بزمِ وجد ہر کہ بود مست جام ماست
ہمہ سرگشتہ، دیدار اُو بیند — اگر زاہد، وگر رندِ خرابات
سقا قدحی درکش و مستانہ برقص آی — تا چند دریں صومعہ ہشیار تواں بود
کفر زلفش دلیلِ ایماں شد — کہ بریدند کافراں زنار
رخش و جام مے پیداست امروز — بسے در میکدہ غوغاست امروز
از کون و مکاں مقصدِ من اوست چو سقا — بیزارم ازاں عقبیٰ و زیں دار فنا ہم
دلِ دیوانہ را سرگشتہ در کوے تو می بینم — بہر موبستہ زنجیر گیسوے تو می بینم

ہزار عزیزاں نقدِ جاں بر کفِ سودائے رخت
از خانۂ یوسف لقا یک رہ سوے بازار شعر

تا خراماں گشتہ، با گلرخاں سرو قد — در میانِ عاشقاں صد فتنہ برپا کردہ

پیر شد دل ز غمِ عشق جواں بایستے
ناتواں شد بر ہوس تاب و تواں بایستے
حیف، ازاں خاک کفِ پائے کہ باشد بزمیں
جائے او دیدۂ صاحب نظراں بایستے
می بری سجدہ بمحرابِ خدا اے زاہد!
سجدہ برابروے خوبانِ جہاں بایستے

خلق رفتند پے زاہد و گمراہ شدند

ہمہ را راہنما پیر مغاں بایستے

کبھی کبھی وہ تصوف سے ہٹ کر عشق مجازی سے لبریز شوخ غزلیں بھی کہتے ہیں، جو ان کے عہد جوانی کی یادگار ہوں۔ مثلاً کہتے ہیں:

اے مست حسن شب بکنار کہ بودہ — در بزم عیش ہمدم و یار کہ بودہ

اے سیمبر گداختہ از جنا بسے — در کوے عشق زار و نزار کہ بودہ

لعل لب ترا کہ بدنداں گزیدہ است — چوں سیب سرخ بر سر بار کہ بودہ

سقا نے بعض عجیب و غریب زمینوں میں غزلیں کہی ہیں۔ مثلاً یہ مطلع دیکھیے:

میرود دمبدم آں مہ مہ من دل دل

کہ ازو بر دل و جاں جاں شدہ مشکل کل کل

ذکر کبوتران او نعرہ بقو بقو بقو

خیز دلا، تو ہم بگو بقرہ بقو بقو بقو

تن تن نمی شناسی ہنگر شدی بتن تن

اے زاہد فروتن، رندیم و تن تن تن

فارسی کے علاوہ سقا کو ترکی میں بھی کمال تھا، بعض تذکرہ نویسوں نے انھیں ترکی میں بھی صاحب دیوان شاعر بتلایا ہے۔ مؤلف نفائس المآثر نے لکھا ہے کہ انھوں نے دیوان نسیمی کا ترکی میں جواب دیا تھا۔ ہنوز ان کے ترکی دیوان کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ ممکن ہے کہ اسے خود انھوں نے کبھی جذب کے عالم میں دریا برد کر دیا ہو۔ لیکن ترکی شاعر انھیں بغیر کسی تکلف کے تسلیم کیا جا سکتا ہے، کیونکہ بھنڈارکر انسٹیٹیوٹ والے نسخے کی ردیف 'ن' میں ان کی ایک ترکی غزل ملتی ہے۔

فارسی اور ترکی میں ملکہ تو سقا اپنے وطن سے لے کر چلے ہوں گے، مگر ہمارے لیے ان کا

خاص کارنامہ یہ ہے کہ اس ملک میں آنے کے بعد انہیں ہندی سے بھی خاصی واقفیت حاصل ہوگئی تھی، یہاں تک کہ انہوں نے یہاں کی زبان میں شعر کہنے کی ہمت کی جہاں انہوں نے اس عہد کے اور غیر ہندی شعرا کی طرح اپنے فارسی کلام میں بعض ہندی الفاظ کا استعمال کیا، مثلاً:

اے خواجہ، گر زرِ تو گذشت از لک او اکرور
زاں زر چہ سود گر نبری جبہ بگور

مسخرہ باش از رہِ عرفاں مکن صدر نشینی و مہابھاتہ (؟)

وہیں کم از کم دو ایسی غزلیں ان کے کلام میں ملتی ہیں جنھیں ہمیں ریختہ یا اردو کا نام دینا پڑے گا۔ بھنڈارکر انسٹی ٹیوٹ والے نسخے میں ردیف 'ی' میں مندرجہ ذیل دو غزلیں ملتی ہیں:

۱

رہ بسوے دیر بردم بھل پڑے[۶] دُرد دُرد بادہ خوردم بھل پڑے
در طریقِ زہد خونِ دل مخور مے بکش با یار ہمدم بھل پڑے
جامِ مے بستاں و بنشیں شاد کام بر درِ میخانہ بیغم بھل پڑے
از سفالِ دُرد نوشاں جرعۂ بہ ز جامِ تست اے جم بھل پڑے
ترکِ ہستی کن، در آ در کوے فقر بگذر از وسواسِ عالم بھل پڑے
ہست در معنی گدائے کوے یار از شہِ دوراں مقدم بھل پڑے
عاقبت مرے رود در راہِ عشق گر نمی آری تو با کم بھل پڑے
جو بیارے ہر طرف بر روے من شد رواں از چشمِ پُرنم بھل پڑے
ہمرہاں رفتند، اے سقا، بدہ یکدمے آبے بما ہم بھل پڑے

---

۶ - اصل نسخے میں ردیف "بول پری" ہے، میں نے "بھل پڑے" (بھول پڑے) پڑھتا ہوں۔

۲

باز ہندو بچۂ قصدِ دلم دھرتی ہے — کچھ نہیں جانوں، ازیں خستہ کیا کرتی ہے
چیں برابر وزدہ بر بستہ کٹاری[8] بمیاں — چل چل اے دل منگر تجھ کنے اوہ[9] لڑتی ہے
چشمِ اُو طرفہ غزالیست کہ در باغِ جمال — ہمہ ریحاں و گل و سنبلِ تر چرتی ہے
ہاتھ مہندی لائیا وست فرو بردہ بخوں — کہ بے کشتہ زدستانِ غش[10] مرتی ہے
بتِ مہ سروِ سہی شرم ندارد ز قدش — خویشتن را بچہ رو ایں ہمہ رو پڑتی ہے
آنکہ مردم کش او دمبدم از خونِ جگر — قدحِ[11] چشم مرا از غمِ خود بھرتی[12] ہے
چپ کرائے دل شدہ سقاز غمِ یار منال — گر جفا رفت بجاں تو مبا[13] کرتی[14] ہے

ڈاکٹر نذیر احمد نے "فکر و نظر"[15] علی گڑھ میں "سلاطینِ مغلیہ کا نیا کلام" کے تحت کتابخانہ حبیب گنج کی ایک بیاض[16] کا تفصیلی تعارف کرایا ہے، جو ان کی تحقیق کے مطابق ۹۶۳ھ اور ۹۸۰ھ کے درمیان مرتب ہوئی تھی۔ اپنے مضمون کے اختتام پر لکھتے ہیں: "ایک قابلِ توجہ امر جس کا ذکر ضروری ہے، یہ ہے کہ اس میں دو غزلوں کی ردیف اور قافیہ اردو ہے جس کو مرتبِ بیاض غزل ملمع کہتا ہے۔ سات شعر کی پہلی غزل موتد بیگ کور کی ہے۔ اس کا مطلع ہے،

ہر گہ آں ساقیِ ہندی کہ طرب کرتی ہے
کاسۂ مے ز شرابِ لبِ خود بھرتی ہے

شہدی بخاری نے اسی زمین اور قافیہ ردیف میں اس کا جواب دیا، اس میں صرف چار شعر ہیں اس کا مطلع یہ ہے:

ہندوے چشم تو گفتم کہ بمن لرتی ہے — رفت در خندہ و گفتا کہ "مغل درتی ہے"؟

۷۔ اصل "درتا"۔ ۸۔ اصل "کتاری" ۹۔ اصل "توج کنے اوہ"
۱۰۔ اصل "غش" ۱۱۔ اصل "قدحی" ۱۲۔ اصل "برتے" ۱۳۔ مباح۔
۱۴۔ خطی نسخوں میں یائے معروف ہر جگہ مجہول کی شکل میں ملتی ہے، ہم نے ہر جگہ درست کر دی ہے۔
۱۵۔ جنوری ۱۹۶۳ء۔ ۱۶۔ نمبر ۹۲/۵۰

گمانِ غالب ہے کہ یہ تینوں شاعر ہمعصر تھے اور تینوں نے ایک دوسرے کا جواب کہا ہے۔ تینوں غزلیں بیحد ایک دوسرے سے ملتی ہیں۔ اب یہ فیصلہ تو ممکن نہیں کہ تینوں میں سب سے پہلے کس نے غزل کہی تھی اور بعد کو کس نے؛ بہرحال موید اور شہدی کی نسبت سقا کی غزل میں ہندی کا اثر زیادہ ہے۔ ان کی غزلوں میں ردیف و قافیہ کے علاوہ ایک آدھ اور ہندی لفظ کا استعمال ہوا ہے، لیکن سقا کے یہاں ردیف و قافیہ کے علاوہ اسماء، ضمائر اور مختلف قسم کے افعال (ماضی، امر، مضارع) بھی استعمال ہوئے ہیں۔

سقا کی غزلوں میں بعض جگہ "واو" ضمہ کی نمایندگی کرتا ہے مثلاً کوج (کچھ) توج (تجھ)۔ اسی طرح سقا کی پہلی غزل میں "بول" کو "بھل" پڑھینگے۔ "نہی نہی" کو "نہیں" اور "چپ کر" بمعنی "چپ رہ" ہے۔ "کیا" اگرچہ سوالیہ ہے لیکن فعل کی طرح باظہار تحتانی پڑھا جائیگا۔ موید اور شہدی کی غزلوں میں بھی یہ لفظ اسی شکل میں استعمال ہوا ہے۔ علاوہ بریں ہائے مخلوط اور رائے ہندی (ڑ) املا میں دکھائی نہیں گئی ہے۔ "کنے" آج بھی مغربی بولی میں بولا جاتا ہے۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ بہت دن کی بات ہے، پروفیسر محمود شیرانی مرحوم نے ایک مضمون "بعض جدید دریافت شدہ ریختے"[17] کے عنوان سے لکھا تھا جس میں سقا کی دوسری غزل ان کے دیوان کے حوالے سے نقل کی تھی، مگر پہلی غزل انھوں نے نہیں دی تھی۔ ہوسکتا ہے کہ ان کے نسخۂ دیوان میں یہ غزل نہ ہو یا ممکن ہے ان کی نظر اس پر نہ پڑ سکی۔ بانکی پور کے تین نسخہ ہائے دیوان میں سے صرف دو میں دوسری غزل ہے، مگر پہلی غزل صرف ایک نسخے میں پائی جاتی ہے۔

شیرانی صاحب نے اس مضمون میں شیخ بہاء الدین باجن (وفات: ۹۱۲ھ / ۷-۱۵۰۶ء) میاں مصطفےٰ گجراتی (وفات: ۹۸۴ھ / ۷۷-۱۵۷۶ء) اور عشقی خاں میر بخش (وفات: ۹۹۰ھ / ۱۵۸۲ء) کے متعدد ریختے نقل کیے ہیں۔ یہ تینوں حضرات تقریباً سقا کے معاصر تھے۔

---

۱۷ - اورینٹل کالج میگزین (لاہور) مئی ۱۹۳۹ء

اسی مضمون میں شیرانی مرحوم نے جمیل تھار کی بیاض کا جو ۱۰۶۲ھ / ۵۲-۱۶۵۱ء سے ۱۰۶۷ھ / ۵۷-۱۶۵۶ء تک کے درمیانی زمانے میں مرتب ہوئی تھی، اور جس کا قلمی نسخہ خود ان کے کتابخانے میں تھا، خاص طور پر تعارف کرایا ہے۔ انھوں نے اس مضمون میں بہت سے ریختے اس بیاض سے دیے ہیں، جو سقا کے زمانے یا اس کے کچھ بعد کے کہے ہوئے ہیں۔ ان میں خاص طور پر بیرم خاں خانخاناں، شیخ جمالی کنبوہ، فیضی (؟)، جانی (؟)، سیدن کے ریختے بہت اہم ہیں۔

اس بیاض میں سب سے دلچسپ وہ ریختہ ہے جو عام سے حضرت امیر خسرو سے منسوب ہے۔ مگر جمیل تھار کے ہاں اسے کسی جعفر نامی شاعر کا کلام کہا گیا ہے۔ مطلع اور مقطع درج ذیل ہے،

زحالِ مسکیں مکن تغافل دُرائے نیناں بنائے بتیاں
چو تابِ ہجراں ندارم اے جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں
بہر آں شوخ چرخ بامہر بود مارا شکیب جعفر
سپیت من منہ درائے راکھوں جو تو پاتوں پران کیتیاں

یہاں یہ بتا[illegible] مشکل نہیں ہوگا کہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ کے کتابخانے میں ایک بیاض[18] ہے جو غالباً بیسویں صدی ہجری (انیسویں صدی عیسوی) کے آخر میں مرتب ہوئی تھی؛ اس میں بھی [illegible] بیاض اس غزل سے متعلق لکھتے ہیں کہ "یہ غزل اکثر قوال لوگ گاتے ہیں اور تذکروں میں یہ امیر خسرو کے نام سے درج ہے۔ ایک پرانی کتاب جو کہ عالمگیر کے زمانے کی لکھی ہوئی ہے، اس میں جعفر کے نام سے اسے لکھا دیکھا، نہایت تعجب ہوا۔"

کتابیات

۱ - دیوانِ سقا نسخہ ہائے خطی، شمارہ ۵۹، (بھنڈارکر اورینٹل انسٹی ٹیوٹ، پونا)، ۲۴۱، ۲۴۲، ۳۷۳۸ (خدا بخش لائبریری، پٹنہ)

۲ - ملا عبدالقادر بدایونی: منتخب التواریخ (ج سوم) کالج پریس، کلکتہ، ۱۸۶۹ء

۱۸ - نمبر ۱۲

۳ - ابوالفضل علامی : آئین اکبری، بیپٹسٹ مشن پریس، کلکتہ ۱۸۷۲ء

۴ - میر علاء الدولہ قزوینی : نفائس المآثر، (خطی، ۲۳۸۸) رضا لائبریری، رامپور

۵ - تقی الدین اوحدی : عرفات عاشقین، (خطی، ۲۰۸۵) خدا بخش لائبریری پٹنہ

۶ - علی قلی خان والہ داغستانی : ریاض الشعرا، (خطی، ۵۴۳۷) نیشنل میوزیم، نئی دہلی

۷ - احمد علی ہاشمی سندیلوی : مخزن الغرائب، (خطی، ۷۴۱۷) رضا لائبریری، رامپور

۸ - علی ابراہیم خان : صحف ابراہیم، (خطی، ۷۰۹) خدا بخش لائبریری، پٹنہ

۹ - محمد مظفر حسین صبا : روز روشن، مطبع شاہجہانی، بھوپال، ۱۲۹۷ھ

۱۰ - نور الحسن خان : نگارستان سخن، مطبع شاہجہانی بھوپال ۱۲۹۳ھ

۱۱ - محمد عبدالغنی خاں فرخ آبادی، تذکرۃ الشعرا، مطبع انسٹی ٹیوٹ گزٹ، علی گڑھ

۱۲ - مجلہ "فکر و نظر" جنوری ۱۹۶۳ء

۱۳ - درگا داس : سفینۂ عشرت (خطی، ۶۹۹) خدا بخش لائبریری پٹنہ

۱۴ - اورینٹل کالج میگزین، مئی ۱۹۳۹ء

۱۵ - پارس (نشریۂ مجلس روابط فرہنگی پاکستان و ایران، کراچی) اکتوبر ۱۹۶۷ء

۱۶ - بیاض نمبر ۱۲ (خطی) کتابخانہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ

۱۷ - بیسٹن : فہرست مخطوطات بوڈلین، آکسفورڈ (۱۹۵۴ء)

۱۸ - عبدالمقتدر : فہرست مخطوطات اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ (جلد دوم، ۱۹۱۰ء)

۱۹ - ڈ۔ ایوانوف : فہرست مخطوطات، ایشیاٹک سوسائٹی بنگال، کلکتہ (۱۹۲۴ء)

۲۰ - اسپرنگر : فہرست کتابخانۂ شاہان اودھ، کلکتہ (۱۸۵۴ء)

۲۱ - ہرمن ایتھ : فہرست مخطوطات انڈیا آفس لائبریری، آکسفورڈ

بیرم خان خانخاناں

ریختہ

دلا! کن یاد آں ساعت درونِ گور جب سوہ[1]
عذابِ سخت تر باشد کہ لوہو آنسواں روہ[2]
نہ آنجا خویش[3] نے قربت، نہ ساتھی باپ اور بھائی
نہ زن فرزند کو[4] بیلی[5]، دراں تاریک تنہائی
بیاید جانستاں ناگہ چو ملک الموت دربارت
جو ہیگا جیو کر سنچا کند دریک زماں غارت
تہی رفتند آں مردم جنھوں کے لاکھ تھے پالے
نہ با خود بُرد یک جیتل[6] کہ ریتے[7] ہاتھ اٹھ چالے
دراں درگاہ بے رشوت نہ جانوں کیوں رہے پردا
نلیا[8] آج جن سنبھل، گھنے[9] پچھتاہینگے[10] فردا
ہمیں دنیا کہ محبوب است، گھنے ہم سار کے گھالے
ندانستم کہ تا آخر ہی بھر جل مکھ کالے (کذا)
گماں دارم دریں دنیا دو گز گھر باس ارو ماٹی
پسارا دور کر جنہیں چو لقماں باندھ رہ ٹاٹی
(کہ) بیرم نقد جو ہونے (تو) صرف راہِ او کیجے
ارے جو چھاڑ کر جاناں ہر این کھاے لے لیجے

۱۔ سووے ۲۔ روئے ۳۔ کوئی ۴۔ بمعنی دوست
۵۔ اس زمانے کا کم قیمت سکہ ۶۔ ؟ (عمل خالی کا ہے ۷۔ چلے
۸۔ نہ لیا ۹۔ بمعنی بہت، بیحد ۱۰۔ پچھتائینگے

سید اوصاف علی

شاہ عبدالعزیز دہلویؒ

(بعض غلط فہمیوں کا ازالہ)

جس وقت حضرت شاہ عبدالعزیزؒ (۱۷۴۶ - ۱۸۲۴ء) نے آنکھیں کھولیں، نادر شاہ کی دس سال قبل کی خون ریزی اور غارت گری کے قصے عام تھے۔ جب شاہ عبدالعزیزؒ سنِ بلوغ کو پہنچے تو احمد شاہ ابدالی کے سفاک سپاہیوں کے ہاتھوں دلی دوبارہ لٹی۔ اور جب انھوں نے ۱۷۶۳ء میں اپنے والدِ ماجد حضرت شاہ ولی اللہؒ کے انتقال کے بعد مدرسۂ رحیمیہ[1] میں ان کی جگہ قرآن اور حدیث پڑھانا شروع کیا، تو جاٹ، سکھ اور مرہٹے دلی پر یلغار کرنے کے لیے پر تول رہے تھے۔ مسلمانوں میں احساسِ شکست، جو اورنگ زیب کی وفات (۱۷۰۷ء) کے بعد سے بڑھنے لگا تھا، اب نقطۂ عروج تک پہنچ چکا تھا۔ اقتدار اور خزانے چونکہ زیادہ تر مسلمانوں کے پاس تھے، اس لیے حملہ آوروں کے مقابلے میں وہی پیش پیش رہے اور سب سے زیادہ زخم خوردہ بھی۔ اب ان کی ذہنی کشمکش اور زبوں حالی بیان سے باہر تھی۔ تعلیمی معیار پست ہو چکا تھا؛ اخلاقی قدریں گر گئی تھیں؛ خانہ جنگی شروع ہو گئی تھی؛ شیعہ سنی اختلافات کے شعلے لپکنے لگے تھے؛ فقہ کے چیدہ [illegible]

۱۔ اس مدرسہ کے بانی شاہ عبدالعزیزؒ کے دادا شاہ عبدالرحیمؒ تھے۔ یہ مدرسہ پہلے مہندیان میں تھا جہاں اب شاہ عبدالعزیزؒ کا مزار ہے۔ جب محمد شاہ بادشاہ نے مدرسہ کی بڑھتی ہوئی شہرت دیکھ کر ایک عمارت کشمیری دروازے پر دے دی تو مدرسہ وہاں منتقل ہو گیا۔ مدرسے کی پہلی عمارت ۱۸۵۷ء میں غارت ہو گئی۔

پیرو آپس میں جنگ کرنے کے لیے تیار تھے۔ مسلمانوں کا یہ حالِ زار دیکھ کر شاہ عبدالعزیز نے یہ فیصلہ کیا کہ اپنے والد مرحوم کی طرح وہ بھی اپنی زندگی ان کے تعمیری اور اصلاحی کاموں کے لیے وقف کر دینگے۔ چونکہ شاہ عبدالعزیز کی کوششیں تمام مسلمانوں ہی میں خود اعتمادی اور بیداری کی نئی لہر پیدا کرنے کی طرف رہیں اس لیے ان سے متعلق طرح طرح کی غلط فہمیاں پیدا ہو گئیں۔ انہیں میں سے بعض کے ازالے کی ہم یہاں کوشش کرینگے

افسوس ہے کہ آج تک شاہ صاحب کی سی عظیم شخصیت کے حالات و خدمات پر مشتمل کوئی جامع کتاب نہیں لکھی گئی، ورنہ بعید نہیں تھا کہ ان کے خیالات و نظریات پر پوری طرح روشنی پڑنے سے ساری غلط فہمیاں خود بخود دور ہو جاتیں۔ شاہ صاحب سے متعلق سب سے مستند کتاب شیخ رحیم بخش دہلوی[2] کی ہے۔ لیکن اس کا بھی یہ حال ہے کہ بقول مولانا نسیم احمد فریدی امروہوی[3]:-

"اس میں سوانح کا حق ادا نہیں کیا گیا، حال آنکہ سوانح نگار کے پاس پورے پورے حالات بہم پہنچانے کے اس وقت کافی ذرائع موجود تھے۔"

شاہ عبدالعزیزؒ کے ملفوظات بھی ہم تک کچھ زیادہ نہیں پہنچے۔ ان کا ایک مجموعہ بڑی کاوش کے بعد قاضی بشیر الدین میرٹھی کو متھرا سے ملا تھا، جو انھوں نے مطبع مجتبائی میرٹھ سے ۱۳۱۴ھ میں شائع کیا تھا۔ خطی نسخہ کرم خوردہ تھا اور اس کے جامع تک کا نام نہیں معلوم ہو سکا۔ یہ ملفوظات شاہ صاحبؒ کی وفات سے چھ برس پہلے کے ہیں، اور تین چار ماہ کے اندر قلمبند ہوئے۔ یقیناً شاہ صاحب کے کچھ اور مریدوں اور شاگردوں نے بھی ملفوظات جمع کیے ہونگے، لیکن غالباً وہ اب تلف ہو چکے ہیں۔ اگر آج وہ ہمارے سامنے ہوتے تو ہمیں شاہ صاحب کے افکار کے سمجھنے میں کتنی آسانی ہوتی:

شاہ عبدالعزیزؒ کی تصنیفات بھی تعداد میں کچھ زیادہ نہیں۔ اس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ ان کے شاگردوں اور مریدوں کا حلقہ بہت وسیع تھا اور ان کا بیشتر وقت انھیں کی

۲۔ حیات عزیزی۔ دہلی، ۱۳۱۹ھ۔

۳۔ [illegible] "شاہ عزیز [illegible] دہلویؒ" ماہنامہ الفرقان (مئی ۱۹۶۷ء)، ۱۷

اصلاح و تربیت میں صرف ہوتا تھا۔ دوسری وجہ یہ بھی تھی کہ ۲۵ برس کی عمر سے وہ مختلف امراض کا شکار ہو گئے جس سے ان کی بینائی کمزور ہو گئی تھی[۴]۔ بہرحال ان کی دو ایک کتابیں جو دستیاب ہوتی ہیں، ان سے اور ان کے فتاویٰ اور مجموعۂ ملفوظات کا فائدہ مطالعہ کرنے سے ان کے خیالات سمجھنے میں کافی مدد ملتی ہے۔

شاہ عبدالعزیزؒ کے متعلق تین غلط فہمیاں عام ہیں۔ اول یہ کہ شاہ صاحب شیعوں کے خلاف تھے؛ دوم یہ کہ انہیں ہندو مذہب اور اس کے ماننے والوں سے نفرت تھی؛ سوم یہ کہ وہ انگریزی تعلیم اور جدید علوم و فنون کی تحصیل کے حق میں نہیں تھے۔

پہلی غلط فہمی کا سبب شاہ عبدالعزیزؒ کی کتاب 'تحفۂ اثنا عشریہ' ہے۔ اس میں شاہ صاحبؒ نے تاریخ کی روشنی میں شیعی عقائد کا ابطال اپنے عالمانہ رنگ میں کیا ہے۔ اس کتاب کو دیکھ کر شیعی حضرات اس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے کہ شاہ صاحب کو شیعوں سے نفرت تھی۔ اسی لیے انھوں نے اس میں شیعی مذہب کے خلاف مواد جمع کیا ہے۔ اور سنّی حضرات کو اس سے یہ غلط فہمی ہوئی کہ شاہ صاحب نے اسے اس لیے تصنیف کیا کہ شیعوں سے مناظرے میں وہ اس سے استفادہ کر سکیں۔ یہ غلط فہمی اتنی عام ہوئی کہ سرسید احمد خاں تک اس کا شکار ہو گئے؛ شاہ عبدالعزیز کے ذکر میں لکھتے ہیں[۵]:

> "حضرت نے بہ سبب التماسِ طالبینِ کمال کے کتاب تحفۂ اثنا عشریہ کہ غایتِ شہرت سے محتاجِ بیان نہیں، بدل توجہ قلیل بصرفِ اوقات وجیز سے بایں کثرتِ ضخامت تصنیف کی کہ طالبعلمِ بیمایہ بھی علمائے شیعہ کے ساتھ مباحثہ و مناظرہ میں کافی ہو گیا۔

حالانکہ شاہ عبدالعزیزؒ جیسے سنجیدہ اور دوررس نگاہ رکھنے والے بزرگ سے نہ اس کی توقع کی جا سکتی ہے کہ جب ملت کا شیرازہ بکھر رہا ہو، وہ کوئی ایسی کتاب لکھتے جس سے شیعہ سنّی اختلافات میں اضافہ ہوتا، نہ اس کی کہ وہ اپنے مآل کی راہ سے انحراف کرتے۔

۴۔ عبدالحی بن فخرالدین الحسنی، نزہۃ الخواطر، ۷، ۲۷ (حیدرآباد، ۱۹۵۹ء)

۵۔ سید احمد خاں، آثار الصنادید، ۵۱۹ (دہلی، ۱۹۶۵)

مولانا سید محمد میاں نے شاہ عبدالعزیزؒ کی تربیت کے جو نو مقاصد بتائے ہیں ان میں پہلا مقصد یہ ہے[6]: حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے نظریات کو ذہن نشین کرانا۔ شاہ ولی اللہ کا شیعہ سنی اختلافات کے بارے میں جو نظریہ تھا وہ سب کو معلوم ہے۔ ڈاکٹر تاراچند کے الفاظ میں[7]:

> ۱۸ ویں صدی میں خانہ جنگی کی بڑی وجہ تورانی نسل کے امراء اور ایرانی نسل کے شیعیوں کے درمیان کشمکش تھی۔ شاہ ولی اللہؒ نے اپنے رسالے ازالۃ الخفاء میں خلفائے راشدین کے سوانحی حالات، ان کے کارناموں اور فضائل کو اس انداز سے بیان کیا کہ دونوں فرقوں میں اتحاد پیدا ہو جائے۔

شاہ ولی اللہؒ سے متعلق ایک قصہ خود شاہ عبدالعزیزؒ نے نقل کیا ہے[8]:

> شخصے از والد ماجد مسئلہ تکفیر شیعی پرسید۔ آں حضرت اختلاف حنفیہ کہ دریں باب است بیان کردند۔ چوں مکرر پرسید، ہماں شنید۔ شنیدم کہ می گفت شیعہ است۔

شاہ عبدالعزیزؒ نے اپنے والد کی پیروی کی اور بالکل ازالۃ الخفاء کے طرز کا ایک رسالہ عزیز الاقتباس فی فضائل اخیار الناس کے نام سے لکھا جس میں خلفائے راشدین کے طرز عمل پر محققانہ انداز میں روشنی ڈالی۔ اس کے باوجود کہ نجف خاں اور دوسرے شیعہ اصحاب اقتدار نے شاہ عبدالعزیز کو ایذا پہنچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی تھی[9]۔ شاہؒ نے شیعی فرقے کو کبھی مخالفانہ نظر سے نہیں دیکھا، بلکہ وہ ہمیشہ اسے اہل سنت والجماعت کے قریب لانے کی کوشش کرتے رہے۔ یہ ان کے والد ہی کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ ۱۷۶۱ میں پانی پت کی جنگ میں شیعی اور سنی شانہ بشانہ مرہٹوں سے لڑے اور انہیں شکست

۶۔ مولانا سید محمد میاں، علمائے ہند کا شاندار ماضی، ۲: ۴۴ (دہلی، ۱۹۵۷ء)

۷۔ تاراچند، ہسٹری آف دی فریڈم موومنٹ ان انڈیا (انگریزی)، ۱: ۲۰۷ (دہلی: ۱۹۶۱ء)

۸۔ محمد اکرام، رود کوثر: ۳۷۷ (تاج آفس، کراچی)

۹۔ علمائے ہند کا شاندار ماضی، ۲: ۵۰-۵۲

جس سے ان کا خواب پریشان ہوگیا، کہ وہ شیعی سنی تفرقے سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں پر فتح حاصل کر لینگے۔ والد کی وفات کے بعد شاہ عبدالعزیزؒ نے بھی حتی المقدور اس کی سعی کی کہ شیعی سنی اختلاف ختم ہو جائے۔ 'تحفۂ اثنا عشریہ' لکھنے سے بھی یہی مقصود تھا۔ وہ شیعی فرقے پر یہ واضح کر دینا چاہتے تھے کہ سنیوں سے ان کے اختلافات اصولی نہیں، فروعی ہیں؛ اور فروعی مسائل پر لڑنا بیمعنی ہے۔ اس کتاب میں شاہ صاحبؒ نے شیعی علماء کی کتابوں سے بکثرت حوالے دیے ہیں، تاکہ ان کے خیالات معلوم کرنے کے بعد شیعی حضرات کو اپنی غلطیوں کا احساس ہو، اور وہ دیکھ لیں کہ تمام اختلافات بے بنیاد ہیں۔ تحفۂ اثنا عشریہ کے مقدمے میں تحریر فرماتے ہیں:[10]

"غرض از تسوید این رسالہ و تحریر این مقالہ آنست کہ دریں بلاد کہ ما ساکنیم و دریں زماں کہ ما دریم، رواج مذہب اثنا عشریہ و شیوع آں بحدے اتفاق افتادہ کہ کم خانہ باشد کہ یک دو کس ازیں خانہ بایں مذہب متمذہب نباشند و راغب بایں عقیدہ نشوند، لیکن اکثرے از حلیۂ تاریخ و اخبار خود عاطل و از احوال اصول اسلاف خود بیخبر و غافل می باشند و ہرگاہ کہ در محافل و مجالس با اہل سنت و جماعت گفتگو می نمایند کج مج می گویند و شتر گربہ می آرند حسبۃً للہ تعالیٰ تحریر این رسالہ کہ پرداختہ شد۔"

تحفۂ اثنا عشریہ کی تاریخ نکالنے والے نے بھی مندرجۂ ذیل شعر میں اسے منبع نور ہدایت قرار دیا ہے:

بسکہ نور ہدایت است یقیں سال تصنیف او 'چراغ' آمد[11]

شاہ عبدالعزیزؒ نے ایک بار فخریہ فرمایا کہ ایک شخص نے اس کتاب سے متعلق کہا ہے کہ اگر اس کے وزن کے برابر سونے کی قیمت پر اسے فروخت کیا جائے تو بھی بیچنے والا گھاٹے میں رہیگا۔ یاد رہے کہ یہاں شاہ صاحب نے فخریہ کمال علم پر نہیں کیا جو

۱۰۔ تحفۂ اثنا عشریہ، ۳، (لکھنو، ۱۲۹۵ھ)

۱۱۔ نیز ملاحظہ ہو: ھذا کتاب لو یباع ذھبا بوزنہ لکان البائع المغبون (ملفوظات، ۱۴۴)

تحفۂ اثناعشریہ کے صفحے صفحے سے جھلکتا ہے، بلکہ اس پر کہ انھوں نے اسے لکھ کر وہ خدمت انجام دی ہے جو ملت کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رہیگی۔ یعنی شیعیوں پر ان کے عقائد واضح کر کے انہیں اہلِ سنّت کے قریب لا کھڑا کیا ہے۔ افسوس کہ شاہ صاحب کی یہ آرزو پوری نہ ہوئی اور تحفۂ اثناعشریہ کو عالمانہ اور تحقیقی کتاب کے بجائے فرقہ وارانہ کتاب قرار دے دیا گیا۔

شاہ صاحب سے متعلق دوسری غلط فہمی یہ ہے کہ وہ ہندو مذہب کو کفر سمجھتے تھے۔ یہ بات ان کے دشمنوں نے ان کی زندگی ہی میں پھیلا رکھی تھی، اور یہ غلط فہمی بعض حلقوں میں اب تک چلی آرہی ہے۔ ہندو مذہب سے متعلق شاہ صاحب نے بالتفصیل کچھ نہیں کہا، یا کم از کم ہمیں اس کا علم نہیں۔ البتہ ایک بار ایک شخص کے سوال پر کہ کرشن جی کے بارے میں ان کی کیا رائے ہے، شاہ صاحب نے فرمایا:[12]

"بہتر تو یہی ہے کہ ان کے حق میں چپ رہا جائے، لیکن بھگوت گیتا سے جو ہندوؤں کی معتبر کتاب ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اولیا میں سے تھے۔"

اس جواب سے ظاہر ہے کہ شاہ صاحب نے بھگوت گیتا کا اچھی طرح مطالعہ کیا تھا اور اسے دیکھ کر کرشن جی کے متعلق ان کے ذہن میں جو نقش ابھرا تھا، اس کی تصدیق ہندو مذہب کی دوسری کتابوں سے نہیں ہو سکی۔ بہرحال ان کے مجوزہ مفرق الفاظ سے بڑھ کر ان کی حق گوئی اور کشادہ دلی کی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے! اس ضمن میں یہ بات بھی قابلِ لحاظ ہے کہ انھوں نے سکھوں، جاٹوں اور مرہٹوں کے (جو دہلی پر برابر یورش کرتے رہے) قبضے میں جو علاقے تھے ان کو کبھی دارالحرب قرار نہیں دیا، لیکن جب دلی سے کلکتے تک برطانوی اقتدار کا پرچم لہرانے لگا تو مندرجۂ ذیل فتویٰ جاری کیا، حالانکہ نصاریٰ کو اسلام نے اہلِ کتاب قرار دیا ہے:[13]

۱۲۔ رودِ کوثر: ۳۹۱

۱۳۔ فتاویٰ عزیزی: ۱۷ (دہلی: ۱۳۱۱ھ)

"دریں شہر حکم امام المسلمین اصلاً جاری نیست و حکم رؤسائے نصاریٰ بے دغدغہ جاریست و مراد او اجرائے احکام کفر اینست کہ در مقدمۂ ملک داری و بندوبست رعایا و اخذ خراج و باج و عشور اموالِ تجارت و سیاستِ قطاع الطریق و سراق و فیصلِ خصومات و سزائے جنایاتِ کفار بطور حاکم باشند۔ آرے اگر بعضے احکام اسلام را مثل جمعہ، عیدین و اذان و ذبح بقر تعرض نکنند، نہ کردہ باشند؛ لیکن اصل اصول ایں چیزہا نزد ایشاں ہباد ہدر است، زیرا کہ مساجد را بے تکلف ہدم می نمایند و ہیچ مسلمان یا ذمی بغیر استئمان ایشاں دریں شہر و در نواح نمی تواند آمد و برائے منفعتِ خود از واردین و مسافرین و تجار مخالفت نمی نمایند۔ اعیانِ دیگر مثلاً شجاع الملک و ولایتی بیگم بغیر حکم ایشاں دریں بلاد داخل نمی توانند شد و ازیں شہر تا کلکتہ عمل نصاریٰ ممتد است۔ آرے در چپ و راست مثل حیدرآباد، لکھنؤ و رامپور احکام خود جاری نہ کردہ اند، بسبب مصالحت و اطاعتِ مالکانِ آں۔

اس فتوے میں شاہ صاحب کے یہ الفاظ بڑے معنی خیز ہیں، "ہیچ مسلمان یا ذمی بغیر استئمان ایشاں دریں شہر و در نواح نمی تواند آمد۔" شاہ صاحب صرف مسلمانوں کے حق میں نہیں، ہندوؤں (ذمی) کے حق میں بھی آواز بلند کر رہے ہیں۔ ظالم بادشاہ کی مخالفت، چاہے وہ مسلمانوں پر ظلم کرے یا ہندوؤں پر، شاہ صاحب کا فرض تھا کیونکہ شاہ ولی اللہ رح نے نظامِ حکومت کے جو بنیادی اصول مقرر کیے تھے، ان میں ایک اصول یہ بھی تھا:[1]

"مذہب، نسل یا رنگ کے کسی تفاوت کے بغیر عام باشندگانِ ملک کے معاملات میں یکسانیت کے ساتھ عدل و انصاف، ان کے جان و مال کی حفاظت، ان کی عزت و ناموس کی حفاظت، حقِ ملکیت میں آزادی، حقوقِ شہریت میں یکسانیت، ہر باشندۂ ملک کا بنیادی حق ہے۔

فتویٰ جاری کرنے سے شاہ عبدالعزیزؒ کا مقصود دلی میں تخت نشین مسلمان بادشاہت کی

۱۔ علمائے ہند کا شاندار ماضی، ۲: ۱۱

حمایت نہیں تھا، جیسا کہ بعض مورخین نے لکھا ہے[15]، بلکہ ظالم کے خلاف آواز بلند کر اور قوم کو متحد کرنا تھا۔ ایک غیر ملکی طاقت کا ہندستان آکر اقتدار حاصل کرنا ان کے نزدیک ظلم کے مترادف تھا اور کفر سے بدتر۔ ایک بار انھوں نے فرمایا تھا[16]: "اسلام میں ظلم حد درجہ پھیل گیا ہے اور ملک کفر کے ساتھ تو قائم بھی رہ سکتا ہے، ظلم کے ساتھ نہیں۔" شاہ صاحب سکھوں، مرہٹوں اور جاٹوں کی حکومت تو گوارا کر سکتے تھے، کیونکہ یہ لوگ بہرحال ہندستانی تھے، مگر کسی غیر ملکی طاقت کا تسلط کسی حالت میں برداشت نہیں کر سکتے تھے، یہ ملک کے رہنے والوں کے بنیادی حقوق کی پامالی ہوتی۔

شاہ عبدالعزیزؒ پر تیسرا اعتراض یہ ہے کہ وہ قدیم طرزِ تعلیم کے شدید حامی تھے اور درسِ نظامیہ سے ہٹ کر کچھ اور پڑھانے کے قائل نہ تھے۔ پروفیسر مجیب لکھتے ہیں[17]:

> "نیا نظامِ تعلیم جس کے خلاف شاہ عبدالعزیزؒ نے پچاس برس سے کچھ اوپر پہلے فتویٰ جاری کیا تھا، اب قوی حریف بن کر پرانے نظام سے ٹکرا رہا تھا۔"

یہاں جس فتوے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے[18]، اس میں شاہ صاحب نے یہ نہیں کہا کہ انگریزی تعلیم بذاتِ خود بری چیز ہے، بلکہ زور اس بات پر ہے کہ انگریزوں سے راہ و رسم بڑھانے کی خاطر یا ان کے تحت ادنیٰ ملازمتوں کے حصول کی نیت سے انگریزی پڑھنا برا ہے۔ اگر مقاصد یہ نہ ہوں تو کوئی ہرج نہیں۔

بقول پروفیسر مجیب صاحب[19] "شاہ عبدالعزیز نہایت روشن خیال علماء میں سے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ ایسے روشن دماغ عالم تھے کہ نہ صرف انھوں نے دوسرے مذاہب مثلاً ہندو دھرم اور یہودیت سے متعلق کتابیں پڑھی تھیں، بلکہ اتنے علوم کا مطالعہ کیا تھا کہ آج بھی لوگ اسے جان کر انگشت بدنداں رہ جائیں۔ مولوی رحمان علی نے

---

۱۵ - مثلاً محمد مجیب، دی انڈین مسلمس (انگریزی)، ۳۹۱ (لندن، ۱۹۶۷ء)۔

۱۶ - ملفوظات: ۹۶

۱۷ - دی انڈین مسلمس: ۵۲۰

۱۸ - فتاویٰ عزیزی: ۱۹۵

۱۹ - دی انڈین مسلمس: ۳۹۸

ان سے متعلق جو یہ لکھا ہے کہ "بالجملہ وے جامع علوم بلکہ آیتے از آیاتِ الٰہی بود" تو کچھ مبالغہ نہیں کیا۔ شاہ عبدالعزیز خود فرماتے ہیں کہ جن علوم کا میں نے مطالعہ کیا اور جو مجھے یاد ہیں، ان کی تعداد ۱۵۰ ہے۔ اتنے روشن دماغ اور وسیع المطالعہ عالم سے یہ کس طرح توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ صرف درسی کتابیں ہی پڑھنے پڑھانے کا قائل ہوگا۔ اگر شاہ صاحب کے زمانے کے تعلیمی حالات کا جائزہ لیا جائے، تو معلوم ہوگا کہ علماء کا ایک بڑا طبقہ قرآن، حدیث، تفسیر اور فقہ کے علاوہ دوسرے علوم کی تدریس کے سخت خلاف تھا اور منطق، فلسفہ، ریاضی وغیرہ کو بنظرِ حقارت دیکھتا اور ان علوم کے مطالعہ کرنے والوں پر کبھی کبھی کفر کا فتویٰ بھی لگا دیتا تھا۔ شاہ عبدالعزیزؒ نے نہایت جرأت مندی سے ان علوم کو مدارس میں جگہ دی اور خود اپنے بہت سے شاگردوں کو ان سے آشنا کیا۔ مثلاً محمد اسماعیل شہیدؒ کو ریاضیات اور قانونِ مسعودی اچھی طرح پڑھایا۔ انگریزی پڑھنا تو علما کی نظر میں سراسر کفر تھا، لیکن یہ شاہ صاحب کی بااثر شخصیت ہی تھی کہ اس نے مسلمانوں کو انگریزی تعلیم حاصل کرنے پر آمادہ کیا۔

جب ایسٹ انڈیا کمپنی نے دلی میں کالج قائم کیا اور مسلمان اس کالج میں تعلیم پانے پر آمادہ نہ ہوئے تو شاہ صاحب نے ان کے شبہات کو رفع کر کے ان سے کہا کہ دلی کالج سے استفادہ کریں، یعنی شاہ صاحب علی گڑھ کالج کے قیام سے ۵۰ سال پہلے ہی انگریزی اسکولوں اور کالجوں میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دے چکے تھے۔[۲۲]

اور بقول پروفیسر خلیق احمد نظامی علی گڑھ تحریک کے روحِ رواں سر سید احمد خاں مرحوم سے متعلق یہ بات قابلِ لحاظ ہے کہ وہ مولانا مملوک العلی (ف: ۱۸۵۰ء) کے شاگرد تھے جو شاہ عبدالعزیز کے شاگرد مولانا رشید الدین خان کے شاگرد تھے۔[۲۳]

۲۰۔ تذکرہ علمائے ہند، ۱۲۲ (لکھنؤ: ۱۹۱۴) ۲۱۔ ملفوظات، ۹۱

۲۲۔ عبدالمجید سالک، مسلم ثقافت ہندوستان میں، ۶۲۴؛ نیز رودِ کوثر، ۳۹۴

۲۱۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، ۳: ۴۳۱ (لائڈن: ۱۹۶۷ء)

منثورِ سخن دریں سال منظوم شد و جواہرِ معنی کہ در گنجینۂ ضمیر مخفی بود بسلکِ انتظام در آمد"

اس سے پتہ چلتا ہے کہ ظفر خاں ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء میں پیدا ہوا ہوگا۔ پھر بھو پیدا ہوا، لیکن آزاد بلگرامی اس کے باپ کے متعلق لکھتا ہے:

"خواجہ در عہدِ اکبر شاہ داروغہ ہند شد و بوزارت شاہزادہ و دیوان دکن اختصاص یافت"

شاہزادہ دانیال ۱۰۰۹ھ/۱۶۰۰ء میں اس عہدے پر مامور ہوا تھا اور میں اس کا انتقال ہوگیا۔ اس لیے اغلب ہے کہ ظفر خاں ہندستان میں شہر میں پیدا ہوا، یہ معلوم نہ ہو سکا۔ بعض تذکرہ نویسوں نے اس کو تربتی یا ہے[۵] ایسا لگتا ہے کہ یہ نسبت اس کے باپ کی وجہ سے لکھی گئی ہے؛ تاریخ ہو ملتی ہیں۔

ظفر خاں احسن کی ابتدائی تعلیم و تربیت کے لیے کافی معلومات دستیاب نہیں ہ دیوان کے مقدمہ سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے حکیم رکن الدین طالب آ گیلانی کے سامنے زانوے ادب تہ کیا تھا۔ اس کے علاوہ اپنے خالو میرز سے خوشخطی کی مشق کی۔ فنِ شاعری میں اس نے صائب تبریزی کی شاگردی اخ مؤلف بزم تیموریہ لکھتا ہے کہ ظفر خاں میرزا صائب کے مدح لکھنے اور صا احسن کی شاگردی پر افتخار کرتے تھے۔ لیکن ظفر خاں نے شاعری کو اپنا ہمہ وقتی بنایا۔ اس نے اپنی تمام زندگی سیاست میں گذار دی۔ کابل میں جب اس صوبہ دار کی حیثیت سے تقرر ہوا، تو ظفر خاں نے اپنے باپ کی نیابت کی۔ کے لیے باپ کی جگہ کشمیر میں صوبہ دار کی حیثیت سے مقرر کیا گیا۔ باپ کے انتق بعد اسی جگہ مستقل صوبہ دار ہوگیا۔ وہ انتظامِ حکومت میں بہت قابل تھا۔ اس کا شمار اپنے دور کے ان چار افسروں میں ہوتا تھا جن میں سے ہر ایک اپنے

---

۵ مثلاً مرآۃ الخیال ص ۸۹ میں اسے سبزواری کہا گیا ہے۔

زیادہ لائق اور مشہور ہوا۔

"یکے جہانگیر قلی خاں پسر خان اعظم، دوم سعد اللہ خان پسر سعید خان چغتائی، سوم ظفر خان پسرِ زین خان و چہارم ظفر خان احسن پسر خواجہ ابوالحسن خان ترتیبی ہے"[1]

ظفر خان کو بھی اس پر ناز تھا، کہتا ہے:

بروزگار کسے کامران چوں احسن نیست
مدام کامِ دلِ خود ز جام و شیشہ گرفت

ظفر خان احسن اپنے والد کی طرح دبلا پتلا اور پست قد تھا۔ اس کے قد کے بارے میں مشہور ہے کہ ایک بار مجلس میں ملا حفظی موجود تھے، انہوں نے کہا:[2]

"ظفر خان برائے این کوتاہ قد است کہ تخم زدہ بے آبے است و گفت کہ ابوالحسن در تمام روز یک بار آب می خورد۔"

وہ بہت محنتی، صابر اور صاحبِ ہمت تھا۔ کبھی مصائب اور پریشانیوں سے ناامید نہیں ہوتا تھا۔ خود اس پر فخر کرتا ہے:

باہمہ محنت دلِ من آشنائے نالہ نیست
ہیچ کس احسن ندارد صبرِ ایوب مرا

ظفر خان احسن کا سب سے بڑا وصف اس کی سخاوت تھی۔ نواب علی ابراہیم اس کی سخاوت کے بارے میں لکھتے ہیں:[3]

"از امرائے عالیقدرِ ہندوستان بعد عبدالرحیم خانخانان در کرم گستری و قدر شناسیِ اربابِ کمال نظیرِ او نخاستہ و بسیارے از ہنرمندان بشنیدنِ آوازۂ جودش از ایران روے توجہ بہندوستان گذاشتہ اند۔"

محمد علی ہاشمی نے ظفر خان احسن سے متعلق ایک عجیب حکایت لکھی ہے۔ کہتے ہیں[4] کہ

---

[1] مآثر الامرا، ۲: ۷۶۲
[2] مآثر الامرا، ۲: ۷۶۲
[3] صحفِ ابراہیم (قلمی)، ورق ۶۲
[4] مخزن الغرائب (قلمی) ورق ۴۷

ایک مرتبہ ظفر خاں احسن کشمیر میں ایک شاعر سے ملنے گیا۔ اس نے دیکھا کہ شاعر سو ٹھوکر مار کر اسے اٹھایا اور کہا کہ فلاں غنیم کو میں نے مار ڈالا ہے۔ شاعر نے کہا کہ غنیم جوانمردوں کا کام ہے، لیکن لات مارنا گدھوں کا کام ہے۔ خدا معلوم اس واقعہ میں کتنی صداقت ہے۔ لیکن ظفر خاں کے سے خوددار شاعر دوست اور ادب پرور امیر سے امید نہیں کی جا سکتی کہ وہ کسی کو ٹھوکر مارے۔

ظفر خاں جوانی میں بہت عیش پرست اور احکامِ شریعت سے بالکل بے تعلق تھا۔ ۱۰ دوشنبہ کی شب ۲۴ جمادی الاول ۶۳۔۱۰ھ کو حضور اکرم صلعم کو خواب میں دیکھا اور آ سامنے اپنے تمام گناہوں سے توبہ کی۔ ایک قطعہ میں اسی واقعے کو نظم کیا ہے:

ظفر خاں خواب دید از بخت بیدار — کہ بر دستِ رسول آورد انابت
برائے خواب خود تاریخ می جست — خرد گفت "آنگہے بودہ بخوابت"

اس سے تاریخ برآمد نہیں ہوتی، البتہ اگر "آن" کے عدد شمار نہ کیے جائیں تو تاریخ نکل آتی۔ اس واقعے کے بعد اس دور کے علما اور مشائخ نے ظفر خان کے کہنے پر ایک کتاب بنا "احسن الدعوات" مرتب کی جو احادیث اور آیاتِ قرآنی پر مشتمل ہے۔ اس کے ساتھ ظفر خاں نے مطالعے کی آسانی کے لیے توضیح اور تشریح بھی کر دی ہے۔

احسن کے کلام میں زندگی کے دونوں رُخ ملتے ہیں؛ وہ اخلاق کی بلندی اور عملی معاشرت کی ترجمانی بھی کرتا ہے اور دنیا سے لذت اندوز ہونے میں بھی اسے باک نہیں۔ اس نے اپنے کلام میں اپنے معاشرے کی طرف جا بجا اشارے کیے ہیں۔

مآثر الامرا میں ہے[۵] کہ اگرچہ اس کا باپ خواجہ ابوالحسن سُنّی تھا لیکن ظفر خان تشیع میں سخت متعصب تھا۔ وہ اس فرقے کا سرگرم رکن تھا اور اسے آلِ رسول سے خاص عقیدت تھی؛ چنانچہ خود لکھتا ہے:

بکسے نیست اعتقادِ مرا
اعتقادم بآلِ یاسین است

---

۵ مآثر الامرا، ۲: ۷۶۰

روزِ محشر اولادِ نبی کو اپنا شفیع کہتا ہے اور اپنے گناہوں کی اس طرح عذر خواہی کرتا ہے :

روزِ محشر از گنہ احسن ندارم ہیچ بیم
مہر اولادِ نبی را عذر خواہ آوردہ ام

امام علی الرضا شاہ خراسان سے اسے خاص ارادت تھی :

خاک در تاج فریدوں میکنم چوں از شرف
خاکروبِ درگہِ شاہ خراساں می شوم

ظفر خاں احسن بڑا خوددار اور مستقل الرائے شخص تھا۔ اسے اپنی خودداری بہت عزیز تھی ؛ اسی وجہ سے اس نے دوسرے شعرا کی طرح شاعری کو اپنا شغل نہیں بنایا، نہ کسی کی جھوٹی مدح کی۔ مثنوی "میخانۂ راز" میں اس نے زاہدوں کو ان کی ریاکاری اور فریبِ نفس پر لعنت ملامت کی ہے۔ حضور اکرم صلعم، حضرت علی اور دوسرے اماموں کی مدح کی ہے۔ اس کے صرف چند شعر شاہجہاں کی مدح میں ملتے ہیں۔ شاہجہاں کی مدح کرتے ہوئے کہتا ہے :

پادشاہا ! من بدرگاہت پناہ آوردہ ام — مہر اولادِ نبی را عذر خواہ آوردہ ام
من نمی دانم چہ خواہم گفت روزِ بازخواست — نامۂ اعمال از عصیاں سیاہ آوردہ ام
آنچہ میخواہی تو در محشر، تہی دستم ازاں — حاصلِ عمرِ گرامی اشک و آہ آوردہ ام
تا نباشم پیشِ لطفت از تہی دستی خجل — دادہ نقدِ زندگی جنسِ گناہ آوردہ ام

ظفر خان نے اپنے کشمیر کے طویل قیام کے دوران میں مشاعروں کے ذریعے سے یہاں شعر و شاعری کو بہت رواج دیا۔ یہ مشاعرے دربار دہلی میں منعقد ہوا ہی کرتے تھے۔ احسن انہیں اپنے ساتھ کشمیر لے گیا اور پھر اس کے بعد امرا اور دوسرے حکمرانوں نے اس سنت کو کشمیر میں قائم رکھا۔[۵] احسن کی ادبی مجلسوں کے بعض قصے مشہور ہیں۔ ایک روز میرزا طالب کلیم اور میرزا صائب شعر پڑھ رہے تھے۔ ظفر خان نے مضمون و موضوع دے کر موزوں کرنے کی فرمائش کی۔ پہلے کلیم نے کہا :

---

۵ مقدمۂ دیوان محسن فانی : ۲

زخم دنداں خوبتر کرد آں لبِ پُرخندہ را
قیمت آرے بیش می باشد عقیقِ کندہ را

اہلِ مجلس نے بہت تحسین اور تعریف کی۔ اس پر میرزا صائب نے کہا:

باشد بلبش نشانِ دنداں
نقشے کہ بمدّعا نشیند

اہلِ مجلس نے اس کی بھی بہت تعریف کی۔ کلیم کو اس پر بہت غصہ آگیا۔ اس نے البدیہہ کہا:

پیش این جوہر یانے کہ دریں بازارند
قیمتِ رشتہ فزونتر بود از گوہرِ ما

جواب میں صائب نے کہا:

تیرہ روزے ہیں کہ می خواہد کلیمِ بے زباں
پیشِ شمعِ طور اظہارِ زباندانی کند

اس پر دونوں آپس میں لڑنے مرنے کے لیے آمادہ ہو گئے۔ ظفر خان نے بیچ بچاؤ کر صلح کرائی اور کہا کہ عرصۂ اشعار ہے، نہ کہ میدانِ کارزار۔[1]

صائب کے بارے میں ایک اور قصہ بھی مشہور ہے۔ ایک مرتبہ ایک لڑکا اس کی اد مجلس میں آگیا۔ اس وقت صائب اپنے شعر سُنا رہا تھا۔ اہلِ مجلس داد دے رہے تھے اسی اثنا میں کہیں اس لڑکے نے کہہ دیا کہ قدما نے جو اشعار کہے ہیں، آج کل کے شعرا انہیں مضامین کا لفظوں میں رد و بدل کر کے اعادہ کر دیتے ہیں۔ صائب اس پر ہنسا اور یہ شعر کہا:

اہلِ دانش جملہ مضمونہائے رنگیں بستہ اند
ہست مضموں بستہ بندِ نقابِ شما

ظفر خان اس حاضر جوابی سے خوش ہوا اور صائب کو انعام دیا۔[2]

[1] تذکرۂ حسینی: ۱۹۰-۱۹۱ [2] تذکرہ مرآۃ الخیال: ۸۹

ظفر خان احسن نہ صرف غزل سرا تھا، بلکہ اس نے تین مثنویاں بھی کہی ہیں۔ اس کی غزلیات بالعموم عرفانی اور عاشقانہ مضامین سے پُر ہیں۔ اور بہت سے اشعار تاریخی اہمیت کے حامل ہیں۔ وہ اپنے معاصر شعرا کا نام بہت احترام سے لیتا ہے۔ اس کے دیوان میں ۳۸۳ غزلیات ہیں، جن میں ۲۰۲۱ شعر ہیں۔

ظفر خان نے تین مثنویاں "جلوۂ ناز، میخانۂ راز اور ہفت منزل" بھی کہی ہیں۔ ان میں اس نے اپنے معاصرین کی پیروی کی ہے۔ مثنویات سے اس کے عمدہ ذوق کا پتہ چلتا ہے، اور معلوم ہوتا ہے کہ اسے کشمیر کے لوگوں سے کتنا عشق تھا۔ اس کے علاوہ ان میں لاہور اور پنجاب کی بھی تعریف کی ہے۔

جلوۂ ناز: اس مثنوی میں تقریباً ۶۵۰ شعر ہیں۔ اس کا مطلع آغاز ہے:

بنامِ آنکہ گل ہم بلبلِ اوست
بہ بستان لالہ ہم خوش از دلِ اوست

خداوند کریم کی حمد اور سرورِ انبیاء محمد مصطفیٰ صلعم کی نعت کے بعد معراج کا بیان کرتا ہے پھر جناب مصطفوی اور امیر المومنین علی ابن ابی طالب اور ان کی اولاد اطہار کی منزلت اور قدر کا ذکر کرتا ہے۔ اس کے بعد خاقانِ عصر شاہجہاں کی مدح ہے۔ وجہ تصنیف کے بیان کے بعد کہتا ہے:

نمودم جمع احسن گوہرے چند — فلک گفتم، درخشاں اخترے چند
ازان نامش نہادم جلوۂ ناز — کہ کردہ دفترِ حسنِ شباں باز

اس مثنوی کی تاریخ تصنیف معلوم نہیں لیکن بعض اشعار سے خیال ہوتا ہے کہ غالباً ایام جوانی کا کلام ہے۔ مثلاً کہتا ہے:

سخن را در جوانی کن جہانگیر — کہ در پیری طبیعت می شود پیر
بیا ساقی کہ ایامِ جوانیست — جوانی فصلِ عیش و کامرانیست

اس مثنوی میں احسن نے جا بجا ہندوستانی پھلوں پھولوں وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

امرت پھل :	زشادابیِ امرت پل چگویم	کہ شیریں شاخ و صفش گ
آم :	بانبہ ہیچ میوہ نیست ہم سنگ	کہ بویش میرود فرسنگ
انناس :	انناس است نقلِ مے پرستاں	زبوے او معطر بزم
بیل، جوہی، جاہی :	زجوشِ بیل و از جوہی و جاہی	نگہ راے شود کشتی
کیوڑہ :	زگلہا کیوڑہ گردید ممتاز	درو پیچیدہ بو چوں نغمہ
فالسہ، بیر، جامن :	بود از پالسہ و زبیر و جامن	بگلشن باغباں را چشم
پان :	زپاں زینت بود حسنِ بتاں را	چہ گویم بیش ازین تعریف
شفتالو :	گرفتارم بشفتالو گرفتار	کہ پادم می دہد از بوسہ
کتارہ :	بسازد کارِ عاشق از نظارہ	بود ہر موے مژگانش
کچنار :	شگفتہ آنچناں گلہاے کچنار	کہ گوئی آتش افتادہ بگا
کمرخ :	زکمرک بزمِ مستاں گشت روشن	زشمعِ او گلستاں گشت رو
کیلا :	زکیلہ چوں بتقریبے سر دوم	بود بر روح افسونے درو
ناشپاتی :	یکے از میوہایش ناشپاتیست	کہ رنگِ او زشیرینی نباتیست

میخانۂ راز : اس مثنوی کے پہلے منثور مقدمہ ہے۔ آغاز میں حمد و مناجات ہے۔ اسی میں زاہدوں کی ریاکاری اور فریب کا بیان ہے۔ اس کے بعد مے و مے کے ساتھ ساقی کی دلربائی کا ذکر کیا ہے۔ آخر میں کشمیر کی تعریف ہے، اس میں یہاں کی شدید سردی کا حال خاص طور پر لکھا ہے۔ یہ مثنوی جلوۂ ناز کے ہمپایہ ہے؛ جلوۂ ناز میں البتہ ہندی الفاظ کا استعمال زیادہ ہے، جب کہ یہ ان سے خالی ہے۔

ہفت منزل : اس مثنوی کو نظم کرنے کی وجہ ظفر خاں نے خود مقدمہ میں یہ بتائی ہے کہ جب شاہجہاں کشمیر میں مقیم تھا اور وہاں کی صحت بخش اور خوشگوار آب و ہوا سے مستفید ہو رہا تھا، اس نے شعراے فرمائش کی کہ اس خطے کے وصف میں شعر کہیں۔ اس پر ظفر خاں نے یہ مثنوی کہی۔ اس میں تقریباً ۷۰۰ شعر مناطقِ کشمیر اور یہاں کے گل و گلزار، کوہ و دمن اور رود و زعفران زار کے وصف میں ہیں۔

مرقع ظفر خان احسن: ظفر خان احسن کو اپنے معاصر شعرا سے بڑا لگاؤ تھا۔ [1] نہ صرف ان کی ہمت افزائی کی بلکہ ان کا کلام خود انہی کے ہاتھ سے لکھوا کر ایک مجموعہ تیار کر دیا، جس میں شعرا کی تصویریں بھی شامل تھیں۔ سرخوش نے اس مرقع کا ذکر کیا ہے [2]:

"تذکرۂ اشعارِ شعرائے کابل کہ با وے ربط و آشنائے داشتند، مثل صائب و کلیم و سلیم و قدسی و سالک یزدی و قزوینی و دانش، میر صیدی وغیرہم کہ دران زمان کوسِ سخنوری می نواختند، انتخابِ ہر کدام بخطِ او نویسانیدہ بر پشتِ ہر ورق صورتِ آن معنی سنج نیز ثبت کردہ بود۔ یک ورق کہ بر شبیہِ کلیم بودہ، فقیر دیدہ و صورتش را زیارت کردہ ام۔"

سرخوش کے علاوہ بندرابن داس خوشگو [3] نے بھی اسے مجموعہ ہی کہا ہے، لیکن مولانا صباح الدین عبدالرحمن [4] اور نواب علی بن ابراہیم [5] اسے مجموعہ کی بجائے بیاض کہتے ہیں، مگر ڈاکٹر سید علی رضا نقوی نے سرخوش اور خوشگو کے قول کو رد کرتے ہوئے اس انتخاب کا نام مرقع رکھا ہے۔ لکھتے ہیں [6]:

"مرقع کتابیست البوم مانند کہ در آن اشعار و تصاویرِ شعرا و آیاتِ قرآن و پارہ ہائے نثر بہ خطِ خوب نوشتہ باشند و گاہے مرقع را با اشعار یا پارہ ہائے نثر بخطِ گویندگان و نویسندگانِ آن ترتیب دادہ عکس آنہا را نیز دراں می گذارند۔ . . . . . مرقعے کہ ظفر خان تربتی متخلص بہ احسن در زمانِ نظامتِ کابل ترتیب دادہ بود و سرخوش آں را اشتباہاً تذکرہ نوشتہ است۔"

افسوس کہ اب اس مرقع کا کسی کتابخانے میں سراغ نہیں ملتا۔ بقول مولانا شبلی [7] اگر یہ مرقع آج ہاتھ لگ جائے تو اس کی قیمت لاکھ روپے سے بھی زیادہ ہوگی۔ شبلی کے زمانے میں

---

[1] کلمات الشعراء، ۴
[2] سفینۂ خوشگو
[3] بزمِ تیموریہ
[4] صحفِ ابراہیم (قلمی)، ۶۶
[5] تذکرۂ نوائی، ہندی و کشتاز، ۳۰
[6] فہرست کتابخانہ [illegible]

لاکھ روپیہ بڑی گرانقدر رقم ہے، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ ایسا مجموعہ لاکھوں میں ہے۔

احسن الحکایات: ظفر خان احسن نے اپنے معاصرین میں سے بعض کو فرمایش کی تھی کہ وہ کتابیں تصنیف کریں۔ چنانچہ محمد رضا نے اس کی تعمیل میں 'احسن الحکایات' لکھی۔ اس کتاب کا ذکر صرف فہرست بانکی پور[1] اور کشمیر[2] کے علاوہ کہیں اور نہیں ملتا۔ بانکی پور کے نسخے سے متعلق مؤلف فہرست لکھتا ہے کہ مقدمۂ کتاب سے ایسا لگتا ہے کہ مولف اپنا نام لکھنا نہیں چاہتا۔ وہ ظفر خان کے درباریوں میں سے تھا۔ جب ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۲ء میں ظفر خان کشمیر کا صوبہ دار مقرر ہوا، تو وہاں اس کی محافظ محمد رضا سے ملاقات ہوئی، جس کی عمر اس وقت نوے سال کی تھی۔ اس شخص نے پچاس سال کی عمر میں ہندستان کے مختلف مقامات کی سیر کی تھی اور اخیر میں کشمیر میں مستقل سکونت اختیار کرلی تھی۔ وہ کبھی کبھی احسن کے پاس جاتا اور اسے مختلف داستانیں سناتا جو سچے واقعات پر مبنی تھیں۔ ظفر خان نے اسے ان داستانوں کو ایک کتاب میں جمع کرنے کا حکم دیا۔ محمد رضا نے حکم کی تعمیل میں یہ کتاب مرتب کی اور اسے احسن ہی کے نام سے موسوم کیا۔ یہ کتاب ماہ ذیحجہ ۱۲۵۹ھ میں نستعلیق خط میں لکھی گئی تھی۔

احسن الدعوات: اسی سلسلے کی دوسری کتاب جس کا گذشتہ سطور میں ذکر بھی ہو چکا ہے، 'احسن الدعوات' ہے۔ اس کے لکھے جانے کی وجہ بیان کی جا چکی ہے۔ اس کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کو مختلف دانشوروں نے ترتیب دیا تھا۔ اس میں ائمۂ اطہار کے حالات ہیں اور مزید استفادے کے لیے فارسی توضیحات شامل کر دی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبوی اور مذہبی داستانیں بھی درج ہیں۔

ظفر خان کی تاریخ وفات سے متعلق اختلاف ہے۔ بیشتر تذکرہ نویسوں نے اس کی وفات ۱۰۷۳ھ کی لکھی ہے۔ لیکن ایتہ نے سراج سے نقل کیا ہے کہ ظفر خان نے اپنے بیٹے کے بعد ۱۰۸۱ھ میں وفات پائی۔ چونکہ ظفر خان کا ذکر صرف ۱۰۶۷ھ تک ملتا ہے، اس لیے ۱۰۷۳ھ زیادہ

---

[1] فہرست کتابخانہ بانکی پور، ۱۸۱ [2] کشمیر، ۲۷۱

قرینِ قیاس ہے۔ ظفرخان کی آخری آرامگاہ مغلپورہ لاہور کے ایک مقبرے میں ہے جو اس کی والدہ نے اپنے شوہر کے لیے بنوایا تھا۔ جب ظفرخاں کا انتقال ہوا تو اسے بھی وہیں دفن کر دیا گیا۔[۵]

کتابیات

۱ تذکرۃ الشعرا : دولت شاہ سمرقندی (بمبئی، ۱۲۷۱ھ)

۲ تذکرۃ الشعرا : مولانا عبدالغنی (علی گڑھ، ۱۹۱۶ء)

۳ تذکرہ حسینی : میر حسین دوست سنبھلی (کانپور، ۱۲۹۲ھ)

۴ تذکرہ نویسی در ہند و پاکستان : ڈاکٹر سید علی رضا نقوی (تہران، ۱۳۴۳ش)

۵ تذکرہ سفینۂ خوشگو : بندرابن داس خوشگو (پٹنہ، ۱۹۵۹ء)

۶ تذکرہ صحفِ ابراہیم : نواب علی بن ابراہیم (نسخۂ عکسی کتابخانہ مرکزی دانشگاہ تہران)

۷ مراۃ الخیال : شیر علی خان لودی (بمبئی ۱۳۲۳ھ)

۸ پارسی سرایانِ کشمیر : ڈاکٹر گردھاری لال ٹیکو (تہران، ۱۳۴۲ش)

۹ مآثر الامرا : نواب صمصام الدولہ شاہنواز خان (کلکتہ، ۱۸۸۸ء ببعد)

۱۰ کلیاتِ احسن : نسخۂ خطی خدابخش لائبریری، بانکی پور پٹنہ

۱۱ بزم تیموریہ : سید صباح الدین عبدالرحمٰن (اعظم گڑھ)

۱۲ شعر العجم : مولانا شبلی نعمانی (اعظم گڑھ ۱۹۵۶ء)

۱۳ احسن الدعوات : نسخۂ خطی در کتابخانہ مجلس تہران

۱۴ مآثر الکرام : غلام علی آزاد بلگرامی (لاہور، ۱۹۱۳ء)

---

۵ ماہِ نو (کراچی) اکتوبر ۱۹۶۴ء، ۱۳۳

۱۵ مخزن الغرائب : احمد علی خان ہاشمی (نسخۂ خطی، کتابخانۂ دانشگاہ تہران)

۱۶ مجلہ ماہِ نو : اردو ماہنامہ (کراچی، اکتوبر ۱۹۶۴ء)

۱۷ کشمیر : جی۔ ایم۔ صوفی (کراچی)

بحث و نظر

رضا کون تھا؟

اکبر علی ترمذی

تحریر کے گذشتہ شمارہ (۷، ۳، ۴/ ۱۹۶۷ء) میں جناب ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی کا ایک مقالہ "دیوان رضا۔ تعارف" کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ اس میں انھوں نے مختلف تذکروں کی مدد سے رضا تخلص کے ۲۱ فارسی شاعروں کی طویل فہرست پیش کی ہے جو مختلف مقامات اور ادوار میں گذرے ہیں، لیکن انھوں نے ان میں سے کسی ایک کو بھی وہ رضا شناخت نہیں کیا، جس کے دیوان پر انھوں نے یہ مقالہ رقم کیا ہے۔ اس طرح بیرونی شواہد سے مایوس ہو کر انھوں نے اندرونی شواہد کے پیش نظر رضا کے وطن کے بارے میں مندرجہ ذیل نتائج اخذ کیے ہیں، (۱) دیوان کا مصنف شاہجہانی عہد میں ہندستان میں موجود تھا (ص ۳۶۱)، (۲) شاعر پہلے آگرے میں تھا، مگر وہاں سے مایوس ہو کر اسے گجرات جانا پڑا۔ (۳۶۲)، (۳) آہستہ آہستہ اسے گجرات سے دلچسپی پیدا ہو گئی اور وہ اسے اپنا وطن کہنے لگا۔ (ص ۳۶۲)، (۴) رفتہ رفتہ اس پر تصوف کا رنگ غالب آگیا اور وہ گجرات کے مشہور صوفی شاہ عالم کا مرید ہو گیا۔ (ص ۳۶۲)

عابدی صاحب لکھتے ہیں کہ سید محمد مخاطب بشاہ عالم ۲۹ ذی قعدہ ۸۱۷ھ/ ۱۴۱۵ء کو پیدا ہوئے اور ۲۰ جمادی الثانی ۸۸۰ھ/ ۱۴۷۵ء کو ان کا انتقال ہوا (ص ۳۶۲) اور دیوان رضا کا یہ مصنف ان کے قول کے مطابق شاہجہان کے عہد میں موجود تھا۔ (ص ۳۶۱) شاہجہان کے عہد اور حضرت شاہ عالم کے زمانے میں تقریباً دو سو سال کا بُعد ہے۔ عقل یہ بات تسلیم کرنے سے عاجز

ہے کہ عہدِ شاہجہانی کے ایک شاعر نے دوصدی قبل کے ایک صوفی بزرگ کے ہاتھ پر بیعت کی ہو۔

دراصل رضا کا نام سید جلال الدین مقصود عالم تھا، اور وہ گجرات کے مشہور بخاری خانوادے سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کا سلسلۂ نسب چھ پشتوں کے بعد سید سراج الدین محمد شاہ عالم بخاری تک پہنچتا ہے جو سید برہان الدین عبداللہ قطب عالم کے بیٹے تھے۔ قطب عالم سید جلال مخدوم جہانیان جہانگشت کے پوتے تھے۔ وہ ۸۰۲ھ/ ۱۳۹۹ء میں اُچہ سے گجرات تشریف لائے، اور احمد آباد کے قریب بٹوہ نامی گاؤں میں پیوندِ خاک ہوئے۔ قطب عالم کے بیٹے شاہ عالم کی خانقاہ احمد آباد کی ایک بستی رسول آباد میں تھی، جہاں آج ان کا مزار مرجعِ خاص و عام ہے۔[1]

سید جلال مقصود عالم رضا کے والد کا نام سید محمد مقبول عالم تھا، اور وہ جلالی تخلص کرتے تھے۔ رضا کی طرح وہ بھی صاحبِ دیوان تھے۔ ان کی تصانیف میں لطائفِ شاہجہانی، جمعات شاہیہ، احصار الاسماء، جامع المثنی، اذکار الاطہار وغیرہ قابلِ ذکر ہیں، لیکن سید محمد جلالی کا سب سے اہم کارنامہ ان کا قرآن کا فارسی ترجمہ ہے، جو انھوں نے جہانگیر کے ایما پر کیا تھا۔[2]

جلالی کے سب سے بڑے صاحبزادے سید جلال مقصود عالم رضا تخلص، ۱۵۹۵ء میں احمد آباد میں پیدا ہوئے اور ۳۵ سال کی عمر میں اپنے والد کی اجازت سے شاہجہان کے جشنِ تخت نشینی میں شرکت کے لیے آگرے تشریف لے گئے۔ بادشاہ نے خلعت و فیل تین ہزار روپیہ نقد عنایت کیا۔[3] اس کے بعد وہ کئی مرتبہ دربار میں طلب کیے گئے، اور ہر بار انعام و اعزاز سے مشرف ہوتے، یہاں تک کہ ۱۶۴۲ء میں شاہجہان نے انھیں صدارتِ عظمیٰ کا عہدہ قبول کرنے پر مجبور کیا۔ اور چہار ہزاری ذات اور ہفت صد سوار کا منصب دیا۔[4] پھر ۱۶۴۵ء میں ترقی دے کر شش ہزاری ذات اور یک ہزاری سوار

---

(۱) خاتمۂ مرآۃ احمدی (از علی محمد خان): ۲۶-۲۱۴۲۶-۳۴۴ (کلکتہ، ۱۹۳۰ء)

(۲) جلالی احمد آبادی کے عنوان سے راقم الحروف نے ایک سلسلۂ مضامین لکھا تھا جو نوائے ادب (بمبئی) میں شائع ہوا تھا۔ ملاحظہ ہو: نوائے ادب۔ جنوری، ۱۹۵۱ء، اپریل، ۱۹۵۱ء، جولائی، ۱۹۵۴ء، اکتوبر ۱۹۵۴ء۔

(۳) بادشاہ نامہ از عبدالحمید لاہوری، ۱: ۲۲۸ (کلکتہ)

(۴) مآثر الامرا از شاہ نواز خاں، ۳: ۹۴۴ (کلکتہ)

کے عالی منصب پر فائز کیا[5] چند دنوں کے بعد ان کے منصب میں پانسو سواروں کا اور اضافہ ہوا۔ اس کے دو سال بعد یعنی ۱۶۴۷ء میں انھوں نے لاہور میں وفات پائی۔ نعش گجرات بھیجی گئی اور رسول آباد میں اپنے بزرگوں کے پاس گنبدِ ثانی میں دفن ہوئے۔[6]

سطورِ بالا سے ظاہر ہے کہ رضا عہدِ شاہجہانی کے مشہور صدر الصدور سید جلال بخاری کا تخلص تھا۔ اور وہ گجراتی تھے۔ رضا کی طرح ان کے بیٹے سید جعفر بدر عالم بھی صاحبِ دیوان تھے اور صفا تخلص کرتے تھے۔ رضا اور صفا کے مفصل حالات اور ان کی شاعری سے متعلق بحث میں اپنی انگریزی کتاب "گجرات کے فارسی شعراء" میں کرونگا، جو زیرِ ترتیب ہے۔

۵۔ بادشاہ نامہ ۱: ۴۷۹۔

۶۔ مآثر الامرا ۳: ۴۵۷؛ خاتمہ مرآۃ احمدی: ۴۳۔

مطبوعاتِ علمی مجلس

گلشنِ ہند

از سید حیدر بخش حیدری
مرتبہ ڈاکٹر مختار الدین احمد

لندن اور آکسفرڈ کے خطی نسخوں پر مبنی متن اور مبسوط حواشی۔

مجلد : ۵ روپے

کلیاتِ میر (حصہ اول)

مرتبہ ظلِ عباس عباسی

میر کے زندگی کے ۱۸۱۱ء کے نسخہ پر مبنی متن،
چھ دیوانوں کی غزلیات کے علاوہ شروع میں چار نثری مضامین از رشید احمد صدیقی، قاضی عبدالودود، آلِ احمد سرور، فراق گورکھپوری۔

۸۴۰ صفحات، غیر مجلد : ۲۰ روپے ؛ مجلد : ۲۵ روپے

کلیاتِ مصحفی (۲)

مرتبہ نثار احمد فاروقی
پیش لفظ : مالک رام

یہ مصحفی کا دوسرا دیوان ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہوا ہے۔

۲۵۶ صفحات۔ غیر مجلد : ۶ روپے ؛ مجلد : ۷۵/ ۶ روپے

علمی مجلس مصحفی کا تمام کلامِ نظم و نثر — اردو، فارسی — بارہ جلدوں میں شائع کرنے والی ہے

مالک رام

وفیات

حافظ علی بہادر خان

ان کا خاندان مراد آباد کا رہنے والا تھا۔ یہ ۱۸۹۶ء میں پیدا ہوئے۔ والد کا ان کی بہت کم عمری میں انتقال ہو گیا، جب کہ ہنوز ان کی تعلیم شروع بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس کے بعد ان کی والدہ نے یہ بار بڑی مردانگی سے اٹھایا اور انھیں اعلیٰ تعلیم دلائی۔ ان کا تعلیمی دور بہت کامیاب رہا۔ دسویں درجے میں صوبے بھر کے اولین دس طلبہ میں تھے؛ وظیفہ حاصل کیا۔ اس کے بعد علی گڈھ پہنچے؛ ہمارے صدر جمہوریہ ڈاکٹر ذاکر حسین بالقابہ ان کے معاصر تھے۔ یہاں سے ۱۹۱۸ء میں بی ایس سی کی امتیازی سند لی۔ ایم ایس سی میں تعلیم پا رہے تھے کہ ملک میں قومی تحریک اور عدم تعاون کے ہنگامے میں کالج کو خیرباد کہہ دیا، اور کانگریس اور خلافت کے سرگرم رکن بن گئے۔

اب انھوں نے صحافت کی طرف رخ کیا۔ تاج، جبلپور اور مدینہ، بجنور اور نصرت، بمبئی کی ادارت سے وابستہ رہے؛ اور اس میں اتنی کامیابی حاصل کی کہ مرکزی جمعیت خلافت کے اخبار خلافت، بمبئی کی ادارت ان کے سپرد کر دی گئی؛ اس عہدے پر چار برس تک کام کیا۔ اس کے بعد انھوں نے اپنا ہفتہ وار اتحاد اور خواتین کے لیے معین نسواں جاری کیے۔ اسی کے ساتھ روزنامہ ہلال جاری کیا، جو آج تک زندہ ہے۔ اسی دوران میں قید و بند کی ابتلا سے بھی دوچار ہونا پڑا۔

وسیع معلومات کے مالک تھے اور متعدد زبانیں جانتے تھے۔ قلم میں زور تھا؛ اس لیے ان کی

تحریر سے وثوق اور وقار کا اظہار ہوتا تھا۔ صحافتی سرگرمیوں کے علاوہ بعض کتابیں بھی ان سے یادگار ہیں مثلاً محمود غزنوی، حکومتِ الٰہیہ، پردہ اور اسلام، ترکی زبان وغیرہ بعض انگریزی کتابیں اور مختصر رسالے بھی شائع ہوئے؛ انگریزی میں بعض پرچے بھی چلائے۔ وفات سے پہلے اردو ہفتہ وار دورِ جدید کے ایڈیٹر تھے۔

حرکتِ قلب کے بند ہو جانے سے ۵/۶ نومبر ۱۹۶۷ء کی درمیانی شب میں انتقال کیا اگلے دن جنازہ اٹھا اور جسدِ خاکی فیروز شاہ کوٹلہ کے قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔

صولت ٹونکی

محمود الحسن نام تھا، لیکن چونکہ قوم کے عرب تھے، اس لیے عام طور پر محمود الحسن عرب کے نام سے پکارے جاتے تھے۔ ان کے والد سید حامد عرب، نواب ابراہیم علی خان بہادر کے عہد میں ٹونک وارد ہوئے۔ یہاں ان کی مناسب آؤ بھگت ہوئی۔ نواب صاحب نے دو گاؤں "جایداد اہلِ عرب" کے نام سے وقف کر رکھے تھے؛ ان سے عرب مہمانوں کو تحفے تحائف اور نذرانے دیے جاتے تھے۔ انھوں نے سید حامد کو "معرفِ عرب" نامزد کر کے اس جایداد کا منصرم بنا دیا۔

یہیں ٹونک میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۳۱۳ھ میں سید حامد کے ہاں محمود الحسن پیدا ہوئے، تو نواب وزیر الدولہ مرحوم کی صاحبدل اور مخیر بہو (اور صاحبزادہ عبداللہ خاں کی بیوی) رقیہ بیگم نے نومولود کو اپنا متبنیٰ بنا لیا۔ چنانچہ ان کی پرورش بڑے ناز و نعم سے ہوئی اور وہ شاہی خاندان کے صاحبزادگان کے ساتھ پروان چڑھے۔ تعلیم کا معیار بھی بلند رہا؛ مختلف اساتذہ سے جملہ درسیات پر عبور اور ان میں پوری مہارت حاصل کی۔

نواب ابراہیم علی خان شاعر تھے؛ خلیل تخلص تھا۔ بعض اساتذۂ عہد ان کے دربار سے وابستہ تھے سلیمان خان اسد لکھنوی، احمد حسین بسمل خیرآبادی، افتخار حسین مضطر خیرآبادی، ظہیر دہلوی ان میں خاص طور پر مشہور ہیں۔ نواب صاحب کے اس ذوق کے باعث پوری

فضا پر شعر و نغمہ چھائے ہوئے تھے۔ داغ کے مشہور تلامذہ صاحبزادہ احمد سعید خاں عاشق اور کیف کی نشو و نما اسی ماحول میں ہوئی تھی۔ صولت نے ہوش سنبھالا، تو وہ بھی اسی کیف و رنگ کی دنیا میں کھو گئے، اور شعر کہنے لگے؛ اس میں مشورہ عاشق اور کیف سے رہا۔ دونوں استاد ماہر فن اور قادر الکلام سخنور تھے۔ بہت جلد صولت بھی اس میدان کے نشیب و فراز سے واقف ہو گئے۔ رہی سہی کسر مشق نے پوری کر دی، اور ان کا شمار اپنے زمانے کے صفِ اول کے شاعروں میں ہونے لگا۔

بنیادی طور پر وہ غزل کے شاعر تھے۔ درباری تعلق کے باعث ان کے کلام میں قصائد اور مدحیہ قطعات وغیرہ کا بھی وافر حصہ ہے۔ ان کی عشقِ رسول میں ڈوبی ہوئی نعتیں مولود کی محفلوں میں بڑی مقبول ہیں۔ ٹونک کی ایک خاص صنفِ سخن چار بیتی ہے۔ صولت نے اس میں بھی طبع جدت پسند کے خوب جوہر دکھائے ہیں۔ کچھ مزاحیہ کلام بھی ہے؛ لیکن افسوس کہ مزاج کی وارستگی اور لاابالی پن نے عمر بھر کلام کی تدوین سے بے نیاز رکھا؛ آج تک ان کا کوئی مجموعہ شائع نہیں ہوا۔ غیر مرتب کلام ان کے ورثا کے پاس موجود ہے۔ کاش کوئی اللہ کا بندہ محنت کر کے اس کا ایک نمائندہ انتخاب شائع کر دے تاکہ یہ ضائع ہونے سے بچ جائے اور ان کی یادگار بھی قائم رہے۔

انھوں نے کبھی کوئی ملازمت نہیں کی۔ صاحبزادہ افتخار علی خان ان کے شاگرد تھے، وہ سو روپیہ مہینا نذرانہ پیش کرتے تھے۔ نواب اسماعیل علی خاں نے بھی سو روپیہ مہینا اپنی جیبِ خاص سے ان کے لیے مقرر کر رکھا تھا۔ 'جایداد اہلِ عرب' اور رقبۂ بیگم کے ترکے سے بھی کچھ ملتا تھا۔ لیکن چونکہ ذمہ داریاں بہت تھیں، اس پر گرانی کا یہ عالم کہ اس نے بڑے بڑوں کا ماطقہ بند کر رکھا تھا، عسرت سے بسر اوقات ہوتی تھی۔

۲۹ مارچ ۱۹۶۸ء کی صبح کو گلے کے کینسر کے عارضے سے انتقال ہوا۔ یہ تو ایک بہانہ ہو گیا، ورنہ ہے یہ کہ جب پارسال ان کا بڑا بیٹا پیارے میاں اللہ کو پیارا ہوا، تو

یہ جام جاں سیوا ثابت ہوا۔ لوتاے مشہور شاہی قبرستان موتی باغ کے حصۂ خاص میں دفن ہوئے ـــــ ہجری سال (۱۳۸۷) ان کے نام "مولانا محمود الحسن صولت ٹونکی" سے برآمد ہوتا ہے۔ اولاد میں ایک لڑکا اور دو لڑکیاں یادگار چھوڑیں۔

پریم شنکر فرحت دہلوی

یہ پرانے دلی والے تھے۔ یہیں ۴ جنوری ۱۹۲۶ء کو ایک متمول تجارتی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد لالہ موہن لال گوئلہ کا (جو حیات ہیں) گھڑیوں کا کاروبار ہے۔ شاید اس خیال سے کہ بالآخر انھیں تجارت ہی کرنا ہے، تعلیم صرف انٹر تک پائی؛ لیکن اس کے باوجود انگریزی بہت اچھی جانتے تھے جیسا کہ ان کے ٹیگور کی متعدد نظموں کے تراجم سے ظاہر ہے۔ فارسی سے بھی اچھی مزاولت تھی۔ اردو کے علاوہ ہندی سے بھی شغف تھا؛ ہری ونش بچن ان کے محبوب شاعر تھے۔ اردو میں انیس و دبیر کے مراثی اور اقبال کے کلام کے شیدائی تھے۔

اردو کا شوق بہت ابتدا میں پیدا ہوا۔ چندے لالہ دھرم پال گپتا دفا سے مشورہ رہا؛ اب بہت دن سے بشیشور پرشاد منور لکھنوی اور کامل نظامی دہلوی (تلمیذ سائل دہلوی مرحوم) سے اصلاح لیتے تھے۔ مجموعۂ کلام سازِ حیات کے عنوان سے ۱۹۶۵ء میں شائع ہوا تھا۔ اس کے بعد کا کلام غیر مطبوعہ رہ گیا۔ آخری ایام میں ایک مثنوی (ساقی نامہ) لکھ رہے تھے جو نامکمل رہ گئی۔

ان کے جسم میں موٹاپے کے اثرات تھے جس سے قلب کا فعل کمزور رہنے لگا تھا۔ ۳۰ اپریل ۱۹۶۸ء کو اچانک اپنے دوسرے سکونتی مکان میرٹھ میں حرکتِ قلب بند ہو جانے سے انتقال ہوا۔ کامل نظامی کے قطعۂ تاریخ کا آخری شعر ہے:

از سر آہے ملی تاریخ یہ
فرطِ غم سے سب ہیں دو پارہ جگر
(۱۹۶۷ + ۱ = ۱۹۶۸)

پرویز شاہدی

ان کا اصلی نام سید محمد اکرام حسین تھا۔ ۱۹۱۰ء میں پٹنے (لودی کٹرہ) میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد سید احمد حسین (ف ۱۹۵۳ء) اچھے کھاتے پیتے زمیندار تھے۔ اس لیے انھوں نے بیٹے کو ایک زمانے تک کسی مدرسے میں نہیں جانے دیا؛ تمام تعلیم نج کے طور پر خاص اساتذہ کی نگرانی میں گھر پر ہوئی۔ اسی زمانے میں انھوں نے درسِ نظامیہ کا عربی اور فارسی کا بیشتر نصاب پڑھا جو بعد کو بہت کام آیا۔ اس کے بعد لامحالہ انگریزی کی طرف توجہ کرنا پڑی۔ بالآخر انھوں نے کلکتہ یونیورسٹی سے دسویں درجے کی سند لی۔ پھر پٹنہ یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا۔ اور یہاں سے یکے بعد دیگرے بی اے، ایم اے (اردو اور فارسی) اور قانون (ایل ایل بی) کے امتحانوں میں کامیابی حاصل کی۔

شروع میں خیال تھا کہ وکالت کریں گے، لیکن اسی زمانے میں ایک ناخوشگوار حادثہ پیش آیا جسے انھوں نے "جذباتی صدمہ" سے تعبیر کیا ہے۔ واقعہ کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انھیں ایک خاتون سے محبت ہوگئی اور وہ اس سے شادی کرنا چاہتے تھے؛ وہ بھی اس پر رضامند تھیں۔ لیکن بدقسمتی سے لڑکی کے والدین اس عقد کے خلاف تھے؛ ہمارے ہاں والدین بچوں کے جذبات اور خواہشات کا کم ہی خیال کرتے ہیں۔ قصہ کوتاہ، ان دونوں کی مرضی کے باوجود ماں باپ نے لڑکی دوسری جگہ بیاہ دی۔ عنفوانِ شباب اور ایسا حادثہ، غریب کو پٹنے کے در و دیوار سے وحشت ہونے لگی؛ انھوں نے ترکِ وطن کی ٹھانی اور کلکتے کی راہ لی۔ یہ ۱۹۳۵ء کی بات ہے۔

کلکتے میں انھوں نے بسر اوقات کے لیے وکالت کی جگہ درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ شروع میں مختلف اسکولوں میں معمولی جگہ اور قلیل مشاہرے پر کام کرنا پڑا؛ لیکن آدمی تھے مستقل مزاج اور دُھن کے پکے، ہمت نہیں ہارے اور ڈٹے رہے۔ اسی دوران میں (۱۹۳۸ء) بی ٹی کی سند بھی لے لی تاکہ تعلیمی محکمے میں ترقی کا راستہ کھل سکے۔ ۱۹۴۱ء سے ۱۹۴۶ء تک مدناپور کالج میں رہے۔ ۱۹۴۷ء میں سرسند رناتھ

کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔

۱۹۴۹ء میں وہ کمیونسٹ تحریک سے وابستہ ہوگئے۔ اس کی پاداش میں قید و بند تک نوبت پہنچی۔ ڈیڑھ سال کی نظربندی کے بعد ۱۹۵۱ء میں آزاد ہوئے، تو معلوم ہوا کہ اب وہ کالج کی ملازمت نہیں مل سکتی۔ مجبوراً ایک معمولی اور مفلسی کے شکار اسکول میں ہیڈ ماسٹری قبول کرلی۔ یہاں تنخواہ اتنی بھی نہیں تھی کہ اس سے روزمرّہ کے معمولی اخراجات ہی چل سکتے؛ لیکن مرتا کیا نہ کرتا۔ حسب توقع، دو برس بعد اسکول نے دم توڑ دیا اور ان کی نوکری کے ساتھ بھی گئی۔ بارے جلد بعد ہی سی ایم او ہائی اسکول کلکتہ میں ہیڈ ماسٹر مقرر ہوگئے اور اب گویا اطمینان کی سانس لینا نصیب ہوئی؛ یہاں وہ ۱۹۵۷ء تک رہے۔

۱۹۵۸ء کے آغاز میں کلکتہ یونیورسٹی میں اردو کا شعبہ کھلا، تو لکچرر کی جگہ پر ان کا تقرر ہوگیا؛ اپنی وفات تک اسی عہدے پر کام کرتے رہے۔

مرورِ ایام سے وہ جوانی کی ناکام محبت کا زخم مندمل ہوگیا تھا۔ اب مادّی آسایش بھی میسر تھی، اس لیے انھوں نے نومبر ۱۹۵۸ء میں ایک بنگالی خاتون فضیلت النسا بیگم سے شادی کرلی۔ دونوں ہم مذاق تھے؛ وہ بھی ایک اسکول میں پڑھاتی ہیں۔ جسانی یادگار ایک خردسال لڑکی چھوڑی۔

انھیں ایک زمانے سے دمے کا موذی مرض لاحق تھا۔ آخری ایام میں بعض اور عوارض نے بھی آگھیرا تھا؛ بالخصوص کم خوابی اور بے چینی کی شکایت پیدا ہوگئی تھی۔ علاج ہو رہا تھا کہ ۴ مئی بروز ہفتہ طبیعت یکایک زیادہ خراب ہوگئی۔ گیارہ بجے رات غشی کا دورہ پڑا اور اس کے بعد وہ پھر ہوش میں نہیں آئے۔ اسی حالت میں اگلے دن اتوار ۵ مئی کو سات بجے شام جان بحق ہوئے۔ پیر کی صبح کو جنازہ اٹھا اور گوبرا قبرستان (۱) میں سپردِ خاک ہوئے۔

پرویز کے والد سید احمد حسین شعر کہتے تھے؛ احمد اور ضوؔ تخلص تھا۔ پرویز نے جب ہوش

سنبھالا تو اپنے اردگرد شعر و ادب کی باتیں ہی سُنیں؛ چنانچہ یہ بھی بہت کم عمری میں شعر سے دلچسپی لینے لگے۔ جب سنِ تمیز کو پہنچے، تو مولانا عین الہدیٰ ثمر (تلمیذ سید فرزند احمد صفیر بلگرامی) سے مشورہ کرنے لگے۔ شاہدی کا جزو اپنے ... سید شاہد حسین کے نام کی مناسبت سے اضافہ کرلیا تھا۔ اگرچہ ان کی تعلیم و تربیت غزل کے دور اور ماحول میں ہوئی تھی، لیکن اپنے سیاسی رجحانات کے باعث انھوں نے غزل کے علاوہ نظم پر بھی توجہ کی؛ اور اس میں اپنا منفرد مقام بنالیا۔ وہ کل ہند انجمن ترقی پسند مصنفین کے بانیوں میں سے تھے۔ ان کے کلام کا ایک مجموعہ "رقصِ حیات" چھپ چکا ہے (مکتبہ شاہراہ دلی، ۱۹۵۷ء)۔ دوسرا "تشکیلِ حیات" الہ آباد میں زیرِ طبع ہے۔ افسوس کہ یہ انھیں دیکھنا نصیب نہ ہوا۔ اس کے شروع میں انھوں نے جو پیش لفظ لکھا تھا، اس میں مختصراً اپنے حالاتِ زندگی لکھے ہیں اور اپنے نظریۂ شعری پر بھی ایک نظر ڈالی ہے۔

وہ کمیونسٹ خیال کے آدمی تھے، لیکن نہ ان کے خیالات میں جارحانہ شدت تھی، نہ ان کی وجہ سے ان کے کسی دوست کو شکایت پیدا ہوئی۔ ان کے تمام ملنے والے ان کی انسان دوستی اور وسیع القلبی، خلوص اور حُسنِ نیت کے قائل تھے؛ ان کا کلام بھی اس کا شاہد ہے:

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

ظل عباس عباسی پرنٹر پبلشر نے کوہِ نور پریس دلی میں چھپوا کر
دفتر علمی مجلس ۱۴۲۹ چھتہ نواب، فراشخانہ، دلی ۶ سے شائع کیا
(ایڈیٹر: مالک رام)

تحریر

علمی مجلس دلّی کا ششماہی رسالہ

سالانہ ۱۲ روپے — مرتب
فی شمارے کی قیمت ۳ روپے ۵۰ پیسے — مالک رام

جلد (۲)	۱۹۶۸ء	شمارہ (۳)

فہرست

مالک رام	ملاحظات	۲
ضیاء الدین حیرت	تذکرہ مقالات الشعراء (مرتبہ نثار احمد فاروقی)	۳
نور الحسن ہاشمی	کلیات تواریخ (سناتھ سنگھ بیدار)	۱۰۳
شہاب الدین دسنوی مالک رام	وفیات: (نجیب اشرف ندوی شفا گوالیاری)	۱۲۱

ملاحظات

تحریر کا تازہ شمارہ (۷) حاضر ہے۔ اب کے ہم نے ایک
تذکرہ مقالات الشعراء شائع اشاعت کر لیا ہے۔ یہ حیرت کی تالیف ہے اور آج
شائع نہیں ہوا تھا۔ اسے جناب نثار احمد فاروقی نے مرتب کیا ہے۔ مقدمہ اور حوا
کتابی شکل میں اشاعت کے ساتھ اضافہ کیے جائیں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اسی طرح
دیگرے بعض کم یاب تذکرے جو آج تک منظر عام پر نہیں آئے، شائع کر دیے جائیں
۱۹۶۹ کے پہلے شمارے کو غالب سے منسوب کر دینے کی تج
بہت لوگوں نے خیر مقدم کیا ہے۔ مشکل یہ ہے کہ وقت بہت کم رہ گیا ہے اور غالب
شایان شان معیاری مضامین کی فراہمی کے لیے اس سے کہیں زیادہ وقت درکار ہے۔ ا
ہے کہ شاید پورا پرچہ اس موضوع کے لیے وقف نہ کیا جا سکے۔ امید ہے کہ ہم آیندہ
میں مزید تفصیل دے سکیں گے۔

ہم چاہتے ہیں کہ صاحب علم حضرات پرچے کی توسیع اشاعت
خاص توجہ کریں؛ یہ اُن کا اپنا پرچہ ہے اور اسے جاری رکھنا بھی ان کا فرض ہے۔

مالک رام

تذکرۂ

مقالات الشعراء

مؤلفہ

قیام الدین حیرت اکبرآبادی

تذکرۂ

مقالات الشعراء

مؤلفۂ

قیام الدین حیرت اکبرآبادی
(ولادت تقریباً ۱۱۴۳ھ/۳۱-۱۷۳۰ء)

نوشتہ بسال

(۱۱۷۳ھ/۹۰-۱۷۵۹ء)

بہ تصحیح

نثار احمد فاروقی
استاد شعبہ عربی، دہلی کالج، دہلی

علمی
مجلس
دہلی

پیش گفتار

تذکرۂ مقالات الشعراء اُن (۱۵۹) شعرائے فارسی گو کا مختصر تذکرہ اور انتخاب کلام پیش کرتا ہے جو اواخرِ عہد اورنگ زیب (ف ۱۷۰۷ء/۱۱۱۸ھ) سے عہد عزیز الدین عالمگیر ثانی (ف ۱۷۶۰ء/۱۱۷۳ھ) تک ہندوستان میں گرم سخن تھے۔ ان میں وہ شعراء بھی ہیں جو اسی سرزمین پر پیدا ہوئے، اور وہ بھی شامل ہیں جو بیرونِ ملک خصوصاً ایران سے ہجرت کرکے یہاں آئے اور آباد ہوئے۔

مولّف کے حالات اس تذکرے کا مولّف اوگرد آور قیام الدین حیرت اکبرآبادی ہے۔ یہ اپنے دور کی کوئی معروف یا اہم علمی اور ادبی شخصیت تو نہیں ہے[1]، نہ اس تذکرے کے مشمولہ شعراء میں، ماسوائے چند، وہ کسی سے اپنی ذاتی واقفیت کا اظہار کرتا ہے، لیکن تذکرے کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اُس کو زبان فارسی و عربی سے اچھی مناسبت ہے اور طرز انشا میں ابوالفضل اسکول کا پیرو ہے۔ خصوصاً دیباچے کی

---

[1] حیرت کا حال شعرائے فارسی کے تذکروں میں عموماً نہیں ملتا۔ البتہ سفینۂ ہندی مولفہ بھگوان داس ہندی (نسخہ خدابخش پٹنہ قلمی مکتوبہ ۱۲۲۰ھ ورق ۲۶ ب) پر اس کا مختصر ترجمہ اور چار شعر ہیں جو بظاہر اسی تذکرے سے ماخوذ معلوم ہوتے ہیں۔

عبارت بہت پیچیدہ ہے۔ الفاظ زیادہ معنی کم۔ اس کا سبب یہ بھی ہے کہ یہ تالیف زمانۂ شباب کی ہے اور عجب نہیں کہ اپنے مؤلف کا اولین کارنامہ ہو، ایسے دور میں طبائع عموماً مشکل پسندی اور اغلاق کی طرف مائل ہوا کرتی ہیں۔

اسی تذکرے میں ایک موقع پر اس نے اپنی عمر ۳۰ سال بتائی ہے[1]۔ اس لحاظ سے حیرت کا سنہ ولادت ۱۱۴۳ھ (مطابق ۳۱-۱۷۳۰ء) قرار پاتا ہے۔ وہ اپنے والد کا نام شیخ امان اللہ لکھتا ہے[2] اور انھیں "سلمہ اللہ تعالیٰ" کہہ کر یاد کرتا ہے یعنی ۱۱۷۳ھ میں وہ بقید حیات تھے اور آگرے میں حکومت کی کسی خدمت پر مامور تھے[3]۔

حیرت نے درسیات کی تکمیل رواج زمانہ کے مطابق کی۔ اپنے اساتذہ میں وہ محمد نعیم نیاز[4] کا خاص طور سے ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ان سے میں نے بہت استفادہ کیا ہے اور اصلاح "شعر و انشا" کے علاوہ بعض کتب بھی ان سے پڑھی ہیں۔ نیاز کا انتقال تالیف تذکرہ کے دوران ہی ہوا۔ حیرت نے ان کی وفات پر قطعہ تاریخ بھی لکھا ہے جس سے ۱۱۷۳ھ (مطابق ۱۷۶۰ء) برآمد ہوتے ہیں[5]۔ نیاز ہی کے دوسرے بھائی محمد لطف اللہ مفتون تھے، ان کا انتقال ۱۱۷۳ھ (۱۷۶۰ء) سے قبل ہی ۲۴ سال کی عمر میں ہو چکا تھا[6]۔ ان کے حال میں بھی حیرت نے لکھا ہے کہ "جامع اوراق چندے اصلاح شعر از ان مرحوم گرفتہ[7]"۔ ان کے علاوہ وہ محمد حیات ساکن گوپامئو کو بھی اپنا استاد بتاتا ہے "از بدو طفولیت تا حد بلوغ جمیع کتب متداولہ فارسیہ از نثر و نظم بخدمتش دیدہ ام و فیض ہا از ان معدن بلاغت ربودہ[8]"۔

تالیف کا سبب تالیف تذکرہ کا سبب بھی سن لیجیے: احمد شاہ ابدالی نے جب ۱۱۷۰ھ/۵۷-۱۷۵۶ء) میں دہلی پر پہلا حملہ کیا تو یہاں کی جمعیت کو بڑی حد تک منتشر کر دیا تھا۔ اس دار و گیر میں بہت سوں کے قدم اکھڑ گئے اور گھر بار بھی

---

[1] مقالات الشعراء (قلمی) ورق ۳۰ ب [2] مقالات الشعراء ورق ۳۰ ب [3] حوالہ ماسبق

[4] مقالات الشعراء ورق ۷۵ ب [5] مقالات الشعراء ورق ۷۶ ب [6] ورق ۶۸ - الف

[7] ورق ۶۸ ب [8] ورق ۲۹ ب

لٹ گئے۔ انندرام مخلص (ف ۱۷۵۱ء) کے داماد رائے تن سکھ رائے شوق بھی دہلی سے نکل کر سورج مل جاٹ کے علاقے میں آ گئے تھے اور آگرہ میں قیام کیا[1]۔ یہاں انھوں نے خانہ نشین ہو کر وقت گذاری کے لیے ایک تذکرہ لکھنا شروع کیا، اور اس کے لیے کچھ حالات متداول تذکروں (خصوصاً ریاض الشعراء اور مجمع النفائس) سے فراہم کیے اور بعض شعراء سے ذاتی طور پر حالات اور کلام طلب کیا۔ چناں چہ میر تقی میر (ف ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء) نے بھی اپنا منتخب فارسی کلام اس تذکرے میں شمول کے لیے شوق کو بھیجا تھا[2]۔ جس میں سے حیرت نے چند شعر انتخاب کر کے اس تذکرے میں درج کیے ہیں[3]۔ اس تذکرے کا نام "سفینۃ الشوق" تھا۔ یہ اب ناپید ہو چکا ہے۔

اسی زمانے میں (یعنی ۱۱۷۰ھ/۱۷۵۷ء) حیرت بھی "یک سال و چند ماہ" شوق کے متوسل رہے[4]۔ انھوں نے لکھا ہے کہ تذکرے کی تالیف سے پہلے رائے تن سکھ رائے شوق کو شعر گوئی کی طرف میلان نہیں تھا، دوران تالیف میں یہ چسکا بھی لگ گیا تو انھوں نے تین ماہ کے اندر اپنا دیوان مرتب کر لیا جس میں "ہزار و چند" شعر تھے[5]۔ شوق کا ایک مختصر فارسی دیوان خود اُس کے قلم کا لکھا ہوا رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے[6]۔ (تعداد اوراق ۴۳)۔

تذکرے کے مآخذ

خیر تو اسی زمانے میں غالباً حیرت کو بھی تذکرہ لکھنے کا شوق پیدا ہوا ہوگا۔ انھوں نے آگرے سے نکل کر بھرت پور میں دیوان کشن جی کی ملازمت کر لی[7]۔ یعنی ان کے بچوں کے اتالیق مقرر ہو گئے۔ یہ دیوان کشن جی سورج مل جاٹ (والی بھرت پور) کے طبیب تھے۔ اسی اثنا میں ابدالی کا دوسرا حملہ ہوا (۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ء) اور سکون خاطر برہم ہو گیا۔ زیادہ تر لوگ حفظ ناموس کے خیال سے گھروں میں گوشہ نشین ہو گئے

---

[1] ورق ۴۵ ب [2] ورق ۷۲ ب [3] ورق ۷۲ ب و ۷۳۔ الف [4] ورق ۴۵ ب [5] ورق ۴۶ ا

[6] مخطوطات فارسی، دواوین: رقم ۳۷۰۶۔ اس دیوان کا ترقیمہ ہے "ابیات چند کہ از افکار ناقص فراہم شدہ بودند بخط شکستہ بستہ خود برین اوراق بطریق یادگار رقمی گردید۔ روز چہارشنبہ نہم رمضان المبارک ۱۱۷۴ھ واقع قلعہ ڈیگ حررہ احقر الانام تن سکھ رائے متخلص بہ شوق"۔ [7] ورق ۳۰ ب

تھے۔ حیرت نے بھی وہی تن سکھ رائے شوق والا نسخہ آزمایا۔ ریاض الشعراء، مجمع النفائس، سفینۃ الشوق اُن کے سامنے تھے ان کی مدد سے ایک نیا مختصر تذکرہ ترتیب دے دیا۔ اس تذکرے میں جتنے ہندی نژاد شعرا ہیں۔ ان کا ماخذ "سفینۃ الشوق" ہے[2] جو اب دستیاب نہیں ہوتا، اس لیے مقالات الشعراء کی اہمیت دو چند ہو گئی ہے۔ باقی ایرانی الاصل شعرا کے حالات اکثر ریاض الشعراء اور کمتر مجمع النفائس سے مقتبس ہیں اور یہ دونوں تذکرے غیر مطبوعہ ہیں۔ ان تین کے سوا کسی اور تذکرے سے حیرت نے کچھ اخذ کیا ہو، اس کا امکان بہت کم ہے۔

زمانہ تالیف "مقالات الشعراء" تاریخی نام ہے اور اس سے ۱۱۷۴ھ (۶۱-۶۰ء) برآمد ہوتے ہیں لیکن حیرت نے خود دیباچے میں لکھا ہے کہ:

"بہ مقالات الشعراء کہ متضمنِ تاریخِ تالیف است بہ نقصانِ پنج شش ماہ موسوم ساختہ"[3]

گویا حیرت اپنے تذکرے کی ترتیب سے جمادی الثانیہ یا رجب ۱۱۷۳ھ (مطابق مارچ-اپریل ۱۷۶۰ء) میں فراغت حاصل کر چکا تھا، ابھی ۱۱۷۴ھ شروع ہونے میں ۵-۶ ماہ کم تھے، لیکن تذکرے کا مناسب نام ہاتھ آگیا تھا، اس لیے ایک عدد کی زیادتی کو گوارا کر لیا گیا ورنہ وہ خود دیباچے میں ۱۱۷۳ھ کو "درین ہنگام" کہتا ہے اور اسی طرح محمد رحیم نیاز کی وفات کا حوالہ "درین ولا" کہہ کر دیا ہے[4] اور جو قطعہ تاریخ لکھا ہے وہ ۱۱۷۳ھ پر مشتمل ہے۔ اس تذکرے میں کوئی اندراج ایسا نہیں ہے جو ۱۱۷۴ھ یا اس کے بعد کسی سنہ میں اضافات ہونے پر دلالت کرتا ہو، اس لیے یہی سمجھنا چاہیئے کہ ۱۱۷۳ھ ہی اس تذکرے کے شروع ہونے اور ختم ہونے کا سال ہے

حضرت مولانا امتیاز علی عرشی کا خیال ہے کہ "خواجہ محمد ناصر عندلیب نے ۱۱۷۲ھ (۵۹-۱۷۵۸ء) میں وفات پائی ہے۔ حیرت نے ان کا ذکر ایسے لفظوں میں کیا ہے جن سے

---

[1] ورق ۲ ب [2] حوالہ ماسبق [3] ورق ۲ ب

[4] ورق ۷۶-الف

معلوم ہوتا ہے کہ یہ بقید حیات تھے۔ اس سے یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ ترتیب کا آغاز ۱۱۷۰ھ سے قبل ہوا ہے"[1]

ترجمہ عندلیب میں صرف ایک لفظ "است" ایسا ہے جس پر فاضل مقدمہ نگار نے یہ قیاس کیا ہے، لیکن اس کلمہ کا ایسا استعمال اُن شعراء کے تراجم میں بھی ملتا ہے جن کا انتقال مسلمہ طور پر ۱۱۷۳ھ سے بہت قبل ہو چکا تھا۔

عندلیب کے لیے حیرت نے لکھا ہے: مردے صاحب کمال، درویش وضع و متوطنین شاہ جہان آباد است۔" (ورق ۱۵ ب) اور خود تذکرہ نگار کے قول کے مطابق میرزا لطف اللہ سالم ۱۰۷۹ھ (۱۶۶۸-۶۹ء) تک بقید حیات تھے ان کا ترجمہ ان شروع کیا ہے:

"از سادات کشمیر است"۔ (ورق ۴۰ ب) میری ناقص رائے میں "از متوطنین شاہ جہان آباد است" اور "از سادات کشمیر است" دونوں ایک ہی طرح کے استعمال ہیں۔ اگر اس کی بنیاد پر آغاز تالیف ۱۱۷۲ھ قرار دیا جاسکتا ہے تو اس کی روشنی میں اس سے قبل از ۱۰۷۹ھ بھی کہا جاسکتا ہے۔

خطی نسخے اس تذکرے کے صرف ایک خطی نسخے کا ہمیں علم ہے جو ۱۲۲۸ھ (۱۸۱۳ء) کا مکتوبہ ہے اور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے[2]۔ اسی کو موجودہ متن کی بنیاد بنایا گیا ہے۔ یہ نسخہ اگرچہ بہت صاف اور خوش خط نہیں ہے، لیکن اسے احتیاط سے پڑھا گیا ہے، اور صرف چند اشعار ایسے ہیں جن کی صحت فی الوقت دوسرے ذرائع سے نہیں ہو سکی ان کے سامنے 'کذا' لکھ دیا گیا ہے۔

مقالات الشعراء کا دوسرا خطی نسخہ شاہان اودھ کے کتب خانے میں تھا جس کا ذکر اشپرنگر نے اپنے کیٹلاگ میں کیا ہے[3] لیکن یہ نسخہ اب ناپید ہو چکا ہے۔ اشپرنگر نے اس

---

[1] مقدمہ دستور الفصاحت/۶۱ [2] مقدمہ دستور الفصاحت ۵۹ تا ۶۲

[3] اشپرنگر: فہرست کتاب خانہ شاہان اودھ (انگریزی) طبع کلکتہ ۱۸۵۴ء/ص ۱۵۲ (رقم: ۳۱)

[illegible] جو فہرست دی ہے اور کہا ہے کہ اس میں ڈیڑھ سو شعراء کا حال ہے لیکن یہ طباعت کی غلطی ہے، اشپرنگر نے مقالات الشعراء کے تراجم کی جو فہرست دی ہے اس میں ۱۶۰ شعراء کے نام ہیں، ایک ترجمہ جو نسخہ رام پور سے غیر حاضر ہے چنی لال احسان کا۔

مشمولات کی کیفیت

اس تذکرے کے دیباچے کی زبان اگرچہ مشکل ہے، اور تراجم میں بھی کہیں کہیں مرصّع طرز نگارش کا میلان پایا جاتا ہے لیکن مجموعی طور پر اس کا اختصار بھی ایک خوبی ہے۔ شعراء کا حال اور کلام دونوں مختصر ہیں۔ صرف چند شعراء مثلاً شیخ علی حزیں[1] مرزا مظہر جان جاناں[2]، تن سکھ رائے شوق[3] اور انند رام مخلص[4] وغیرہ کا انتخاب قدرے طویل ہے ورنہ عموماً چند شعروں پر اکتفا کی گئی ہے۔ بعض شعراء کے ضمن میں لطائف بھی بیان ہوئے ہیں مثلاً شرف الدین علی خاں پیام[5] کا پہلا تخلص 'خرد' تھا، یہ انھوں نے کیوں ترک کیا؟ اس کا لطیفہ حیرت نے درج کیا ہے، جو ضروری نہیں کہ صحیح ہو۔ اسی طرح نواب امیر خاں انجام کے حال میں نادر شاہ کو قہوہ پیش کرنے کا واقعہ (ورق ۹ - الف) میر محمد جعفر طہرانی کی وفات کے سلسلے میں ایک خواب کا تذکرہ (ورق ۷ ب) ملا ظفر علی جرأت اصفہانی کے تقریباً چھ سو خربوزے کھا جانے کا قصہ (ورق ۱۸ ب) خان آرزو اور حزین کا ایک لفظ پر معارضہ (ورق ۱۲۹) میرزا محمد منشی تبریزی کا نادر شاہ درانی کی "رسم عالم کشی" پر اعتراض اور نادر شاہ کا جواب (ورق ۶۳ - الف) اس تذکرے کے دلچسپ اور اہم مشمولات ہیں۔

نثار احمد فاروقی

---

[1] ورق ۲۵ - الف تا ورق ۲۹ - الف [2] ورق ۶۹ ب تا ورق ۷۲ ب

[3] ورق ۶۳ ب تا ورق ۶۸ - الف [4] ورق ۳۶ - الف تا ورق ۳۶ ب

[5] ورق ۱۴ - الف و ب

یا فتاح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بتیسیر وتتمم بالخیر

گلشن گلشن گلہاے حمد و ثنا نیاز جناب عالی مجید سخن آفرین کہ فرد انسان را مظہر معنی احسن تقویم ختہ از افراد جمیع کائنات امتیاز بخشید۔ و افسر افسر جواہر ستایش و سپاس نثار حضور سامی سلطان ں کو مجموعہ مخلوقات را بصنائع بدیع مرتب گردانید، عندلیب را شعلۂ ذوق در دل حزیں از دست غزل خوانی فراق گل در فغان است، و سمندر را شرر سودا ندیم جان درد مند از وکہ در بیت النار لمین دشبات سوزان است۔ عالمی کہ مفہوم مثنوی ایام و مقطعات اسابیع[1] و قصائد شہر و سنین ر قدرت متین کاملش برہان ساطع است، ای صہبای خم خانۂ تحمید آگاہ شو، و نشاء دیوانگی از سر واکن، کہ مدح جامعی کہ اختتام نسخۂ گرامی تذکرۂ نبوت بنام معجز نظام عارف اسرار ربانی واقف حقائق سبحانی فاتح ابواب ہدایت، حاکم ملک رسالت (۲ الف) فصیح شیرین تکلم، محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کہ فروغ تیر عظمت و ضیاے کوکب جلالت او در اعدام ظلام کفر مانند نور خورشید در ازالۂ سواد شب پرداختہ، و ایمای انگشت شہادت او شعف دو نیم گشتن در دل ماہ سالم انداختہ، فرمودہ و سفینۂ تکوین را بر باگی ذوات اربعۂ مقدسہ کہ از ہر چہار مصراعش یعنی وفا و حشمت و حیا و جرأت واضح است، و مخمس نفوس خمسۂ مطہرہ کہ ہر یک مصرعۂ برجستۂ دیوان آزادی و رضا و مطلع منتخب قصیدۂ جود و سخا است مزین نمودہ، از تو بے نوا چہ آید، و بیان صفات او را چوں تو نارسای بسمل دشنۂ حسرت نشاید۔

زلاف حمد و نعت اولی است بر خاک ادب خفتن
سجودی می توان بردن درودی می توان گفتن

اما بعد، می گوید ذرۂ خاکسار خادم و فداے اصحاب غیرت قیام الدین حیرت کہ چوں در ایام

[1] اصل: اصابیع۔ حاشیے پر ہاریک قلم سے کسی نے لکھا ہے: یعنی ہفتہ۔

ندارد یاد ایام جدائی چشم مست او
شمارے نیست بر پیش فرنگی سال ہجرت را

عشق ما را تبسم کا آورد
غم ز یعقوب صبر از ایوب

شیخ ایجاد عوی تقوی نخواہد رفت پیش
عالم آب است این واللہ جائے زد و نیست

ابروش را نتوان گشت حریف
تیغ پیشش سپر انداختہ است

بارد ز ہجر حرف مزن آب می شود
بشنو دل من است ستم گر دل تو نیست

بہ یمن (۳ ب) عشق تو ممنون عالمی شدہ ام
کدام دل کہ درد جائے آرزوی تو نیست

نگداخت از چہ لعلے دلش گر ز سنگ نیست
یاقوت را کہ پیش لب یار رنگ نیست

یا لب زیادہ زین نپسندی خرابیش
مسکین دل من است دیار فرنگ نیست

اے تو بہ زہرۂ تو چرا آب می شود
آواز قلقل است صدائے تفنگ نیست

بے ہوشی کہ تا بہ قیامت نمی رود
کیفیت خط تو بود کار بنگ نیست

از خرامیدن او تا سبق ناز گرفت
خاک ما خیل تذروی شد و پرواز گرفت

دم عیسی کہ بہ بیمار شفا می بخشد
از خط پشت لبت نسخۂ اعجاز گرفت

نقاش رخت چو دیدہ باشد
کارش بکجا کشیدہ باشد

گر خان تنگ دلم خاطر من شاد کنید
چون شود بند قبا باز مرا یاد کنید

پند گو با من حیرت زدہ بیجا است جدل
بحث با صورت دیوار چہ معنی دارد

شدیم در فن اشعار پیر و غیر از خود
سر کسے پئے تحسین ما نمی جنبد

عشق روزے کہ بدل خلعت سودا بخشید
جامہ واری بمن از دامن صحرا بخشید

خجل از روی حبابم کہ درین ظرف تنک
ہر چہ در کاسۂ[1] خود داشت بدریا بخشید (۵ لف)

از جائی روند بر آتش نشستگان
زین دود مان بر آمدہ پر ناخلف سپند

ای زخم دل ز بہ شدنت در خجالتم
بے دردہائے چشم تری داشتی چہ شد

تا چند انتظار قیامت کشیم ما
بر خاک کشتگان گذری داشتی چہ شد

---

[1] اصل: کاسہ

بود از مرگ بدتر انتظاری کشتگانت را — تو برپا کن ز قد محشر قیامت دیر می آید

فرشته را چو به کوی بتان گذار افتد — عنان دل بدو دست دعا نگه دارد

می شناسد که چه درد وصل و جدائی باشد — هر کرا عضو ز جا رفته بجا می آید

ناخوانده نامه بر سر قاصد زدی ز نار — پیغام اشتیاق مرا این جواب بود

گر بر دے تو زلیخا مژه را وا میکرد — آنچه در خواب ندیده است تماشا میکرد

چو آن جامه که می بافند در وے سورهٔ قرآن — قماش حسن از خط واجب التعظیم می گردد

بے دماغم از پریشان اختلاطیهائے دل — گر بزلفش بر خورد با من نگوید شب بخیر

در دامن یار داغ مے نیست — بدستی او شگفته گل گل

چو نگذاری که من روزے نزاور دست و پا فتم — ببوسم سایه ات دادست و در پاے حنا فتم

این دل که هست باعث خاموشی لبم — قفلے که بود بر در خود از درون زدم

کین دل ما آخر از آن شوخ کشیدی — ای آئنه ما قدر تو نشناخته بودیم (۵ ب)

بتقریب عجب بودم رفیق محتسب عمرے — پئے تاراج مے تا خانهٔ خمار می رفتم

اے زلیخا ز خریداری یوسف بگذر — بندهٔ عشق شدی ترک خداوندی کن

آرزو بهر خلاص از غم عجب تقریب بود — شد جدا یار و نمردی در فراقش وائے تو

بقربان دیوانهٔ می روم — که در دست طفلی است زنجیر او

ز تو چشم مهربانی دگر اے فلک ندارم — شب هجر بود ممکن که سحر کنی نکردی

قیامتم بسر آورده پس از مردن — ز جان من دگر ای آسمان چه میخواهی

زلفت که از و نظم جهان حسن است — نازل شده سورهٔ بشان حسن است

خطت که برو شد است خوبی همه ختم — پیغمبر آخر الزمان حسن است

۲- میرزا اسمعیل ایما - موطنش اصفهان است با بعضے شعرائے آنجا مثل میر نجات و شفیعائے اثر هم طرح و هم عصر بوده، خوش فکر و صاحب تلاش است از وست:

مال ظالم می شود دائم نصیب دیگران — شمع هرگز خانهٔ زنبور را روشن نکرد

بے وعده آمد امشب آن مرهم دل ریش — هم چون گلے که آید در غیر موسم خویش

کے بود فکر ترقی در دلِ دیوانہ ام　　خوش ہوا از پستی دیوار باشد خانہ ام

۳ - احمد علی خان امین (۶ الف) - مولدش قم کہ شہرے است از شہرہائے مملکت ایران و از اقربائے برہان الملک سعادت خان بودہ در عہد سلطنت اورنگ زیب عالمگیر بہ ہندوستان ورود نمودہ بہ منصب سرفرازی یافت و در زمان فردوس آرام گاہ در جنگ نادر شاہ کہ بکرنال واقع شدہ بود، بہ شہادت رسید، او راست۔

سرفرازیم زپا بوسِ تو ای مایۂ ناز　　سایۂ سرو قدت کم نشود از سرِ ما

۴ - امیر احسنی - نامش میر غلام علی، و وطن گوالیار است، خانِ آرزو مغفور را وائل مشقِ سخن، اشعارِ خود را از نظرش می گذرانید - یک بیت از و بہ نظر رسیدہ۔

شانہ را آہستہ زن مشاطہ بر گیسوی او　　رشتۂ جان من است ای بے خبر بر موی او

۵ - میرزا محمد امین ازل - در سخن سنجی قدرت تمام و صحبت ارباب فضل و کمال را بغایت دوست می داشت و اکثر اوقات در انزوا و عزلت می گذارند در ایام محاصرۂ اصفہان کہ در سنہ یک ہزار و یک صد و سی و سہ (۱۱۳۳ھ) افواج افاغنہ از قندہار یورش نمودہ مدت یک سال و کسری شہر مسطور را محصور نمودہ بودند، (۶ ب) بعد ازان بتصرف آنہا در آمدہ تا نیم سال زمام سلطنت آن مملکت بہ قبضۂ اقتدار آن جماعۂ خونخوار ماندہ، وفات یافتہ - از و

دل جفائے کہ ازان زلفِ گرہگیر کشید　　نتوان گفت کہ دیوانہ زز بخیر کشید

گر خرابم کنی ای عشق چناں کن بارے　　کہ نباید دگرم منت تعمیر کشید

پیش تشریف رسای کرمِ دوست ازل　　خجلت از کوتہی قامتِ تقصیر کشید

شنیدم از زبانِ شمع و روشن گشت بر من ہم　　کہ یک شب اختلاطِ خلق جان بگداز و تن ہم

۶ - معزز خان افسر - نامش محمد علی بیگ بودہ و موطنش ایران - ابتدائے سلطنت فرخ سیر در رفاقت تقرب خان خانساماں بسر می برد و آخر بوسیلہ اش بصوبہ داری بنگالہ سرفرازی یافتہ بود، از وست۔

بآن اکراہ در آئینہ عکسِ خطِ خود بیند　　کہ پنداری بہ مصحف می کند نظارہ ترسائے

۷ - نظام الملک آصف جاہ - از امرایانِ عالی تبار و خوانینِ والا مقدار است

چوں حسب و نسب آں گرامی مرتبت بر ہمگناں[1] مثل آفتاب روشن است احتیاج بہ نوشتن ندارد بمقتضائے موزونی طبیعت اکثر اوقات عنانِ توجہ بسوی نظم اشعار معطوف (۷ الف) می داشت۔ اوراست۔

آہِ درد آلود می باید مرا — نغمۂ داؤد می باید مرا
عارض بے خال و خط پُر دلربا است — آتش[2] بے دود می باید مرا
تا رخ آن ماہ تابان بنگرم — طالع مسعود می باید مرا

۸۔ قزلباش خان امید۔ نامش محمد رضا بود و مولدش ہمدان و در اصفہان نشو و نما کردہ و تخلص از میرزا طاہر وحید یافتہ اوائل عہدِ بہادر شاہ وارد ہندوستان گردیدہ بذریعہ نواب ذوالفقار خان بہزاری منصب و خطاب قزلباش خانی ممتاز و مخاطب شد آخر برفاقت نواب آصف جاہ در دکن رفت و ترقیات نمایاں بحالش راہ یافت در سنہ یک ہزار و یک صد و چہل و یک ہمراہ نواب مرحوم مسطور بہ شاہجہان آباد رسیدہ بعد مراجعت نادر شاہ از ہندوستان از رفاقت باز ماندہ قریب دوازدہ سال ہمانجا سکونت اختیار کرد و در موسیقی مہارتِ عظمےٰ داشت و با وصفِ ولایت زائی بفہم دقائقِ موسیقی ہندی خوب میرسید در سنہ یک ہزار و یک صد و پنجاہ و نہ (۱۱۵۹ھ) بمرض سکتہ رخت ہستی بسوی عالم بقا کشید دیوانش قریب بہفت ہزار بیت (۷ ب) خواہد بود از آن جملہ است:

کفر و دین بر گردنِ ما بستہ اند — رشتۂ تسبیح و زنار یم ما
زندہ می سازی بحرفے از نگاہی می کشی — آفرین بر سحر و رحمت باد اعجاز ترا
گر بپرسند کہ امید چرا نالانی — ای ستم پیشہ بفرما چہ جواب است مرا
پیش آں غارتِ گر جان دل ندارد قیمت — راہزن کے قدر داند گوہر و زدیدہ را
وعدۂ بوسہ ز غم می کند آزاد مرا — می نواں کرد باندک سخنے شاد مرا

---

[1] اصل: ہمگیاں [2] اصل: دل دود

بوسۂ خواهم از لبے که ز شرم
هیچ کس را نداده است جواب

من نمی گویم گل و باغ و بهار از دست رفت
یک بهار آرزو یعنی که یار از دست رفت

گفتمت اے دل ترا کارے بکار من مباد
آنقدر بے طاقتے کردی که کار از دست رفت

چنان که روے ترا نیست نسبتے با گل
تفاوت از من و بلبل هزار چندان است

نتوانست به سر منزل تاثیر رسید
ناله را از دل او پاے به سنگ آمده است

جز میکده ها دگر ندیدیم
جائے که ز خویش می توان رفت

امید چه گویم که از آن وعده فراموش
صد حرف شنیدیم و یکے یاد نمانده است

روے تو هر که دید به مصحف شبیه گفت
هر کس شنید ذالک لا ریب فیه گفت

امروز جامه بهر چه بر تن درید صبح
آیا فسانهٔ شب ما را شنید صبح (۸ الف)

دیده گریان می شود از دل چو آهے می کشم
آرے آرے راست باشد باد باران آورد

اشک و آهم صبر و طاقت از دل بیتاب برد
پارهٔ را سوخت آتش پارهٔ را آب برد

شمشیر جور و خنجر کین می کشی چرا
قطع امید از تو با اینها نمی شود

بودیم بدوستیش خورسند
این نیز نصیب دشمنان شد

از خرابات به مسجد چه کنی تکلیفم
برو ای زاهد بیکار که فرصت دارد

تو که از شیشه شکستن نکنی شرم بگو
محتسب توبه شکستن چه قباحت دارد

یادی ز صحبت من و آن شوخ میدهد
در صحن باغ خندهٔ گل گریه هاے ابر

چون نماند بحیرت (ابدی)
چشم آئینه شد بروے تو باز

شب که در مستی از آن لب کام دل می خواستم
بوسه داد از حجاب و بی تامل گفت بس

شد حرف رقیب پیش او سبز
امید بگو دگر چه حاصل

رفت قاصد که برد نام مرا گفت خموش
این خط از نامه سیاهی است که من میدانم

رفتن از قهر شب آمدن از مهر بروز
عذر بدتر ز گناهے است که من میدانم

یار گفتا این سراپا بیم کیست
گفتمش دیوانهٔ امید نام

شوق گستاخانه زان لب بوسه درخواست (۸ ب) کرد
این گنه بر ما گرفت و از کرم بخشید هم

من واماندہ را چون نقش پا از ناتوانیہا — بکویت آمدن بسیار دشوار است و رفتن ہم

گفتی کہ بیک بوسہ کنم کام تو شیریں — قربانِ دہانِ تو بگو بار دگر ہم

نمی ترسم زبیم کشتن ای ترک جفا مشرب — تو خنجر میکشی من نیز بسم اللہ می گویم

روشن شود بہ پیشِ تو چون شمع سوزِ من — یک شب اگر تو ہم بہ نشینی بروز من

رقیب دیدۂ ما ہم بسرمہ محتاج است — بخاکپاے کسے دیدہ را سیاہ مکن

بے رحم دیدہ اند ز بس چشم یار را — برگشتہ اند آن مژہ ہای سیاہ از و

فرش است چشم منتظر آن ہم چو نقش پا — ہر جا کہ میروی بخدا دیدہ دیدہ رو

تو کہ از دل برون نیامدۂ — ایں قدر شوخ از کجا شدۂ

رہ آمد شد کویت چرا مسدود شد آخر — اگر صلح است پیغامی دگر جنگ است دشنامی

۹ - نواب امیر خان انجام - از امرایانِ عظامِ عہدِ فردوس آرام گاہ است و علو شان و رفعت منزلتش اظہر من الشمس، در ادا فہمی و بذلہ سنجی و لطیفہ گوئی و حاضر جوابی و موسیقی ثانی عدیم المثال بود در سنہ یک ہزار و (۹ ب) یک صد و پنجاہ و نہ بہ صحن قلعۂ شاہ جہان آباد زدست ملازمی بزخم جمدھر شربتِ شہادت چشید - از وست -

سرِ شکم کم نمیگردد بسعی چشم تر بستن — کہ نتوان شد رہ سیلاب را مانع ز در بستن

پئے آسودگی انجام صید لاغر ما را — ز تار عجز باید رشتۂ بر بال و پر بستن

نقل ہنگامے کہ نادر شاہ بر ہندوستان تسلط داشت روزے ہر دو بادشاہ در دیوان خاص نشستہ بودند کہ قہوہ[۵] آوردند فردوس آرام گاہ امر ساقی گری بنواب امیر خان فرمود آداب بجا آورد و پیالہ پُر کردہ در دل اندیشید کہ اگر جام اولین بدستِ نادر شاہ می دہم موجب تحقیر شاہِ خود است و اگر بدست محمد شاہ میدہم شاہ غیور و سفاک[۵] است ہمیں ساعت حکم بکشتن کند لختے تامل کردہ پیالہ را بدست محمد شاہ داد و گفت کہ شاہ مہمانست حضرت از دست مبارکِ پیالہ اول را تواضع نمایند ایں حرکت او ہر دو بادشاہ را پسند افتاد و زبان بہ تحسین کشودند۔

---

۵ بین السطور (شرابِ ب)

۵ بر حاشیہ: خون ریز

۱۰- اسد یار خان انسان - از رفقای (۹ ب) نواب امیر خان مغفور مذکور بوده و بوسیله اش ترقیات (نموده) چنانچه بصوبه داری کشمیر و بخشی گری رسالهٔ شمشیر داغ، و خطاب اسد الدوله سرفرازی یافته بود و هنگامے که نواب به نظامت صوبه اکبر آباد مامور و مشتغل بود خانِ مسطور بامر و کالتش بحضور می ماند فردوس آرام گاه نظر به لیاقت او در کمتر زمان نوئی متفقد حالش گردیده که چون نواب بحضور رسیده رشک بر مرتبه اش می بُرد از دست -

از کوے یار باز سفر میکنیم ما　　فردا قیامت است خبر میکنیم ما

۱۱- اسحاق خان اسحاق تخلص - از امراے عهد فردوس آرام گاه است گویند که شاهد ذات او بحلیه کمال آراسته و بلباس حسن خُلق پیراسته بود در سنه یک هزار و یک صد و پنجاه و دو (۱۱۵۲ھ) بعد رفتن نادر شاه بدیوانی خالصه سرفراز شاه بود و در همان سال رخت حیات ستعار را از بر کشید او راست -

خدا کند که گرفتار ناز خویش شود　　کسے که آفت صبر من از تغافل بود
شُفته آید گوهر اشکم بچشم　　بسکه در دل می خلد پیکانِ او
(۱۰ الف) بار و ر هرگز نمی گردد چنار　　دستِ صاحب جوهران خالی بود
برائے جستنِ دل سینه را کافته ام　　سواے درد تو چیزے دگر نیافته ام

۱۲- شاه فقیر الله آفرین - از متوطنین لاهور است مردے درویش از اهل تصوف صاحب درد بوده اوقات خود را مصروفِ عزلت و انزوا میداشت عبد الصمد خان و ریاخان صوبه دارانِ آن شهر پاس تحریم و تکریمش می نمودند و فن شعر صاحب قدرت ست از دست -

دل قبله و نیاز نمازِ دوام ما　　گرداندنِ رخ است ز دنیا سلام ما
پخته کے خواهد شدن سودائے خامِ عاشقان　　مصلحت بینی که دل نام است خود دیوانه گشت
آفرین خاک شد اعضا و همان بے تابم　　بال و پر ریختم و شوخی پرواز بجاست
آفرین دستے که وا می کرد آن بند قبا　　حلقهٔ اشب بر در چاک گریبان می زند
عزتے نیست هنرمند حوادث زده را　　هست بے قدر چو آن نسخه که ابتر باشد

یار ساقی بزم خالی از رقیب　　هر چه بادا باد می خواهد دلم
از شب غم تا کشیدم آتش افشان ناله (۱۰ الف)　　بر لب ما کرم شب تاب است هر تب ناله

۱۳- محمد صلاح بیگ آگاه - بر فاقت معنی یا سخن شاعر که در حرف شین مذکور خواهد شد می بود، و چندی همراه غلام محی الدین خان دیوان بیوتات سرکار والا نیز بسر برده اوست.

کار از دانهٔ تسبیح روا می گردد　　عقده از نام خدا عقده کشا می گردد
هوای دیدن آن ماهرو از بس بسر دارم　　نمی خواهم که هم چون مهر چشم از نامه بردارم

۱۴- راجه دیامل امتیاز خلف اصغر رائے بھوکن مل کایتھ که بدیوانی نواب اسد خان وزیر محمد اورنگ زیب عالمگیر سرفرازی داشت بوده و خودش مدتے بدیوانی سرکار نواب غازی الدین خان فیروز جنگ پسر نواب نظام الملک مذکور، و من بعد تا بقاے حیات خود بدیوانی نواب وزیر الملک غازی الدین خان بهادر بن غازی الدین خان مرحوم مسطور که درین ایام بسبب استیلاے خیلی از دیوان مردم آزار و گروهی موذیان ستم شعار یعنی افاغنهٔ بد نهاد که بقصد ایذاے عالم، بر نزهت آباد هندوستان تاخته اند، و ساحران دکهن که فسون دم شمشیر شان (۱۱ الف) سرکشان بلاد و امصار را در شیشهٔ اطاعت خود فرود آورده، از غلبه هراس آنها سحر شجاعت و مردانگی یک قلم فراموش ساخته خلقے از بیم آسیب این بلیهٔ ناگهانی مساکن گذاشته رو باطراف و جوانب نهاده اند، در بهرت پور تشریف دارد، اشتغال داشت صاحب طبع عالی بوده و در نظم و نثر دست گاه رسا داشته از وست.

کے شود بے شورش دریا عیان در دے حباب[۵۲]　　شاهد سوز درون باشد همین تب خال ما
خوبا غبار حسلوه گه یار کرده ام　　در دیده هم چو گرد بود توتیا مرا
زاهد از قصه حسن تو ز خود رفت بجاست　　سایه از پرتو خورد در پس دیوار گریخت
بے روے تو جان ز دیدهٔ تر　　پر کرده قدح در انتظار است
از راحت و فراغت کنج عدم مپرس　　در زیر خاک هر که بیاسود بر نخاست

---

۵۱ اصل: بھوکینل　　۵۲ اصل: حُباب

آشفتہ کرد عاقبت اجزائے جمع خویش — از باغ دہر ہر کہ چو گل زود بر نخاست
در یادِ خالِ عارضِ او بسکہ سوختم — چون داغ لالہ زآتشِ من دود بر نخاست

۱۵۔ میرزا ارجمند آزاد پسر میرزا عبدالغنی بیگ (۱۱ب) قبول است کہ در حرف قاف مسطور است اوراست۔

بجام تلخ صبر آسان علاجِ ظلمِ ظالم کن — نباشد بہتر از می چارہ سرمای عقرب را
بکعبہ بے دل روشن نمی توان رفتن — کسے بخانہ تاریک بے چراغ نرفت
می مکم آن دو لبِ میگون را — نشاتین است بکامم امروز
گل گشت باغ بے تو مرا بسکہ جان گزاست — آواز عندلیب بگوشم ہزار پاست

حرف الباء

۱۶۔ میرزا مہدی بیان۔ ہمشیرہ زادۂ ابوطالب کلیم بودہ و در ادابندی و نازک خیالی گوی سبقت از معاصران می ربودہ کم فکر و بامزہ گوست۔ در عہد محمد اورنگ زیب عالمگیر بہندوستان وارد شدہ بود اما روزگار ماوے مساعدت نکرد و در دکھن رفتہ رحیلِ دار البقا گردید از وست۔

آنکہ کج بہر ستم ساختہ شمشیر ترا — راست کرد است برائے دل ما تیر ترا
بہ ابروش سر میدہم چون زر نمی گیرد — خیالے کردہ ام با خویش اما سر نمی گیرد
بیان خاکِ رہت گردید عمر لیست — بزیر پا نگاہے میتوان کرد
شب حنا بست دلِ خلقی زکف امروز بست — خوب دستی آن بت بیداد گر (۱۲ب) کردہ است
بسکہ تیغش ستم بدلہا کرد — دہن زخم را بخود وا کرد
داغ جاے برائے خود میخواست — تن چو دادیم دست پیدا کرد

۱۷۔ میرزا محمد شفیع بسمل از اکابر بلدہ نیشاپور و عم نواب ابوالمنصور خان صفدر جنگ مغفور است کہ در زمانِ سلطنت میرزا احمد خدمت والاے وزارت بوی تعلق داشت در تقوی و صلاح کامل و اکثر علوم و فنون را ماہر بودہ از وست۔

گردِ ہستی را بآہی میتوان برباد داد — این قدر بسمل غبارِ خاطرِ قاتل مباش
در دیار زندگانی فرصتِ آرام نیست — ابلقی چون روز و شب در زیرِ ران داریم ما

۱۸۔ شاہ خلیل اللہ بلینوا پسر خلیفہ ابراہیم از سالکانِ مسالکِ طریقت و ناہجان مناہج حقیقت بوده و کسب سعادت از پدر خود نموده وطنش دہلی است و شعرش بیش تر رباعی و اکثر مطالب تصوف و توحید را دران نظم می فرماید او راست۔

من آب شدم سراب دیدم خود را — دریا گشتم حباب دیدم خود را
آگاه شدم تمام دیدم غفلت — بیدار شدم بخواب دیدم خود را

بابِ سوم - تواریخِ جلوسِ شاہاں و تواریخِ نوروز و بسنت و عید وغیرہ

۱ - جلوسِ احمد شاہ بادشاہ : آمد بشارت از غیب سلطانِ ہفت کشور (۱۱۶۱ھ)

۲ - جلوسِ شاہ عزیز الدین عالمگیر : بود رفاہ بمردم بدورِ عالمگیر (۱۱۰۷ھ)

۳ - مسند آرائیِ نواب آصف الدولہ بہادر فرمایش ایلچ خاں : مسندِ دولت جاوید [illegible]

۴ - تاریخ عید الفطر و عید الضحیٰ و ہم تاریخ بسنت دہولی و نوروز و دسہرہ :

روزِ بسنت ماہِ مبارک

۵ - تاریخ بسنت برائے نواب آصف الدولہ بہادر : صد ہمایوں بود سرور بسنت (۱۱۹۶ھ)

۶ - نیز تاریخ ہولی : تُرا ہولی مبارک باد و نوروز (۱۱۹۷ھ)

۷ - عید برائے شاہ عالم بہادر شاہ : عید ہر صبح از مبارک باد گویان تو باد (۱۱۹۷ھ)

۸ - برائے عماد الملک وزیر عالمگیر ثانی : نوروز ترا بود مبارک جاوید (۱۱۹۰ھ)

۹ - برائے احمد شاہ بادشاہ : شاہ را عید مبارک باشد (۱۱۶۱ھ)

۱۰ - برائے جناب حضرت امام العارفین امیر المحدثین خواجۂ دنیا و دین :

عید ماہ صیام باد افزوں (۱۱۵۹ھ)

۱۱ - بہ مرشد زادۂ حضرت صاحب میر مدظلہٗ : شکر خدا کہ بالتفات شایان داب عالی

عید الضحیٰ مبارک در گوش من بفرمود (۱۱۹۶ھ)

۱۲ - برائے نواب امیر الدولہ بہادر : گفت، عید الضحیٰ مبارک باد (۱۲۰۳ھ)

باب چہارم متعلق تواریخ حصول خطاب و منصب نیز جنگ و فتوحات وغیرہ

۱ - تاریخ نظامت صوبجات دکن بہ شاہزادہ عالی جاہ : فرق اعدائش جدا کردہ سر و شم مژدہ داد

شاہ عالی جاہ باد اشاہ شاہان دکن (۱۱۷۱ھ)

۲ - صوبہ داری بنگالہ نواب جعفر علی خاں نائب شاہزادہ : یافت رونق دیار بنگالہ (۱۱۷۰ھ)

۳ - صوبہ داری صوبہ اودھ بہ نواب اقتدار الدولہ : (۱) یافتہ صوبہ رونق دیگر (۱۱۸۹ھ)

(۲) صوبہ داری ترا مبارک باد (۱۱۸۹ھ)

۴ - دیوانی تن راجہ ناگر مل : شکر اللہ کہ جاں بتن آمد (۱۱۶۱ھ)

۵ - وزارت نواب آصف الدولہ : تاریخ آں وزارت ہندوستان رسید (۱۱۹۰ھ)

۶ - نیابت نواب آصف الدولہ بمختار الدولہ مرتضیٰ خاں : فزود زینت دیگر بمال و ملک وزیر (۱۱۸۹ھ)

۷ - خطاب راجگی بہ رائے رایان ناگر مل : کرد زینتش سر حاسد جدا

گفت، مہاراجہ بجا شد خطاب (۱۱۶۷ھ)

۸ - خلعت و تاج از حضور شاہ عالم بہادر بادشاہ بہ شاہزادہ جہاندار شاہ، فرمایش

مرزا مغل و بارگہ قلی خان : ہمایوں بود تاج شاہنشہی (۱۱۹۹ھ)

تحریر

علمی مجلس دلّی کا تماہی رسالہ

سالانہ ۱۲ روپے
ایک شمارہ: ۵ روپے

مرتب
مالک رام

جلد (۲)	۱۹۶۸ء	شمارہ (۴)

ILMI MAJLIS DELHI
R. Price 5/-

فہرست

مالک رام	ملاحظات	۲
احمد حسین شعر	تذکرہ بہار بیخزاں (مرتبہ نعیم احمد)	۵
ضیاء الدین ڈیسائی	بارھویں صدی ہجری کی ایک دکنی نظم	۱۴۱

ملاحظات

یہ سالِ رواں کا چوتھا اور دوسری جلد کا آخری شمارہ ہے۔ علمی حلقوں نے تحریر کا جس گرمجوشی سے خیر مقدم کیا اور جس دریا دلی سے اس کی خدمات کا اعتراف کیا، اس کا شکریہ ادا نہ کرنا کفرانِ نعمت ہوگا، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پرچہ ہنوز مالی پہلو سے خود کفیل نہیں ہو سکا — یہ صورت حال تشویشناک ہے اور تحریر کے قدردانوں کے لیے قابلِ توجہ۔

اس شمارے میں ایک اور تذکرہ "بہارِ بیخزاں" جو آج تک غیر مطبوعہ تھا، پہلی مرتبہ مکمل شامل کیا کیا جا رہا ہے۔ یہ احمد حسین تحر کی تالیف ہے اور آج تک اس کے صرف ایک بنیادی خطی نسخے کا علم ہو سکا ہے۔

غالب کی سو سالہ برسی ۱۵ فروری ۱۹۶۹ء کو ہوگی۔ ۱۵ فروری سے ۲۲ فروری تک ہفتہ بھر ملک بھر میں مختلف قسم کی تقریبیں منعقد کی جائیں گی۔ اس کے لیے راجدھانی نئی دلّی میں حکومتِ ہند کی سرپرستی میں وسیع پروگرام بنایا گیا ہے، اس موقع پر علمی مجلس کی طرف سے تقریباً تین سو صفحات کی ضخامت کا ایک مجموعۂ مضامین شائع کیا جائیگا۔ یہ تحریر کے خریداروں کو ۱۹۶۹ء کے پہلے شمارے کی جگہ پیش ہوگا۔

مالک رام

تذکرۂ

بہارِ بیخزاں

تالیف

احمد حسین سحر

ترتیب

نعیم احمد ایم اے پی ایچ ڈی

علمی
مجلس
دِلّی

سلسلہ مطبوعات علمی مجلس (۱۷)

جملہ حقوق محفوظ

بہار بیخزاں

مصنف : احمد حسین سحر

مرتب : نعیم احمد ایم اے پی ایچ ڈی

مطبع : کوہ نور پرنٹنگ پریس دہلی ۶

سال اشاعت : ۱۹۶۸ء

ملنے کا پتہ : علمی مجلس ۱۲۲۹ چھتہ نواب صاحب
فراشخانہ دہلی ۶

قیمت : (مجلد) پانچ روپے

مقدّمہ

(۱)

"بہارِ بیخزان" کا مصنف احمد حسین سحر لکھنوی ہے۔ اس کے حالات کا پتہ نہیں چل سکا۔ تذکرے کے اختتام پر تاریخ تصنیف مندرج ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تذکرہ ۱۲۶۱ھ (۱۸۴۵ء) مکمل ہوا۔

سحر نے اس کے علاوہ ایک تذکرہ "طورِ معنی" کے نام سے بھی لکھا تھا۔ "طورِ معنی" میں ایران کے فارسی گو شعرا کا حال بیان کیا گیا ہے۔ "بہارِ بیخزان" اور "طورِ معنی" دونوں ایک ہی جلد میں ہیں۔ "بہارِ بیخزان" کے مخطوطے کا سائز ۸½ × ۶½ ہے۔ اس میں ۹۴ صفحات ہیں۔

اس تذکرے کا صرف ایک خطی نسخہ موجود ہے۔ یہ نسخہ ندوۃ العلماء، لکھنؤ کے کتب خانے میں ہے۔ میں نے اسی نسخے کی بنیاد پر یہ متن تیار کیا ہے۔ اسی خطی نسخے کی ایک نقل مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ میں ہے۔

سحر نے جس زمانے میں یہ تذکرہ لکھا اسی عرصے میں درج ذیل تذکرے بھی لکھے گئے:

(۱) گلشن بے خار۔ مولفہ نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ ۱۲۵۰ھ (۱۸۳۴ء)

(۲) انتخاب دواوین مولفہ امام بخش صہبائی ۱۲۶۰ھ (۱۸۴۴ء)

(۳) مدائح الشعرا مولفہ عنایت حسین خاں مہجور ۱۲۶۰ھ (۱۸۴۴ء)

(۴) گلدستۂ نازنیناں مولفہ کریم الدین ۱۲۶۱ھ (۱۸۴۵ء)

(۵) گلستانِ بیخزان مولفہ قطب الدین باطن ۱۲۶۱ھ (۱۸۴۵ء)

(۶) خوش معرکۂ زیبا مولفہ سعادت خاں ناصر ۱۲۶۲ھ (۱۸۴۶ء)

(۷) طبقات الشعرائے ہند مولفہ فیلن اور کریم الدین ۱۲۶۳ھ (۱۸۴۷ء)

(۸) سراپا سخن مولفہ محسن علی محسن ۱۲۶۹ھ (۱۸۵۳ء)

(۹) یادگارِ شعرا مولفہ اشپرنگر ۱۲۶۹ھ (۱۸۵۳ء)

(۱۰) گلشن ہمیشہ بہار مولفہ نصر اللہ خاں ۱۲۷۱ھ (۱۸۵۴ء)

(۱۱) گلستان سخن مولفہ قادر بخش خاں صابر ۱۲۷۱ (۱۸۷۱ء)

(۲) تنقیدی مطالعہ

سحر نے لکھا ہے کہ اس کا شعری مذاق نہایت نفیس تھا۔ اس کا حافظہ بھی بہت اچھا تھا۔ اس لیے اس کو بعض اچھے شاعروں کے دل پذیر اشعار یاد ہو گئے تھے۔ اس کے حافظے کے اسی خزانے نے اس کو تذکرہ لکھنے پر اکسایا۔ اس نے اس تذکرے کا نام "بہارِ بیخزاں" رکھا اور اس میں وہ تمام اشعار شامل کر دیے جو اس کے حافظے میں محفوظ تھے۔ اس کی تکمیل ۱۲۶۱ھ میں ہوئی۔

سحر اس شعر کو اچھا سمجھتا ہے جس میں لطیف معنی کی تلاش، بامزہ فکر، دل خراشی یا تازہ فکر ہو وہ کہتا ہے کہ جس شعر میں فکرِ تازہ کا لطف نہ ہو اسے درج کرنے سے کیا فائدہ؟ اس کا دعویٰ ہے کہ "میں نے اس تذکرے میں کوئی ایسا شعر شامل نہیں کیا جس میں کوئی لفظ دل چسپ نہ ہو یا جس کی بندش رکیک ہو"

سحر کے بہ قول "بہارِ بیخزاں" کی تالیف کا سبب شاعروں کی نغز گوئی کا اظہار اور باذوق حضرات کی تفریحِ طبع کے لیے دل پذیر اشعار کی فراہمی ہے۔ اس نے اس سلسلے میں یہ دلیل دی ہے کہ "میرے اس قول کی تصدیق کا ثبوت اس تذکرے کا ہر شعر ہے"

سحر کے اس پاکیزہ شعری ذوق نے اس تذکرے کو حقیقتاً ایک دل چسپ گل دستہ بنا دیا ہے "بہارِ بیخزاں" میں مندرجہ اشعار کے تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کل ایک ہزار نو سو چوبیس اشعار ہیں (تذکرے کی تاریخ کے دو شعر ان کے علاوہ ہیں۔ ان اشعار کا متن سے کوئی تعلق نہیں) ان اشعار کی کیفیت یہ ہے:

آتش ۴۳۶ اشعار، غالب ۱۲۰، زکی ۸۵، گویا ۷۶، مصحفی ۱۰۱، میر ۱۹۵، ناسخ ۲۰۱، مذاق ۱۷۵ گویا آٹھ شاعروں کے ۱۳۶۳ اشعار ہیں۔ اس کے علاوہ:

انشا ۴۱ اشعار، برق ۲۶، جرأت ۲۱، میر حسن ۲۰، سودا ۳۱، شہیدی ۲۴، عیشی ۲۴، مومن ۳۹ اشعار، آٹھ شاعروں کے ۲۰۶ اشعار ہیں۔ باقی ۱۳۶۴ اشعار ۱۰۰ شعرا کے ہیں۔

اس تجزیے سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ سحر کا مقصد شعرا کا حال لکھنا یا اپنے تذکرے کو شعرا کے ناموں کا مجموعہ بنانا نہیں بلکہ ایسے اشعار پیش کرنا تھا جو دل و دماغ پر ایک کیفیت

طاری کردیں۔

اس حقیقت کے باوجود سحر نے بعض شعرا کے کلام پر بڑی جچی تلی رائے دی ہے۔ بعض جگہ اس نے انشا پردازی کا مظاہرہ بھی کیا ہے۔ ان عبارتوں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ فارسی زبان سے بخوبی واقف تھا۔ مثلاً آتش کے ترجمہ میں لکھتا ہے:

"یدِ بیضائے موسیٰ طورِ سخن دانی و حسن آرائے یوسفِ مصرِ نکتہ دانی ..... جیب و دامانِ کلامش بے تصنع ہم چو رخسارِ پری شمائلے است کہ از خم و پیچ طرۂ عنبر فشانش سودا زدگانِ دیوانہ مزاج را وحشت آموز رسوائی با است ....."

اسی طرح مصحفی کے بارے میں:

پیشِ بلندی رتبہ شاعریش اوج فلک بہ منزلہ پستی زمین است، و سلک نظم گہر بارش رو کشِ عقدِ ثریا و خوشۂ پروین۔ کلیم طورِ سینائے سخن دانی و ہنگامہ گرم کن دود دمانِ معنی بردہ ..... و چاشنی کلام شکر ینش بہ مذاق تلخ کاماں کام قند رکر رساختہ ....."

میر کے کلام پر:

"تاثیرِ کلام قیامت زا آتش تاثیرے دارد کہ ہم چو خدنگ خارا شگاف از سینہ برون می جہد۔"

سحر نے کم و بیش ۳۵ شعرا کے کلام کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کی ہے۔ تذکرہ نگاری کی روایت کے مطابق اس نے اپنے خیالات بہت مختصر الفاظ میں پیش کیے۔ جیسا کہ اوپر تجزیہ کیا جا چکا ہے اس کے محبوب شاعروں کی تعداد صرف ۱۶ ہے۔ باقی ۱۰۰ شاعروں کے اسے چند یا ایک دو شعر پسند آگئے تھے، اس لیے ان پھولوں کو بھی اس گلدستہ میں سجا لیا گیا۔ اسی وجہ سے اسے اس نے کسی کے کلام پر نکتہ چینی نہیں کی۔ آتش اور غالب ہوں یا مصحفی و ناسخ تمام مندرج شاعروں کے کلام سے اس نے شہد اور عطر نکال لیا ہے۔ اس نے اس رد و قبول میں بڑی دقت نظر اور وسعت مطالعہ سے کام لیا ہے۔ سحر کے بیان کے مطابق:

"..... (میں نے) سن تمیز کی ابتدا سے اب تک کلامِ موزوں کی تلاش میں

زندگی بسر کی ہے اور اس زمانے کے اکثر شعرا سے (میری) دوستی رہی ہے
فارسی اور اُردو کے پچاس سے زائد تذکروں کا مطالعہ کیا ....."

مصحفی کے کلام کے بارے میں لکھتے ہیں :

" فقیر ان کے ساتویں دیوان سے جو ان کی فکر کا خلاصہ ہے چند اشعار نقل کر کے کتاب کے صفحے کو تصویر معنی کا مرقع بناتا ہے"۔

گویا سحر نے مصحفی کے تمام دواوین کا مطالعہ کیا تھا۔

اسی مطالعہ اور غور و فکر کی وجہ سے اس کی تنقیدی اصطلاحیں بڑی جان دار ہیں اس نے درج ذیل اصطلاحیں استعمال کی ہیں :

دقت آفریں، نزاکت بنداں (غالب)
معنی بنداں (انشا)
شوخیٔ الفاظ، چستیٔ بندش، تازگی مضمون (انوار)
جادو بیان، بندش معنی، نازک، کلام سوز انگیز، لطافت (جرأت)
خوش فکر (جینا بیگم)
تلاش مضمون، بندش شعر خوش (حشر)
خوش فکر، خوش مذاق (حسین)
کلام معجز نظام (درد)
مضمون لطیف، پاکیزہ گو (دولھا)
کلام چوں گفتگوے محبوباں شیریں، ادائے سخن طرازی ہم چو ادائے دل فریب ملیحاں نمکین (زکی)
زبان آرائی، سحر پردازی، خوش فکر (سلیمان شکوہ)
خوش فکر، عالی طبع (شرر)
مضامین تازہ (طور)
یکہ تاز میدان معنی، شہ سوار عرصۂ سخن وری (گویا)
فکر بامزہ و موزوں (گنا بیگم)

مضامینِ رنگین، مضمونِ تازہ (مہر)
خوش گو (ملال)
موزوں طبع (معروف)
الفاظ شوخ، بندش چست (ناسخ)
معنی یاب (نظیر اکبر آبادی)
فکر دل نشین، سخن رنگیں (وزیر)
تلاش معنی ہائے تازہ (مذاق)
معانی لطیف (سحر)

"بہارِ بیخزاں" کی ایک اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ سحر نے ذوق، غالب اور مومن کے تراجم اور ان کے اشعار کی نقل میں ذوق پر غالب ہی نہیں مومن کو بھی ترجیح دی ہے۔ وہ ذوق کے بارے میں لکھتا ہے:

"... ملقب بہ خاقانیٔ ہند، شاعر والارتبہ، بلند پایہ گاہ، کہنہ مشق است۔ بہ استادی بادشاہِ دہلی سرمایۂ اعزاز حاصل کردہ، استادِ فن و عالی طبع است۔"

اس کے بعد ذوق کے ۱۰ اشعار

مومن کا ترجمہ:

"..... امروز بہ شاہ جہاں آباد جملہ سخن جان از گل چینانِ بہارِ معنیٔ او بودہ، صفحۂ نظم خویش بہ یمن آب یاریِ لطافتِ طبعش رشکِ گلزار می کند۔ از گل افشانی ہائے جامۂ بہارین رقمش مشام جانِ معنی آشنایان عطر بیز است، و بوصفِ سخن آفرینی ہائے لطافت زایش مداحان سخن طراز گہر ریز، مردمِ دہلی بہ استادیش افتخارہا دارند و در حقیقت مومن خان باعث مباہاتِ شہر و شہریان است۔

غالب کا ترجمہ:

"..... در این زمان بہ دار الخلافہ شاہ جہان آباد سکہ بہ نامش می زنند۔ در اوائل

بہ مقتضائے طبع دشوار پسند بہ طرزِ بے دل دقت آفرینی ہا در شعر کردہ و آخر
بران طریقہ پشت پا زدہ ہم چو نظیری طرزِ خاص ایجاد کردہ۔ دیوانے مختصر
بعد از ترتیب و تکمیل مرتب ساختہ، اشعار قابلِ انتخاب منتخب کردہ۔
بہ حضورِ والا بس نزاکت بندان زانوے ادب تہ می کنند۔ درین زمانہ
قدرِ سخن چون آبِ گوہر ریختہ ....."

ان بیانات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سحر کو ذوق کے کلام میں کوئی خوبی نظر نہیں آتی۔ وہ صرف ان کی کہنہ مشقی اور استادیٔ فن کا معترف ہے۔ اس کے برخلاف وہ مومن اور غالب کے کلام کی معنوی خصوصیات کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے۔ اس وقت ذوق کا طوطی بول رہا تھا۔ سحر کا ان کے کلام سے صرف دس شعر نقل کرنا اور مومن اور غالب کے اتنے زیادہ اشعار درج کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مومن اور غالب کو ان سے بڑا شاعر سمجھتا تھا۔ ۱۸۵۷ء کے بعد آزاد کی پرخلوص کوشش کے باوجود مومن اور غالب کے زندہ اور تھرکتے ہوئے اشعار کے مقابلے میں ذوق کے مصنوعی اور کاری گرانہ اشعار کا چراغ نہ جل سکا۔ سحر ایک ایسا تنقیدی شعور رکھتا تھا جس نے لفظی بازی گری کے اس دور میں ہی اس کو یہ عرفان بخشا تھا کہ اعلیٰ اور زندہ رہنے والی شاعری کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں؟

سحر نے نظیر اکبر آبادی کے کلام پر بھی عام روش سے ہٹ کر رائے دی ہے اور اسے "شاعرِ معنی یاب" قرار دیا ہے۔

میر حسن نے مثنوی "سحر البیان" میں لب و لہجہ کا جو جادو جگایا ہے سحر اس کا معترف ہے۔ اس نے یہ انکشاف کیا ہے کہ میر حسن نواب سردار جنگ خلف نواب سالار جنگ کی حرم سرا میں دن رات آیا جایا کرتے تھے اور ان کے خاندان کی عورتوں سے بے تکلف بات چیت کیا کرتے تھے۔ ان کی مثنوی کا لب و لہجہ اسی میل جول کا نتیجہ ہے۔

سحر نے میر کی زندگی کے اس پہلو کو بھی بے نقاب کیا ہے جس پر بڑا دبیز پردہ پڑا ہوا تھا۔ میر کے دل کھونے، رسوا ہونے اور خاک اڑانے کے بارے میں کلام کے داخلی شواہد کی بنا پر اندازے لگائے جاتے رہے ہیں۔ سحر اس باب میں بڑی قطعی اور مستند خبر دیتا ہے۔ اس نے میر کو مجنون بہار حسن لیلائے دل فریبی، فرہاد تلخ کام شیریں نوایان"

قرار دیتے ہوئے لکھا ہے :

"مشہور ہے کہ وہ اپنے شہر (اکبر آباد) میں کسی پری تمثال سے در پردہ محبت کرتے تھے۔ یہ پری تمثال ان کے اپنے ہی خاندان سے تعلق رکھتی تھی۔ آخر ان کا عشق مشک کی طرح چھپائے نہ چھپ سکا اور انھیں یہ خوف ہو گیا کہ کہیں وہ بدنام اور ان کی محبوبہ رسوا نہ ہو جائے۔ اس لیے وہ عشق کی تشہیر اور عزیزوں کی لعنت ملامت سے ڈر گیے اور اکبر آباد چھوڑ کر مختلف مقامات کو ہوتے ہوئے لکھنؤ پہنچے۔ وہ جب تک زندہ رہے محبت کا طوق ان کی گردن میں رہا اور جنون کی زنجیر ان کے پیر میں پڑی رہی۔۔۔"

(۳)

اس تذکرے کے متن کی تصحیح میں حتی المقدور کوشش کی گئی ہے۔ تحر نے مختلف شعرا کا جو کلام درج کیا تھا اس میں کاتب نے کافی ردّ و بدل کر دیا۔ بہت سے اشعار تو ناموزوں ہو گیے۔ اس لیے اشعار کی تصحیح میں کلیات و دواوین اور تذکروں سے مدد لی گئی ہے۔ تحر نے میر، آتش اور مومن وغیرہ کے چند ایسے اشعار بھی لکھے ہیں جو ان کے کلیات میں موجود نہیں۔ اس طرح اس نے ہمیں ان شاعروں کے کچھ نئے اشعار دے دیے۔

یہ تذکرہ علمی مجلس دلّی شائع کر رہی ہے۔ مجھے اس کی ترتیب کی طرف جناب نثار احمد فاروقی نے متوجہ کیا تھا اور جناب ظل عباس عباسی نے اس کی طباعت کی تمام ذمہ داریاں اٹھائیں۔ میں اپنے دونوں دوستوں کا مشکور ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین

تجلی افروزی ہائے طورِ سینائے خیال بہ ثنائے اعجاز پردازی ست کہ دمساراں سرد نفس از یمین افضالش صبح صفا پرست دعوی دلگیری دارند و جگر کاوی ہائے خارخار اندیشہ بہ فکرِ مداحی ممدوحی است کہ کام فرسایاں وادی معرفت بہ مراحلِ شوقِ بے پایانش آبلہ پا گردیدہ بہ سر فتادہ اند و دل باختگی ہائے مذاق معنی پرستان بہ عشقِ حسنِ صورت آفرینی است کہ خانہ برانداز ان بے سر و پایش سر رشتہ اختیار از دست دادہ دل از دنیا و مافیہا برداشتہ اند و محشر انگیزی ہائے ولولہ شوق شوریدہ مزاجاں بہ ترانہ سنجی اوصاف نغمہ سنجی است کہ بے نوایان بے سازسامانش صدائے آہ و نالۂ مسازرا کمتر از پردہ ہائے ارغنوں نہ پنداشتہ محامد و ثنایش از حوصلہ و ارادۂ قوتِ بشری بیرون است و گردِ سپاسِ نعمت ہائے الوانش از طاقتِ انسانی مندرج۔ از اعلیٰ ترین نعمتِ دولتِ دارینِ او یکے این است کہ برائے روشن گرئی انجمنِ شہود و ایجاد خلقتِ ذاتِ نجستہ صفاتِ نبی العربی المکی الہاشمی محمدِ المصطفیٰ شافع روز جزا و حضرات ایمہ و اہل بیت و خلفائے راشدین ساختہ کہ بہ نور افشانئ پرتوِ انوارِ فیوضِ ایشاں بینائے خورشید عالم تاب حکم ذرہ گرد آلود یافتہ و عالمے را از ظلمت کدۂ کفرستان بہ مشعل افروزی ایمان ہدایت کردہ صیقل گرئی آئینہ مکدر تیرہ دروناں بہ دلایل و معجزات روشن تر از آفتاب ساختہ

صلوٰۃ اللہ علیہ وسلم در نعت و توصیفش ناطقہ دم در گلو گرہ زدہ را ماند و در ثنائے و محمدت طرازی او زبان خامۂ آشفتہ رقم بہ رنگ موئے آتش دیدہ لامحالہ دریں وادی پائے کم آوردہ و قدم نہ گذاشتہ قصہ دیگری سخن شکستہ دل آشفتہ سر فرق تا قدم داغ بر شتہ جگر احمد حسین متخلص بہ سحر در مذاقِ شعر طبع پریشاں ساختہ و خاطر شگفتہ و خنداں بہ حسن پرستی ہائے گل رخان معنی تازہ افروختہ اکثر در ایام عمر ضایع رفتہ بہ تلاش معنی ہائے لطیف پرداخت و از فکرِ بامزۂ معنی سنجانِ نادرہ فہم سروکارے داشتہ اشعارِ دل پذیر ایشاں بہ سینہ سپرد۔ اکنوں کہ جرعہ کشی ہائے صہبائے ایں مذاقِ منضبطہ دل گرم کردہ سرمستی آوردمی خواست کہ کتابے بہ طورِ تذکرۂ شعرائے ریختہ گویاں ترتیب دادہ دلے خالی کند، فرصت وقت دست نہ می داد و بہ تالیف تذکرۂ فارسی ہمت مصروف داشت چوں صورتِ اختتامش حسبِ دل خواہ جلوہ گر شد ایں تذکرہ لطیف را کہ ہمچو اشعارِ رنگینِ خود روکش بہار است "بہار بیخزاں" نام نہادہ بہ تالیفش پرداخت و ہر قدر اشعارِ شعرا کہ دمِ تحریرِ تذکرہ بہ یاد داشت داخل تذکرہ ساخت و فصلے جداگانہ در خاتمۂ کتاب برائے ذکرِ اشعارِ شعرائے باقی ماندگان کہ نام و تخلص ایشاں بلا ترتیبِ حروفِ تہجی باشد افزود۔ از تماشائیانِ ایں گلستانِ بہار فریب و از نظارگیان ایں ہوشانِ غارت گرِ قرار و شکیب توقعے دارم کہ بہ چشمِ انصاف و دیدۂ حقیقت بیں و نظرِ دشوار پسند بہ ترتیب ایں تذکرہ نگاہے کردہ و مضمونِ ہر شعرِ دل خراشِ او وارسیدہ تماشا کنند کہ ہر قدر اشعار دریں تذکرہ جمع کردہ ام خالی از لطفِ فکر تازہ نہ بودہ اند۔ شعرے بیکار نوشتن چہ معنی است؟ لفظے کہ در شعر دل چسپ نہ دیدہ ام و بندشِ شعر رکیک دانستہ ام از شعر در گذشتہ تحریرش دریں اوراق کہ ہر ورقش بہ رنگِ ورقِ گل و معنی رنگین چوں لؤلؤ در گل است گوارہ نہ کردہ برعکسِ تذکرہ ہائے مبسوطِ دیگر شعرا کہ طوالت و بسط بہ جمع کلام رطب و یابس محض بہ اظہارِ سخن طرازیٔ خود و بیانِ پرگوئے شعر ناپسندیدہ افسانہ خوانی کردہ اند۔ ایں طرز مطبوعِ خود پنداشتہ بلکہ غایت از تالیفِ تذکرہ اظہارِ نغز گوئیِ شعرا و جمع اشعارِ دل پذیر برائے تفریحِ خاطرِ قدر شناسانِ سخن انگاشتہ برائے تصدیقِ قولِ من ہر شعرِ مولفۂ ایں کتاب دیدنی دارد۔ امید از انصاف پرستانِ معنی فہم آں ست کہ بعد از تماشائے ایں گلزارِ

تازہ بہار کہ بہ حضورش حرفِ گلشنِ خلد کہنہ فسانہ الیست و پیشِ کلامِ نمکین حسنِ ملیحانِ سبزہ رنگ بے نمک تر از خندۂ دیوانہ برائے درمانِ دردِ دل پرورِ ایں خستہ جگر بہ جنابِ چارہ سازِ دردمندانِ دعا ہا فرمایند کہ ہمیں آرزو است۔

آتش تخلص، خواجہ حیدر علی نام ید بیضائے موسیٰ طورِ سخندانی و حسن آرائے یوسفِ مصرِ نکتہ دانی است۔ نظمِ سحر پردازش فسونے بہ دلِ وارفتگانِ ادائے سخن دمیدہ کہ نقدِ جاں و دلِ شاں بہرِ نثارِ ہر لفظ و معنیش چوں متاعِ رایگاں ست و فکرِ معانیِ رنگین روکشِ فصلِ بہاری است کہ گل چینانِ گلزارِ سخن را ہر لحظہ گل ہائے تازہ نصیبِ جیب و داماں، کلامش بے تصنع ہمچو رخسارِ پری شمائے است کہ از خم و پیچِ طرہ عنبر فشانش سودا زدگانِ دیوانہ مزاج را وحشت آموزِ رسوائی ہا است جبینِ خورشید رخسارے از افشاں آراستہ اند کہ بہ تماشایش جگرِ ماہ پُر داغ گشتہ از بداختران آمادہ دل برداشتگی ہا گویا آئینہ بہ دستِ خود آرائے افتادہ کہ محو آرایشِ خود است و حنا بہ دستِ شاہدے بستہ کہ پنجہ بہ دامانِ شفق می زند۔ ہر لفظے کہ از زبانِ کلکِ جادو طرازش ریختہ ناخن بہ دل می شکند و ہر شعرے کہ از فکرِ رنگینش موزوں گشتہ چارہ سازِ دردِ دل کم افتد۔ چنیں نکتہ پرداز کم کہ نازد بہ او لفظ و معنی ہم کہ فقیر نظرِ لطف و عنایت دارد۔ چند غزل از دیوانِ رشکِ گلستانش رقم زدہ ایں سفینۂ دل آویز است ؎

حباب آسا میں دم بھرتا ہوں تیری آشنائی کا
نہایت غم ہے اس قطرے کو دریا کی جدائی کا

اسیر اے دوست تیرے عاشق و معشوق دونوں ہیں
گرفتار آہنی زنجیر کا یہ، وہ طلائی کا

دکھایا حسن سے اعجازِ موسیٰ کلکِ قدرت نے
ید بیضا بنایا چور انگشتِ حنائی کا

نہیں دیکھا ہے لیکن تجھ کو پہچانا ہے آتش نے
بجا ہے اے صنم گر تجھ کو دعویٰ ہے خدائی کا

وحشت آگیں ہے فسانہ میری رسوائی کا
عاشقِ زار ہوں ایک آہوئے صحرائی کا

مصرعۂ سرو میں لاکھوں ہی نکالوں شاخیں
باندھوں مضمون جو قدِ یار کی رعنائی کا

وہ تماشا ہے ترا حسنِ پر آشوب اے ترک
آنکھوں کی راہ سے دم نکلے تماشائی کا

اک پری کو بھی نہ شیشہ میں اتارا ایں نے
یاد کیا آئے گا اس گنبدِ مینائی کا

شہر میں قافیہ پیمائی بہت کی تشنہ
اب ارادہ ہے مرا بادیہ پیمائی کا

ولہ

ہے جب سے دستِ یار میں ساغر شراب کا
کوڑی کا ہو گیا ہے کٹورہ گلاب کا

صیاد نے تسلیٔ بلبل کے واسطے
کنجِ قفس میں حوض بھرا ہے گلاب کا

بیٹھو اسے نہ چاندنی میں بام پر پلنگ
منحوس ہے قراں مہ و آفتاب کا

اک ترک شہسوار کی دیوانی روح ہے
زنجیر میں ہماری ہے لوہا رکاب کا

اللہ رے ہمارے تکلف شبِ وصال
روغن کے بدلے عطر جلایا گلاب کا

پاتا ہوں ناف کا کمرِ یار میں مقام
چشمہ مگر عدم میں ہے گہر کے آب کا

ولہ

روبا کا حال یار کے آگے کہوں گا میں
یوسف کے خواب سے لطف ہے تعبیرِ خواب کا

غنچہ کا عقدہ اس کو سمجھ تو سہ اے صبا
توڑا طلسم بند جو ٹوٹا نقاب کا

کیا کیا مرادیں تو سن جلاد نے بھرے
بوسہ لیا جو میں نے تڑپ کر رکاب کا

ولہ

آنکھوں میں تیرے چاہنے والے کے داغ ہے
شبنم پسند ہووے گا حسن آفتاب کا

پروانہ سے لڑایا ہے بلبل کو رات بھر
شمعوں کو عطر یار نے مل کر گلاب کا

ولہ

قدِ صنم سا اگر آفریدہ ہونا تھا
نہ سروِ باغ کو اتنا کشیدہ ہونا تھا

ولہ

خفا ہیں مل کے بھی میں اس کو نہ دشمن سمجھا
گردشِ چرخ کو اک گردشِ دامن سمجھا

چھوڑتا میرے گریباں کو نہیں دستِ جنوں
کیا یہ شب کو کسی محبوب کا دامن سمجھا

سینہ سے مثلِ چمن میں نے لگایا جو اسے
داغِ سودا کو مرا دل گلِ سوسن سمجھا

زلفیں سنبل ہیں تو پھر نرگسِ شہلا آنکھیں
جس نے دیکھا ترے مکھڑے کو وہ گلشن سمجھا

ولہ

غم نہیں گو اے فلک رتبہ ہے مجھ کو خار کا
آفتاب ایک زرد پتا ہے مرے گلزار کا

اس پری رو کے جو کوچہ کا گذرتا ہے خیال
بن کے جن سایہ لپٹتا ہے مجھے دیوار کا

بوئے گل آتش کہیں ہوتی ہے محبوسِ نظر — افترا ہے روزِ محشر یار کے دیدار کا

ولہ

دمکتا ہے بدن کندن سا جوہر ایک حلقے سے — ترے جالی کے کرتے میں ہے عالم کامدانی کا
رسائی غیر نے پائی کہیں قصہ نہ برپا ہو — مری نیند اڑ گئی ان کو شوق ہے جب سے کہانی کا

ولہ

دیدہ و دل جب سے اوفرہاد یک بیں ہو گیا — ہم نے جس قہر کو دیکھا نفسِ شیریں ہو گیا
پھول جھڑتے ہیں ترے منہ سے جو اے شیریں دہن — کیا چمن آیا تری محفل میں گلچیں ہو گیا

ولہ

تصور ہر نفس ہے پیشِ چشم اس روئے روشن کا — نگہباں برق کو میں نے کیا ہے اپنے خرمن کا
کیا قتل اس نے کہنے سے رقیب تیرہ باطن کے — رکھا گردن پہ اپنی دوست نے احسان دشمن کا
چمن کا عالم آتا ہے نظر کنجِ شہیداں میں — قدم بادِ بہاری ہے مرے قاتل کے توسن کا

ولہ

یہ انفعالِ گناہ سے میں آب آب ہوا — کہ میرا کاسۂ سر کاسۂ حباب ہوا

ولہ

حشر کو بھی دیکھنے کا اس کے ارماں رہ گیا — دن ہوا پر آفتاب آنکھوں سے پنہاں رہ گیا
چال ہے مجھ ناتواں کی مرغِ بسمل کی تڑپ — ہر قدم پر ہے یقیں یاں رہ گیا واں رہ گیا
شامِ ہجراں صبح بھی کر کے نہ دیکھا روزِ وصل — سانپ کو کچلا پہ آتش گنج پنہاں رہ گیا

ولہ

تیری کاکل میں پھنسا ہے دل جوان و پیر کا — سیکڑوں آزاد ہے پابند اک زنجیر کا
باغ میں شب باش ہو کر لالہ رو جلوا نہ شمع — داغ بلبل کو نہ دے دکھلا کے منہ گلگیر کا
روز و شب پیشِ نظر چشمِ سیاہِ یار ہے — کام لیتا ہوں تصور سے میں آہو گیر کا
عمر بھر مضموں طلائی رنگ کے بندھتے رہے — سرنوشت اپنی بھی نسخہ تھا کوئی اکسیر کا
گوش گل رخسار لالہ چشم نرگس سرو قد — باغ کا تختہ ہے یہ صفحہ تیری تصویر کا

چار ابرو میں ترے حیراں ہیں سارے خوش نویس
کس قلم کا قط ہے یہ کاتب تری تقدیر کا

اس پری رو طفل کا دیوانہ ہوں آتش جسے
کھیل ہے اک توڑنا سودائی کی زنجیر کا

ولہ

بلبل گلوں میں دیکھ کے تجھ کو بگڑ گیا
قمری کا طوق سرو کی گردن میں پڑ گیا

چیں بر جبیں نہ اے بتِ چیں رہ غرور سے
تصویر کا ہے عیب جو چہرہ بگڑ گیا

کھینچی جو میری طرح سے قمری نے آہِ سرد
جاڑے کے مارے سرو چمن میں اکڑ گیا

شیریں کے شیفتہ ہوئے پرویز و کوہ کن
شاعر ہوں میں یہ کہتا ہوں مضمون لڑ گیا

اللہ رے شوق اپنی جبیں کو خبر نہیں
اس بت کے آستانے کا پتھر رگڑ گیا

اللہ رے بانکپن ترے کشتے کا بعدِ مرگ
تختے پہ غسل کے جو لٹایا اکڑ گیا

ولہ

سبزہ بالائے ذقن دشمن ہے خلق اللہ کا
رہ رڈوں کی موت ہے خس پوش ہونا چاہ کا

مایلِ معشوقۂ خسرو ہوا ہے کوہ کن
شیر کے جھوٹے کا کھانا کام ہے روباہ کا

نزع میں آیا نہ بالیں پر میری یار اس لئے
آخر ہر ماہ ہے معمول چھپنا ماہ کا

شعر کہتا ہوں میں اے آتش خدا کی حمد میں
میری ہر اک بیت میں عالم ہے بیت اللہ کا

ولہ

اگرچہ پاسِ محبت سے ترکِ شیون تھا
بہ رنگِ شمع خموشی میں حال روشن تھا

خفا ہوا جو ہوئے نیل گال بوسوں سے
چمن اداس مری جان بغیرِ سوسن تھا

ولہ

تن سے بارِ سر آمادۂ سودا اترا
شکر ہے خنجرِ قاتل کا تقاضا اترا

ولہ

جبکہ رسوا ہوئے انکار ہے سچ بات میں کیا
اے صنم لطف ہے پردے کی ملاقات میں کیا

کوئی اندھا ہی تجھے ماہ کہے اے خورشید
فرق ہوتا نہیں انسان سے دن رات میں کیا

ایسی اونچی بھی تو دیوار نہیں گھر کی ترے
رات اندھیری کوئی آوے گی نہ برسات میں کیا

آتشِ مست جو مل جائے تو پوچھوں اس سے
تو نے کیفیت اٹھائی ہے خرابات میں کیا

ولہ

دل شہیدِ رہِ داماں نہ ہوا تھا سو ہوا
ٹکڑے ٹکڑے جو گریباں نہ ہوا تھا، سو ہوا
ہو گیا دیکھ کے قاضی بھی طرف دار اس کا
بے گنہ خونِ مسلماں نہ ہوا تھا، سو ہوا
عرق آلودہ جبیں دیکھ کے دل ڈوب گیا
شبنمِ باغ سے طوفاں نہ ہوا تھا، سو ہوا

ولہ

خیال آیا جو عشقِ زلف میں دل کی تباہی کا
بندھا فکرِ رسا سے یک قلم مضموں سیاہی کا
خدا بھی خوب صورت کو نہایت دوست رکھتا ہے
ارادہ کون سے در پر کروں میں دادخواہی کا
فرشتوں سے لحد میں گفتگو یاں کون کرتا ہے
شہادت نامہ پڑھ لیں چار مومن کی گواہی کا
ہستانِ سنگ دل کی صورت آتش کاٹے کھاتی ہے
ارادہ کنجِ عزلت میں ہے اب یادِ الٰہی کا

ولہ

کون وارفتہ نہیں تیری طرح داری کا
حوصلہ سب کو ہے یوسف کی خریداری کا
سبزہ رنگوں سے بہت تنگ ہوں بتلا اے موت
مجھ کو دروازہ تو اس گنبدِ زنگاری کا
دل میں آتا ہے گلا کاٹئے در پر اس کے
بوالہوس حوصلہ پھر کر نہ سکے یاری کا
اس نے دکھلائی مجھے صورتِ ابرِ رحمت
میں تو آتش ہوں غلام اپنی سیہ کاری کا

ولہ

کشتہ ایک عالم ہے چشمِ لعبتِ خودکام کا
استخواں میں میری سگ پاتے ہیں شک بادام کا
نشۂ مے میں ہوا بیہوش میں برگشتہ بخت
تر دماغی میں مرض پیدا کیا سرسام کا
اے تپِ غم گور میں لے چل جوانی میں مجھے
دوپہر ہے موسمِ گرما میں وقت آرام کا
تختۂ میت فراقِ یار میں معراج ہے
وحی آنا جانتا ہوں موت کے پیغام کا
اے صنم عاشق سے ملتیں ہی نہیں آنکھیں تری
نشہ اللہ رے شرابِ حسن کے دو جام کا
لیسوؤں نے کر دیا وہ چند حسن روئے یار
نور ہوتا ہے زیادہ تر چراغِ شام کا
خم کاری کے جو کھانے کو مرا دل دوڑا
سر بہ کف میں طرفِ کوچۂ قاتل دوڑا

ولہ

ناتوانی نے یہ حالت مری پہنچائی ہے
دو قدم میں جو چلوں سینکڑوں منزل دوڑا

ولہ

زخم دل بھرتا ہے جلوہ چہرۂ پر نور کا
چاندنی میں یاں اثر ہے مرہم کافور کا

دیں نہ اربابِ صفا ہرگز کسی کے دل کو رنج
گوشۂ دامن سے اُلجھا جھاڑ کب بلّور کا

تشنۂ خوں ہی گیا مجھ ناتواں کا تیرِ یار
گر سنہ مہمان پھر جاتا ہے بے مقدور کا

کون سے دن سینکڑوں عاشق ترے مرتے نہیں
مشک سے سوداگراں ہے آج کل کافور کا

بادہ کا دھوکا دیا اس میں پسینے نے مجھے
نافِ ساقی پر ہوا شک ساغرِ بلّور کا

یار کے دل میں کب ایسے راہ پیدا ہو سکے
آہ میں میری ہے عالم گردنِ مغرور کا

ولہ

زلفِ پیچاں سے پریشاں حالِ سنبل ہو گیا
گُل ترے آگے چراغِ لالہ و گُل ہو گیا

ولہ

صاف آئینے سے رخسار ہے اس دلبر کا
یہ خدا کا ہے بنایا تو وہ اسکندر کا

چرخ کے پار گذر جاتی ہے آہِ عاشق
سقف کو توڑتا ہے دود میرے مجمر کا

کیا اثر ہو مری آہوں سے بتاں کے دل میں
صدمہ کھینچے نہ رگ سنگ کہیں نشتر کا

ولہ

دردِ دل سے اس قدر کاہیدہ میں غمگیں ہوا
جسمِ زار آخر کو تارِ بستر و بالیں ہوا

اپنے خوں کی بُو ہمیں آتی ہے تجھ سے اے نسیم
ہاتھ مہندی سے کسی محبوب کا رنگیں ہوا

مر گیا سنتے ہی اس کے نالۂ مرغِ سحر
وصل کی شب مرے حق میں سورۂ یٰسین ہوا

ولہ

آنکھیں عاشق کو نہ تو اے گُلِ رعنا دکھلا
پُتلیوں کا کسی ناداں کو تماشا دکھلا

اے جنوں تجھ سے مری آنکھ نہ جھپکے گی کبھی
قید خانہ تو دکھایا مجھے صحرا دکھلا

باغباں کون سی صورت مرے دل لگنے کی
ایک تو مجھ کو قدِ یار سا بوٹا دکھلا

دھیان آتا ہے جو چوٹی کا کسی کافر کی
کہتی ہے زلفِ رسا باندھ کے جوڑا دکھلا

ولہ

تیرے کشتوں سے جو صورت آشنا ہو جائے گا
زندگی سے دمِ مسیحا کا خفا ہو جائے گا

رشک کے مارے زمردِ خاک میں مل جائے گا
سبزہ پر اس گوش کے فیروزہ ہیرا کھائے گا

گوشت کھا کر استخواں میری نہ اے صیاد پھینک
دام میں رکھ دے انہیں زندہ ہما ہاتھ آئے گا

ولہ

فریبِ حسن سے گبر و مسلماں کا چلن بگڑا
خدا کی یاد بھولا شیخ بت سے برہمن بگڑا

قبائے گل کو پھاڑا جب مرا گل پیرہن بگڑا
بن آئی کچھ نہ غنچے سے جو وہ غنچہ دہن بگڑا

نہیں بے وجہ ہنسنا اس قدر خونِ شہیداں کا
تری تلوار کا منہ کچھ نہ کچھ اے تیغ زن بگڑا

ارادہ میرے کھانے کا نہ اے زاغ و زغن کیجو
وہ کشتہ ہوں جسے سونگھے سے کتوں کا بدن بگڑا

لگے منہ بھی چڑانے دیتے دیتے گالیاں صاحب
زباں بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجے دہن بگڑا

اثر اکسیر کا یمن قدم سے تیرے پاتا ہے
جذامی خاکِ رہ مل کر بناتے ہیں بدن بگڑا

ولہ

چمن میں شب کو جو وہ شوخ بے نقاب آیا
یقین یہ گیا شبنم کو آفتاب آیا

ان انکھڑیوں میں اگر نشۂ شراب آیا
سلام جھک کے کروں گا جو پھر حجاب آیا

ہماری قبر سے آوے گی یہ صدا تا حشر
یہ مردہ آیا کہ مجھ پر کوئی عذاب آیا

اسیر ہونے کا اللہ رے شوق بلبل کو
جگایا نالوں سے صیاد کو جو خواب آیا

کسی کے محرمِ آبِ رواں کی یاد آئی
حباب کے جو برابر کوئی حباب آیا

شبِ فراق میں مجھ کو سلانے آیا تھا
جگایا میں نے جو افسانہ گو کو خواب آیا

چکورِ حسنِ مہ چاردہ کو بھول گیا
مراد پر جو ترا عالمِ شباب آیا

محبتِ مے و معشوق ترک کر آتش
سفید بال ہوئے موسمِ خضاب آیا

ولہ

ہنگامِ نزع محو ہوں تیرے خیال کا
مشتاق ہوں فرشتۂ صاحب جمال کا

شانہ بنیں گے بعدِ فنا اپنے استخواں
عقدہ کھلے گا گیسوؤں کے بال بال کا

جگر خوں پان کھا کر کر چکے لعلِ بدخشاں کا
ملو مہندی جو پھیرا چاہتے ہو پنجہ مرجاں کا

شبِ مہتاب میں منھ کھول کر وہ شوخ سوتا ہے
ستارہ آج کل چمکا ہوا ہے ماہ تاباں کا

دل اس کا ہے خیال یار اگر تشریف فرما ہو
قدم آنکھوں کے اوپر، سر کے اوپر ایسے مہماں کا

ولہ

کفش تو پہنے ہوئے روندے ہے گلشن زیرِ پا
اور جوانانِ چمن کہتے ہیں دشمن زیرِ پا

ولہ

وہ نازنیں یہ نزاکت میں کچھ یگانہ ہوا
جو پہنی پھولوں کی بدھی تو دردِ شانہ ہوا

شہیدِ ناز و ادا کا ترا زمانہ ہوا
اڑایا مہندی نے دل چور کا بہانہ ہوا

شب اس کے افعی گیسو کا جو فسانہ ہوا
ہوا کچھ ایسی بندھی، گل چراغِ خانہ ہوا

بھرا ہے شیشۂ دل کو مئے محبت سے
خدا کا گھر تھا جہاں، واں شراب خانہ ہوا

ہوا جو دن تو ہوئی اس کو پاسِ رسوائی
جو آئی رات تو پھر نیند کا بہانہ ہوا

نہ پوچھ حال مرا چوبِ خشکِ صحرا ہوں
لگا کے آگ مجھے کارواں روانہ ہوا

خدا دراز کرے عمرِ چرخِ نیلی کو
یہ بے کسوں کے مزاروں کا شامیانہ ہوا

غرورِ عشق زیادہ غرورِ حسن سے ہے
ادھر تو آنکھ پھری، دم اُدھر روانہ ہوا

ولہ

عشق رکھتے تھے ہم ایک نیمچۂ ابرو کا
صورتِ زخم نہ ہوتا دمِ آخر

ولہ

ذکر کل آیا تھا گلشن میں جو اس مہ رو کا
حسن بے ساختہ دیکھا جو اس گل رو کا

ولہ

عالمِ منطق مصوّر ہو تری تصویر کا
منھ کتابی، قطبی ہے خط، حاشیہ ہے میر کا

ہر شبِ آدینہ آتا ہے وہ طفلِ شمع رو
اپنا تعویذِ لحد بھی نقش ہے تسخیر کا

رتبہ پہنچا ہے خموشی سے یہ مجھ دلگیر کا
جو کوئی دیکھے اسے شک ہو گلی تصویر کا

ہجر کے صدمے سے خوبی عشق کی ظاہر ہوئی
زخم کے جوہر سے جوہر کھل گیا شمشیر کا

کیسی کیسی صورتوں کے اپنے دل میں نقش ہیں
اس مرقع میں بھی ہے کیا کیا ورق تصویر کا

روک منہ پر وار قاتل کا سپر کی طرح سے
مرد کے چہرے کا زیور زخم ہے شمشیر کا

رتبۂ موسیٰ نمازِ پنج گانہ نے دیا
پانچ وقت اللہ سے موقع رہا تقریر کا

ولہ

سودائی ہے جو تیرے خطِ سبزہ رنگ کا
رہتا ہے اُس کو آٹھ پہر نشہ بنگ کا

دریائے حسن چہرہ ہے اس شوخ شنگ کا
مژگاں نہیں ہے آرہ ہے پشتِ نہنگ کا

ہشیاری رنج دیتی ہے قیدِ فرنگ کا
دیوانگی نشانہ بناتی ہے سنگ کا

کلمہ پڑھیں گے دونوں میری خانہ جنگ کا
زاغ ہو اس میں کہ طوطا تفنگ کا

رخسار صاف چاہیے نظارے کے لیے
آئینہ ہو حلب کا دیا ہو فرنگ کا

بعدِ فنا بھی رنگِ طبیعت نہ جائیگا
تربت سے میری پیڑ اوگے گا پتنگ کا

ولہ

فصدوں سے تو سودا نہ گیا حسنِ بتاں کا
دانتوں سے مگر کاٹنا باقی ہے زباں کا

تشبیہ نئی دوں ترے گیسوئے رسا کو
اترا ہوا چلّہ کہوں ابرو کی کماں کا

لہرا کے نہ اُلجھے مژۂ یار سے گیسو
سوزن نہیں دے سکتی ہے زنجیر کا ٹانکا

ایک آبلہ پک پک کے خموشی سے ہوئی ہے
کیا شعر کہوں قافیہ ہے تنگ زباں کا

تفتیش جو کرتے ہیں مری حالتِ دل کی
در پردہ پتہ پوچھتے ہیں تیرے مکاں کا

پیری میں جوانی کے کہاں چھپے آتش
اب اپنی غزل خوانی ہے غل برگِ خزاں کا

ولہ

پیری میں مجھ کو عشقِ حسین جواں ہوا
بارِ دگر کبادہ میں زورِ کماں ہوا

خوش چشموں کے فراق میں کھایا یہ پیچ و تاب
شاخِ غزال اپنا ہر ایک استخواں ہوا

انصاف میں نے عالمِ اسباب میں کیا
ہوائی چاندنی جو میسر کتاں ہوا

ولہ

بلائے جاں مجھے ہر ایک خوش جمال ہوا
چھری جو تیز ہوئی پہلے میں حلال ہوا

دھیان آیا ہے جو اس خورشید رُو کا خواب میں
تر ہوا ہوں میں پسینے میں شب مہتاب میں

آج تک حالِ دلِ بے تاب سے واقف نہیں
یار کو جھنکواؤں گا ایک دن چپ سیماب میں

ولہ

مرے دل کو شوقِ فغاں نہیں، مرے لب تک آتی دعا نہیں
وہ دہن ہوں جس میں زباں نہیں، وہ جرس ہوں جس میں صدا نہیں

ولہ

چاند سے منھ کو ترے یاد کیا کرتے ہیں
شبِ مہتاب میں فریاد کیا کرتے ہیں

صاحبِ حسن وہ صانع نے بنایا ہے تجھے
حسرتِ بندگی آزاد کیا کرتے ہیں

ولہ

اُلجھا ہے دل بتوں کے گیسوے پُرشکن میں
اُگتی ہے جا بہ جا سبزہ کنگھی مرے چمن میں

شیریں زباں ہوئی ہے فرہاد کے دہن میں
لیلیٰ پکارتی ہے مجنوں کے پیرہن میں

عطرِ گلاب مل کر حلقہ میں یار بیٹھا
بلبل پکڑنے آیا صیّاد انجمن میں

آیا تھا بلبلوں کی تدبیر میں، گلوں نے
ہنس ہنس کے مار ڈالا صیّاد کو چمن میں

دو روزہ ہے یہ لطفِ عیش و نشاطِ دُنیا
بوے شبِ عروسی مہماں ہے پیرہن میں

بازارِ مصر میں چل یوسف کا سامنا کر
کھوٹے کھرے کا پردہ کھل جائیگا چلن میں

بعدِ فنا رہے گا علم اپنا، اپنے ہمرہ
مضمونِ مردہ ہم کو یاد آئے گا کفن میں

سنبل سے بال اس نے جس روز سے بڑھائے
کنگھی دوا کی خاطر ملنے لگی چمن میں

ولہ

خدا بخشے، صنم یہ کہہ کے مجھ کو یاد کرتے ہیں
دعائے مغفرت میرے لیے جلّاد کرتے ہیں

خدا جانے یہ آرائش کرے گی قتل کس کس کو
طلب ہوتا ہے شانہ، آئینے کو یاد کرتے ہیں

خیالِ خط خیالِ بوسہ میں ہرگز نہیں رہتا
عبارت بھول جاتے ہیں جو مطلب یاد کرتے ہیں

کڑے پن کو ہماری خاکساری نے کیا زائل
وہ جوہر ہے یہ جس سے کشتۂ فولاد کرتے ہیں

عجب نعمت عطا کی ہے خدا نے اہلِ غربت کو
عجب یہ لوگ ہیں غم کھا کے دل کو شاد کرتے ہیں

ولہ

صدمے پہنچے ہیں ہمارے بازوؤں پر سیکڑوں
گم ہوئے ہیں اپنے یوسف سے برادر سیکڑوں

وہ رگِ سودا ہوں میں دستِ جنوں کے درمیاں
ٹوٹ کر رہ گئے ہیں جس میں نشتر سیکڑوں

ولہ

تیری خوش چشمی کا افسانہ سناتا ہوں میں
خوابِ خرگوش سے آہو کو جگاتا ہوں میں

ساقیا جام کو اللہ سلامت رکھے
یہ قدح میرا ہے، خیر اس کی مناتا ہوں میں

ولہ

گیسوؤں کا ترے سودا، شعرا رکھتے ہیں
یہی باعث ہے جو یہ فکرِ رسا رکھتے ہیں

دہنِ یار کو ہم تو نہ کہیں جوہرِ فرد
منطقی اس میں جو حجت کریں جا رکھتے ہیں

ولہ

مزا تجھ بن ہوا ہے تلخ عیش و زندگانی کا
ہوا لبریز مے سے جام میری زندگانی کا

جگر بھنتا ہے یک سو، یک طرف کو زخم پکتے ہیں
تردد خانۂ دل میں ہے غم کی مہمانی کا

دہانِ زخمِ دل کے قہقہے منظور ہیں آتش
تصور ہے مجھے کس کے لباسِ ارغوانی کا

ولہ

میرے اشکوں سے فلک تک موجزن سیلاب تھا
ہالۂ مہ کی جگہ حلقۂ گردابِ تھا

شبِ چمن میں کیں کفِ پا سے یہ نور افشانیاں
جو ترا نقشِ قدم تھا، سو گلِ مہتاب تھا

بزم میں تجھ بن جو پاس پوشی تھا مجھے
مثلِ رنگِ گل رواں اشکوں سے خونناب تھا

ایک جھٹکے میں جدا حلقے سے حلقہ ہو گیا
جوشِ وحشت، خانۂ زنجیر کو سیلاب تھا

ل کہیں دیکھا نہ میں نے داغِ حسرت کے سوا
میرے اشکوں سے مگر داغِ جہاں شاداب تھا

بح کرنے میں مرے آتش ہوا قاتل کو رنج
پنجۂ نازک میں اس کے خنجرِ بے آب تھا

ولہ

وتی جو اے صنم ترے سیبِ ذقن کی شاخ
بڑھ چل نہ سکتی ایک نہالِ چمن کی شاخ

خالِ عنبریں ہے وہ ایک مشکِ نافہ ہے
آنکھیں تری ہرن ہیں، بھویں ہیں ہرن کی شاخ

ولہ

تصور سے کسی کے میں نے کی گفتگو برسوں
رہی ہے ایک تصویرِ خیالی روبرو برسوں

چمن میں جا کے بھولے سے دلِ خستہ کراہا تھا
کیا کی گل سے بلبل، حیلۂ دردِ گلو برسوں

ولہ

بلبل کو خار خار دبستاں ہے ان دنوں
ہر طفل کی بغل میں گلستاں ہے ان دنوں

کافر ہو اے صنم جو خریدے نہ تو اسے
مہندی کے مول، خونِ مسلماں ہے ان دنوں

ولہ

دین و دنیا تجھے حاصل ہے جو منظور ہے وہاں
یہاں پری ہے تیری خدمت کے لیے، حور ہے وہاں

ولہ

شرف بخشا گہر کو صرف کر کے تو نے زیور میں
نگیں کو نام نے تیرے بٹھایا خانۂ زر میں

یہ کیفیت اسے ملتی ہے، ہو جس کے مقدر میں
مئے الفت، نہ خم میں ہے، نہ شیشے میں، نہ ساغر میں

رہا کرتا ہے نظمِ شعر کا سودا مرے سر میں
عروسِ فکر ان روزوں لدی رہتی ہے زیور میں

کریں گے سیرِ شب کو کیمیا گر تیرے کوچے میں
بھگو دیں گے فتیلے روغن گو گردِ احمر میں

نکل کر کنجِ عزلت سے کہ ہنگامہ افروزی
شرر یاقوت کا ہم سنگ ہے جب تک ہے پتھر میں

تفنگِ یار کے چھرّوں کی عالم کو تمنا ہے
یہ لوہے کے چنے ہیں دیکھئے کس کے مقدر میں

ولہ

بہار آئی ہے عالم ہے گل و نسرین و سوسن پر
جوانانِ چمن نازاں ہیں اپنے اپنے جوبن پر

کریں گے اس سے صید ایک دن ہمائے تیغِ قاتل کو
رگوں کا جال یاں پھیلا ہوا ہے اپنی گردن پر

دکھائی دختر رز نے یہ مے خانے میں نیرنگی
دمِ طاؤس کا عالم ہوا مینا کی گردن پر

ادب آموز ہے ہر ایک ذرہ اپنی وادی کا
نہیں ممکن کہ گرد اڑ کر پڑے رہ رو کے دامن پر

سیہ چشم اکثر آتے ہیں تماشا دیکھنے اس کا
کمند آہوئے شہری ہے سبزہ اپنے مدفن پر

نقاب الٹے جو تو نخسارِ آتش رنگ سے اپنے
پرِ پروانہ سے آ لے چلیں شمعوں کی گردن پر

فنا ہو کر بھی چھوٹے گی نہ خونِ نظارہ بازی کی
ہماری خاک کے ذرّے کریں گے قبضہ روزن پر

جنوں لے چل بیاباں کو میں باز آیا گلستاں سے
خوش آتی کس کو ہے چشمک زنی نرگس کی سوسن پر

عروجِ حسنِ بازاری پسندِ دل نہیں ہوتا
مجرد ہوں مگر رغبت نہیں فحبہ کے جوبن پر

ہر اک مصرعہ میں یہاں مضموں ہے آتش دوستداری کا
ہمارے شعر کا انصاف ہے انصافِ دشمن پر

ولہ

نہیں جو روز و شب و ماہ و سال سے واقف
وہی ہے خوب زمانے کے حال سے واقف

خدا کرے نہ تمہیں میرے حال سے واقف
نہ ہو مزاج مبارک ملال سے واقف

قلم نے چہرے حسینوں کے لوح پر لکھ کر
کچھ ہریوں کو کیا خط و خال سے واقف

نہ ہوتا تل ترے رخ پر نہ اے صنم ہوتا
بلال کعبے سے، کعبہ بلال سے واقف

ولہ

ستم اس بت کی پگڑی کا ہے ہر پیچ
غضب اللہ کا اس پر ہے سر پیچ

ولہ

پھیلائے پانو سوتا ہے عاشق کا ڈر نہیں
بارہ برس کا سن ہے ابھی کچھ خبر نہیں

ولہ

ملکِ دل میں جہاں پناہ ہو تم[1]
خوب صورت ہو، بادشاہ ہو تم

ولہ

خاک میں مل کے بھی ہوں گا نہ غبارِ دامن
کمرِ یار سے اٹھتا نہیں بارِ دامن

ولہ

بیدِ مجنوں دور سے خم ہو گیا تسلیم کو
سرو گویا سر و قد اٹھا مری تعظیم کو

شانۂ گیسوے جاناں میں صفا حاصل ہوئی
آئینہ حاضر ہے ناز و غمزہ کی تعلیم کو

ولہ

سرمہ منظورِ نظر ٹھیرا ہے چشمِ یار کو
نیلگوں گنڈا پنہایا مردمِ بیمار کو

حسنِ بے پردہ کا عالم جلوہ گر پاتا ہوں میں
دم پھڑک جاتا ہے عریاں دیکھ کر تلوار کو

بھول جاوے عالم اپنی چال کا طاؤسِ مست
نشۂ مے میں اگر دیکھے تری رفتار کو

---

[1] مطبوعہ دیوان میں: ع غیرتِ مہر رشکِ ماہ ہو تم

بوٹیاں اپنے کفِ پا کی جو صحرا میں پڑیں
رتبۂ سیخِ کباب آتشِ ملا ہر خار کو

ولہ

چشمِ بیمار کا یارب کوئی بیمار نہ ہو
زلف کے جال میں دشمن بھی گرفتار نہ ہو
حسن تکلیفِ لبِ بام اسے کرتا ہے
شرم سمجھاتی ہے سایہ پسِ دیوار نہ ہو

ولہ

ترے سوا کوئی ترکیبِ دل پسند نہ ہو
جو برقِ طور بھی چمکے تو آنکھ بند نہ ہو
زیادہ بوسے سے دشنام میں حلاوت ہے
وہ زہر ہے یہ کہ جس سے لذیذ قند نہ ہو
برابر اس کے کھڑا ہو کے سرو اکڑتا ہے
الٰہی قد بھی کسی کا بہت بلند نہ ہو
زباں وہ گنگ ہو جس سے نہ آفریں نکلے
وہ گوش کر ہو جو آتش سخن پسند نہ ہو

ولہ

کھائے گا خنجرِ جلاد کا چرکا پہلو
زخمِ پہلو کو مبارک ہو جگر کا پہلو
ہدفِ تیرِ نگہ ہیں جگر و دل دونوں
دیکھیے ہوئے اب آباد کدھر کا پہلو
نالۂ صبح شبِ وصل دلاتا ہے یاد
خالی ہوتا ہے مگر مرغِ سحر کا پہلو

ولہ

رشکِ آئینہ ہے اس رشکِ قمر کا پہلو
نظر آتا ہے اِدھر صاف، اُدھر کا پہلو
بڑھ چلا لاکھ قدِ یار کی موزونی سے
مصرعِ سرو میں نکلا نہ کمر کا پہلو
زخم کاری ہے مری جان جدائی تیری
دل نکل جائے گا، پہلو سے جو سر کا پہلو
یاد آتا ہے تِل اس سیبِ زنخداں کا مجھے
نظر آجاتا ہے داغی جو ثمر کا پہلو

ولہ

سامنے آنکھوں کے پہروں ہی بٹھایا یار کو
مال مارا ہم نے، لوٹا دولتِ دیدار کو
کیا ہوا نادم دکھا کر آئینہ میں یار کو
تپ چڑھ آئی، دیکھ اپنی نرگسِ بیمار کو
وقتِ آخر عشقِ پنہاں یار پر ظاہر ہوا
نزع میں عیسیٰ نے پہچانا مرے آزار کو
دستِ قدرت نے بنایا حسن کا مجھ کو گدا
آنکھوں کے کاسے دیئے دریوزۂ دیدار کو

چہرۂ رنگین کی دکھلائی تصور نے بہار
بند آنکھوں کو کیا، کھولا درِ گلزار کو

روگ سے الفت کے دق دل کو کچھ نسبت نہیں
درجۂ اوّل میں آخر کرتا ہے بیمار کو

حسن کے جلوے سے روشن ہوں گے آنکھوں کے چراغ
کورِ مادرزاد دیکھیں گے ترے دیدار کو

پھر گیا آنکھوں میں آتش، گورِ تیرہ کا گڑھا
خاک اُڑائی میں نے، جب سوچا مآلِ کار کو

ولہ

دلایا یاد شب اس نے جو تیری ساقِ سیمیں کو
رلایا صبح تک ہنس ہنس کے میں نے شمع بالیں کو

ہزار افسوس ہے اے بے مروّت تو نہیں آتا
غش آجاتا ہے اکثر، ترے بیتابوں کی نسکیں کو

تماشا دیکھتا ہوں گھر میں بیٹھے ہفت کشور کا
بنایا ہے مرا دل توڑ کے جامِ جہاں بیں کو

ولہ

یارب آغاز محبّت کا بہ خیر انجام ہو
شیشہ میں اترے پری پختہ جبوں کا خام ہو

چال وہ چلتے ہو دل پستے ہیں جس پر ہر قدم
کام وہ کرتے ہو جس میں ہر کسی کا کام ہو

کچھ تکلّف چاہیے، دولت سرائے یار میں
نقرئی دیوار و در ہو و بس، طلائی بام ہو

ولہ

بے قراری میں مری، یار اثر پیدا ہو
سر کو دیوار سے ٹکراؤں تو در پیدا ہو

جوہر پاک سے پاکیزہ گہر پیدا ہو
صلبِ یعقوب سے یوسف سا پسر پیدا ہو

میرے اشعار گل اندام پڑھیں اے آتش
فکرِ رنگیں میں مری، رنگِ اثر پیدا ہو

ولہ

خوشا وہ دل کہ ہو جس دل میں آرزو تیری
خوشا دماغ جسے تازہ رکھے بو تیری

شبِ فراق میں اک دم نہیں قرار آیا
خدا گواہ ہے، شاہد ہے آرزو تیری

دماغ اپنا بھی اے گل بدن معطر ہے
صبا ہی کے نہیں حصّے میں مشک بو تیری

شبِ فراق میں اے روزِ وصل تا دمِ صبح
چراغ ہاتھ میں ہے اور جستجو تیری

یہ چاک جیب کے حق میں دعائے مجنوں ہے
نہ ہو وہ دن کہ درستی کرے رفو تیری

جو ابر گریہ کناں ہے تو برق خندہ زناں
کسی میں خو ہے مری اور کسی میں خو تیری

وہ گل ہوں میں کہ ترا رنگ جس سے ظاہر ہے — وہ غنچہ ہوں کہ بغل میں ہے جس کی بُو تیری
زمانے میں کوئی تجھ سا نہیں ہے سیف زباں — رہے گی معرکے میں آتش آبرو تیری

ولہ

دیکھتا ہوں حسن کے عالم کو میں زیور کے ساتھ — مجھ کو بھاتی ہے بنا گوشِ صنم گوہر کے ساتھ
سبزۂ خط کو دکھا کر تو نے مارا ہے جنہیں — حشر ان لوگوں کا ہوگا خضرِ پیغمبر کے ساتھ
پر کترتا ہے میرے صیاد تو کاٹ اس طرح — حسرتِ پرواز بھی اڑ جائے بال و پر کے ساتھ
اس قدر شیریں دہن اے دلربا ہوتا نہیں — شیر دایہ نے پلایا ہے تجھے شکر کے ساتھ
جس قدر نفرت ہے اس سے مجھ تو کل پیشہ کو — اس قدر ہوگی نہ قاروں کو محبت زر کے ساتھ

ولہ

مجھ سے ہر بات میں قرآن وہ اٹھواتا ہے — گردنِ یار میں شاید ہے حمائل بھاری
ہم رہِ غیر گیا چاندنی میں سیر کو یار — ہو گیا مجھ کو ستارہ، مہِ کامل بھاری
آتش ان سے نہیں نظارے کا لپکا چھٹتا — میری آنکھوں کو ہے شاید کہ مرا دل بھاری

ولہ

رشکِ پنجۂ مرجاں، پنجۂ حنائی ہے — صاف ہیرے کی ترشی یار کی کلائی ہے

ولہ

مہندی سے اس کے ہاتھوں کی گل دست گیا ہے — چوٹی کے پیچ پیچ سے سنبل سسک گیا ہے
لبریز کر پیالے کو ساقی اس ابر میں — افیوں نہ سگ ہو کے کوئی مے پرست گیا ہے

ولہ

پیمبر میں نہیں عاشق ہوں جانی — ہے موسیٰ ہی سے یہ من ترانی
وہ خط ہے یادگارِ حسنِ رفتہ — وہ سبزہ ہے گلستاں کی نشانی
لیے ہیں بوسۂ رخسارۂ صاف — پیا ہے ہم نے آئینے کا پانی
سلاتی ہے دل آتش طور کی طرح — کسی پردہ نشیں کی لن ترانی

بے رخِ یار مجھے جان سے بیزاری تھی — ولہ — چاندنی رات نہ تھی، گور کی اندھیاری تھی

بوسۂ لعلِ لبِ یار کی حسرت ہی رہی
یا نکلتی ہی نہیں یا تو وہ بیزاری تھی

چھوٹ کر عشق کے پھندے سے ہوں تنگ اے آتش
مجھ کو آزادی سے بہتر وہ گرفتاری تھی

ولہ

اگر آپ سے اپنی کارروائی ہوتی
آبِ آئینہ سے دیوار گرائی ہوتی

پنڈلیوں تک تری چوٹی کی رسائی ہوتی
کل جو آنی تھی بلا آج ہی آئی ہوتی

تم نے آئینے سے گر آنکھ لڑائی ہوتی
رات بھر میری طرح نیند نہ آئی ہوتی

آستیں سے تری باہر جو کلائی ہوتی
شمع فانوس کے باہر نکل آئی ہوتی

تارِ سنبل کوئی کہتا ہے، رگِ گل کوئی
کمرِ یار جو ہوتی تو دکھائی ہوتی

بزمِ رنگیں میں تری سبز قدم رہنے نہ پائیں
گھاس اکھڑتی جو چمن کی تو صفائی ہوتی

ان عذاروں کی جو پاتی یہ صباحت آتش
یاسمیں باغ میں پھولی نہ سمائی ہوتی

ولہ

کوئے جاناں چمن سے بہتر ہے
اس کا کُتّا ہرن سے بہتر ہے

بازو اس کا مکانِ شکم اس کا
دھکدھی نورتن سے بہتر ہے

ہنسنے والا نہیں ہے روتے پر
ہم کو غربت وطن سے بہتر ہے

مانگئے کیا خدا سے چشمۂ خضر
کیا صنم کے دہن سے بہتر ہے

ولہ

تصویر کھینچی اس کے رخِ سرخ فام کی
یک سفحہ میں قلم نے گلستاں تمام کی

اللہ رے تکلفِ ساقی بہار میں
شیشے کی گلابیاں ہیں مرصع کے کام کی

سر ٹوٹے محتسب کا جو اس مے کدے میں آئے
جام آتشیں صراحی ہے سنگِ رخام کی

اصلاح لینے آتے ہیں رنگیں خیال لوگ
حد ہے ہوا اس چمن میں مجھے انتظام کی

اللہ رے پھڑکنا اسیرانِ تازہ کا
صیاد خیر مانگتا ہے اپنے دام کی

استادہ دیکھتا ہوں گلستاں میں سرو کو
آزادی سے بھی خو نہیں بدلی غلام کی

فرقت کی شب میں گرمی ہے روزِ قیام کی
مُردوں کی نیند نالوں نے میرے حرام کی

گذرا مجاز سے تو حقیقت کھلی مجھے
قرآں کا سامنا تھا جو ابجد تمام کی

ولہ

آتشِ نالۂ بلبل سے دھواں ہوتا ہے
سیرِ گلزار سے مجھ کو خفقاں ہوتا ہے
حسن کو داغ لگا دے گی یہ سیرِ گلزار
آپ پر حورِ بہشتی کا گماں ہوتا ہے

ولہ

چمن کا رنگ تجھ بن اپنی آنکھوں میں مبدّل ہے
چراغِ لالہ چشمِ غول ہے، گلزار جنگل ہے
ہزاروں حسرتوں کے روز و شب ہوتے ہیں خوں اس میں
نہیں معلوم دل ہے یا مرے پہلو میں مقتل ہے
بنایا ہے اسے شاید کہ دُودِ روغنِ گل سے
ہزاروں گل کھلاتا یار کی آنکھوں کا کاجل ہے
جو روتا ہوں تو دو دو دن مرے آنسو نہیں تھمتے
ہجومِ یاس سے ابرِ مژہ ساون کا بادل ہے
وہی عالم ہے اب تک خاکسارانِ محبت کا
وہی نقشِ قدم کی خاک پیشانی کا صندل ہے
بہار آئی ہے ہنگامِ جنوں ہے کپڑے پھٹتے ہیں
مسلسل ہوں میں دیوانہ، درِ زنداں مقفل ہے

ولہ

زاہد فریفتہ ہیں مرے نونہال کے
عاشق بزرگ لوگ ہیں اس خورد سال کے
ہر شب، شبِ برات ہے، ہر روز، روزِ عید
سوتا ہوں ہاتھ گردنِ مینا میں ڈال کے
شان و شکوہ نے ہمیں برباد کر دیا
مثلِ حباب اُڑ گئے خیمہ نکال کے

ولہ

تنگ دنیا کے خرابے میں ہوں نازک خو سے
دردِ سر ہونے لگا فاختہ کی کوکو سے
لبِ جاں بخش سے ہے چشمِ فسوں گر کا سوال
زندہ اعجاز سے ہوئے جو مرے جادو سے
غسل کرے یہیں دریا میں نہانے کو نہ جا
مچھلیاں لپٹیں گی اے یار ترے بازو سے

ولہ

شہرۂ آفاق مجھ سا کون سا دیوانہ ہے
ہندیں میں ہوں پرستاں میں مرا افسانہ ہے
بیچتا ہوں دل کو جو محبوب چاہے مول لے
بوسہ قیمت ہے توجہ کی نظر بیعانہ ہے
عالمِ آئینہ رکھتا ہے صفا سے دل مرا
آشنا سے آشنا، بے گانے سے بے گانہ ہے

اب نہیں اے یار جوبن کو ترے بیم زوال
خطِ مشکیں حسن کی جاگیر کا پروانہ ہے

ولہ

آتی ہے کس کے گیسوے عنبر شمیم سے
گلزار ہو رہے ہیں معطر نسیم سے
بیدار بخت ہوں میں وہ مومن میرے لیے
آتی ہے حور خواب میں باغِ نعیم سے
کشمیری طوسی لے گئے آکر دوشالہ باف
کچھ پشم جھڑ گئے تھے ہمارے گلیم سے
کھلوایا بیڑہ عیسیٰ سے کھائے جو اُس نے پان
بندھوائی مہندی پاؤں میں دستِ کلیم سے

ولہ

برقِ بے پردہ اگر چہرۂ نورانی ہے
پردہ پوشی تری تلوار کی عریانی ہے
روئے خورشید سے روشن رخِ نورانی ہے
صبحِ صادق سے کشادہ تری پیشانی ہے
ایک عالم ہے صنم بسکہ ترا فریادی
عرصۂ حشر جلو خانۂ سلطانی ہے
تابِ نظارہ کہاں اور کہاں دیدۂ شوق
صورتِ یار میں آئینے کو حیرانی ہے
زندگانی میں ہوں مرنے سے بدتر آتش
نقش تعویذِ لحد کا خطِ پیشانی ہے

ولہ

معشوق بھی کوئی نظر آتا نہیں ٹھنڈا
اوقات بسر ہوتے ہیں کشمیر میں میرے

ولہ

خود بہ خود جی مرا اداس نہیں
دل لگی جس سے تھی وہ پاس نہیں
مجھ کو چھوڑا تو غیر کو بھی
اس سوا اور التماس نہیں

ولہ

سنگ پھینکے ہے مری گور پہ گل کے بدلے
گالیاں دے ہے پس از مرگ وہ قل کے بدلے

ولہ

گیسوے مشکیں رخِ محبوب تک آنے لگے
چشمۂ خورشید میں بھی سانپ لہرانے لگے
دور کر دایا پسینے نے نقابِ گل عذار
قطرۂ شبنم بھی دیوارِ چمن ڈھانے لگے
رئیۂ یعقوب سے کنعاں میں آئی برشگال
قطرۂ شبنم بھی دیوارِ چمن ڈھانے لگے (دکنا)

ولہ

جانبِ کنجِ قفس ہونا روانہ یاد ہے
ہم کو گلزارِ عدم کا آشیانہ یاد ہے

ولہ

توڑوں وہ گل جو سرخ ہو روئے نگار سے
کاٹوں میں سرو کو جو بڑھے قدِ یار سے
عشرت کدہ ہے تیغ سے قاتل کی قتل گاہ
زخموں کی بدھی نکلتی ہے پھولوں کے ہار سے
واقف ہوئی خزاں نہ ہماری بہار سے
بدلا نہ رنگ نشے نے اپنے خمار سے

ولہ

حسرتِ جلوۂ دیدار لیے پھرتی ہے
پیشِ روزن پسِ دیوار لیے پھرتی ہے
تو نکلتا نہیں شمشیر بکف اے قاتل
موت میرے لئے تلوار لئے پھرتی ہے
کسی فاسق کے تو منھ کو نہ کرے گی کالا
کیوں سیاہی یہ شبِ تار لئے پھرتی ہے

ولہ

موت لکھی ہوئی قسمت میں جو تلوار کی تھی
شیرِ مادر میں حلاوت نئی ہر دھار کی تھی

ولہ

یہ کس رشکِ مسیحا کا مکاں ہے
زمیں جس کی چہارم آسماں ہے
تکلف سے بری ہے حسنِ ذاتی
قبائے گل میں گل بوٹا کہاں ہے
سحر ہو دے کہیں شبنم کرے کوچ
گل و بلبل کے دریا درمیاں ہے
خدا پنہاں ہے، عالم آشکارا
نہاں ہے گنج، ویرانہ عیاں ہے
چمن کی سیر پر ہوتا ہے جھگڑا
کمر میری ہے، دستِ باغباں ہے
ہوا ہے اس کی خوشبو سے ظاہر
کسی گل رو کا غنچہ عطرداں ہے

ولہ

شبِ برات جو زلفِ سیاہ یار ہوئی
جبیں سے صبحِ مہِ عید آشکار ہوئی
یہ سرخ نشے میں چشمِ سیاہِ یار ہوئی
زیادہ تر شفقِ شام سے بہار ہوئی
گذر ہوا جو کہیں مرقدِ غریباں پر
گھٹائیں پھوٹ بہیں برق بیقرار ہوئی

سنا ہے قصۂ مجنوں و دامن و فرہاد — کسی کی دوستی آتش نہ ساز وار ہوئی

ولہ

گنگ ایمائے لبِ یار سے گویا ہووے — تلوے آنکھوں سے ملے کور تو بینا ہووے
چھپ سکی بادِ صبا سے نہ تری زلف کی بو — مشک کا چور یقیں ہے یہ کہ رسوا ہووے

ولہ

شبِ فرقت میں یار جانی کی — درد پہلو نے مہربانی کی
منھ دکھاؤ بہت رہی تکرار — ارنی اور لن ترانی کی
لبِ جاں بخش کے قریب وہ خط — شرح ہے متنِ زندگانی کی
کمر یار ہو گئی غایب — سن کے دھوم اپنی ناتوانی کی
ہو گیا عشق حسن سے ناگاہ — پوچھتے کیا ہو ناگہانی کی
جس کو کہتے ہیں چودھویں کا چاند — تیری تصویر ہے جوانی کی
مجھ کو بٹھلا کے یار سوتا ہے — عاشقی کی، کہ پاسبانی کی

ولہ

نفسِ شقی روح کے ہم راہ تن میں ہے — یوسف کے ساتھ گرگ بھی اس پیرہن میں ہے

ولہ

رہ گئے مشتاق، طالب جلوۂ دیدار کے — مار ڈالا اس پری پیکر نے جھرمٹ مار کے
حلقۂ چشمِ پری روزن ہیں قصرِ یار کے — جن چڑھے سائیں جو ٹھہرے تیری دیوار کے
بلبلوں کا نکہتِ گل سے معطر ہے دماغ — غنچے کیا چٹکے ہیں، شیشے ٹوٹے ہیں عطار کے
دیکھ کر آئینہ کہتا ہے وہ آرایش پسند — طرّے کے قابل ہے سر گردن ہے لایق ہار کے
چھوڑ کر ہم نے امیری، کی فقیری اختیار — بوریے پر بیٹھے ہیں تالیں کو ٹھوکر مار کے

ولہ

بندِ نقابِ عارضِ دلدار توڑیے — باغِ مرادِ عشق کی دیوار توڑیے
وہ درد دوست ہیں جو خدا لکھ کر زخم دے — سو بار ٹانکے کھائیے، سو بار توڑیے

ولہ

کچھ نظر آیا نہ پھر جب تو نظر آیا مجھے
جس طرف دیکھا مقامِ ہُو نظر آیا مجھے

روئے گل بے چشم و بے ابرو نظر آیا مجھے
سروِ باغ اک قدِ بے بازو نظر آیا مجھے

اس نے ٹکوایا گریباں میں جو غنچہ بہرِ زینت
دو تو تھے ہی تیسرا ابرو نظر آیا مجھے

دل شبِ فرقت رہا سینے میں (مُردے) کی طرح
گور کا پہلو مرا پہلو نظر آیا مجھے

تیرے دانتوں میں دکھائی دی جو مسّی کی لکیر
اے پری دُرِ نجف میں مُو نظر آیا مجھے

یہ اشارہ کر رہی ہے اس کی چشمِ سرمہ گیں
چوکڑی بھولا اگر آہو نظر آیا مجھے

اس قدر ہے بوسۂ لب کا مزا مرغوبِ طبع
رال ٹپکی ہے جو شفتالو نظر آیا مجھے

ولہ

روح دو روز کو قالب میں ہے مہماں آئی
موت کو سمجھے رہیں گبر و مسلماں آئی

ولہ

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبلِ بے تاب گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسّر ہوا تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

جو جانتے کہ وہ چن چن کے ہم کو توڑیں گے
تو گل کبھی نہ تمنّائے رنگ و بو کرتے

بانکی ادا سے قتل انہوں نے کیا ہمیں
مہندی لگا کے پاؤں میں پنجوں کے بل چلے

ولہ

ولہ

ساغرِ لالہ ساقیا بھر دے
باغ کو رشکِ مے کدہ کر دے

ولہ

جوبن سے اپنے زیب دے باغ ڈھل چلے
رنگ ان گلوں کے چار ہی دن میں بدل چلے

تڑپا جو میں فشارِ لحد کے عذاب سے
تھرّائی گور قبر کے تختے نکل چلے

ثابت ہوا جو کشتۂ دندانِ یار ہوں
ہنس آ کے میری قبر پہ موتی اگل چلے

آئے جو کیفِ مے میں وہ گل گشتِ باغ کو
غنچے سے ٹوپی لالے سے پگڑی بدل چلے

خط یادگار چھوڑ چلے گیسوانِ یار
یہ سانپ چلتے چلتے بلا زہر اُگل چلے

ولہ

مجھ سے مستی میں جو ہوں شیشہ و ساغر ٹکڑے — ساقیا کیجیو میرے بھی برابر ٹکڑے
موسمِ گل ہے جنوں خیز بہارِ گل ہے — اُڑتے پھرتے ہیں گریباں کے ہوا میں ٹکڑے
آشنا صورتِ ہفتاد و دو ملت سے ہوں میں — آئینہ دل کا ہے پہلو میں بہتر ٹکڑے
زخمِ کاری کا جو سایل ہوا کسی ترک سے میں — یہ گدائی کا اثر ہو کہ ہو خنجر ٹکڑے
دلِ صد پارہ کو ڈھونڈا جو تیرے کوچے میں — ہاتھ آئے ہیں مجھے شیشے کے اکثر ٹکڑے
ستم و قہر و غضب ہے روشِ مستانہ — شیشۂ دل کو کرے گی تری ٹھوکر ٹکڑے

ولہ

خام کو شادی ہے غم پختہ کو ہے احسان سے — کشت کو نفع ہے خرمن کو ضرر باران سے

ولہ

الٰہی مجھے گیسوے دل ستاں کاٹے — اجل کہیں میرے پاؤں کی بیڑیاں کاٹے
کبھی جو آئینہ دیکھے وہ غیرتِ یوسف — اِدھر تو آپ، اُدھر عکس اُنگلیاں کاٹے

ولہ

پری زادوں کے کوچے میں ہوئے ہیں گرد آلودہ — ہمارے پاؤں کو دھوئیں گی حوریں آب کوثر سے

اسد

مرزا نوشہ اسد اللہ خاں اسد تخلص از خاندانِ عالی است، پیشتر غالب می کردہ و حالا اسد کردہ[1]۔ دریں زماں بہ دار الخلافہ شاہ جہاں آباد سکہ بہ نامش می زنند۔ در اوایل بہ مغتنماتِ طبع دشوار پسند بہ طرزِ بیدل دقت آفریں ہا در شعر می کردہ و آخر بر آں طریقہ پشت باز دہ ہمچو نظیری طرزِ خاص ایجاد کردہ، دیوانے مختصر بعد از ترتیب و تکمیل مرتب ساختہ اشعار قابلِ انتخاب منتخب کردہ۔ بہ حضورِ والا لبس نزاکت بنداں زانوئے ادب تہ می کنند۔ دریں زمانہ قدرِ سخن چوں آبِ گوہر ریختہ۔ از مغتنمات است۔

---

[1] "پیشتر اسد می کردہ و حالا غالب" ہونا چاہیے۔

نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے
سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا

کاوکاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا

بسکہ ہوں غالبؔ اسیری میں بھی آتش زیرِ پا
موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا

ولہ

شوق ہر رنگ رقیبِ سر و ساماں نکلا
قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

زخم نے داد نہ دی تنگیٔ دل کی یا رب
تیر بھی سینۂ بسمل سے پر افشاں نکلا

بوئے گل، نالۂ دل دود چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا وہ پریشاں نکلا

دل میں پھر گریے نے ایک شور اٹھایا غالبؔ
آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا، سو طوفاں نکلا

ولہ

محرم نہیں ہے تو ہی نوا ہائے راز کا
یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

رنگِ شکستہ صبحِ بہارِ نظارہ ہے
یہ وقت ہے شگفتنِ گل ہائے ناز کا

تو اور سوئے غیر نظر ہائے (تیر تیز)
میں اور دکھ تیری مژہ ہائے دراز کا

کاوش کا دل کرے ہے تقاضا کہ ہے ہنوز
ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا

ولہ

شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا
شعلۂ جوالہ ہر ایک حلقۂ گرداب تھا

واں خود آرائی (کو) تھا موتی پرونے کا خیال
یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا

یاں سرِ پرشور بے خوابی سے تھا دیوار جو
واں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا

یاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بیخودی
جلوۂ گل واں بساطِ صحبتِ احباب تھا

ولہ

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے (ٹپکے) ہے بیاباں ہونا

وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ (ہی) حیراں ہونا

جلوہ از بسکہ تقاضائے نگہہ کرتا ہے
جوہرِ آئینہ بھی چاہے ہے مژگاں

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا مت پوچھ
عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط
تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں

کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں

حیف اس چارہ گرہ کپڑے کی قسمت غالب
جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں

ولہ

گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہو جائے گا
بے تکلف داغِ مہ مہر دہاں ہو جائے

زہرہ گر ایسا ہی شامِ ہجر میں ہوتا ہے آب
پرتوِ مہتاب سیلِ خانماں ہو جائے

دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے کیا معلوم تھا
یعنی یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہو جائے

فائدہ کیا سوچ آخر تو بھی دانا ہے اسد
دوستی ناداں کی ہے جی کا زیاں ہو جائے

ولہ

گلہ ہے شوق کو دل میں تنگیٔ جا کا
گہر میں محو ہوا اضطراب دریا

غمِ فراق میں تکلیفِ سیر (باغ) نہ دو
مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بے جا

ہنوز محرمیٔ حسن کو ترستا ہوں
کرے ہے ہر بُنِ مو کام چشمِ بینا

دل اس کو پہلے ہی ناز و ادا سے دے بیٹھے
ہمیں دماغ کہاں حسن کا تقاضا

نہ کہہ کہ گریہ بہ مقدارِ حسرتِ دل ہے
مری نگاہ میں ہے جمع و خرج دریا

فلک کو دیکھ کے کرتا ہوں اس کو یاد اسد
جفا میں اس کی ہے انداز کار فرما

ولہ

جب بہ تقریبِ سفر یار نے محمل باندھا
تپشِ شوق نے ہر ذرّے پہ اک دل باندھا

اہلِ بینش نے بہ حیرت کدہ شوخیٔ ناز
جوہرِ آئینہ کو طوطیِ بسمل باندھا

نہ بندھے تشنگیٔ شوق کے مضموں غالب
گرچہ دل کھول کے دریا کو بھی ساحل باندھا

ولہ

وہ مری چینِ جبیں سے غمِ پنہاں سمجھا
رازِ مکتوب بہ بے ربطیٔ عنواں سمجھا

شرحِ اسبابِ گرفتاریٔ خاطر مت پوچھ ۔ اس قدر تنگ ہوا دل کہ میں زنداں سمجھا

ولہ

شب کو وہ مجلس فروزِ خلوتِ ناموس تھا ۔ رشتۂ ہر شمع خارِ کسوتِ فانوس تھا
مشہدِ عاشق سے کوسوں تک جو اگتی ہے (حنا) ۔ کس قدر یارب ہلاکِ حسرتِ پابوس تھا
حاصلِ الفت نہ دیکھا جز شکستِ آرزو ۔ (دل) بہ (دل) پیوستہ گویا یک لبِ افسوس تھا

ولہ

عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا ۔ درد کا حد سے گذرنا ہے دوا ہو جانا
اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم اللہ اللہ ۔ اس قدر دشمنِ اربابِ وفا ہو جانا
دل سے (مٹنا) تری انگشتِ حنائی کا خیال ۔ ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا
ہے مجھے ابرِ بہاری کا برس کر کھلنا ۔ روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہو جانا
گر نہیں نکہتِ گل کو ترے کوچے کی ہوس ۔ کیوں ہے گردِ رہِ جولانِ صبا ہو جانا
تا کہ تجھ پر کھلے اعجازِ ہوائے صیقل ۔ دیکھ برسات میں سبز آئینے کا ہو جانا

ولہ

گلشن میں بند و بست بہ رنگِ دگر ہے آج ۔ قمری کا طوق حلقۂ بیرونِ در ہے آج
آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ ۔ تارِ نفس کمندِ شکارِ اثر ہے آج

ولہ

حسنِ غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد ۔ بارے آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد
تھا میں گل دستۂ احباب کی بندش کی گرہ ۔ متفرق ہوئے میرے رفقا میرے بعد
کون ہوتا ہے حریفِ مئے مرد افگنِ عشق ۔ ہے مکرر لبِ ساقی پہ صلا میرے بعد
آئے ہے بے کسیٔ عشق پہ رونا غالبؔ ۔ کس کے گھر جائے گا سیلابِ بلا میرے بعد

ولہ

فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضہ ہے ۔ متاعِ بردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر
اسدؔ بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا تھا ۔ کہ مشقِ ناز کر خونِ دو عالم میری گردن پر

ولہ

آئینہ دیکھ اپنا سا منھ لے کے رہ گئے
صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

ولہ

نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز
تو اور آرائشِ خمِ کاکل
میں اور اندیشہ ہائے (دُور) دراز

ولہ

وہ فراق اور وہ وصال کہاں
وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں
فرصتِ کار و بارِ شوق کسے
دولتِ نظارۂ جمال کہاں
دل تو دل، وہ دماغ بھی نہ رہا
شورِ سودائے خط و خال کہاں
تھی وہ اک شخص کے تصور سے
اب وہ رعنائیِ خیال کہاں
فکرِ دنیا میں سر (کھپاتا) ہوں
میں کہاں اور یہ وبال کہاں

ولہ

نالہ جز حسنِ طلب اے ستم ایجاد نہیں
ہے (تقاضائے) جفا شکوۂ بے داد نہیں
کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے بہشت
یہی نقشہ ہے ولے اس قدر آباد نہیں
(کرتے) کس منھ سے ہو غربت کی شکایت غالبؔ
(تم کو) بے مہریٔ اربابِ وطن یاد نہیں

ولہ

ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے
تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے

ولہ

کرتا ہے بسکہ باغ میں تو بے حجابیاں
آنے لگی ہے نکہتِ گل سے حیا مجھے

ولہ

سادگی پر اس کی مر (جانے کی) حسرت دل میں ہے
بس نہیں چلتا کہ پھر خنجر کفِ قاتل میں ہے
دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے
گرچہ ہے کس کس برائی سے ولے با ایں ہمہ
ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے

بس ہجومِ ناامیدی خاک میں مل جائے گی
یہ جو اک لذت ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے

ولہ

دل سے تری نگاہ جگر تک اُتر گئی
دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی
شق ہو گیا ہے سینہ، خوشا لذتِ فراق
تکلیفِ پردہ داریٔ زخمِ جگر گئی
وہ بادۂ شبانہ کی سرمستیاں کہاں
اُٹھیے بس اب کہ لذتِ خوابِ سحر گئی
دیکھو تو دل فریبیٔ اندازِ نقشِ پا
موجِ خرامِ یار بھی کیا گل کتر گئی
مارا زمانے نے (نے) اسداللہ خاں تمہیں
وہ ولولے کہاں، وہ جوانی کدھر گئی

ولہ

پھر کچھ اک دل کو بے قراری ہے
سینہ جویائے زخمِ کاری ہے
پھر جگر کھودنے لگا ناخن
آمدِ فصلِ لالہ کاری ہے
وہی صد رنگ نالہ فرسائی
وہی صد گونہ اشکباری ہے
پھر اسی بے وفا پہ مرتے ہیں
پھر وہی زندگی ہماری ہے
بے خودی بے سبب نہیں غالبؔ
کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

ولہ

پیکرِ عشاق سازِ طالعِ ناساز ہے
نالہ گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے
دستگاہِ دیدۂ خوں بارِ مجنوں دیکھنا
اک بیاباں جلوۂ گل فرشِ پا انداز ہے

ولہ

کب وہ سنتا ہے کہانی میری
اور پھر وہ بھی زبانی میری
خلشِ غمزۂ خوں ریز نہ پوچھ
دیکھ خوں نابہ فشانی میری
کیا بیاں کر کے مرا روئیں گے یار
مگر آشفتہ بیانی میری
دہن اس کا جو نہ معلوم ہوا
کھل گئی ہیچمدانی میری
کر دیا ضعف نے عاجز غالبؔ
ننگِ پیری ہے جوانی میری
چاہیے اچھوں کو جتنا چاہیے
ورنہ یہ اگر جائیں، تو پھر کیا چاہیے

منحصر مرنے پہ ہو جس کی امید — نا امیدی اس کی (دیکھا) چاہیے
چاہتے ہیں خوب رویوں کو اسد — آپ کی صورت تو دیکھا چاہیے
غافل ان مہ طلعتوں کے واسطے — چاہنے والا بھی اچھا چاہیے

ولہ

رونے سے اور عشق میں بے باک ہو گئے — دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے

ولہ

مانعِ وحشتِ نوردی کوئی تدبیر نہیں — ایک چکر ہے مرے (پانو میں) زنجیر نہیں

ولہ

تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو — ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہم کو

ولہ

مے سے (غرض) نشاط ہے کس روسیاہ کو — اک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہیے

ولہ

ہو کے عاشق وہ پری رخ اور نازک بن گیا — رنگ کھلتا جائے ہے جتنا کہ اڑتا جائے ہے

ولہ

کہتے ہیں جیتے ہیں امید پہ لوگ — ہم کو جینے کی بھی امید نہیں

ولہ

جس جا نسیم شانہ کشِ زلفِ یار ہے — نافہ دماغِ آہوے مشکِ تتار ہے
چھڑکے ہے شبنم آئینۂ برگِ گل پہ آب — اے عندلیب وقتِ وداعِ بہار ہے
(تج) آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے — وہ آئے (یا) نہ آئے پہ یاں انتظار ہے
بے پردہ سوئے وادیٔ مجنوں گذر نہ کر — ہر ذرّۂ نقاب میں دل بے قرار ہے
اے عندلیب یک کفِ خس بہرِ آشیاں — طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار ہے

ولہ

آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں (جسے) — ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں (جسے)

ولہ

مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل — سن سن کے اسے سخنورانِ کامل
آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمایش — گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

ولہ

ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی — زیب دیتا ہے اسے جس قدر اچھا کہیئے
خامہ انگشت بہ دنداں کہ اسے کیا کہیئے — ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہیئے
مسی آلودہ سرِ انگشتِ حسیناں لکھیئے — داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا کہیئے
خاتمِ دستِ سلیماں کے مشابہ لکھیئے — سر پستانِ پری زاد سے مانا کہیئے
اختر سوختۂ قیس سے نسبت دیجئے — خالِ مشکینِ رخِ دل کشِ لیلیٰ کہیئے
صومعہ میں اسے ٹھہرائیے گر مہرِ نماز — مے کدے میں اسے خشتِ خمِ صہبا کہیئے
حجر الاسودِ دیوارِ حرم کیجیے فرض — نافہ آہوئے بیابانِ ختن کا کہیئے
وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق — رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیئے
کیوں اسے قفلِ درِ گنجِ محبت لکھیئے — کیوں اسے نقطۂ پرکارِ تمنا کہیئے
کیوں اسے گوہرِ نایاب تصور کیجئے — کیوں اسے مردمکِ دیدۂ عنقا کہیئے
کیوں اسے تکمۂ پیراہنِ لیلیٰ لکھیئے — کیوں اسے نقشِ پئے ناقۂ سلمیٰ کہیئے
بندہ پرور کے کفِ دست کو دل کیجیے فرض — اور اس چکنی سپاری کو سویدا کہیئے

انشا

انشاء اللہ خاں انشا تخلص در قصیدہ و ہجو گوئی بلائے روزگار بود۔ محاوراتِ اردو از زبانِ دانانِ عصرِ خویش نیکو می دانست۔ کتاب "دریائے لطافت" کہ بہ تحقیقِ ایں زبان گفتہ شاہدِ ایں مقالہ است۔ قصاید در زمیں ہائے مشکل ہمچو مرزا رفیع السودا گفتہ۔ طرزِ گفتگویش از دیگر معنی بنداں جدا ست و بہ حاضر جوابی و بدیہہ گوئی ہم لاجواب بود:

تنہا نہ اس کو دیکھ کے بلبل نے غش کیا — اپنی بھی جان فوت ہوئی دل نے غش کیا

کھڑے پاس کے صرف نہ بلبل نے غش کیا
چٹ پٹ بلائیں غنچوں نے لیں، گل نے غش کیا
صحنِ چمن میں ہیں گل و سنبل نڈھال سے
یاں کس کے عاشق، رخ و کاکل نے غش کیا

ولہ

دھوم اتنی تیرے دیوانے مچا سکتے ہیں
کہ ابھی عرش کو چاہیں تو (ہلا) سکتے ہیں
کر کے جھوٹا نہ دیا جام اگر تو نے تو چل
(بارے غیرت سے) ہم افیون تو کھا سکتے ہیں
ق
ہم نشیں تو جو یہ کہتا ہے کہ قدغن ہے بہت
اپنی آواز وہ کب تجھ کو سنا سکتے ہیں
اپنی نہ آواز سنائیں مجھے در تک آ کر
اپنے پانو کے کڑوں کو تو بجا سکتے ہیں

ولہ

کہتے ہو تم تو دم لے پرے ہٹ ابھی نہیں
اور آ نہ جائے کوئی، مرے جی میں جی نہیں
خلوت میں یوں جو چاہئے کہہ لیجئے مگر
لوگوں میں لیکن آپ کی میری ہنسی نہیں

ولہ

ترے غم میں ہم نے دی جان تڑپ، ارے تیرا خانہ خراب ہو
پسِ مرگ بیٹھے ہیں اس لئے، اسے گور میں بھی عذاب ہو

ولہ

بھری وہ آتشِ عشق اس دلِ فگار میں ہے
کہ لاکھ برق نہاں جس کے ہر شرار میں ہے
مزا جو آپ کے سینے کے کچھ ابھار میں ہے
نہ سیب میں، نہ بہی میں، نہ وہ انار میں ہے

ولہ

ہے یہ دھڑکا جو کہیں دیدۂ حیراں تر ہو
عرقِ شرم سے شاید رخِ جاناں تر ہو
بابِ پنجم کی مجھے سیر سے رقت آئی
کہیں ایسا نہ ہو سعدی کی گلستاں تر ہو

ولہ

نیند مستوں کو کہاں اور کدھر کا تکیہ
خشتِ خم خانہ ہے یاں اپنے تو سر کا تکیہ
سر تو چاہے ہے مرا، ہووے میسر تیرے
ہاتھ کا، بازو کا، زانو کا، کمر کا تکیہ
یہ تو حاصل ہے کہاں بھیج دے لیکن مجھ کو
جس میں بالوں کی ہو بو میرے ہو ترے سر کا تکیہ

شوق سے سوئیے، سر رکھ کے مرے زانو پر
اس کو مت سمجھیں کچھ خوف و خطر کا تکیہ
جب تلک آپ نہ جاگیں گے رہے گا یوں ہی
سر کے گا تب ہی کہ جب کہیے گا سر کا تکیہ

ولہ

سبزہ کیا خاکِ شہیداں سے ترے خاک اگے
جائے گل چاہیے واں سے دلِ صد چاک اگے
جس جگہ پھوٹ بہے زخمِ جگر کا انگور
سیکڑوں کوس تلک واں شجرِ تاک اگے

ولہ

پئے تعظیم اشک اس طرح آہِ سرد اٹھتی ہے
کہ جیسے قطرہ افشانی سے بوئے گرد اٹھتی ہے
گرہ حسرت کی ہر تارِ نفس میں پڑ گئی جب سے
یہ کیسی ہوک ہر دم اے دلِ پر درد اٹھتی ہے

ولہ

کیسی ہی کیوں نہ ہم میں تم میں لڑائیاں ہوں
جب کھل کھلا کے ہنس دو (باہم) صفائیاں ہوں

ولہ

گرچہ مے پینے سے کی توبہ ہے میں نے ساقی
بھول جاتا ہوں ولے تیری مدارات کے وقت
موسمِ عیش ہے یہ عہدِ جوانی انشا
دور ہیں تیرے ابھی زہد و عبادات کے وقت

ولہ

حیف ایام جوانی کے چلے جاتے ہیں
ہر گھڑی دن کی طرح ہم تو ڈھلے جاتے ہیں
ہاتھ کیا پھیرو ہو عارض پہ ابھی کیا ہے وہاں
خط کچھ دخل نہیں، گال ملے جاتے ہیں

ولہ

تفضلات نہیں، لطف کی نگاہ نہیں
معاملہ ابھی مطلق وہ رو براہ نہیں

ولہ

راتوں کو نہ نکلا کرو دروازے سے باہر
شوخی میں دھرو پاؤں نہ اندازہ سے باہر

ولہ

سچ یہ آفت تری یہ دھج، یہ خوش اندامی ہے
کہ نظر بھر کے تجھے دیکھیں تو بدنامی ہے
گالیاں سیکڑوں دیں، پاؤں جو دابے ہم نے
محنتیں خوب سی کیں، خوب سے انعام لیے

ولہ

ولہ

صاحب کے ہرزہ پن سے ہر ایک کو گلہ ہے
میں جو نباہتا ہوں، میرا ہی حوصلہ ہے

دیں گالیاں بہت سی، سن مطلع اس غزل کا
کہنے لگا کہ انشا اس کا یہی صلہ ہے

ولہ

یاں سینہ ہے مدینہ اور دل نبی کی مسجد
کیوں قبلہ ہے پہنچتی اس کو کسی کی مسجد

گچ کی بٹ اور اودی انگیا، تس پہ سنہری گوٹ لگی
چاند ابر سے نکلا برق کا ٹکڑا، چاند کے دل پر چوٹ لگی

ولہ

دُرِّ یتیم جو اس نازنیں کے کان میں ہیں
نہ ویسے بحر میں دیکھے سنے، نہ کان میں ہیں

بھلا میں کیوں کہ کہوں آپ پاک دامن ہیں
اگرچہ قسمیں ہزاروں تری زبان میں ہیں

لگاتے دم نہیں، منھ زرد اور آنکھیں نیچی ہیں
مزے سمائے ہوئے سارے جسم و جان میں ہیں

یہ سب غلط سہی آئینے میں تو اک ذرا
لبوں کو دیکھو مسی و پان میں ہیں

ولہ

نہ شیشے ہیں نہ ساغر ہیں، نہ ساقی متوالا
سرک جا سامنے سے ہٹ، ترے بدلے کدا کالا

آزردہ

آزردہ تخلص، مولوی صدر الدین خاں، صدر الصدور شاہ جہاں آباد، بہ انواع فضائل و فنون مہذب است۔ فکرِ نظم و نثر از ادنیٰ کمالات و جوہر ذاتی اوست:

یہ چھیڑ دیکھ مجھ سے شبِ وصل میں کہے
تو اجنبی ہے بندِ قبا (کیوں کہ) وا کروں

آرام

آرام تخلص:

خون آنکھوں سے نکلتا ہی رہا
دل کا فوّارہ اُچھلتا ہی رہا

آشوب

آشوب تخلص، امیر الدین نام۔ از شاگردانِ غلام علی عبرت بودہ:

ناوکِ غم سے چھنا یاں تک تن اس ناکام کا
استخواں پر ہے گماں میری ہما کو دام کا

آشفتہ

آشفتہ تخلص، سید تہور علی نام - از مشاہیر دہلویاں ست :

ابھی دلربائی کو کیا جانتا ہے　　ستم کو وہ بدخو ادا جانتا ہے
ہے جلّاد کی سادگی میں بھی شوخی　　مرے خون کو رنگِ حنا جانتا ہے

اثر

اثر تخلص، نواب حسین علی خاں خلف الصدقِ مرزا حیدر بیگ خاں - از بلند نامی ہا کہ داشت محتاج بہ شرح نیست :

آہ کی برق جو سینے میں چمکتی دیکھی　　طفلِ اشک آکے چھپے دامنِ مژگاں کے تلے

ولہ

بسکہ ورد آٹھوں پہر نام اس مہِ تاباں کا ہے　　بن گیا اختر مری تسبیح کا جو دانہ تھا

اثر

اثر تخلص، سید محمد برادرِ خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ - کلامِ شاں از غایتِ سوز و گداز دل پذیر و مثنوئ شاں شہرتے دارد :

جی میں ہے از سرِ نو جور ترے یاد کریں　　تو سنے یا نہ سنے نالہ و فریاد کریں
ہم اسیروں کی اسے چاہئے خاطر داری　　اور اٹھے نہ کہ ہم خاطرِ صیاد کریں

ولہ

یہاں تغافل میں اپنا کام ہوا　　تیرے نزدیک یہ جفا ہی نہیں

احسان

احسان تخلص، حافظ عبدالرحمٰن خاں - از سخن طرازانِ عہدِ شاہ عالم بادشاہ است :

کہتے ہو کیا رقیب کو بھیجوں بتا صلاح　　لعنت ہی بھیجئے گا یزیدِ لعین کو

ولہ

کہتے ہیں پلٹ گیا وہ رہ سے　　تقدیر اُلٹ گئی ہماری
کیا کام کسی سے ہم کو احسان　　ہم اور یہ بے کسی ہماری

ولہ

مرنے کے بعد آن کے کٹوائیں بیڑیاں　　آج آپ اپنے کشتے کی منت بڑھا چلے

احسن

احسن تخلص، مرزا احسن علی - از تلامذۂ مرزا رفیع بودہ - در بداہت حال پرتوے از میر ضیا ہم گرفتہ، اما ذرہ اش خورشید ازو نہ گشتہ:

شب کو محفل میں ہر اک مہ پارہ گرمِ لاف تھا　　صبح دہ خورشید رو نکلا تو مطلع صاف تھا

ولہ

سجدہ گہ ہے خاکِ احسن اب تو ساری خلق کی　　جان دی تھی اُس نے کس کی حسرتِ پابوس میں

آمان

آمان تخلص، غالباً نامش ہمیں باشد - نصرانی بودہ - اصلش از فرنگ، ولادتش بہ ہند اتفاق افتادہ:

خط کا بھی جواب ہے، جو لکھا کبھی خط　　کر ڈالونگا اک دم میں ترے آن کے ٹکڑے

امین[1]

امین تخلص، امین الدین - عظیم آبادی ست:

ہم کو کیا گر بہار آتی ہے　　دل وہ غنچہ نہیں جو وا ہوگا

اثر

اثر تخلص سید، آل نبی - از سادات بلگرام بودہ است - مرد لیست آزاد وضع واز اکثر در علوم رسمیہ مہارتے دارد و در خطِ نستعلیق ہم دستگاہے - اشعارش یاد شدند کذا

تیری تلوار کا کیوں کر کہوں احساں نہ ہوا　　سر مرا شکر ہے منت کشِ طفلاں نہ ہوا
دعوائے ہمسریِ قدِ قیامت کے لیے　　سر و نکلا تھا مگر وہ بھی خراماں نہ ہوا
بت پرستی کے سوا دہر میں (آکر) تجھ سے　　اے اثر! اور کوئی کارِ نمایاں نہ ہوا

---

[1] اصل: آش

انوار

انوار تخلص، انوار حسین نام۔ از رؤسائے قصبہ سہسوان است۔ از مشق تازۂ خویش آب و رنگِ سخنِ معنی طرازانِ کہنہ مشق بہ خاک ریختہ۔ شوخیٔ الفاظ و چستیٔ بندش و تازگیٔ مضمون از ہر بیتِ او می تواں یافت۔ کمتر بفکرِ شعر می پردازد وحشت طبعش عارض و مزاجش (بہ) سخن پرستی مایل است۔ تذکرۂ شعرا جمع کردہ و دادِ سخن (آفرینی ہا) دادہ۔ بار اقم السطور اتحادِ دلی دارد و ما را ہم با مزاج و طبعِ او نسبتے حاصل است۔ چند اشعارش کہ ایں وقت بہ یادِ فقیر است تحریرش صفحۂ کاغذ را گلستاں می کند و اکنوں تسلیم تخلص می کند۔

رو رو کے اشک رو کے ہیں چشمِ پُر آب میں — دریا کو ہم نے بند کیا ہے حباب میں
دہانِ حسن کو جو ہوگی ترقی شباب میں — یہ نور پھر رہے گا کہاں آفتاب میں

ولہ

تل نہ سرمے کا لگا تو ابروے خمدار میں — کم بہا ہوتی ہے وہ جھالا ہو جس تلوار میں
ہوشِ مرغانِ چمن ایسے اڑے اس گل کو دیکھ — نالہ جو منقار میں تھا، رہ گیا منقار میں

ولہ

غیر کے بوسوں کے اب تک نیل ہیں رخسار پر — دیکھو شرماتے نہیں منہ پہ کہواتے ہو تم

بیدار

بیدار تخلص، میر محمدی۔ در اکبر آباد طرحِ اقامت می انداخت و در کسبِ باطن ہم اشتغال داشت۔ از خدمتِ مولانا فخر الدین خرقۂ خلافت در بر کردہ، نسبتش درست داشت۔ دیوانے مشہور دارد۔

ہم تری خاطرِ نازک سے خطر کرتے ہیں — ورنہ یہ نالے تو پتھر میں اثر کرتے ہیں

ولہ

نہ گئی تیری سرکشی ظالم — ہم نے ہر چند جبہہ سائی کی

بقا

بقا تخلص، محمد بقاء اللہ۔ از لکھنؤ بودہ۔ اکثر بہ شعرائے لکھنؤ معارضات کردہ کہ نوبت

بہ ہجو گوئی دیگراں نسبتِ او و ازو نسبت بہ دیگراں رسیدہ۔

یاد میں تڑپے ہے دل کس ابروئے خمدار کے — آہ کچھ ناخن بہ دل ہے آج اس بیمار کے

برق

برق تخلص، مرزا محمد رضا۔ کلامش صاعقہ افگنِ خرمنِ ہوش و خرد است۔ بہ شاگردانِ ناسخ ہمچو بیتِ ابرو انتخاب است بلکہ باعثِ شہرت و افتخارِ استاد۔ بہ حسن اخلاقِ ظاہر و لطافتِ معنی آراستہ۔ نظمِ ہوش ربایش کمتر از ناسخ۔ فی زماننا از عمدہ سخن سنجانِ لکھنؤ است و بہ سلکِ ملازمان بہ اختصاصِ بادشاہی سرفرازی با دارد۔

سب پہ ثابت ہے کہ وہ خورشید رو مہ پارہ ہے — سیر کو کیوں کر نہ نکلے کوکب سیارہ ہے

سال ہا مجھ کو جھلاتا ہے وہ اک اک بات میں — آمد و شد یار کے گھر کی نہیں گہوارہ ہے

باغِ عالم میں دلیلِ غم سمجھ شادی کو تو — یاں صدائے خندۂ گل کوچ کا نقارہ ہے

برگِ گل آنکھوں کے پردے بن گئے دیدار سے — جیبِ گل خوشبو سے اپنا دامنِ نظارہ ہے

سامنے آنکھوں کے اک رشکِ چمن رہتا ہے برق — دامنِ گل چیں ہمارا دامنِ نظارہ ہے

ولہ

پرتوِ عارض سے روشن اس کے کاشانہ ہوا — جس مکاں میں جا کے بیٹھا آئینہ خانہ ہوا

لہر زلفوں کی جو آئی، سم ہوئی مجھ کو شراب — حلقۂ مارِ سیاہ گردش میں پیمانہ ہوا

زخم بھر آیا، نگاہِ مستِ ساقی کے سبب — بادۂ انگور سے لبریز پیمانہ ہوا

جب ہوا اس طور طوفاں دیکھنا آنسو (ہے) — نالہ ہم کرنے لگے جب آگ برسانا ہوا

ولہ

ہوگیا مجھ کو جنوں جب ترا زیور چمکا — زرِ گل دیکھ کے داغِ دلِ مضطر چمکا

جب ستارہ سا ترے (کان) کا گوہر چمکا — سامنے اس کے (کذا) بھی نہ فلک پر چمکا

حسن کہتے ہیں اسے صورتِ شمعِ فانوس — نور چھن کر تری دیوار سے باہر چمکا

کھل گئے نشے کے عالم میں جو پستاں اس کے — سمجھے مے خوار کہ بلور کا ساغر چمکا

برق گھبرا نہ شبِ ہجر کی اندھیاری سے — وصل اس ما[illegible] جو [illegible]

موجِ نسیم کاکلِ مشکیں جو چل گئی
مجھ شیفتہ کے سودے کی حالت بدل گئی

جھونکے سے لال لال ترے گال ہو گئے
غازہ نسیم چہرہ نازک پہ مل گئی

میں اضطرابِ حسرتِ دیدار کیا کہوں
مثلِ نگاہ آنکھ سے پتلی نکل گئی

عریاں جو رات تپِ فرقت سے میں رہا
ہر بار میرے جسم کی پوشاک جل گئی

کیفیتِ بہار جو یاد آئی زیرِ خاک
داغِ جنوں سے اپنی طبیعت بہل گئی

کیں چکنی چکنی باتیں جو اس نے شبِ وصال
بے اختیار اپنی طبیعت پھسل گئی

ولہ

قمر کی وہ خورشید تصویر ہے
گلے میں ستاروں کی زنجیر ہے

عجب کیا جو وہ دشمنِ جاں ہوا
عداوت محبت کی تاثیر ہے

مرقع کہے کیوں نہ عالم تجھے
ترا عضو ہر ایک تصویر ہے

مسیحا ہے قرباں فدا سامری
ترا عضو ہر ایک تصویر ہے (کذا)

ولہ

صدقے حور و جن و بشر میرے یار کے
پانی پئیں فرشتے بھی اس پر سے وار کے

ولہ

یوسف کو نہ لوں میں تری تصویر کے بدلے
خاکِ درِ جاناں نہ دوں اکسیر کے بدلے

تسکین

تسکین تخلص، میر حسین نام۔ از مومن خاں دہلوی بہ درستیٔ اشعار پرداختہ:

ہر صبح نئے ڈھونڈے وہ تازہ خریدار
صورت مری ہر صبح بدل جائے تو اچھا

ولہ

ہم کو ہر دام میں لازم ہے پھنسانا دل کا
سیکھے ہیں تیری لگاوٹ سے لگانا دل کا

ولہ

خوبصورت نہ ہو کوئی تو نہ ہو بدنامی
سچ تو یہ ہے کہ برا ہوتا ہے اچھا ہونا

ولہ

زلفِ پُرپیچ کھولا ہے یہ کس نے یارب
کہ مرے پاؤں کی زنجیر کئے دیتے ہیں

تمنّا

تمنّا تخلص، نامش معلوم (نیست)

کل تلک سوزِ دروں سے دل مرا بیتاب تھا
آج جو دیکھا تو (گویا) کشتۂ سیماب تھا

ولہ

رات تیرے صدفِ پا کے تصور میں مرا
جو سرشک آنکھوں سے نکلا دانۂ عناب تھا

ثابت

ثابت تخلص، مرزا معز الدین

سحر ہونے کے دھڑکے سے ہمارا ہے بدن ٹھنڈا
کہ تیرا ہار موتی کا ہوا ہے سیم تن ٹھنڈا

جرأت

جرأت تخلص، قلندر بخش نام۔ شاعرے جادو بیان بودہ، بندشِ معنی نازک نصیبِ کلامِ سوز انگیز گردیدہ۔ مضمونِ نظم دلفریبش سراسر دلربا ست و سخنِ سحر آفرینِ دہوش ربا۔ ہر شعرش از لطافت خالی نیست و از اختلاطِ شوخ دلیرانہ خبر می دہد۔ بہ مصاحبتِ رنگیں ادایانِ خوش لہجہ تربیت یافتہ پنداشت کہ از دودمانِ شعلہ روے بودہ و چوں نظارہ را صرفِ تماشائے آفتاب ردیاں کردہ بود آخر کار از بصارت دست برداشت، روے نیکویاں بہ حسرت نہ توانست دید۔ بہ ایں ہمہ از نظمِ معنی روشن کہ سرمۂ دیدۂ اہلِ بصیرت است، سروکارے داشتہ ہمچو ظہور اللہ خاں نوا و واسوخت او (و) دیگر افکارِ آبدارش شہرتے دارد کہ محتاجِ بیان نیست:

طپش سے اس کی سب اعضا بدن کے جلتے ہیں
جو ہم سے دل کوئی بدلے، تو ہم بدلتے ہیں

ہزار غم کہوں، پر ہوں بتاں نہ چشم پُر آب
سنا نہیں ہے کہ پتھر کہیں پگھلتے ہیں

صفا و خوبیٔ رخسارِ یار کیا کہیے
کہ لیں خیال میں بوسے تو لب پھسلتے ہیں

غرض کہ صدقے ہیں اس حالتِ تمنّا کے
کہ جس میں آہ قیامت قد ایسے ڈھلتے ہیں

عیاں ہے سوزِ دل اپنا کہ شکلِ گلخن آہ
دہن سے جائے زباں، شعلے ہی نکلتے ہیں

جو قبر پر ہیں ترے کشتگانِ یاس کی نخل
نہ پھولتے ہیں وہ موسم میں اور نہ پھلتے ہیں

زلبسکہ مرتے ہیں اک سبزہ رنگ پر جرأت — یہ شعر کہتے نہیں، زہر ہم اُگلتے ہیں

ولہ

برق ہے یا کڑا چمکتا ہے — پانوں میں کیا پڑا چمکتا ہے

ولہ

سوسو کروٹ جو اٹھ جاتی ہے انگڑائی میں — چاند بدلی سے نکلتا ہوا یاد آتا ہے

ولہ

وصل کی شب کو پوچھتے کیا ہو جیسے پچھلی رات کی شمع — تھوڑے تھوڑے ہونے لگے ہم جب تھوڑی سی رات رہی

ولہ

[illegible] — دل لکھتے ہی خدا نے جدائی نصیب کی

ولہ

[illegible] — بلائیں ہاتھوں کی لیتا رہا میں ساری رات

ولہ

[illegible] — آئیں گے جی آئیں گے، اب تو طبیعت آ گئی

ولہ

بس چلے تیرے آستاں کو چھوڑ — بدزباں اب تو اس زباں کو چھوڑ

ولہ

چھپ کے ہم نے سیر دیکھی، کل جو لے کر آئینہ — دیکھتا تھا عالم اپنے وہ مسی اور پان کا
یعنی پہلے دیکھ ہر سو، ہو کے پھر بے اختیار — آپ ہی بوسہ لے لیا، اپنے لب و دندان کا

ولہ

لاش پر میری ہوا صبح جو خلقت کا ہجوم — آن کر دیکھنے وہ ترکِ ستمگار لگا
جب جنازہ لگا اٹھنے تو یہ بولا کوئی — ہاتھ اپنے تو ذرا تو بھی ستمگار لگا
ہنس کے کہنے لگا، ڈرتا ہوں گر، یہ بیمار — جی اٹھے تو مرے دل کو وہی آزار لگا

ولہ

(ملال) دل پر نہ ہو کیوں کر بھلا اس کی جدائی کا — ملے سے جس کے حاصل ہوا مزا ساری خدائی کا

ولہ

پڑی ہے بزم میں جس شخص پر نگاہ تری　　تو منھ کو پھیر کے کہتا ہے بس پناہ تری

جانی

جانی تخلص، بیگم نام، مشہور بہ بیگم بنت نواب قمرالدین خاں زوجہ نواب آصف الدولہ بودہ۔ درحالتِ شدتِ مرض ہمدم نام خواجہ سرا بہ پرسشِ وے آمد۔ بدیہہ ایں مطلع برخواند۔ وگاہ گاہے بفکرِ شعر خاصہ می پرداخت:

کیا پوچھتا ہے ہمدم اس جسمِ ناتواں کی　　ہر رگ میں نیشِ غم ہے کہیے کہاں کہاں کی

جینا بیگم

جینا بیگم، حالش معلوم نیست۔ اسم بہ مقتضائے ستر و ستر عورت اوست۔ ذوقِ فکرے بود بگفت:

یہ کس کی آتشِ غم نے جگر جلایا ہے　　کہ تا فلک میرے نالے نے سر اٹھایا ہے

جوشش

جوشش تخلص، شیخ محمد روشن۔ از عظیم آباد است:

بیکسی سے یہی گلہ ہے مجھے　　تھام لیتی ہے دستِ قاتل کو

ولہ

جی میں جس وقت کہ مضمونِ کمر آتا ہے　　بسکہ نازک ہے مجھے باندھتے ڈر آتا ہے

جنوں

جنوں تخلص۔ نامش از تخلصِ او مشہور تر نیست:

جو ہاتھ ہار تھا مری گردن کے واسطے　　تکیہ بنا ہے وہ سرِ دشمن کے واسطے
چن چن کے کاٹ ڈالتے ہیں اس کو باغباں　　جو شاخ ڈھونڈتا ہوں نشیمن کے واسطے
مرنا بھی فائدے سے نہیں خالی اے جنوں　　ہوتا ہوں خاک دیدۂ دشمن کے واسطے

حسن

حسن تخلص، میر غلام حسن خلف میر غلام حسین ضاحک تخلص است و مرزا رفیع اباجی

رکیکہ برائے او نظم کردہ - تولدش بہ دہلی و نشو و نمایش در فیض آباد اتفاق افتادہ - بہ سرکارِ نواب سردار جنگ خلفِ نواب سالار جنگ کامیاب بودہ - لہجۂ زبانِ بیگمات از حسنِ صحبتِ پروگیانِ آئینہ رو، کہ از سرادق عصمتِ نواب نامدار بودند و بے حجابانہ لیل و نہار بہ ایشان چشم دوچار می داشت، بہم رسانیدہ و تکلفاتِ امارت و اختراعاتِ طرزِ دلبری و دلداری زائد ازاں کہ در مثنوی سحر البیان" کہ مشہور بہ "قصۂ بدرِ منیر و بے نظیر" است، بہ مبالغہ گفتہ بہ چشم سر دیدہ - جائے کہ غمزہ پامالِ نگاہ و عشوہ صرفِ تماشائے ہر ادا بود، سرِ تلاشِ مضمونِ دل فریب داشتہ - القصہ آں جا کہ در ہر کرشمہ صد ادا و در ہر غمزہ ہزار سحر و بلا نمایاں بودند، مضمونے کہ می جُست دست بستہ پیشِ خود می یافت، گویا مضمونِ حاضر را بہ تکلف نسبتہ و داد سخنوری دادہ - تا ایں زماں بہ ایں ہمہ کہ شعرائے ہر عصر کوس لمن الملکے نواختہ اند بجنبِ یک داستانِ سحر البیان حکایتے موزوں کردن نہ توانستند، چہ مقام آں کہ حرفِ ترتیب بر زبان آرند - در مقامے کہ کلکِ سحر نگارش فسوں کاری کردہ، دقیقہ از طرزِ لطافت و نزاکت فرو نہ گذاشتہ - الحق سرپا مثنوی حکمِ مرقع دارد کہ ہر یک داستانش تصویرِ دل پذیر است و ہر پیکرش بہ رنگے کہ زیبائی می خواست بہ اصنافِ قدرتے داشتہ -

شبِ وصل صنم ہے آج اے ہمدم کسی ڈھب سے — گریبانِ سحر کو ٹانک دینا دامنِ شب سے

ولہ

یا تو غیروں ہی کا ہو یا کہ وہ دلبر اپنا — آج قصہ ہی چکا لیتے ہیں چل کر اپنا
اپنے شایق کو وہ جب دیکھے ہے تب — تیغِ ابرو تری دکھلاتی ہے جوہر اپنا
غیر کے ہاتھ سے لگوائی جو اس نے مہندی — آج تو خون (ہے) مقرر اپنا

ولہ

اس کے کوچے سے صبا گر ادھر آجاتی ہے — دل کے نالوں کی مفصل خبر آجاتی ہے
گرچہ اس زلف سے کچھ کام نہیں اب تو ولے — سانپ کے کاٹے کی سی اک لہر آجاتی ہے

ولہ

منہ کہاں ہے کہ کہوں جائیے اور سو رہیئے — خیر اگر نیند ہے تو آئیے اور سو رہیئے

آج کی چاندنی وہ ہے کہ کسی شوخ کے ساتھ
کھول آغوش لپٹ جائیے اور سو رہیے
غم ہوا تھا مرے رونے کا تمھیں کس کس دن
منہ مرا آپ نہ کھلوائیے اور سو رہیے
یوں تو ہرگز نہیں آنے کی تمھیں نیند مگر
مجھ سے قصہ مرا کہوائیے اور سو رہیے
اس ادا کا ہوں میں دیوانہ کہ انگڑائی لے
مجھ سے کہتا ہے کہیں جائیے اور سو رہیے

ولہ

دیکھنے بیٹھا جو وہ مہ اپنے گھر کی چاندنی
جب تلک بیٹھا رہا تب تک نہ سر کی چاندنی
ملگجے کپڑوں میں یوں ہے جلوہ گر اس کا بدن
دھوپ جیسے شام کی ہو اور سحر کی چاندنی
سیکڑوں عالم دکھاتی ہے حسنِ دلبر کے ساتھ
ٹھنڈی ٹھنڈی باد اور پچھلے پہر کی چاندنی

ولہ

اس کے یہاں رات میں خفا ہو کر
لگ کے رونے لگا جو کونے کو
مجھ پہ جھنجھلا کے یوں لگا کہنے
کیا کہوں تیرے غصے ہونے کو
منہ پہ آنسو دھرے ہی رہتے ہیں
آگ لگ جاوے ایسے رونے کو

ولہ

دروازہ گو کھلا ہے اجابت کا پر حسنؔ
ہم کس کس آرزو کو خدا سے طلب کریں

ولہ

تیرے ہم نام کو جب کوئی پکارے ہے کہیں
جی دھڑک جاتا ہے مرا کہ کہیں تو ہی نہ ہو

ولہ

ساتھ دیکھوں ہوں کسی کے جو کسی دلبر کو
میں بھی جی رکھتا ہوں، مجھ کو بھی ہوس آتی ہے

حسنؔ

حسنؔ تخلص، خواجہ حسن نام خلف خواجہ ابراہیم۔ نظریۂ تصوف داشتہ و صوفی مشرب بودہ، در موسیقی سلیقہ اش دل خواہ، مردِ باکیفیت و دردمند بودہ۔ در فنونِ نظم شاگردِ جعفر علی (حسرتؔ) است و بایکے از طوائفاں کہ بہ بخشی موسوم بود، تعلقِ خاطر داشت:

کیا قتل اور جان بخشی بھی کی
حسنؔ اس نے احساں دوبارہ کیا

ولہ

تم نے ایذا نئی صنم بخشی　　یہ بھی آپ کی کرم بخشی

حشر

حشر تخلص، رسول بخش نام، باشندۂ خاص بدایوں است۔ در بدایوں از ہنگامۂ شاعری خود قیامت بپا کردہ۔ تلاشِ مضمونِ شاں نسبتِ بندشِ شعر خوش است:

زخمی ہوا ہوں ابروے پُرخم کو دیکھ کر　　رکھنا ہمارے زخم پہ مرہم کو دیکھ کر
یاد آگیا وہ کان کا موتی کسی کا حشر　　برگِ سمن پہ قطرۂ شبنم کو دیکھ کر

حسین

حسین تخلص، نواب غلام حسین خاں۔ در شاہ جہاں آباد از رؤسا ے عظام است۔ قطع نظر (از) گدازیٔ طبع و مزاجِ عاشقانہ کہ دارد در نظمِ اشعارِ فارسی و ہندی دستگاہ کامل دارد و نہایت خوش فکر و خوش مذاق است۔ ہنگامِ تحریر ایں اوراق چند شعرِ ایشاں بہ یادِ فقیر بودند:

آسماں سے اب بلا نازل زمیں پر چاہیئے　　ایڑیوں تک تیری چوٹی اے ستمگر چاہیئے
ڈال کر گردن میں باہیں، تیری آنکھیں چوم لوں　　ساقیا مجھ کو نہ شیشہ اور نہ ساغر چاہیئے

ولہ

تو بھی دکھلائے جو شوخی تری مژگان میں ہے　　خونِ سودا زدگاں رات سے ہیجان میں ہے
کاٹے کھاتا ہے مجھے، راہ میں کیوں کر کاٹوں　　جادہ میرے لیے افعی سا بیابان میں ہے

خلیل

خلیل، شاہ جہاں آبادی الاصل۔ از ارشد تلامذۂ خواجہ حیدر علی آتش است۔ برشتۂ آتشیں نفس را کلامش کارِ گلزارِ ابراہیم می کند:

پھر کہاں جوشِ جنوں ہے اور پھر کہاں زنجیر ہے　　پاؤں میں مجنوں کے دو دن مہماں زنجیر ہے
تو نکل جاتی ہے یا نکل جاتے ہیں ہم　　آج میرا اور تیرا امتحاں زنجیر ہے
دیکھ اُسے موسم مجھے یاد آتا ہے برسات کا　　سنسنی کرتی گھٹا، برقِ طپاں زنجیر ہے

آسماں بھی ہے گرفتارِ بلا میری طرح　　طوقِ گردن میں ماہِ نو اور کہکشاں زنجیر ہے

ولہ

رعب بٹھلایا ہے قاتل تو نے کس کو مار کے　　خم سرِ مرغ ہے آگے تری تلوار کے

خادم

تخلص خادم، خادم حسن نام:

اللہ ری نزاکت کہ ہوا غنچۂ سوسن　　بوسے کے تصور میں جو اس لب پہ پڑی آنکھ

خالق

خالق تخلص، عبدالخالق نام۔ مردِ سیاحت پیشہ، جہاں دیدہ است۔ چندے بہ حضورِ نواب نظیر الدولہ والیٔ بھوپال خوش گذرانیدہ۔ نہایت خوش گو است۔ در اکبر آباد فقیر ملاقی گردید، از اتفاقِ ملاقات یکدیگر چندے خوش گذشت:

ادا کا بلکہ لوکا برق وش وہ طفلِ زرگر ہے　　حنائی پنجۂ رنگیں نہیں، سونے کا پتر ہے

غرض ہے سیرِ سنبل سے، نہ مطلب نکہتِ گل سے　　یہاں تو رشتۂ جاں، اس کا گیسو سے معنبر ہے

بجائے پنبہ لازم تھا کہ بھرتے چاند کا گالا　　رضائی آسمانی ہے، شفق کا رنگ استر ہے

دلِ ناداں بھی اپنا کم نہیں لڑکوں کی خصلت سے　　کہ مہدِ عافیت جس کے لیے آغوشِ دلبر ہے

جواہر سے بھلا اس کے لب و دنداں سے کیا نسبت　　گہر ہے بوند پانی کا، عقیقِ لعل پتھر ہے

غزل کیا صاف لکھی، مثالِ آئینہ خالق　　نہایت فکر روشن ہے، طبیعت گو مکدر ہے

خلیق

خلیق تخلص، میر متحسن نام بن میر حسن صاحبِ "مثنوی بدرِ منیر" است:

جس کے خرامِ ناز کا پامال ہوں خلیق　　لگتی ہے چوٹ دل کو مرے ہر قدم کے ساتھ

خیال

خیال تخلص، غلام حسین نام۔ دیوانے دارد، مرتب صد ہزار بیت، آبائش از عماید بودہ اند،

مژگاں کی یہ کاوش نہیں، ناوک فگنی ہے　　ابرو کی اشارت نہیں، شمشیر زنی ہے

ولہ

تیرا شگفتگی پہ دل آیا ہے اے خیال　　اے غنچہ فسردہ تجھے بھی ہوا لگی

دردؔ

دردؔ تخلص، خواجہ میر علیہ الرحمۃ خلف خواجہ محمد ناصر متخلص بہ عندلیب کہ از احفادِ شیخ بہاؤ الدین نقشبند بودہ۔ فضایلِ صوری و معنوی وے خارج از حد رقمِ قلم است۔ کلامِ معجز نظامش سراسر عرفان است۔ از مذاقِ تصوف بہرہ حد کامل داشتہ۔ چہار رسالہ مختصر موسوم بہ "آہِ سرد" و "نالۂ درد" و "شورِ عندلیب" و "سوزِ پروانہ" در تصوف تصنیف کردہ:

ان لبوں نے نہ کی مسیحائی　　ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

ولہ

ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں　　دل ہی نہیں رہا ہے جو کچھ آرزو کریں

ولہ

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو　　دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

ولہ

دامن دشت ہے پُر لالہ و گل سے یارب　　خونِ عاشق بھی کہیں ہووے بہارِ دامن

ولہ

ہر چند نہیں صبر تجھے دردؔ ولیکن　　اتنا بھی نہ ملیو کہ وہ بدنام کہیں ہو

آپ تو تھیں ہی پر اس کا بھی کیا خانہ خراب　　دردؔ اپنے ساتھ آنکھیں دل کو بھی لے ڈوبیاں

دولہا

دولہا تخلص، نظیر الدولہ جہانگیر محمد خاں والیٔ بھوپال بہ صورت نیکو و بہ معنی دل جوست۔ ہمچو او امیرے خوش انداز و خوش سلیقہ خلق نہ گردیدہ۔ طبع نازکش مضمونِ لطیف سبیلے و مناسبتے تمام دارد، ازیں حالت کہ خود ہم پاکیزہ گوست:

بوسہ جو لیا خواب میں اک غنچہ دہن کا　　داغوں میں ہے عالم مرے گل ہائے چمن کا

ہے چادرِ مہتاب، پھولوں کی سی چادر — ہے رنگ یہ آنکھوں میں ترے گل سے بدن کا
چھوٹی ہوئی مہندی ترے پانو کی جو ہاتھ آئے — ہوتا ہے تدارک ابھی یہاں دل کی جلن کا
نکہت نہ جہاں گیر ہو دولہا تری کیوں کر — ہے تجھ میں رچا رنگ عروسانِ چمن کا

ولہ

خاک اپنی ہوگئی جو کوئی دلبر سے جُدا — دیدۂ تر سے جُدا اشکوہ ہے، صرصر سے جُدا

ذوق

ذوق تخلص، شیخ محمد ابراہیم نام، دہلوی، ملقب بہ خاقانیٔ ہند، شاعرِ والا رتبہ بلند پایگاہ، کہنہ مشق است۔ بہ استادیٔ بادشاہِ دہلی سرمایۂ اعزاز حاصل کردہ۔ استادِ فن و عالی طبع است:

ہم ہیں اور سایہ ترے کوچے کی دیواروں کا — کام جنت میں ہے کیا ہم سے گنہ گاروں کا

ولہ

دیکھا دمِ نزع دل آرام کو — عید ہوئی ذوق مگر شام کو

ولہ

خط پڑھ کے اور ہوا وہ اضطراب میں — کیا جانے لکھ دیا اسے کیا اضطراب میں

ولہ

زباں پیدا کروں، جوں آسیا سینے میں پیکاں سے — دہن کا ذکر کیا یہاں سر ہی غائب ہے گریباں سے

ولہ

یہاں تک ناتواں ہیں ہم گذر جائیں اگر جاں سے — اٹھائے مور لاشے کو ہمارے دستِ مژگاں سے

ولہ

مقابل اس رخِ روشن کے شمع گر ہو جائے — صبا وہ دھول لگائے کہ پھر سحر ہو جائے
ہمارے سینے میں وہ آتش ہے ذوق — کہ برق دیکھے تو نی النار والسقر ہو جائے

ولہ

ذبح ہونے کا مزا جانے جو صیدِ حرم — آپ گردن پہ چھری پھیر کے بسمل ہوتا

ہوتی گر صرفِ چمن خاک مری مٹھی بھر　　تو جہاں غنچہ ہے گلشن میں، وہاں دل ہوتا
گر سیہ بخت ہی ہونا تھا نصیبوں میں مرے　　خال ہوتا ترے رخسار پہ یا تل ہوتا

رغبت

رغبت تخلص، میر ابوالمعالی۔ از لکھنؤ است:

یاد آتا ہے رات کو چھپ چھپ کے وہ آنا تیرا　　چٹکیاں میرے دل لے لے کے جگانا تیرا

رقت

رقت تخلص، مرزا قاسم علی۔ اصلش از مشہد مقدس است و در بلدۂ لکھنؤ شاگردِ جرأت بود:

خط وہ بھیجے رقیب کا لکھا　　یہ بھی اپنے نصیب کا لکھا

رنگین

رنگین تخلص، سعادت یار خاں خلف محکم الدولہ طہماسپ بیگ خاں۔ در فنونِ سپاہ گری و چابک سواری مہارتے تامہ داشتہ۔ مردِ خوش صحبت و خوش اختلاط بودہ، چند دیوان بہ اصنافِ سخن نظم کردہ، مجموعۂ خود را بہ نورتن موسوم کردہ۔ در اوائل در عیاشی عمرے بسر کرد و کمالے بہم رسانید۔ آخر الامر بہ صلاحیت وضع پرداختہ، بہ ریاضت و عبادت خوش می گذرانید و ملازمِ سرکارِ نواب باندہ بود۔ از غرائب ایں کہ قبل یک سال از انتقالِ خود می گفت کہ دریں سال رختِ سفر بہ عدم آباد می کشم۔ چوں سبب پرسیدند گفت، سالہاست کہ بے خواست مصرعۂ تاریخِ فوتِ خود بر زبان جاریست کہ از مرگِ من در سالِ آیندہ خبر می دہد و آخر ہمچناں اتفاق افتاد:

دیکھتے ہیں ان کو ہو جاتے ہیں شادی مرگ ہم　　ان کو پاتے ہیں تو پھر ہم آپ کو پاتے نہیں

ولہ

دم بہ دم بسکہ ترا حسن فزوں ہے ظالم　　اور جی میں ہے کہ کھچوائیے تصویر نئی

ولہ

ناگہاں اس سے صحبت کس طرح کچھ کہہ نہیں سکتے　　وہ ہرجائی اور بن شغل ہم بھی رہ نہیں سکتے

روشن

روشن تخلص، روشن شاہ نام۔ از بریلی است:

دل کی طپش سے گرمیٔ خورشید سرد ہے
سینہ اگر یہی ہے تو دوزخ بھی گرد ہے

زکی

زکی تخلص، مہدی علی نام، مراد آبادی است۔ مصنفۂ فکرش زنگِ آئینۂ خاطرِ معنی پرستاں صافی طبع می رباید۔ و گل بہ مقابلۂ مضمونِ رنگین گریبان چاک زدہ خود را بہ باد می دہد۔ کلامش چوں گفتگوے محبوباں شیریں است و ادائے سخن طرازیش ہمچو ادائے دل فریبِ ملیحاں نمکیں۔ در شہر لکھنؤ، فقیر ملاقی شد، دیوانِ خود را برائے انتخابِ اشعار داد۔ چوں سراسر منتخب بود، اما بہ ایں نظر کہ قندِ مکرر باشد، بعض اشعارش انتخاب کردم۔ شعرائے لکھنؤ او را استادِ مسلم می دانستند:

یہ کیا سبب ہے جو تکلف ہے مہربانی کا
تپاک سے ترے دھڑکا ہے بدگمانی کا

گیا شباب کہ اُڑتی ہے خاک سی منہ پر
غبار چھوڑ گیا، قافلہ جوانی کا

سدا جلے گا دل اپنا کہ گم ہوا چھلّا
ہمیشہ داغ رہے گا تیری نشانی کا

نہفتہ رکھتے ہیں رنجش جو عاشق و معشوق
دلوں میں لطف اٹھاتے ہیں بدگمانی کا

ولہ

امر سوال ہے نہ اشارہ جواب کا
خانہ خراب صحبتِ شرم و حجاب کا

ہوگا سحر کو تذکرۂ بزمِ خواب
پیری میں یاد آئے گا عالم شباب کا

بسمل تری نگہ کے تڑپتے نہیں کبھی
پانی بھی مانگتے ہیں تو خنجر کے آب کا

ولہ

کاٹ ہی کرتا رہا ظالم دل افگار کا
آسماں ہے کوئی پھاہا مرہمِ زنگار کا

اس کی آنکھوں میں کیا اندازِ شوخی بے اختیار
بے طرح پرہیز چھوٹا مردم بیمار کا

ڈھب بڑھائیں وہ خماریں انکھڑیاں آئیں نظر
غسلِ صحت آج دیکھا نرگسِ بیمار کا

رات کو دکھلائے ہے سیرِ شعاعِ آفتاب
اس کے گیسو میں اُلجھنا طرۂ زرتار کا

کیا مزا دیتا ہے ساغر کا چھلکنا اے زکی
لطف رکھتا ہے بہکنا ساقیِ سرشار کا

ولہ

گل کھائے (تن)، یہ چھوٹ کے آغوشِ یار سے
زخموں کی بدھیاں ہوئیں پھولوں کے ہار سے
جب یہ سنا کہ پانو میں مہندی لگی وہاں
لوہو ٹپک پڑا نگہہ انتظار سے
ہر قطرہ تن پہ لگتا ہے چھکا سا یار بن
چنگاریاں برستی ہیں ابرِ بہار سے

ولہ

نہیں خیال کچھ اس گل کی بے وفائی کا
بہار پر ہے مزہ تازہ آشنائی کا
جگر کا داغ بنے شکلِ ہلال روز افزوں
خورش ہے یہ کسی ناخنِ حنائی کا
ہمارے حال پہ لازم ہے رحم او صیاد
کہ پر شکستہ ہیں اور شوق ہے رہائی کا

ولہ

ہوائے غم نے بگولا مرا غبار کیا
مثالِ تختِ ہوا، تختۂ مزار کیا
دکھائی رات اس افشاں نے بہار
کہ ماہتاب کی چادر کو زرنگار کیا
تپاک دل نے مرے اشتیاق کے کھوئے
نگاہِ سوختہ نے خوب انتظار کیا
تڑپ تڑپ کے ہوا خوپذیرِ بیتابی
دلِ ستم زدہ نے جبر اختیار کیا

ولہ

شب جو موزوں وصلِ حسن و عشق کا افسانہ تھا
ایک مصرع شمع، ایک مصرع پر پروانہ تھا
دیکھ کر آئینے کو اس نے اتارا اور کہا
گال کے پھولوں کا سبزہ، سبزہ بیگانہ تھا

ولہ

تاب کچھ اور ہی تھی جس کا میں دیوانہ تھا
دل لگی کے لیے وحشت بھی اک افسانہ تھا
حسنِ دل خواہ کا آخر ہوا انجام بخیر
ہم نے آغازِ خطِ یار سے پہچانا تھا
آتشِ حسن کبھی برقِ جہاں سوز نہ تھی
آفتِ جان زکی دل ہی کا آجانا تھا

ولہ

کیا کہا میں نے کہ جھڑکی کا سزاوار ہوا
بات کیا منہ سے نکالی کہ گنہگار ہوا

بال بھیگے ہوئے، ہاتھوں سے نچوڑے اس نے — شعلۂ رنگِ حنا اور دھواں دھار ہوا
بلبلِ نغمہ سرا تھا، چمنستاں میں زکی — جا کے کوچے میں ترے صورتِ دیوار ہوا

ولہ

اک پری وش پر دل ان روزوں جو ہے آیا ہوا — ہر طرف پھرتا ہوں دیوانہ سا، گھبرایا ہوا
اُڑتی ہیں چنگاریاں دل سے، جو آجاتا ہے یاد — وہ بھبوکا سا بدن کافر کا گدرایا ہوا

ولہ

جو اشک نہ ہوں، خوں مرے دامن پہ نہ آئے — جو شمع نہ ہو گل مرے مدفن پہ نہ آئے
جلدی ہے جو کافر کو شبِ وصل، سحر کی — چوٹی کو یہ قدغن ہے کہ گردن پہ نہ آئے
اس مہر تجلّی سے لڑاتا ہے نگاہیں — آشوب کہیں دیدۂ روزن پہ نہ آئے
مسی جو لگائی ہے تو منہ کھول نہ زنہار — تا بات کوئی غنچۂ سوسن پہ نہ آئے

ولہ

تھے حنائی جو ہاتھ قاتل کے — شعلے اٹھتے ہیں خوں سے بسمل کے
آج ہوگا وہ شعلہ رُو ساقی — پھول جھڑتے ہیں شمعِ محفل کے
عکسِ روئے صنم، مجال یہ کیا — منہ تو دھو آئیں، آئینے دل کے
یاد آیا جو رنجِ تنہائی — روئے سائے سے اپنے مل مل کے
ہاں خبردار، ہوشیار زکی — کشتی پہنچی قریب ساحل کے

ولہ

سینے غربال ہوئے کتنے دل افگاروں کے — دل ہزاروں کے ہزارے ہوئے، فوّاروں کے

ولہ

یہ رنگ وصف سے ابرو کے آشکار ہوا — کہ خامۂ دو زباں شکلِ ذوالفقار ہوا

ولہ

ن کے بوسے کی طلب، خاموش دلبر ہو گیا — خوبیٔ قسمت سے گویا لعل پتھر ہو گیا
بلکہ اس خورشید عارض سے مقابل ہو گیا — کان کے بالے کا حلقہ ماہِ کامل ہو گیا

ولہ

جب تصور کا نشہ مجنوں کا کامل ہو گیا — مردمک لیلیٰ بنی اور دیدہ محمل ہو گیا
اس کے ہاتھوں کی صفائی پر دل پر خوں کی شکل — طایرِ رنگِ حنا بھی مرغِ بسمل ہو گیا

ولہ

اس کے عکسِ تن سے ہو گا چنپئی جوڑا سفید — چاندنی کا کھیت، کشتِ زعفراں ہو جائے گا

ولہ

جلوۂ دستِ نگاریں جو بسا آنکھوں میں — شمعِ فانوس ہوا، رنگِ حنا آنکھوں میں
بُو ہے غنچے میں نہاں، یا ترے ہونٹوں میں منہی — بند شیشے میں پری ہے کہ، حیا آنکھوں میں
شفقِ صبح پہ ہے شانِ صبوحی ساقی — سرخ ڈورے ہیں کہ، چھایا ہے نشہ آنکھوں میں
عکس ہونٹوں کا ترے بس ہے سیہ مستی کو — اے مسی زیب تو سرمہ نہ لگا آنکھوں میں
اب سبب کیا ہے جو کانٹا سا کھٹکتا ہے زکی — یہ وہی دل ہے کہ رہتا تھا سدا آنکھوں میں

ولہ

صبح تک وہاں آرائش کا ساماں رہ گیا — لب پہ مستی رہ گئی، ماتھے پہ افشاں رہ گیا
چل بسے اہلِ جنوں، خالی بیاباں رہ گیا — جا بہ جا الجھا ہوا کانٹوں میں داماں رہ گیا

ولہ

عشق سے کیا یاد مزا رہ گیا — دل ہی جب ارمان بھرا رہ گیا
دیکھنے آیا نہ دمِ مرگ یار — اس کو قلق، مجھ کو گلہ رہ گیا
دامنِ آغوشِ زکی میں صنم — کھول کے کیوں بندِ قبا رہ گیا

ولہ

دم الٹتا ہے تپاکِ دلِ ناشاد کے ساتھ — الٹی ہچکی مجھے آتی ہے تری یاد کے ساتھ
دامِ الفت کے گرفتار نہیں، رستہ بپا — آپ سے آپ اڑے پھرتے ہیں صیاد کے ساتھ

ولہ

شمعِ فانوس نے گل کھائے ہیں پروانے پر — واہ کیا نور برستا ہے پری خانے پر
ہوئے ساقی سے خجل، واہ ری کم ظرفیٔ دل — بوسۂ لب کی طلب پہلے ہی پیمانے پر

۹ - پیش خیمہ محمد شاہ بہ رافعہ احمد درانی بہ سرہند بموجب حکم حضور گفتہ شد:

دیدم تاریخ فتح شاہنشاہی (۱۱۶۰ھ)

۱۰ - کوچ و فتح نواب صفدر جنگ بمقابلۂ افاغنہ و روہیلہ: نوید فتح وزیر عجم مبارک باد (۱۱۶۴ھ)

۱۱ - فتح عماد الملک وزیر بر قطب خان افغان: ہر طرف باد فتح آصف جاہ (۱۱۶۹ھ)

۱۲ - برآمدن شاہ عالم بہادر از محاصرۂ حویلی جعفر خان بکشتن چند کسان عماد الملک:

گفت سلطان نمود کار رستم (۱۱۷۱ھ)

۱۳ - اخراج قوم روہیلہ بعد کشتن حافظ رحمت خان: اخراج روہیلہ ابد آباد ہمایوں (۱۱۸۸ھ)

۱۴ - مصالحت نواب صفدر جنگ با عماد الملک بعد جنگ شاہجہان آباد وقت رخصت صوبہ:

گفت اصلح خیر قال اللہ (۱۱۶۶ھ)

۱۵ - تشریف آوردن حضرت صاحب میر مدظلہ بفیض آباد: کحل دیدۂ بینا باد خاک پائے تو (۱۱۹۱ھ)

۱۶ - مراجعت نواب سعادت علی خاں بہادر از مشرق: بدر کامل برآمد از مشرق[1] (۱۱۹۳ھ)

۱۷ - نابینا شدن شاہ عالم بہادر: گفت آہ و زحدقہ برآورد چشم شاہ (۱۲۰۲ھ)

چند صحت یابی کی تاریخیں بھی اسی باب کے آخر میں شامل کر دی گئی ہیں - ان کے نمونے بھی ذیل میں درج کیے جاتے ہیں:-

تاریخ صحت نواب آصف الدولہ بہادر از عارضہ دوبارہ ..... و یک سال:

یافت عمر دوبارہ آصف جاہ (۱۱۹۹ھ)

تاریخ صحت برائے ہلاس رائے: بگفت ساقی برحق شفائے عاجل داد (۱۲۰۵ھ)

بیدار نے اردو میں تاریخیں نہیں کہیں، لیکن ان سے (راجہ کرن سنگھ نے) کسی کی تاریخ فوجداری گورکھپور کی اردو میں فرمائش کی - افسوس کہ یہ دو شعر کی تاریخ کرم خوردہ ہے جو کچھ پڑھا جا سکا وہ یہ ہے:

امودھ میں تمھارے آنے کی — سنی تاریخ جب چار و برن نے

کہا بیدار نے سب کو مبارک — ..... راجہ کرن نے

---

[1] ایک کے تخرجہ کے ساتھ

باب پنجم متعلق تعمیرات ہر قسم

۱ - تاریخ باغیچہ خواجہ منظور اسحاق خان کہ متصل لال دروازہ دار الخلافت ساخت بموجب مرضیِ حضرت خواجہ میر درد گفتہ شد و بعد یک سال وقتِ کتابہ بر سنگِ سفید در اسنادِ آن قدم غلطی سہو ظاہر شد بیت دوم سرانجام یافت مقدورِ من بے ہنر ہیچمدان نبود محض بعنایتِ الٰہی و بہ یمنِ حکم آں جناب بخاطر رسید:

بموجب فرمایشِ اول: ہست تاریخ بنائے ایں باغ + رشکِ فردوس قدم گاہِ علی (۱۱۵۱ھ)

بموجب فرمایشِ دوم: ہست تاریخ بنائے ایں ریاض + جنت الاقصیٰ قدم گاہِ رسول (۱۱۵۲ھ)

۲ - تاریخ باغ و نہر و تالاب نواب عمدۃ الملک امیر خان، در تخرجہ:

تاریخ بنائے باغ و نہر و تالاب بے شبہہ نعیم - کوثر و تسنیم است (۱۱۵۹ھ)

۳ - تاریخ نور افشاں باغ فرمایش ایلچ خاں مرحوم: تواں نوشت بآب طلا ریاض نعیم (۱۱۸۱ھ)

۴ - تاریخ تعمیرِ حسن باغ نائب وزیر آصف الدولہ بہادر: (۱) گفت، رشکِ جہاں ہمیشہ بہار (۱۱۹۲ھ)

(۲) خضر آمد و گفت، باغ آصف جاہی (۱۱۹۳ھ)

۵ - باغِ راجہ ٹکیت رائے: گفت، بیکنٹھ عالم است ہمیں (۱۱۹۳ھ)

۶ - محل کرنیل مارٹن بہادر لبِ دریائے گومتی، لکھنؤ:

کارِ فرنگ کردہ ہویدا دریں مکاں + کل نِل کلود زندہ انگریز مارتین

۱۱۹۷ھ ۱۱۹۷ھ

۷ - تالاب و چاہ و نہر و حوض درگاہ حضرت شاہ مرداں فرمایشِ نواب بہادر جاوید خان:

بگفتا، چشمۂ شیریں بر آمد (۱۱۶۵ھ)

۸ - تعمیراتِ باغ و بادلی و حمام و آینہ محل و حویلی و بارہ دری آصف الدولہ:

جنت بجہاں ہمیں مکانست (۱۱۹۰ھ)

۹ - مسجد درگاہِ شاہِ مرداں دہلی: عبادت خانۂ جاوید آباد (۱۱۶۵ھ)

۱۰ - مسجد سعید الدولہ فرمایش سراج الدین خان آرزو: بیتِ معمور مطلع انوار (۱۱۶۵ھ)

۱۱ - تاریخ خطبہ در مسجد طلائی جاوید خان، پیش قلعہ: خطبہ در مسجدِ نو باد مبارک بجہاں (۱۱۶۳ھ)

۱۲۔ مسجد و امام باڑہ نواب وزیر آصف الدولہ بہادر: ہست بیت اللہ دایم مسجدِ اہلِ جہاں (۱۲۰۰ھ)

۱۳۔ تاریخ مسجدے کہ جنابِ اقدس قدس اللہ سرہٗ (خواجہ محمد ناصر) تعمیر فرمودہ بودند و بندہ بدیہہ عرض کردہ: سال ایں قبلۂ دین و دنیا ست مسجدِ خواجہ محمد ناصر (۱۱۵۵ھ)

۱۴۔ تاریخ حیدر گنج، فرمایش شاہ عبداللہ کابلی: (۱) رونقِ گنجِ حیدر است دوام (۱۱۶۳ھ)

(۲) رونقِ دہلی ز گنجِ حیدر است (۱۱۶۳ھ)

۱۵۔ تاریخ عالمگیر گنج کہ پیش از احداثِ آں بنا بر امتحانِ بدیہہ گوئی بقیدِ نام حکم کردہ بسیر مہتاب باغ متوجہ شدند و بوقت مراجعت چوں در صحنِ دیوانِ خاص مصرعِ تاریخ بنظر گزشت، بکلماتِ نوازش فرمودند: "بہتر از صد ہزار تاریخ است، فکرِ دگر نخواہی کرد، موردِ عنایات خواہی شد":

خسروِ عالم چو بہرِ راحت و آرامِ خلق — عزمِ آبادیِ ایں گنج نکو بنیاد کرد
بندۂ بیدار حسب الحکم تاریخش بگفت — شاہ عزیز الدین عالمگیر گنج آباد کرد (۱۱۷۱ھ)

۱۶۔ روضۂ منورۂ حضرت شیخ محمد زبیر رحمۃ اللہ علیہ کہ در بلدۂ سرہند تعمیر شدہ، زیارت گاہِ عالم است: التماشدہ، روضۂ حبیبِ سبحان (۱۱۵۴ھ)

۱۷۔ تعمیرِ مزارِ لامع الانوار امامِ عارفین امیر المحدثین حضرت خواجہ ناصر، صاحب نالۂ عندلیب رحمت اللہ علیہ: (۱) شیرِ دیں اینجاست می باید ادب (۱۱۷۳ھ)

(۲) بر آستانۂ قدسی بکن زمیں سائی (۱۱۷۳ھ)

۱۸۔ دروازۂ امام باڑہ مرشد آباد ساختہ نواب مظفر جنگ خانخاناں بہادر:

بابِ فیضِ امام باڑہ کشاد (۱۱۸۵ھ)

۱۹۔ حویلی اول راجہ ٹکیت رائے صاحب بہادر: گفت، دارالسرورِ عیش مکاں (۱۱۹۳ھ)

۲۰۔ حمام راج محل تعمیر نواب وزیر آصف الدولہ: گفت، بے مثل ہست ایں حمام (۱۱۹۶ھ)

تاریخ تصنیفِ تازہ جناب ..... حضرات و سخنورانِ عصر

(۱) (خواجہ محمد ناصر کی کسی تصنیف پر نام درج نہیں) "نسخۂ معارفِ نصرت ندا از غیب رسید (۱۱۵۳ھ)

(ب) علم الکتاب از حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمہ : الہام شد معارفِ خاصِ محمدی (۱۱۸۴ھ)

(ج) نسخۂ واردات از حضرت خواجہ میر درد : بگفتا "وارداتِ دردِ عارف" (۱۱۷۱ھ)

(د) رسالہ درد دل (حضرت خواجہ میر درد) : 'درد دل' جلوۂ اثر دارد (۱۱۹۶ھ)

(س) رسالہ شمع محفل (حضرت خواجہ میر درد) : شمع محفل باد روشن جاوداں۔ (۱۱۹۶ھ)

(ھ) رسالہ نالۂ درد (حضرت خواجہ میر درد) : نالۂ درد است ایں باید شنید (۱۱۹۷ھ)

(و) رسالہ آہِ سرد (حضرت خواجہ میر درد) : آہ سرد است اینکہ آمد آں ز دردِ دل بلب (۱۱۹۶ھ)

(ز) نسخۂ چمنستان، انشائے بندہ زادہ منشی جیون رام آگاہ : چمنستاں بود ہمیشہ بہار (۱۱۸۴ھ)

(ح) تاریخ اتمامِ تحریرِ کلام اللہ برائے نواب قدسیہ محل فرمایشِ عصمت اللہ خوش نویس :

خرد بگوشِ دلم "حسن خاتمہ" فرمود (۱۱۶۴ھ)

(ط) تاریخ سفینۂ صاحبہ محل، فرمایشِ بسنت خاں خواجہ سرا محمد شاہی :

بیاضِ دلکشا، سالش رقم شد (۱۱۶۸ھ)

(ی) تاریخ نور الانشا تصنیف لالہ کھم رام (کذا) منشی سید نور الحسن خاں :

بیدار بگفت نورِ حسنِ انشاست (۱۱۸۶ھ)

(ک) تاریخ رسالۂ نجوم تصنیفِ جامع کمالات ہر علوم لالہ بھگونت رائے جیو :

بابِ شرحِ قواعدِ تنجیم (۱۱۹۷ھ)

(ل) تاریخ مثنوی لالہ پتّن لعل آفرین تخلص الہ آبادی کہ در تعریفِ بلدۂ بنارس بخوبی اشتہار یافتہ : بشنو از ابتدائے بسم اللہ + مدح و تعریف بلدۂ کاشی (۱۱۹۲ھ)

(م) تاریخ انشا فرمایش سرب سکھ رائے ہمراہی راجہ صورت سنگھ :

گوش کن داستانِ دہ یار است (۱۱۹۷ھ)

(ن) تاریخ مرقع (سدانند) : تحفۂ نادر از نگارِ قلم (۱۱۹۷ھ)

(س) تاریخ تذکرۂ بھگوان داس ہندی تخلص کہ آں را حدیقۂ ہندی می گویند :

(۱) نامِ خوبش حدیقۂ ہند لیست (۱۱۹۹ھ)

(۲) چمنستان زلالۂ ہند لیست (۱۱۹۹ھ)

اب یہ سوجھی کہ بناوٹ کی لگاوٹ ہے تری
مدتوں بھولے رہے ہم ترے یارانے پر

ولہ

خوں ہو گئی ہے آہ دلِ بے قرار میں
بجلی گری ہے ٹوٹ کے پارے کی کان پر

ولہ

سوفِ مہ کا دھوکا ہے، خطِ رخسارِ جاناں پر
ستاروں کا گہن ثابت، مسی مالیدہ دنداں پر
عیاں ہے ان نشیلی انکھڑیوں سے شانِ خونریزی
کہ حکمِ ہالۂ خورشید ہے آغوشِ مژگاں پر
بطِ عارض لیے جاتا ہے آب و تابِ خوبی کو
مسافر کاروانِ حسن ہے چاہِ زنخداں پر

ولہ

شمیمِ زلف ہے دوشِ صبا پر
کہ ہے کالی پری تختِ ہوا پر
سیاہی ہے جو سرخی پر نمایاں
دھواں ہے شعلۂ رنگِ حنا پر
ہزاروں کو جو دیکھا ہے ہوا خواہ
دماغِ نکہتِ گل ہے ہوا پر
جگر خوں ہے کہ ناحق خونِ دل سے
کہیں طوفان اٹھے رنگِ حنا پر
تغافل پر ترے جی لوٹتا ہے
کہ غش کرتا ہوں فہمِ مدعا پر

ولہ

مہ ہو جائے حنائی، لے جو دلبر ہاتھ میں
صورتِ ہدہد نظر آئے کبوتر ہاتھ میں
یش رو ہر آن رہتا ہے، حجاب و شرم سے
آئینہ کیا بن گیا سدِ سکندر ہاتھ میں
مدقِ دستِ نگاریں کا ہوا روشن جو عکس
آفتاب آیا نظر، شیشے کا ساغر ہاتھ میں

ولہ

شتِ وحشت ہوا ورد امانِ دلبر ہاتھ میں
پاؤں میں بیڑی ہوا اور زلفِ معنبر ہاتھ میں

ولہ

بسمل ترے کوچے میں تڑپتا ہووے
تو بھی ہو گرم تماشا تو تماشا ہووے
رہ وہ دکھلائے تو ہو رونقِ بازارِ بہار
زلف کھولے تو خریدار کو سودا ہووے
اری آہ سے ہوتا ہے دل میں تنگ ہنوز
ہوا سے لڑتا ہے وہ ترکِ خانہ جنگ ہنوز

ولہ

صفائے تن سے تری تھا گمان صفائی کا　　جو سینہ دیکھا تو سمجھے کہ دل سنگ ہے ہنوز

ولہ

جلوہ گر صبح کا تارا ہے شبِ تار کے پاس　　وہ درگوش ہے یا طرۂ طرار کے پاس
اس کی آنکھوں سے گمانِ نظرِ بد ہے مجھے　　نرگسِ چشم نہ آویں دلِ بیمار کے پاس
دلِ مجنوں سے ہم آغوش ہے لیلیٰ کا خیال　　شورِ خلخال ہے زنجیر کی جھنکار کے پاس
اب تلک جیتے رہے دردِ جدائی میں ز کی　　شرم آتی ہے کہ کیا جائیے دلدار کے پاس

ولہ

مسی نہ اپنے دانتوں میں اے سیم تن لگا　　پھبتی کہیں گے سب مہ نو کو گہن لگا

زار

زار تخلص، چشم و چراغ میر تقی میر:

کون گل بہرِ سیر آتا ہے　　باغ پھولے نہیں سماتا ہے
اوچھی پڑتی ہے جب کوئی تلوار　　دہنِ زخم مسکراتا ہے
لاکھ تقلید کیجیے گر زار　　پر کب اندازِ میر آتا ہے

سرور

سرور تخلص، اعظم الدولہ نواب میر محمد خاں - از اراکینِ شاہ جہاں آباد است. تذکرہ دارد مشتمل بر اشعارِ ریختہ گویاں و صاحبِ دیوان است:

نامہ کس سوختہ جاں کا یہ لیے جاتا ہے　　بازوؤں سے جو ہلاتا ہے کبوتر پنکھا

ولہ

غیر لایا اسے یاں (بہرِ تماشا دمِ نزع　　دوستوں سے نہ ہوا وہ جو ہوا دشمن سے

ولہ

عبث ہے نامہ و پیغام کی امید مجھے　　ہزار مرتبہ قاصد جواب لایا ہے

سعادت

سعادت تخلص، سعادت علی نام - از مردمِ امروہہ است:

یار سے جو رقیب لڑتے ہیں　　یہ بھی اپنے نصیب لڑتے ہیں

سعید

سعید تخلص، قاضی سعید الدین خاں خلف قاضی نجم الدین علی خاں۔ بہ جمیع اوصافِ صوری آراستہ و پیراستہ، سیرتِ ہمت وجود و فضا منش، ہمچو آفتابِ عالم تاب است۔ از مردمِ انتخابِ عالم است، پیوستہ بہ عمدہ روزگاری بسر کردہ۔ در فنِ شعر ہم رتبۂ عالی دارد:

قفس سے اڑنے کا یاں تک تو ننگ و عار رہا　　کہ رنگ کے بھی میں اڑنے سے شرمسار رہا
ہمارے ہاتھ نہ آیا کبھی ہزار افسوس　　مدام وقفِ حنا پنجۂ نگار رہا

ولہ

زہد میں بھی یاں تلک رغبت مجھے صہبا سے ہے　　رشتۂ تسبیح میرا پنۂ مینا سے ہے

ولہ

بے دماغی اسے کیوں کر نہ ہو ملنے سے مرے　　کہ پری کو نہیں خوش آتی ہے انسان کی بو

سلیمان

سلیمان تخلص، مرزا سلیمان شکوہ شاہ زادۂ گردوں وقار، قدر شناسِ معنی طرازاں بودہ۔ در سنہ یک ہزار، دو صد و چہار و پنج ہجری در بلدۂ اکبر آباد بہ سیرِ عالمِ جاوداں رختِ سفر ہستی بستہ، نہضت کرد۔ زبان آرائی و سحر پردازیٔ بیانش از ہر شعرِ او مترشح است، بہ مرتبۂ کمال خوش فکر بودہ:

صدمہ فلک جو دیتا ہے یہاں میری جان پر　　روتے ہیں دیکھ دیکھ ملک آسمان پر
ہے لطف پان کھانے کا اس وقت مہرباں　　رکھ کر اگال دو مجھے اپنی زبان پر
جو بات ہے وہ قند و شکر سے کم نہیں　　مرتا ہوں میں تو اس تری شیریں زبان پر
بیمارِ عشق کی ترے نبضوں کو دیکھ کر　　عیسیٰ بھی اپنے ہاتھوں کو رکھتا ہے کان پر
سرمہ لگا کے دیکھے اگر اس طرف کو تو　　برقِ نظر نہ کیوں کے گرے اصفہان پر
بے اختیار چونک پڑا، عین خواب سے　　رکھا جو میں نے ہاتھ ذرا اس کی ران پر

نالے شبِ فراق کے سنتے رہے سبھی — کھایا نہ رحم ایک نے مجھ ناتواں پر
سر کھول کر نہ مانگ فلک کو دکھائیے — آفت نہ آئے دیکھو کہیں کہکشاں پر
ہر دردِ دل کی تم ہو مجرب دوا علی — رکھیے شفا و خیر سلیماں کی جان پر

ولہ

جنازہ تیرے دیوانے کا اس توقیر سے اُٹھا — کہ شورِ نالہ ہر اک خانۂ زنجیر سے اُٹھا

سپہر

سپہر تخلص، ناش دمِ تحریر از یادِ فقیر رفت، شاید میر محمد باشد، اشعارش از نغمہ سرائیِ ترانہ سنجانِ لکھنؤ شہرتے یافتہ اند کہ ہر غزلش ورد زباں:

مثلِ آئینہ ہوں حیراں روئے جاناں دیکھ کر — دل پریشاں ہے مرا زلفِ پریشاں دیکھ کر
یہ تمنا ہے کہ قاتل پھر نمک افشاں کرے — زخم کا ٹانکا ہر اک ٹوٹا نمک داں دیکھ کر
ٹکڑے ٹکڑے رشک سے لعلِ بدخشاں ہو گیا — اے پری رُو ان لبوں پر سرخیِ پاں دیکھ کر
اے سپہر اللہ سے اپنی یہی ہے التجا — جان نکلے روضۂ شاہِ شہیداں دیکھ کر

ولہ

بیتِ ابرو کو ہلالی کا نہ دیوان پہنچے — رُوے گلگوں کو نہ سعدی کی "گلستاں" پہنچے
گئے گلگشت کو تصویرِ رخِ یار لیے — ہاتھ میں ہم لے کے گلستاں پہنچے

سودا

سودا تخلص، مرزا رفیع۔ در قصیدہ گوئی عرفی و در غزل نظیریِ وقتِ خویش بودہ۔ طرزِ قصیدۂ او بہ زبانِ ریختہ کم از طرزِ قصیدۂ فارسیِ عرفی نہ باشد۔ در ہجو نیز دستگاہے داشتہ۔ مولدش شاہ جہاں آباد و نشو و نمایش در بلدۂ لکھنؤ[1] از مقربان و مخصوصانِ نواب آصف الدولہ بودہ۔ دماغِ سودائیاں طرہ مشک تابِ کلامش از عطر بیزیِ مضامین روکشِ نافۂ ختن است و پردۂ گوش از صدائے رنگینیِ بیانش غیرت دہِ بہارِ گلشن۔ جملہ شعرائے ایں زماں او را استاد مسلم الثبوت می دانستند:

جی تک تو دے کے لوں کہ تو ہو کارگر کہیں — اے آہ کیا کروں نہیں بکتا اثر کہیں

[1] ۔ دلی ہے۔

نامہ لکھا تھا یار کو، میں یہ سمجھ کے ہے
عالم میں رسمِ نامہ و پیغام ہر کہیں

اڑتا پھرے ہے نامہ گلی میں، کسی طرف
دھڑ سے جدا پڑا ہے سرِ نامہ بر کہیں

یارو خدا کے واسطے انصاف تو کرو
آتا ہے ایلچی پہ زوال اس قدر کہیں

ہوتی نہیں ہے صبح، نہ آتی ہے مجھ کو نیند
جس کو پکارتا ہوں، سو کہتا ہے مر کہیں

ولہ

ثابت ہو مرا حقِ وفا روزِ قیامت
گر آنکھ لڑاوے نہ تو محشر کے حکم سے

ولہ

سودا کے جو بالیں پہ گیا شورِ قیامت
خدام ادب بولے ابھی آنکھ لگی ہے

ولہ

بلبل چمن میں کس کی ہیں یہ بدشرا بیاں
ٹوٹی پڑی ہیں غنچوں کی ساری گلابیاں

ولہ

چمن میں اٹھ کے جب اس جنگ جو کا نام لیا
صبا نے تیغ کا آبِ رواں سے کام لیا

بسانِ طائرِ رنگِ حنا قدم لے کر
ہر ایک کبک نے پیارے ترا خرام لیا

ادھر شروع ہوا صبح نغمۂ بلبل
ادھر بہار سے ہر ایک گل نے جام لیا

معاشِ اہلِ چمن جائے رشک ہے سودا
کہ زندگی کا انھوں نے مزا تمام لیا

ولہ

کیفیتِ چشم اس کی مجھے یاد ہے سودا
ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

ولہ

خانہ پروردِ چمن ہیں آخر اے صیاد ہم
اتنی رخصت دے کہ ہو لیں گل سے ٹک آزاد ہم

خندۂ گل بے نمک، فریادِ بلبل بے اثر
اس چمن سے آہ جا کر کیا کریں گے یاد ہم

ذبح تو کرتا ہے ٹک فرصت گلے لگنے کی دے
عیدِ قرباں ہے تجھے دے لیں، مبارک باد ہم

ولہ

پونچھ کر چشم کریں ہم جو فشارِ دامن
باج خواہاں ہو رگِ ابر سے تارِ دامن

پوچھتا کیا ہے کہ تو کون ہے، اک ہم بھی ہیں — خاکِ راہِ بت بے رحم و نثارِ دامن
آتشِ عشق جو ذرہ ہو کسی دل میں پھر — کرتی ہے جنبشِ مژگاں تری کارِ دامن

ولہ

مژہ اس چشم کا کھٹکے ہے دلِ مفتوں میں — نیشتر پیرے ہے لوہو کی پڑی جیحوں میں
سبقِ ناز لیا کس نے چمن میں کس کے — جنبشِ لب نے لٹائے ورقِ گل خوں میں
موسمِ گل ہے جہاں میں تو ہمیں کیا سودا — اپنے جی سے یہ عداوت ہے کہ دلِ گردوں میں

ولہ

شب کو خاطر میں اگر قصدِ صبوحی ہووے — نمکِ صبح ملا دے وہ، مئے گلگوں میں

ولہ

بلبلِ تصویر ہوں جوں نقشِ دیوارِ چمن — نے قفس کے کام کا ہرگز نہ درکارِ چمن
کیا گلہ صیاد سے کریے یوں ہی گذری ہے عمر — اب اسیرِ دام ہیں، تب تھے گرفتارِ چمن
لختِ دل گرتے خزاں میں جائے برگ اے عندلیب — ہم اگر ہوتے تری جا گھر دل افگارِ چمن
فصلِ گل آخر ہے یارو دیکھ لو نرگس کو ٹک — باغ میں مہماں کوئی دن ہے یہ بیمارِ چمن

ولہ

اتنا تو یوسف سے مشابہ کہ عدم سے — پردے میں چھپا اس کے تئیں، تجھ کو نکالا

ولہ

سود جوں شمع نہیں گرمیٔ بازار مجھے — ہوں میں وہ جنس کہ آتش دے خریدار مجھے

ولہ

نے ضرر کفر کو، نے دین کا نقصاں مجھ سے — باعثِ دشمنی اے گبر و مسلماں مجھ سے

ولہ

ہزار دل نیش زن پاتا ہوں یاں میں کام میں اپنے — ترے گھر سے تو ظالم خانۂ زنبور بہتر ہے

سوز

سوز تخلص، میر محمد نام۔ از لکھنؤ است۔ بہ خواندنِ اشعار بہ طرزِ مطبوع مشہورِ جہاں است:

میں اگر قیدِ حیات سے چھوٹوں ناصحا تیری بلا سے چھوٹوں

سحر

سحر تخلصِ کاتب الحروف احمد حسین - از ابتدائے سنِ تمیز تا این دم بہ تلاشِ کلامِ موزوں عمرے بسر کردہ و با اکثرے از شعرائے فی زماننا سرگرمِ اتحاد پرستی ہا بودہ و از سخن پردازئ ہر یک بہرۂ برداشتہ تذکرہ ہائے مبسوط در زبانِ فارسی و ریختہ زاید از پنجاہ جلد دیدہ - انچہ از طبع نارسا بہ انتخاب در آمد تخلش برداشتہ و از شاعرے کہ ملاقات دست دادہ از زبانش انچہ سامعہ نواز گردیدہ بہ حکمِ مکتبہ از کتابے و ذرہ از آفتابے بہ تالیفِ ایں تذکرہ پس از مدتِ دراز پرداخت و نمی خواست کہ بہ سلکِ منتسبان و منتظمان ایں معنی خود را بہ اتہامِ شعر گوئی شہرہ دہد و چوں اتفاقِ موزوں کردنِ اشعارِ شاذ و نادر افتادہ بہ مقتضائے النادر کالمعدوم، نیز مناسب نہ می دانست کہ شعرے از موزوں کردۂ خود داخلِ تذکرہ کند۔ لیکن بعض یارانِ طریقت کہ از فکرِ ناقصِ ایں ننگ خلایق آگاہی داشتند، بہ گذاشتند کہ ازیں معرکہ دست کشیدہ پا بیروں گذاردہ، لاجرم محض بہ تحریرِ یک غزل کہ سراسر ہزل است، اکتفا کردہ، گویا برائے تصدیقِ قولِ خویش شاہدے آوردہ است - ازیں پیش آشفتہ تخلص می کرد، اکنوں بہ نظرِ ایں کہ خوشہ چینِ خرمنِ استفادۂ استادی غلام میناسا سحر ہستم سحر تخلص پسندیدہ ام:

ہے نگاہِ آتشیں، برقِ شرر افشاں نہیں
شعلۂ بے دود ہے، رخسارہ تاباں نہیں

شامِ غربت ہے ہماری، گیسوئے جاناں نہیں
صبحِ روزِ عید ہے، اس کا رخِ خنداں نہیں

ہے خمِ تیغِ ہلالی، ابروئے جاناں نہیں
سیخ ہے لختِ دلِ بریاں کی وہ مژگاں نہیں

قطرۂ شبنم ہوئے ہیں، غنچۂ سوسن میں جمع
یہ مسی آلودہ اس گل کے لبِ دنداں نہیں

جلوۂ مہتاب کا عالم نمایاں ہے یہاں
شمعِ بے فانوس ہے، وہ سیمِ تن عریاں نہیں

پردہ داری میں کہاں نشو و نمائے حسن ہے
تیغ کا جوہر ہے پنہاں، جب تلک عریاں نہیں

جلوہ گر یک جا شفق کے پردے میں ہیں دو ہلال
تیرے او خورشید رو ہونٹوں پہ رنگِ پاں نہیں

ہے نظر کو خیرگی اس روئے آتشناک پر
یہ شعاعِ مہر ہے، جبینِ حسنِ جاناں نہیں

ساعدِ سیمیں سے کچھ رتبہ نہیں الماس کو
پنجۂ مژگیں سے بہتر، پنجۂ مرجاں نہیں

خط نکل آنے پہ بھی اب تک دماغِ حسن ہے
کاروانِ حسن لٹتا ہے، یہ جنس ارزاں نہیں

آتشِ گل سرد ہے، دیکھ اس کی گرمیٔ شباب
آفتابِ صبحِ گلشن ہے، گلِ خنداں نہیں

بحرِ موّاجِ لطافت ہے وہ رشکِ نوبہار
ہے حبابِ آبِ گل، اس شوخ کے پستاں نہیں

یہ نکلتا ہے پسینہ، یا کہ کھچتا ہے گلاب
گرمیِ سیرِ چمن سے وہ عرق افشاں نہیں

سحر ایسا کون سا ہے جو ترے جوہر کو دیکھ
مثلِ آئینہ وہ از سر تا بہ پا، حیراں نہیں

شہیدی

شہیدی تخلص، کرامت علی نام، وارستہ مزاج و آزاد وضع، از گنجینۂ طبع معنیٔ ہزار معنیٔ تازہ بروں انداختہ۔ گاہے بہ مقتضائے سخن پرستی و شوریدہ سری تعلقِ خاطر بہم رسانید۔ در شاعری و نادرہ بیانی او ہمہ را اتفاق است۔ در آخرِ عمر از ہدایتِ باطنِ مصفا بے اطلاعِ یارانِ خویش بہ زیارتِ حرمین شریفین رختِ سفر بستہ تا عرصہ دراز مفقود الخبر بود۔ چوں نیتِ مستحکم و عزمِ مصمم داشت از حسنِ عقیدتِ خویش بہ زیارتِ بیت اللہ مشرف گردیدہ و مناسکِ حج ادا کردہ بہ عارضۂ شدید مریض گردید۔ در عینِ شدتِ مرض کہ قطعِ امیدِ ہستی کردہ بود، بہ کمالِ غلوے شوق عزیمتِ مدینہ منورہ کرد و می خواست کہ بہ زیارتِ قبۂ شریفۂ روضۂ منورۂ مزارِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم جلاے نورِ بصر کردہ جان جاں آفریں را تسلیم کند۔ چوں از یمنِ حسنِ ارادت خاتمہ اش بہ خیر بود۔ بہ ایں ہمہ کہ از مسافتِ بعید بہ سببِ تشددِ عارضہ، چشم وا کردن ہم از شدتِ ضعف او را گراں می آمد۔ ہرگاہ کہ گنبدِ روضۂ مطہر از دور بہ نظرِ مردم جلوہ گر شد، مشتاقاں را بہ مصداقِ ایں کہ ؎

وعدۂ وصل چوں شود نزدیک　　آتشِ شوق تیز می گردد

انبساط و سرورِ خاطر ہا کہ رو نمود، خارج از حصرِ بیان ست و مردماں بہ آوازِ بلند گفتند کہ "اینک گنبدِ مزارِ شریف است"۔ شہیدی کہ چشم بہ انتظارِ مشاہدۂ لقاے گنبد پر نور بود، دفعتہً چشم وا کرد و شاعرِ شوق از دیدۂ دلش نگریست۔ و پس ازاں چشم از نظارہ بربست و جاں داد۔ ہم گناں ازیں واقعہ دستِ تاسف مالیدہ، نعشِ او بہ مدینہ منورہ آوردند۔

شریفانِ مدینہ در جوارِ روضہ اش جا دادند و دفن کردند:

سرو سے قد سے اٹھا ہاتھ جو انگڑائی کو
مستزاد اس لے کیا مصرعۂ رعنائی کو
کیا گلا کاٹ، سرِ شام فراغت پائی
ہم نے اک لحظہ میں کاٹا شبِ تنہائی کو

ولہ

تیری جمعیت کا شیرازہ، دلِ مضطر کھلا
آج گندھوانے کو شاید اس پری کا سر کھلا
چاندنی میں سیر تھی، کترے ہوئے مقیش کی
طرفہ گورے رنگ پر الماس کا زیور کھلا
چوم کر وقتِ کرشمہ ابروئے خمدار یار
بول اٹھی مشاطہ آج اس تیغ کا جوہر کھلا
آسماں کے ہاتھ سے درشد خلافِ عقل ہے
اے شہیدی راز میرا خلق پر کیوں کر کھلا

ولہ

خطِ مشکیں، لبِ رنگیں، رخِ تاباں ہوگا
ناز و شوخی میں نہ تجھ سا مہِ کنعاں ہوگا
کرتے ہو نیم نگہ پر مرے دل کا سودا
نہ خریدو یہ ابھی اور بھی ارزاں ہوگا

ولہ

سپیدی چشم کی زائل ہو دیدارِ عزیزاں سے
اڑایا ہم نے یہ نسخہ بیاضِ پیرِ کنعاں سے

ولہ

بلے رے اس کا زمستاں میں یہ کہنا شبِ وصل
نہ اترتی، نہ میری ہوتی حمایل ٹھنڈی

ولہ

چاند نکلا تھا کدھر، کیا ترے جی پر آیا
شام کے وقت جو تو آج مرے گھر آیا
جب گیا غیر تری بزم سے دل شاد گیا
جب میں آیا ترے کوچے سے مکدر آیا
جلد انصاف چکا خلق کا اے داورِ حشر
پھر قیامت ہے جو وہ شوخ ستمگر آیا
نام میت کا سنے غش جسے آ جاتا ہو
وہ شہیدی کے جنازے پہ مقرر آیا

ولہ

پانوں رکھتے کوچۂ قاتل میں سر جاتا رہا
تھوڑی جرأت میں بہت زوروں کا ڈر جاتا رہا
وصل کی تدبیر کا خواہاں رقیبوں سے ہوا
تیری فرقت میں مرا ہوش اس قدر جاتا رہا

سکر میں بھی کم نمازِ جمعہ کی میں نے قضا — میکدے سے سوئے مسجد دوش پر جاتا رہا

ولہ

چودھویں رات کا چاند نکلا، پھیلی گھر گھر چاندنی — رنج دے گی آج ہجوروں کو شب بھر چاندنی
دل شکستہ مستحق تر ہیں ترے انوار کے — آتی ہے ٹوٹے محل میں پہلے اکثر چاندنی

ولہ

میرے زخموں پر نمک سے مشک بہتر مشک سے — سودۂ الماس بہتر، سب سے بہتر چاندنی
ذبح کرتی ہے مجھے بے تیغ و خنجر چاندنی — کس قدر بے رحم ہے اللہ اکبر چاندنی

ولہ

کھل گیا رازِ چھپی چاہ سب محفل پر — نام لے کر جو مرا اس سے پکارا نہ گیا
جان کیوں دی ہے برائے عوض اے طائرِ دل — تو تو صدقے بھی کسی روز اتارا نہ گیا
عید کے روز سبھی اس سے گلے مل آئے — نہ گیا ایک تو میں رشک کا مارا نہ گیا

شیفتہ

شیفتہ تخلص، نواب مصطفیٰ خاں، صاحب تذکرہ گلشنِ بے خار۔ از مشاہیر و اعیانِ شاہ جہاں آباد است۔ جوہرِ قابلیت و کمالش از مشاہدہ نظم و نثر تذکرہ اش می توان دریافت کلکِ آشفتہ رقم یارائے تحریر توصیفش نہ دارد:

ہے خراشِ ناخنِ غم میں بھی کیا بالیدگی — جو ہلالِ غرہ تھا سو، ماہِ کامل ہو گیا
ہاتھ اٹھایا اس نے قتلِ بے گنہ سے میرے بعد — طالعِ اغیار سے جلاد عادل ہو گیا

ولہ

شعلہ رو یار و شعلہ رنگ شراب — کام یہاں کیا ہے دیدۂ تر کا
نقشِ تسخیرِ غیر کو اس نے — خوں لیا تو مرے کبوتر کا

ولہ

تاب لوسے کی کسے دیں بھی وہ اب شیفتہ، اگر — کر چکی کام یہاں لذتِ دشنام اپنا

ولہ

ہائے اس برقِ جہاں سوز پہ آنا دل کا — سمجھے جو گرمیٔ ہنگامہ جلانا دل کا

ولہ

پھر بھی کھوگے چھیڑنے کی، اپنی خو نہیں — عطرِ سہاگ ملتے ہو وہ جس میں بو نہیں
ہرجائی اپنے وحشی کو کس منھ سے کہتے ہو — کیا آپ کا نشانِ قدم کو بہ کو نہیں

ولہ

دعوے ہیں بوالہوس کو عجب مال و جاہ میں — الماس ریزے فرش ہیں خواب گاہ میں

ولہ

کرتا ہوں میں تعریف زبس اس کے دہن کی — لیتے ہیں مرے لب مری تقریر کے بوسے

شاد

شاد تخلص - از نام و نشانش آگہی نیست:

لب ہلا دے کبھی بس ایسی بھی رعنائی کیا — کام آئے گی قیامت کو مسیحائی کیا

شعوری

شعوری، از دورۂ سابقین است:

پھرتا رہے ہے چار پہر مضطر آفتاب — روشن ہے یہ کہ محو ہوا تجھ پر آفتاب

شکستہ

شکستہ تخلص، مرزا یوسف علی خلف نواب شجاع الدولہ بودہ است:

خرامِ ناز ترا بس مری نظر میں رہا — تمام عمر ہی بیٹھا میں رہ گذر میں رہا

ولہ

پروانہ وار جل کر گو خاک ہو گئے ہم — پر شمع رو نہ چوکا اپنی شرارتوں سے

شرر

شرر تخلص، علی بخش نام - از رئیسانِ قصبہ بدایوں است - بسیار خوش فکر و عالی طبع است -

صاحب

در تذکرہ "گلشنِ بے خار" مرقوم است کہ بیگمے است مشہور بہ صاحب جی - مثنوی

"قولِ غمیں" مصنفہ مومن خاں شرحِ نسخۂ حسن و جمال اوست۔ بہ فیضِ صحبتِ خاں مشارٌ الیہ صاحب تخلص امۃ الفاطمہ نام دلش بہ شعر و شاعری میل کرد۔ از موزونیِ قامت بہ موزونیِ طبع گرائید و از آرایشِ زلفِ پریشاں بہ موشگافیِ اشعار پیچید۔

کھولے ہیں اس نے پیرہنِ یوسفی کے بند — تکرر کھے نسیم سے کہہ دو قبائے گل

ولہ

جو خطِ جبیں کا مرے کاتب ہے اسی کو — دکھلا تو مرا نامۂ اعمال الٰہی

طور

طور از تلامذۂ برق است، تجلیٔ طور بافکرِ روشنِ او ہم جیب است۔ شعرائے معنی فہم بہ مقابلِ مضامینِ تازۂ او چشم از نظارۂ اشعارِ دیگراں فروبستہ، حرفِ لن ترانی بر زباں دارند۔ فی زماننا در لکھنؤ ہنگامہ گرم کن شاعری ست۔

یار کے رخ کے نظارے زیست کے آثار ہیں — ہم کو آنکھوں سے زیادہ روزنِ دیوار ہیں

سر خیالِ چشم و ابرو میں اٹھا سکتا نہیں — مست دو کھینچے ہوئے سر پہ مرے تلوار ہیں

بر سے چلنے سے ہیں ثابت ہوا اے ماہ وش — تیری جوتی کے ستارے کوکبِ سیار ہیں

در اگر دربان نہ کھولیں گے تو ڈالیں گے کھیڑ — طور ہم بھی تو غلامِ حیدرِ کرار ہیں

ولہ

طوق و زنجیر پہنے طفلی میں — عشق تو بھی گلے کا ہار رہا

ولہ

نشہ اس کی آنکھوں میں آیا تو یہ کہنے لگا — میں وہ مے کش ہوں کہ میرا مست پیمانہ ہوا

اس کے پیماں کے تصور میں جو رویا میں لہو — اشکِ رمانی انارِ خسلہ کا دانہ ہوا

آنکھیں دکھلائی ہوئیں منظورِ سرمہ دیا — ہاتھ رنگیں کر لیے گر رنگ کچھ لانا ہوا

ظفر

ظفر تخلص مرزا ابوظفر بادشاہ دہلی بہ فنِ شعر میلے تمام دارد۔ ابراہیم ذوق از مخصوصانِ حضرت است و فکرِ ایشاں بہ اصلاحِ او چو گوہرِ آبدار اند:

ہمارے آگے ہے ذکر اگلے دوستداروں کا　　پرانے مردوں کی وہ ہڈیاں اکھاڑتے

ولہ

اب بھی وہ آنکھ تری آئینہ رو ہے کہ نہیں　　اگلے طوروں پہ خدا جانے تو ہے کہ نہیں

ولہ

دیدِ گل کے تجھے پڑ جائیں گے لالے بلبل　　پڑ گئی گر کسی صیاد کے پالے بلبل
باغ میں خانۂ صیاد سے اُڑ کر آئی　　بارے پھر تو نے پر و بال نکالے بلبل

عاشق

عاشق موسوم بہ آغا حسین قلی خاں، صاحبِ تذکرہ "نشترِ عشق" کہ فارسی گفتہ اند

بدحواسی ہے یہاں تک پوچھنے کو اشک کے　　چشم کو بھول کر رکھتا ہوں سر پر آستیں

ولہ

بجز رفاقتِ تنہائی آسرا نہ رہا　　سوائے بے کسی اب کوئی آشنا نہ رہا

عشق

عشق تخلص، حکیم عرف اللہ خاں دہلوی است:

تم غیر کے گھر بیٹھ کے دل شاد کرو گے　　ہم کون ہیں صاحب، ہمیں کیوں یاد کرو گے

ولہ

کل رونے کی آمد سے گھٹا جائے تھا دم ہائے　　ہوتی ہے بلا موسمِ برسات کی گرمی

عشق

عشق تخلص، شیخ غلام محی الدین کہ مبتلا ہم تخلص دارد، از سکنائے میرٹھ است:

کہے ہے سن کے وہ مبتلا کے قصے کو　　کہ خوابِ ناز کو یہ تازہ اک فسانہ ہوا

عیشی

عیشی تخلص، طالب علی خاں نام، لکھنوی است۔ چہرہ شاہد نظم و نثر بہ مشاطگی طبع معنی آفریں ہر ہفت کردہ و خم و پیچ طرۂ مضامین رنگیں پر عذار دل فریب اشعار آراستۂ اوست بہ فارسی و زبان ریختہ شعر می گفت دہر و دل پذیر و مطبوعِ زباں دانان بودہ۔ در عہدش

جملہ شعرا فصیح اللسان اور امی گفتند۔ دیوانے مشہور دارد، شایقانِ معنی حرز جانش کردہ اند۔

یاد اگر یارانِ رفتہ کی کوئی دم کیجیے
رویئے ایسا کہ دامانِ فلک نم کیجیے

یاد کرتا ہے کسی کو کوئی بعد از مرگ دوست
دے فلک مہلت تو اپنا آپ ماتم کیجیے

کشتۂ فرقت ہوں، تربت پہ مری کرنا یہ نقش
ربط جتنا ہو سکے احباب سے، کم کیجیے

ولہ

محمل سے پرے قیس کو کہہ دے کوئی ہٹ جائے
صدمے سے جگر ناقۂ لیلیٰ کا نہ پھٹ جائے

ہمسر ہنسے گل برِ بالیں پہ ہماری
تنہائی کی شب ہے نہ کہیں نیند اچٹ جائے

وہ نخلِ حنا ہوں کہ یہاں سر بھی جو کٹ جائے
خوں دست بہ دست اپنا حسینوں ہی میں بٹ جائے

ولہ

گل غرق کرے اب خجالت میں تن اپنا
گلشن کی اگر سیر میں ہو گل بدن اپنا

سوزِ طپشِ دل سے کبھی کی تھی شکایت
پُر آبلہ سارا ہے اسی سے بدن اپنا

ولہ

جونہی لیلیٰ نے دیکھا قیس کو محمل کے پردے سے
اٹھے لاکھوں ہی نالے گرم اس کے دل کے پردے سے

ولہ

دام میں بال و پرِ طایرِ گلشن ٹوٹے
جورِ صیاد پہ برقِ شرر افگن ٹوٹے

ایک آئینے کا افسوس ہے تجھ کو ظالم
ہاتھ سے تیرے ہزاروں دلِ روشن ٹوٹے

بادِ سرد یہ کہنے لگی لیلیٰ جس دم
پائے مجنوں بہ گراں باریِ آہن ٹوٹے

ایسے دیوانے کو زنجیر کیا تھا یارب
دستِ آہن گرو دندانۂ سوہن ٹوٹے

ولہ

گر مرغِ گلستاں مری گفتار اڑائے
ہر بات میں رنگِ رخِ گلزار اڑائے

پوچھی جو خبر ہم نے اسیرانِ قفس کی
پر ٹوٹے سے صیاد نے دو چار اڑائے

پرواز کی طاقت نہیں زنہار پروں میں
اللہ یہ گلستان کی دیوار اڑائے

تو ہاتھ نامہ و پیغام سے سیلی
قاصد بھی تا نہ لذتِ دیدار اڑائے

سلجھتے ہی نہیں موئے سرِ زلف اس کے شانوں سے
الجھتے ہیں کجی رکھتے ہیں کیوں ہم ناتوانوں سے
سکتا کوئی، زخمی کوئی اور بسمل کوئی قاصد
گلی کو اس کی تو پہچان لینا ان نشانوں سے

ولہ

اثر میں ہو گئی عشاق کی دعا الٹی
الٰہی کیسی چلی عرش پر ہوا الٹی
نہ پہنچی ضعف سے وہاں تک تو پھر چلی آخر
گلو سے جانبِ دل آہ نارسا الٹی

ولہ

کام جب گریہ سے یہ دیدۂ تر لیتا ہے
قاصدِ اشک ثریا کی خبر لیتا ہے
دل گرفتہ ہوں کروں گا ہو کے میں آزاد کیا
مجھ کو یکساں ہے چمن کیا، خانۂ صیاد کیا
زخمِ کاری جسم پر کشتوں کے جانِ تازہ ہے
آبِ حیواں میں بجھا تھا خنجرِ فولاد کیا

غریب

غریب تخلص، شخصے متوطنِ مراد آباد ست:

گھر چھوٹا، شہر چھوٹا، لیک نہ چھوٹا غمِ عشق
ہم تو غربت کی اسی بات کے دیوانے ہیں

غافل

غافل تخلص، رائے سنگھ نام:

وصف کرتا ہے ان لبوں کا جب
غافل اس وقت لعل اگلتا ہے

غافل

غافل تخلص، نامش معلوم نیست۔ از لکھنؤ است و از تلامذۂ مصحفی

چمن کو چشمِ جاناں سے یہ کیا آتی ہے
ناز کرتی ہوئی جو بادِ صبا آتی ہے
کس کے میں دستِ نگاریں کا ہوں کشتہ یارو
ہر گلِ زخم سے جو بوئے حنا آتی ہے
صبح کس طرح سے ہوگی شبِ تاریکِ فراق
نہ تو نیند آتی ہے مجھ کو نہ قضا آتی ہے

فضل

فضل تخلص، فضلِ مولیٰ خاں نام۔ از سرزمینِ لکھنؤ است۔ بہ شاہ جہاں آباد رفتہ، قصیدہ بہ مدحِ اکبر شاہ گفتہ، خطابِ وحیدِ عصر افضل الشعرا یافت۔ حیف است کہ نوجوان مرد۔

اودی مسی وہ اس کی کہ مینے پہ محرف ہے — لب وہ کہ لعل کے بھی نگینے پہ حرف ہے

فصیح

فصیح تخلص، مرزا جعفر علی - از شعرائے لکھنؤ است و از تلامذۂ ناسخ

مجھ میں اک عیب بڑا ہے کہ وفادار ہوں میں — تم میں دو وصف ہیں، بدخو بھی ہو، مغرور بھی ہو

فغاں

فغاں تخلص، اشرف خاں کہ کہ احمد شاہ بادشاہ - از اعیان شاہجہاں آباد بودہ:

ممکن نہیں کہ غیر نہ ہوئے رکاب میں — تجھ کو خدا نہ لائے ہمارے مزار پر

ولہ

نہ کھولیے ترے بندِ قبا تو کیا کیجے — دلِ گرفتہ کو ظالم کبھی تو وا کیجے

فرخ

(کذا) فرخ تخلص، فرخ بخش نام - از مردمِ شوخ بازاری است و با دل دادہ خویش سرگرم دلدہی و دلداری:

ہمارے قتل کی تدبیر بے تقصیر ہوتی ہے — نگاہِ پاک کی شاید یہی تاثیر ہوتی ہے

قایم

قایم تخلص، قیام الدین نام - از تلامذۂ رفیع السودا است:

غیر سے ملنا تھا راس کے گو ہم چپ رہے — پر سنا ہوگا کہ تم کو اک جہاں نے کیا کہا

ولہ

تا بہ فلک نالہ تو پہنچا تھا رات — میں ہی کچھ اللہ کا ڈر کر گیا

ولہ

کوچہ گردی دل مجنوں نے مرے کی ایجاد — مبتذل جان کے ڈھب بادیہ پیمائی کا

ولہ

طوفانِ گریہ کی ہے مرے حد اک عمرِ نوح — دریا نہیں کہ آج چڑھا کل اتر گیا

ولہ

دو چیز ہیں یادگارِ دوراں — تیرا ستم، اپنی جاں فشانی

ولہ

کس دل پہ داغِ غم نے نہ تیرے بہار کی — اللہ رے دھوم اب کے برس لالہ زار کی

قدرت

قدرت تخلص، قدرت اللہ نام - از رام پور است:

لاکھوں جلائے مُردہ صد سالہ آن میں — فیض دمِ مسیح ہے اس کی زبان میں

انصاف بھی ضرور ہے، یہ ظلم تا کجا — کتنوں کے گھر تو جاتے رہے امتحان میں

قاسم

قاسم تخلص، قاسم علی خاں نبیسۂ عطا حسین خاں، تحسین تخلص، صاحبِ "نوطرزِ مرصع"

آج دعویٰ اس کی یکتائی کا باطل ہو گیا — بحث کرنے کو جو آئینہ مقابل ہو گیا

کیوں نہ ہووے عالم اس کا تختۂ مشقِ ستم — وقتِ بسم اللہ معلّم جس کا بسمل ہو گیا

کلیم

کلیم تخلص، شیخ کلیم اللہ، ساکنِ شیر کوٹ:

جلوۂ طور رخِ یار سے پیدا ہووے — خجل اعجازِ تکلّم سے مسیحا ہووے

کرم

کرم تخلص، شیخ غلام ضامن، تلمیذِ مومن خاں است:

تیر خوردہ ہمارا شک سے کیا کیا تڑپا — استخواں میں مرا دیکھ کے پیکاں تیرا

ولہ

زلف مژگاں سے لپٹتی ہے خدا خیر کرے — مشک آلودہ کہیں خنجر بُراں ہوگا

ولہ

اس کو شہرت کی تمنا، مجھے رسوائی کی — ہر کوئی آرزوئے نشو و نما رکھتا ہے

گویا

گویا تخلص، فقیر محمد خاں، یکہ تازِ میدانِ معنی و شہ سوارِ عرصۂ سخنوری - از امرائے ذی شوکت و جاہ است - اکثر از علماء و شعرا ذلہ ربائے [illegible] حمائش ہستند - از دیوان:

مطبوعش چند اشعارِ ریختہ، خامہ معنی طراز است:

وصف لکھتا ہے کس گل تر کا — ہر رگِ گل ہے تار مسطر کا
آہِ موزوں کے ساتھ نالہ کروں — خوب مصرعہ ہے یہ برابر کا
یادِ دنداں میں ہم جو روئیں کبھی — اٹھے طوفان آبِ گوہر کا

ولہ

واہ ری تلووں کی رنگت نقشِ پا گلگوں ہوا — ہائے رے قد سرو جس کے سائے سے موزوں ہوا
تذکرے سے رخ کے گویا صاف تھے آثارِ صبح — ہو گئی شب پھر جو ذکرِ گیسوئے شب گوں ہوا

ولہ

ہلال نعل بنا، چرخ نعل بند ہوا — سمندِ یار کو تس پر بھی ناپسند ہوا
نہ آئے آپ میں ہم، یار پھر گیا آ کر — مزاج اپنا یہ خود رفتگی پسند ہوا
یہ ان دنوں مرے یوسف کا گرم ہے بازار — قدم رکھا جو خریدار نے سپند ہوا

ولہ

گھر میں اک ماہ لقا کے ہے گذارا اپنا — ان دنوں برجِ قمر میں ہے ستارا اپنا
قبر کو دیکھ کے اس ماہ نے منھ پھیر لیا — کیوں فلک اب بھی ہے گردش میں ستارا اپنا

ولہ

کب کتبلا وہ نوجواں آ بیٹھے ہم پیروں کے بیچ — جو کماں کو بھی نہیں رکھتا کبھی تیروں کے بیچ
تیر جو میرے لگا ہے سو لبِ معشوق ہے — اس لیے ہے ناز مجھ کو سارے نخچیروں کے بیچ
تشنہ کام ایسا ہوں اے قاتل کہ میرے واسطے — جوہروں سے موجزن ہے آب شمشیروں کے بیچ

ولہ

کیا ہی افشاں ہے جبین و ابروئے خمدار پر — ہے چراغاں آج کعبے کے در و دیوار پر
نقش پا سے پنج شاخہ قبر پر روشن کرو — مر گیا ہوں میں تمھاری گرمیِ رفتار پر

ولہ

ہے ترے رخ سے آفتاب خجل — کفِ پا سے ہے ماہتاب خجل

آگے گویا کے منفعل بلبل — تجھ سے اے رشکِ گل گلاب خجل

ولہ

رہتے ہیں پامال، مثلِ سایۂ دیوار ہم — تس پہ بھی ہیں خاطرِ گردونِ دوں پر بار ہم
ہم تو کیا ہیں حضرتِ عیسیٰ بھی دیکھیں تو کہیں — عین صحت ہے جوان آنکھوں کے ہوں بیمار ہم

ولہ

منھ ڈھانپ کے میں جو رو رہا ہوں — اک پردہ نشیں کا مبتلا ہوں

ولہ

دماغ اور بھی پاتے ہیں ان حسینوں میں — یہ ماہ وہ ہیں نظر آئیں جو مہینوں میں
ہمارے ماہ کو یہ زاہدوں نے سجدے کیے — ستارے بن گئے گئے جو تھے جبینوں میں
بجھایا شمع کو فانوس میں لگا دی آگ — کلائیاں جو تیری دیکھیں آستینوں میں

ولہ

کیوں کر نہ خوش ہو سر مرا اُس کے دار میں — کیا پھل لگا ہے نخلِ تمنائے یار میں
چاہا بہت ولے نہ موا ہجرِ یار میں — محبوب کیا اجل بھی نہیں اختیار میں
آؤں نہ آپ میں جو وہ آئے کنار میں — رکھوں [illegible] اپنی [illegible] انتظار میں
آنسو بہاؤں آنکھوں [illegible] لگا کے میں — [illegible] یار کے پھولوں کے ہار میں
مثلِ حنا ہے غیر کے ہاتھوں [illegible] بہار — سرسبز اگرچہ ہوں [illegible] میں
اللہ رے صفائیِ رخِ یار دیکھنا — حیراں ہے آئینہ [illegible] دار میں
گر پیشوائے خلق ہے زاہد تو کیا ہوا — تسبیح کا [illegible] شمار میں

ولہ

منھ پھیر کے وہ اپنی زلفیں سنوارتے ہیں — آئینے پتھروں پر سر دے [illegible] مارتے ہیں
ساقی کی ابروؤں پر دل اپنا وارتے ہیں — اس طاق پر سے شیشے صدقے اتارتے ہیں
کرتے ہیں چاندنی کا مہر و گمان اس پر — جس شب وہ اپنی میلی پوشاک اتارتے ہیں

ولہ

جو ہم وہ مصحفِ رو دیکھ کر فریاد کرتے ہیں — تو کافر ہنس کے کیا کہتا ہے قرآں یاد کرتے ہیں

ولہ

ہم مر گئے ہیں دیکھ کے ساقِ عذار کو — زیبا ہے شمع طور ہمارے مزار کو

بلبل وہ ہوں جو سمجھوں اُسے بیلِ اشکِ غیر　　رہنے نہ دوں چمن میں کبھی آبشار کو

ولہ

نیم بسمل کیا ادا ہے یہ　　عاشقو لوٹنے کی جا ہے یہ
دل کو کیوں پائمال کرتے ہو　　نہ تو سبزہ ہے، نے حنا ہے یہ
طاقِ ابروئے یار کو دیکھوں　　عین کعبے میں التجا ہے یہ

ولہ

کس قدر مجھ کو ناتوانی ہے　　بارِ سر سے بھی سر گرانی ہے
سارے قرآں سے اس پری رو کو　　یاد اک لفظِ لن ترانی ہے
ناصحا عاشقی میں رکھ معذور　　کیا کروں عالمِ جوانی ہے
مینھ نے گھر میں مرے رکھا اس کو　　یہ بھی تائیدِ آسمانی ہے
دل بھی اس سے اٹھا نہیں سکتے　　ناتوانی سی ناتوانی ہے
قدِ موزوں کے عشق میں گویا　　رات دن شغلِ شعر خوانی ہے

ولہ

شرم سے اس چشم میں آنسو نظر آیا مجھے　　گردنِ آہو میں یا گھنگرو نظر آیا مجھے
آئینے سے بھی زیادہ جسمِ جاناں صاف ہے　　ایک ہی جانب سے پُشت و رُو نظر آیا مجھے

ولہ

محبت بھی نہیں قاتل کی خالی ہے عداوت سے　　اشارہ بھی جو کرتا ہے تو انگشتِ شہادت سے
میں دیوانہ ہوں مرہم فایدہ مجھ کو نہ بخشے گا　　اگر اچھے بھی ہوں گے زخم تو سنگِ جراحت سے
وہ مجھ سے بے طرح روٹھا تھا لیکن میں نے اے گویا　　منایا لاکھ منت سے، خوشامد سے، سماجت سے

ولہ

تم وفا کا عوض جفا سمجھے　　اے بُتو تم سے بس خدا سمجھے
ہاتھ اٹھا کر لگا جو کوسنے وہ　　واہ رے ہم اسے دعا سمجھے

ولہ

ابر ہے، آبِ رواں ہے، لغزشِ مستانہ ہے　　گردشِ گرداب ساقی، گردشِ پیمانہ ہے

ہے وضو بہنا لہو کا، قتل ہونا ہے نماز
سر جھکانا زیرِ خنجر، سجدۂ شکرانہ ہے

ولہ

گم ہوا ہوں نظروں سے ایسی ناتوانی ہے
اب اُدھر سے ارنی ہے یہاں سے لن ترانی ہے

وہ لگاتے ہیں مہندی، ہم بھی ہیں لہو روتے
وہاں ہے مشقِ خونریزی، یہاں بھی جانفشانی ہے

ولہ

دہن ہرگز نہیں ہے تس پہ یہ معجز بیانی ہے
ہزاروں منھ سے بہتر ایک تیری بے دہانی ہے

محبت اس کو کہتے ہیں اسے کہتے ہیں یک رنگی
ہرے ہیں زخمِ یاں، پوشاکِ واں قاتل کی دھانی ہے

سفید اپنے ہوئے ہیں بال، کاکل ہے سیہ تیری
یہ میری صبحِ پیری وہ تری شامِ جوانی ہے

سراسر اس میں تیغِ ابروئے قاتل کے مضموں ہیں
مرا دیوان یہ کاہے کو ہے شمشیر خوانی ہے

نہایا یار جو دیکھو اثر کندن کی رنگت کا
کہ پانی جس قدر دریا میں ہے سونے کا پانی ہے

ہماری خاک پر آتے ہوئے جو تم مکدر ہو
عوض پھولوں کے تربت پر مگر تیوری چڑھانی ہے

مرا لے جا کے نامہ تو جوابِ غیر لاتا ہے
یہ قاصد خط رسانی ہے دیا ایذا رسانی ہے

تری تصویر اگر کھینچے، دہن کی جا لکھے مانی
خدا ہے عالم الغیب اور یہ سرِ نہانی ہے

ولہ

اے جنوں ہاتھ جو وہ زلف نہ آئی ہوتی
آہ نے عرش کی زنجیر ہلائی ہوتی

مری تربت پہ نہ روئے تو ذرا ہنستے تم
مینھ نہ برسایا تو بجلی ہی گرائی ہوتی

خاکساری کے اگر رتبے سے آگہہ ہوتا
اے فلک تو نے زمیں سر پہ اٹھائی ہوتی

ولہ

نہ گل ہیں اب نہ وہ ساقی، نہ مے پرستی ہے
چمن میں مینھ کے عوض بے کسی برستی ہے

ہمیں تو قتل کیا بس اسی نزاکت نے
کہ وہ اٹھاتے ہیں تیغ اور نہیں اکستی ہے

وہ حسیں اپنے ابرو دکھا کے کہتا ہے
یہ وہ ہے تیغ، اشاروں ہی میں جو کستی ہے

چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار
صنم بغل میں ہے، دل محوِ حق پرستی ہے

ولہ

پھر کہیں چھپ چھپ کے ہم جانے لگے
لوگ کچھ کہہ کہہ کے سمجھانے لگے

ساتھ سونا اس کے، پھر یاد آگیا　　پھر ہمیں اب غش پہ غش آنے لگے
پھر کسی گل پر طبیعت آ گئی　　نالے پھر بلبل کے خوش آنے لگے

ولہ

بہرِ گل گشت جب اس گل کا گذر ہوتا ہے　　سروِ گلزار کے اک دردِ جگر ہوتا ہے

ولہ

بے زباں کوئی ہے کہتا کوئی ہے ہوش مجھے　　باتیں سنواتے ہیں کیا کیا لبِ خاموش مجھے

گنا بیگم

گنا بیگم، زوجہ نواب عماد الملک نظام تخلص، دختر علی قلی خاں والہ داغستانی بودہ۔ بہ عہدِ خویش در حسن و جمال نظیرے نہ داشت۔ شہرتِ حسن و لطافتِ او عالمے را فرا گرفتہ و امرائے دیار بہ خواستگاریش نقدِ دل و جان پیشکش می کشیدند و پیش ازاں کہ ایں گل رعنائی چمن دلبری، غنچۂ ناشگفتہ و گل جیبِ نادریدہ بود، ہر یکے را ہوائے وصالش بہ مشام جان گرفتہ آخر نواب موصوف از دولتِ وصالش سرمایہ سرور زندگانی برداشت و دیگراں از آتشِ رشک لختِ جگر کباب کردند۔ در ایامے کہ نواب از بُعدِ نگر بہ گوہد می آمد او ہم چوں جان در قالب ہم قریں بود بہ مقامِ نور آباد کہ مابین گوہد و گوالیار است، سواریِ بیگم پیشتر از سواریِ نواب رسید۔ بیگم از آبدار آب طلبید۔ از چاہے کہ بر سرِ راہ بود، آبدار قدرے آب از چاہ کشیدہ گذرانیدہ۔ خوردنش ہماں بود و ہماں خدا داند کہ چہ زہرِ ہلاہل در اں آب آمیختہ بودند کہ بہ مجردِ گذشتن از حلق جاں بہ حق تسلیم کرد۔ نواب کہ بر سرش رسید ازیں سانحہ خاک بر سر افشاند و بر سنگ زد۔ آخر نعشِ او را در اں جا امانت بہ زمیں گذاشتہ بہ گوہد رسیدہ۔ بعد ازاں بہ دہلی ازاں جا نقل کردہ فرستاد۔ القصہ بیگم در سلیقۂ شعری زیب النسائے مجالسِ نکتہ دانے بود و در شیوۂ حاضر جوابی نور جہان ثانی۔ فکرش بامزہ و بہ غایت موزوں۔ در اوائل منت تخلص می کرد۔ چو ازیں تخلص قمر الدین منت شہرتے یافت، تابِ منت نہ آوردہ، ترک کرد:

تم جو کل مرے پاس سے یک بار اُٹھ گئے　　فرمائیے یہ آپ سدھارے کہاں کہاں

داغوں کے میرے سینے کے مت پوچھ کچھ شمار　　گنواؤں تجھ کو عرش کے تارے کہاں کہاں

ولہ

بسانِ شمع جلتی ہوں کہ جیوں جیوں صبح ہوتی ہے　　تجھے اٹھکھیلیاں سوجھی ہیں میری جان جاتی ہے

ولہ

ترے منھ کی تجلی دیکھ کر کل رات حسرت سے　　زمیں پر لوٹتی تھی چاندنی اور شمع جلتی تھی

ولہ

مقابل ہو اگر لب کے ترے مصری چبا جاؤں　　تری آنکھوں سے ہم چشمی کرے، بادام کھا جاؤں

ولہ

ہماری خاک پہ جب یار نے گذار کیا　　دمِ مسیح نے سر سے آشکار کیا

لطف

لطف، مرزا علی۔ اصلش از اشرف آباد است۔ در دہلی نشو و نما یافتہ۔ نسبِ شاگردیِ میر تقی میر داشتہ، تذکرۂ ریختہ گویاں نوشتہ و مثنوی دارد بہ غایت دل چسپ۔ مردِ ذو فنون و عالی طبع بود:

نہیں سمندر و پروانہ، پردہ آتش ہوں　　کہ جس کے نام سے آتش کو احتراز رہا
نہ پہنچی ضعف سے لب تک دعا بھی، ورنہ سدا　　در قبول تو اس آرزو میں باز رہا

ولہ

اپنا تو بدگمانی سے بس کام ہو گیا　　گو اس کی چولی اور طرح سے مسک گئی

مہر

مہر تخلص، نواب امین الدولہ خلف نواب معتمد الدولہ مرحوم۔ از لطافتِ طبع مضامینِ رنگیں در شعر می بندد۔ طبعش رو کشِ فصلِ بہار است و ہر مضمونِ تازہ را بہ دل خریدہ۔ از فقیر بطورِ مشتے نمونہ از خروارے دو سہ اشعارِ او می آید:

دل میں مضمونِ کمر ٹھیرا ہے　　بال کا شیشے میں گھر ٹھیرا ہے
اور اندھیر ہوا چاہتا ہے　　سرمہ منظورِ نظر ٹھیرا ہے

ولہ

باغ میں اس غیرتِ گل کو ہنسایا چاہیئے　　خرمنِ گل پر کوئی بجلی گرایا چاہیئے

مخروؔل

مخروؔل تخلص، میر ناصر جان خلف سید محمد نصیر:

جھوٹ ہے اور سے کب میں نے لڑائیں آنکھیں　　تم نے بے فائدہ رو رو کے سجائیں آنکھیں

ولہ

شاید اس وقت گیا آپ کا دھیان اور کہیں　　باتیں کرنے میں جو تم ربطِ سخن بھول گئے

محبّت

محبّت تخلص، نواب محبّت خاں خلف حافظ رحمت خاں مرحوم بودہ۔ بہ فکرِ شعر طبعے درست داشت:

جس کو تری آنکھوں سے سروکار رہے گا　　بالفرض جیا بھی تو وہ بیمار رہے گا

ولہ

عاشقوں میں مجھے لکھا تو نے　　آج چہرہ مرا بحال ہوا

ولہ

بیٹھنے دیوے نہ وہ بزم میں اپنی تو مجھے　　تو اٹھا لیجیو اے بارِ خدایا مجھ کو

محمؔود

محمؔود تخلص، محمود خاں، برادر زادۂ اعظم الدولہ میر محمّد خاں سرؔور دہلوی است:

جو پائے زہر ہیں گراں جانیوں میں ہم　　اعدا کے گھر گئے تری مہمانیوں میں ہم

ولہ

خانۂ کعبہ کی تعظیم تو سبحان اللہ　　لیک فرصت بھی ہو اس در کی جبیں سائی سے

مسرؔور

مسرؔور تخلص، شیخ پیر بخش از سکنائے قصبہ کاکوری است۔ اصلاحِ سخن از مصحفی گرفتہ۔ ملازمِ سرکارِ سلیمان شکوہ بود:

اس کے گھر جا کے جو مچل جاتا ہوں — تو وہ کہتا ہے "تو ہی رہ" میں نکل جاتا ہوں
ہے صفا بسکہ مرے پائے نگہہ کی دشمن — دیکھ ہر آئینہ رو کو جو پھسل جاتا ہوں

مفتوں

مفتوں تخلص، منشی اصغر علی۔ سرشتہ دارِ عدالتِ فوجداری ضلع میرٹھ است پیشتر بہ محکمۂ کمشنری بریلی بہ عہدۂ منشی گری ممتاز بودہ۔ از فقیر اتحاد بہ مرتبہ داشت۔ کمتر بہ نکتہ شعر می پرداز دو آنچہ می گوید بہ مرتبہ کمال۔ خوش مذاق و خوش اختلاط واقع شدہ:

رچ گیا عشق یہ رگ رگ میں تیرے گیسو کا — زلف سے بھی سیہ رنگ، میرے لہو کا
بسکہ آنکھوں میں تصور مگہہ تیز کا ہے — ٹکڑے ہو جاتا ہے ہر قطرہ، مرے آنسو کا

مہر

مہر تخلص۔ از شاگردانِ ناسخ است۔ فکرش چوں مہر تاباں روشن و طبعش از جوششِ مضامینِ بہاریں گلشن است۔ از فقیر بہ اکبر آباد ملاقی شد، خواندنِ اشعارِ تازہ خویش بہ رنگِ آئینہ سراپا حسرت ساخت:

چال دکھلا کے یہ کیا حال کیے جاتے ہو — چلتے چلتے مجھے پامال کیے جاتے ہو
کون ہوگا خریدار ہمارے دل کا — تم تو بازار میں ہڑتال کیے جاتے ہو

مست

مست تخلص، مولوی فضل رسول صاحب خلف مولوی عبدالمجید صاحب متوطن قصبہ بدایوں۔ خطہ بہ ایں نسبت کہ مولدش واقع شدہ بر خود می بالد و منتج ہزار خیر و برکات است۔ عالم متبحر و طبیب حاذق و شاعر بے بدل است۔ پیشتر بہ مقتضائے صحبتِ اہلِ دنیا روزگار پیشہ بود۔ چوں نسبتِ معنوی بہ مراتب حقیقت داشت، سالہاست کہ بہ تعلقات دنیوی پشت بازدہ، مردانہ بہ فقر و غنا پرداختہ۔ گدازِ طبعش بہ عشقِ محبوبِ حقیقی بہ مرتبہ رسانده کہ از سلسلہ جنبانیِ ذوقِ طبیعت ہر رگ و پے را جادۂ منازلِ شوق ساختہ، بہ کعبۃ الہیہ و مدینہ منورہ از چشم و سر رفت۔ جناب والدش کہ بہ سنِ کہولت است و سراپا عالمِ نور و معرفت، بہ شوقِ او از خانہ تا بہ خانۂ کعبہ رسید۔ ازاں جا پسر و پدر ہر دو بعد از ادائے

مناسکِ حج معاودت ساختند۔ اکنوں بہ مراتبِ اولیائے کامل در بدایوں رسیدہ، سرگرمِ استفاضہ است۔ بہ جیبِ تجلیٔ انوارش رنگ برائے مہر و ماہ شکستہ و از جودتِ طبعش نقابِ حجاب بر رخِ معنی آشنایاں بستہ:

حسنِ الفاظ ہے کس حورلقا کا صدقہ ہے یہ اندازِ سخن کس کی ادا کا صدقہ
پانو پھسلا تو دیا اس نے مرے ہاتھ میں ہاتھ یدِ بیضا ہے یہاں لغزشِ پا کا صدقہ
لب حنائی مرے دیکھے، تو کہا خواب سے اٹھ ہے کہو کس کے یہ رنگِ کفِ پا کا صدقہ
زلف جھاڑی جو نہا کر، تو پڑی مجھ پر چھینٹ آبِ حیواں ہے یہاں، مارِ بلا کا صدقہ
بوسہ بے ساختہ سرگوشی کی حالت میں ملا ہے اُسی حسنِ سرکی، یہ ادا کا صدقہ
خم ہیں پُر، مغبچے خوش، میکدے آباداں ہیں منت یہ سب ہے تمہاری ہی کا صدقہ

ولہ

زندگانی سے ترے ہجر میں بیزار ہیں ہم موت کو عمرِ ابد سمجھیں، وہ بیمار ہیں ہم
گر لکھیں نامۂ اعمال کو شنجرف سے ہم پھر بھی ہوں حرفِ سیہ، کیا ہی سیہ کار ہیں ہم
آہ شبگیر سے اپنے شجرِ شبّو میں پھول سوسن ہی کے پھولیں، وہ سیہ کار ہیں ہم

ولہ

کعبے کے در پہ بیٹھ رہیں، ہم سے یہ نہ ہو ہوتا یہی تو کوچۂ جاناں نہ چھوڑتے

ولہ

آ ڈھا جانی، حسرتیں تو، لیں دلوں کی سب نکال جو کہ ہونی تھیں وہ سب کچھ ہو چکیں رسوائیاں

ولہ

یوں بہانے بھی نہ آنے کے بنا سکتے ہو پر جو آنے ہی پہ آ جاؤ تو، آ سکتے ہو

ولہ

دل میں ہمارے جلوہ گر، مہرِ ابوتراب ہے شیشہ صاف، صاف مطلعِ آفتاب ہے

ملال

آ تخلص، نامش نامِ علوم۔ خوش گو است و از باشندگانِ لکھنؤ:

افراطِ مے سے آنکھ ہر اک اس کی بند ہے
ان آہوؤں کو نشۂ صہبا کمند ہے

ٹوٹا اُدھر تو یہاں دم نکل گیا
تارِ نفس مرا، تری انگیا کا بند ہے

کرتے ہیں گاچ کے، نہیں پوشیدہ نافِ یار
دریائے حسن نور کے کوزے میں بند ہے

ہر برگِ گل میں صورتِ جاناں ہے جلوہ گر
عکسِ عذار سے، چمن آئینہ بند ہے

ملتمس

ملتمس تخلص، منشی مہدی نام۔ از مشہورانِ جہان ست و فکرش دل پذیرِ عالم

گلشنِ دہر میں بے برگ و نوائی اچھی
نغمہ سنجی سے یہاں نالہ سرائی اچھی

اپنے دل کو جو لگے خوب، وہی اچھی ہے
ورنہ (کذا) سے ہو ساری خدائی اچھی

ہوئے وہ کیوں کہ نہ انگشت نما خوباں میں
انگلیاں اچھی ہیں، ہاتھ اچھے، کلائی اچھی

آپ کو سب سے بُرا سمجھے ہے اور اس کے سوا
ملتمس میں تو کوئی بات نہ پائی اچھی

ممنون

ممنون تخلص، سید نظام الدین نام، پورِ قمر الدین منت است۔ زباں دراز، بہ زمرۂ شعرائے دہلی سرفراز بودہ:

غموں کی گر یہی بالیدگی ہے تو آخر
دل گرفتہ نہیں سینے میں سمائے گا

ولہ

ممنون قضا نے ہم کو دیا کیا، بغیر دل
سو وہ بھی نذرِ کاہش و تشویش ہو گیا

ولہ

آہ خلوت میں جو تنہا کبھی پاؤں تجھ کو
جس لیے تجھ کو بنایا ہے، دکھاؤں تجھ کو

ولہ

بس حسنا زور آزمائی ہو چکی
گُل رخوں سے ہاتھا پائی ہو چکی

رات تھوڑی، حسرتیں دل میں بہت
صلح کیجے، اب لڑائی ہو چکی

بختِ بد، صیاد ظالم (دام) سخت
ہم اسیروں کی رہائی ہو چکی

جرعۂ مے کے لئے یہ اضطراب
میر ممنوں پارسائی ہو چکی

ولہ

شب ہم کو کشت و خون رہا فوجِ غم کے ساتھ — سو حسرتیں شہید ہوئیں اپنے دم کے ساتھ
کوئی آئے ہے کہ سینے میں، بیدار ہو گئیں — صد آرزوے خفتہ صدائے قدم کے ساتھ

ولہ

خون کی دھاریں یہ چھٹیں دل سے، دل افگاروں کے — رونگٹے سن کے کھڑے ہو گئے فوّاروں کے

منتظر

منتظر تخلص، نور الاسلام نام۔ از برگزیدہ تلامذۂ مصحفی بود و برق طبیعت۔ در عینِ جوانی ازیں جہاں رفت:

کل شبِ وصل جو تھی، کیسی مچائی تھی دھوم — بولتا آج نہیں، مرغِ سحر آخرِ شب

ولہ

ہوئی تھی جامۂ یوسف کی بو گُم — سو پائی تیرے پیراہن کے اندر

ولہ

چاہت مرے دل کی آزما دیکھ — ظالم کہیں تو بھی دل لگا دیکھ

منّت

منّت تخلص، میر قمر الدین۔ بہ شاہ جہاں آباد نشو و نما یافتہ۔ از قصبہ سونی پت است بہ کلکتہ رفتہ، قصاید بہ مدحِ نواب گورنر گفتہ، خطابِ ملک الشعرا یافتہ۔ در لکھنؤ بہ عہدِ راجہ ٹکیت رائے و بہ حیدر آباد بہ حضورِ نظام الملک قصاید گفتہ و بہ صلاتِ گراں مایہ سرفرازی ہا یافت۔ بہ زبانِ فارسی بہ مراتب نظم و نثر قدرتے داشتہ۔ کتاب "شکرستان" کہ بہ زعمِ خود ہمچو "گلستانِ سعدی" تراشیدہ است، تصنیف کردہ است۔ گاہے بہ فکرِ ریختہ ہم می پرداخت:

مدعی اس سے سخن ساز بہ سالوسی ہے — پھر تمنّا کو یہاں مژدۂ مایوسی ہے

ولہ

بوسہ لینے سے خفا ہوتے ہو کیوں مشفقِ من — بوسہ وہ شے ہے کہ دونوں کو مزا دیتا ہے

مشتاق

مشتاق تخلص، عبداللہ خاں۔ ایرانی نژاد است۔

کی اک نگاہِ یاس جو مژگانِ یار پر — سو برچھیاں چلیں، دلِ امیدوار پر
جی بند ہو، نکل بھی گیا، تو کھلی رہی — اے چشم آفریں ہے ترے انتظار پر

مومن

مومن تخلص، مومن خاں۔ امروز بہ شاہ جہاں آباد جملہ سخن سنجان از گل چینانِ بہارِ معنیٔ او بودہ۔ صفحۂ منظمِ خویش بہ یمنِ آبیاریٔ لطافتِ طبعش رشکِ گلزار می کند۔ از گل افشانی ہائے جامۂ بہاریں رقمش مشام جانِ معنی آشنایاں عطر بیز است و توصیفِ سخن آفرینی ہائے لطافت زائیش مداحان سخن طراز گہر ریز۔ مردمِ دہلی بہ استادیش افتخار ہا دارند و در حقیقت مومن خاں باعث مباہات شہر و شہریان است:

محو مجھ سا دمِ نظارۂ جاناں ہوگا — آئینہ آئینہ دیکھے گا تو حیراں ہوگا
خواہشِ مرگ ہو اتنا نہ ستانا ورنہ — دل میں پھر تیرے سوا اور بھی ارماں ہوگا
کیوں کہ اُمیدِ وفا سے ہو تسلی دل کو — فکر ہے یہ کہ وہ وعدوں سے پشیماں ہوگا

ولہ

یہاں تک نظر میں سوخت قرار و ثبات ہے[1] — اس کا نہ دیکھنا، نگہِ التفات ہے
پیغام بر رقیب سے ہوتے ہیں مشورے — سنتا نہیں کسی کی، یہ کہنے کی بات ہے

ولہ

دل لگانے کے تو اٹھائے مزے — جی بلا سے رہا رہا، نہ رہا

ولہ

دشنامِ یار طبعِ حزیں پہ گراں نہیں — اے ہم نفس نزاکتِ آواز دیکھنا

ولہ

بوسے دمِ غضب لیے، الٹی سمجھ تو دیکھ — بل جو پڑا جبیں پہ تمنا کو لب ہوا

ولہ

چشمۂ حیواں بنا اس کے لبوں کی شرم سے — پانی پانی بسکہ اعجازِ مسیحا ہوگیا

---

[1] دیوان میں: ع پامال اک نظر میں قرار و ثبات ہے

نوفلک ہیں، کیا کرے یہ نالۂ آتش فشاں
ایک دشمن سر سے کھویا اور پیدا ہو گیا

ولہ

وہ ہنسے سن کے نالہ بلبل کا
مجھے رونا ہے خندۂ گل کا
جلوہ دکھلائے تا وہ پردہ نشیں
تم نے دعویٰ کیا تحمل کا

ولہ

یہ بے حجابی بری، گو مجھی کو جھانکو تم
کہ روز پردۂ حایل کے ٹکڑے ٹکڑے ہیں

ولہ

منظور ہو تو وصل سے بہتر ستم نہیں
اتنا رہا ہوں دور کہ ہجراں کا غم نہیں

ولہ

وہ ہے بغل میں تو بھی تو یاں نیند اڑ گئی
یہ سوچ ہے گیا نہ ہو اعدا کے خواب میں

ولہ

کیا کیجیے کہ طاقتِ نظارہ ہی نہیں
جب سے وہ بے حجاب ہیں، ہم شرمسار ہیں
کیسے گلے رقیب کے، کیا طعنِ اقربا
تیرا ہی جی نہ چاہے تو باتیں ہزار ہیں

ولہ

یاد دلوائی طپش نے، تیری شوخی وصل کی
مر گیے ہم دیکھ کر چیں ہائے بستر رات کو

ولہ

ہمارا غش تو کیا، مر جائیں تو بھی
نہ کھولے طرۂ عنبر فشاں کو

ولہ

مومن نہ سہی بوسۂ پا، سجدہ کریں گے
وہ بت ہے جو اوروں کا تو اپنا بھی خدا ہے

ولہ

خوشی نہ ہو مجھے کیوں کر قضا کے آنے کی
خبر ہے نعش پہ اس بے وفا کے آنے کی
ہے ایک خلق کا خوں سر پہ، اشکِ خوں کے مرے
سکھائی طرز اسے، دامن اٹھا کے آنے کی

ولہ

فصد کی حاجت مجھے کیا چارہ گر
بہہ گیا خونِ دیدۂ خوں بار سے

ولہ

مت کرو کنگھی، نہ یہ وزدِ حنا — دل چُرالے طرّۂ طرّار سے
کر علاجِ جوشِ وحشت چارہ گر — لادے اک جنگل مجھے بازار سے
چھڑکے ہے کانِ ملاحت لون کیا — خود لپٹ جا سینۂ افگار سے

ولہ

وہ دیکھیں بزم میں آکر کدھر کو دیکھتے ہیں — محبت آج تیرے ہم اثر کو دیکھتے ہیں
نظر لگے نہ ترے دست و بازو کو — یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں

ولہ

تابِ نظارہ کہاں، آئینہ کیا دیکھنے دوں — اور بن جائیں گے تصویر جو حیراں ہوں گے

ولہ

گر تصور سے ہوں ہم بزم، تو بے تاب رہے — کس قدر وہ مرے ملنے سے حذر کرتا ہے
عیش میں بھی تو نہ جاگے کبھی تم سیا جانو — کہ شبِ غم کوئی کس طور سحر کرتا ہے
بختِ بد نے یہ ڈرایا ہے کہ کانپ اٹھتا ہوں — تو کبھی لطف کی باتیں بھی اگر کرتا ہے

ولہ

میرے تغیرِ رنگ کو مت دیکھ — تجھ کو اپنی نظر نہ ہو جائے
باتیں ناصح سے کرتے ڈرتا ہوں — کہ فغاں بے اثر نہ ہو جائے

ولہ

ہو کے آزردہ، پشیماں ہوں کہ میں جس سے کہوں — وہی کہوے کوئی ایسے سے خفا ہوتا ہے

ولہ

یارب ان کا بھی جنازہ اٹھے — اس کے کوچے سے اٹھاتے ہیں مجھے
اب یہ صورت ہے کہ اے پردہ نشیں — تجھ سے احباب چھپاتے ہیں مجھے

ولہ

یہ ناتواں ہوں، کہ ہوں، اور نظر نہیں آتا — مرا بھی حال ہوا ہے تیری کمر کا سا

ولہ

ہر ایک سے اس بزم میں شب پوچھتے تھے نام — تھا لطف جو کوئی مرا ہمنام نکلتا

مصحفی

مصحفی تخلص، غلام ہمدانی نام۔ اصلش از امروہہ بود، نشو و نما بہ لکھنؤ یافتہ۔ جرأت و انشا و میر تقی و سودا ہمعصر وے بودند۔ پیش بلندیِ رتبۂ شاعریش اوج فلک بہ منزلہ پستیٔ زمین است و سلک نظمِ گہر بارش رو کشِ عقدِ ثریا و خوشہ پروینِ کلیم طورِ سینائے سخندانی و ہنگامہ گرم کن دودمانِ معانی بودہ۔ پرتوِ استفادۂ کمالِ او ہمچو خورشیدِ سراپا ضیا بر ہمہ کس تافتہ و چاشنیٔ کلامِ شکر بینش بہ مذاقِ تلخ کامانِ کام قندِ مکرر ساختہ۔ فی زماننا استاداں بدولتِ تلمذش سر بہ فلک بر افراشتہ اند۔ ہفت دیوان ریختہ و دو تذکرہ و دیوانِ فارسی تمام کردہ، قوتِ فکرِ عالیٔ او ازیں جامی تواں دانست۔ اکثر با شعرائے عصرِ خویش مناظرت و مطارحات کردہ۔ فقیر چند اشعارش از دیوانِ ہفتم کہ خلاصہ فکرِ اوست، نقل برداشتہ، صفحۂ کتاب را مرقعِ تصویرِ معنی می سازد:

بدگمانی جو ہوئی سیرِ چمن سے یار کو
عادتِ دامن کشی سکھلائی کس نے خار کو

حق اگر دیتا مجھے مسند نشینی کا دماغ
سامنے آنے نہ دیتا چرخِ ناہنجار کو

کچھ تو اس کے حسن میں باقی ہے آرائش ہنوز
روزِ محشر پر جو رکھا وعدۂ دیدار کو

دل اگر ٹوٹا تو وہ بھی کام آتا ہے کبھی
پھینک تو دیتے نہیں ہیں کاسۂ دار کو

مشک بیز ایسی ہی ہے گر اس کی زلفوں کی شمیم
تختہ کر دے گی دکانِ کلبۂ عطار کو

تجھ کو کیا بسیار گوئی سے ہے کام اے لغز گو
مصحفی موقوف کر اس کثرتِ اشعار کو

ولہ

قوی تو میری اسیری کا سنگ ہے بنیاد
میں کیوں نہ سر کو دھنوں، خانہ تنگ ہے صیاد

ولہ

ہچکیاں رونے میں گو دو دو پہر لیتا ہے
کون زندائی الفت کی خبر لیتا ہے

بوسہ لب آبلے ہوتے ہیں اسی کے رخ پر
پشتِ پا کی مری جو خار خبر لیتا ہے

طائرِ دل کو نہ سینے سے نکالو یہ اسیر
ٹک ہوائے قفسِ زخمِ جگر لیتا ہے

سر کے بال ایسے ہیں نازک تنے اے رشکِ پری
جس سے اصلاح ترا موئے کمر لیتا ہے

ولہ

ہم کو صیاد نے دی رخصتِ پرواز اس دم
غنچہ و گل سے ہوا جب کہ گلستان خالی
ہیں پروں سے صفِ عشاق کے مژگاں خالی
کس کماں کش نے کیے ترکشِ مژگاں خالی

ولہ

جس کی شریاں میں فروں نشترِ مژگاں ہووے
اس کا ہر قطرۂ خوں کیوں کہ نہ رقصاں ہووے
اس پہ رکھ دوں جو ذرا دیدۂ خونبار اپنے
سنگِ دہلیز ترا لعلِ بدخشاں ہووے
زخم کھانے کی ہوس ہے مجھے اس قاتل کے
جوہرِ تیغ ہر یک جس کا نمک داں ہووے
ناتواں ایسے کو کیا فایدہ کرنا زنجیر
جس کا ہر نقشِ قدم خانۂ زنداں ہووے
ہو کے شبنم سے گل آزردہ، یہ کہتا تھا شعر
زخمِ دنداں نہ نصیبِ لبِ دنداں ہووے
مصحفی کو ہو جو دُر ریزیِ معنی کا خیال
رشتۂ بالِ قلم تک گہر افشاں ہووے

ولہ

خاموشی دیتی رہی تعلیمِ لسانی مجھے
آہ کام آئی نہ کچھ اپنی زباں دانی مجھے
تا ذرا چاکِ قفس سے گل کو دیکھیں سرِ بگل
اتنی فرصت بھی نہیں دیتی پرافشانی مجھے
اہلِ جوہر کے تئیں، پوشش کی کیا ہے احتیاج
تیغ ہوں میں سرخ رو کرتی ہے عریانی مجھے
مثلِ گردِ راہ ہوں میں راکبِ رخشِ نسیم
دوش پر اپنے لیے پھرتی ہے ویرانی مجھے

ولہ

تجھ کو زنجیر بنے ہیں دمِ رفتار کڑے
یاد آتے ہیں جب ان پانو کے خمدار کڑے
اپنی شوخی پہ جو آتے ہیں تو چپکے چپکے
فتنۂ خفتہ کو کر جاتے ہیں بیدار کڑے

ولہ

قطرہ قطرہ مری آنکھوں سے خوں جاری ہے
جائے شبنم سرِ ہر خار پہ چنگاری ہے
اس کے دامن کی طرف اس کا خیال آیا آہ
جو گریباں سے مرے ہاتھ کو بیزاری ہے
دردِ دل کا نہیں ہوتا ہے مسیحا سے علاج
مصحفی یہ بھی عجب طرح کی بیماری ہے
ہم مثلِ موج صرف ہوں کیا عرضِ حال کے
لب ہی نہ ہوں جب اپنے سوال کے

ولہ

وحشت شبِ فراق کی کس سے کروں بیاں
تارے بھی ہم کو ہو گئے دیدے غزال کے
ان سے بھی میرا عرصۂ وحشت نہ طے ہوا
رہ رہ گئے غزال زبانیں نکال کے

ولہ

دم اسیروں کا نہ کیوں کر دمِ وحشت ٹوٹے
ان کے آگے جو پرِ طائرِ گلشن ٹوٹے
مر رہے کیوں تری دیوار کے نیچے نہ کوئی
دل میں جب حسرتِ نظارۂ روزن ٹوٹے
ہائے رے لعلِ مسی زیب کے بوسے کی صدا
اس نطافت سے نہ شاخِ گلِ سوسن ٹوٹے

ولہ

فصلِ گل، فصلِ خزاں دونوں کٹیں اے صیّاد
مرغِ دل کون سے موسم میں رہا ہوے گا

ولہ

چین کیوں کر میں سوؤں کہ شبِ وصل مجھے
یاد آتا ہے وہ راتوں کو جگانا تیرا

ولہ

وہی وحشت، وہی گریباں چاک
جب تلک ہاتھ پانو چلتے ہیں

ولہ

کمر ہوئی تری یاں تک تو شہرۂ آفاق
کہ سر کے بال ترے دیکھنے کمر کو چلے

ولہ

دل میں گر داغِ محبت، چمن آرا ہووے
نکہتِ گل، شررِ آہ سے پیدا ہووے
میں تو اک جزوِ محقر ہوں ولے شہرتِ مرگ
چاہتی ہے کہ مری لاش پہ غوغا ہووے
عشق چاہتا ہے میں رسوا ہی کروں عاشق کو
شرم کہتی ہے نہ اس بات کا چرچا ہووے
جوششِ خوں نے مجھے گلشن سے نکالا باہر
فصلِ گل میں نہ کسی شخص کو سودا ہووے
مصحفی میں تو تہی دست رہا دنیا میں
گو موے پر میرا دیوان مطلّا ہووے

ولہ

ٹھکرا کے چل نہ یار تو بت کو کنشت میں
کیوں مارتا ہے یار تو لاتیں بہشت میں

ولہ

ایسا بھی اتفاق زمانے میں کم ہوا
قاصد کو موت آئی جو نامہ رقم ہوا

رک رک گئی سیاہی جو کاغذ بہم ہوا — نامہ ہزار خونِ جگر سے رقم ہوا

ولہ

ہے قصد زخمِ دل کے اگر اندمال کا — مرہم لگا تو اس پہ پری کے اگال کا
اس زخمِ پیچ دار سے دل کیوں کر چھوٹ سکے — یہ ناتواں اسیر ہے ریشم کے جال کا
شاید تو رات رویا تھا، غم کھا کے مصحفی — چھپتا نہیں ہے صبح کو چہرہ ملال کا

ولہ

داغ دیکھے تھا کھڑا لالۂ صحرائی کا — زور عالم نظر آیا، ترے سودائی کا
عشق کرتا ہوں میں معشوق سے دانائی کا — دھیان رہتا ہے مجھے، اس کی بھی رسوائی کا
بھیج دیتا ہے عوض اپنے، خیال اپنا مدام — کس قدر یار کو غم ہے مری تنہائی کا
کوئی آئینے کو محفل میں نہ لاؤ میری — تا نہ مٹ جائے مزا، عالمِ تنہائی کا

ولہ

دو چار دن سے اپنا نہ ملنا، نہ دید ہے — وہ خوش رہیں، جنھوں کو وصل اس کا عید ہے
نامے کے پرزے پرزے دے کے مرے مجھ کو نامہ بر — کہنے لگا یہ خط کی تمھارے رسید ہے
واں روز چلتی ہیں خز و دیبا پہ قینچیاں — یاں جامۂ حیات کی قطع و برید ہے
کیسا جوابِ نامہ کہ ظالم کے پاس سے — قاصد کا جیتے پھرنا ہی خط کی رسید ہے
زلفوں کے راستے میں کبھی کس طرح سے آئے — دونوں کے درمیان کلامِ مجید ہے
کھلتا ہے قفلِ عیش مرا اس سے مصحفی — جس کے ازار بند میں چھوٹی کلید ہے

ولہ

زباں کس نالہ کش کی آج ہے سرگرم شیون پر — گدازِ موم کا عالم نظر آتا ہے آہن پر
لگیں تلواریں چلنے اس ادا پر تیرے بانکوں میں — ذرا کج کھا کے بیٹھا تھا وہ کافر پشتِ توسن پر

ولہ

قدم اس وہم سے پڑتا ہے اس غارتگرِ جاں کا — کہ دل ہر ہر قدم پر لوٹ ہے گبر و مسلماں کا
سننے پائے نہ دہن اس کے دشنام تمام — جنبشِ لب ہی میں اپنا تو ہوا کام تمام

ولہ

واکس کے رخ پہ طرۂ پُر پیچ و خم ہوا
جوڑا بچے میں رات بڑھی روز کم ہوا

ولہ

میں ہی جانوں ہوں جو کچھ مجھ سے ادائیں کی ہیں
تری آنکھوں نے حیائیں سی حیائیں کی ہیں
مصحفی کیوں کر ہو تقصیر بھلا تیری عفو
تو نے کمبخت خطائیں سی خطائیں کی ہیں

ولہ

آبداری تو کرے خنجرِ مژگاں پیدا
ہم بھی کرلیں گے ہر اک مو میں رگِ جاں پیدا
ڈھونڈے کوئی جو ہمیں جامۂ عریانی میں
ہوئے گردن نہ کبھی زیرِ گریباں پیدا
بہرِ احیائے غمِ مردہ دلاں کرتی ہے
فتنہ کیا کیا نہ تری جنبشِ مژگاں پیدا
کافری عام ہوئی ہے ترے عہد میں شوخ
ڈھونڈیں کعبے میں تو ہووین نہ مسلماں پیدا

ولہ

گریۂ مجنوں سے یہ طغیاں ہوا ہے آب کا
گردبادِ دشت میں عالم ہے اب گرداب کا
کیجیے ایسے بدن کی کیا لطافت کا بیاں
جس کے سائے کو زمیں پر حکم ہو مہتاب کا
اس کی بشاشی کی مجھ کو کھینچ دے مانی شبیہہ
جس میں نکلے یک قلم نقشہ گلِ شاداب کا

ولہ

ساتھ غیروں کے ہے حرف و حکایات میں کیا
تم کو ملتا ہے مزا، غیر ہی کی بات میں کیا
سرخیٔ رنگِ بدن اتنی تو زیں پیش نہ تھی
آبِ یاقوت و طلا ہے تری گات میں کیا

ولہ

آکے اک شب جو کبھی گھر میں مرے یار رہا
مدعی رشک کے مارے پسِ دیوار رہا
مجھ کو اک شب جو خیالِ کمرِ یار رہا
صبح تک دامِ رگِ گل میں گرفتار رہا
کوئی تقصیر نہ ثابت ہوئی پر تا دمِ مرگ
زیرِ شمشیرِ تغافل، یہ گنہ گار رہا

ولہ

زبس اپنا مونسِ بے کسی ترے غم میں رنج و محن رہا
نہ دماغِ نکہتِ گل ہمیں نہ خیالِ سیرِ چمن رہا

کچھ ادھر سے ہم ڈھلے عمر میں کچھ اُدھر سے دختر رز کے دن
نہ وہ شوخ چشمیٔ جام ہے نہ وہ شوقِ توبہ شکن رہا

ولہ

کس کے ہاتھوں میں دیکھی ہے حنا عید کے دن
سیلِ خوں جو مرے ہاتھوں سے بہا عید کے دن
اتنے ہم ننگِ ملاقاتِ عزیزاں تھے کہ آہ
اس کا خنجر بھی گلے سے نہ ملا عید کے دن

ولہ

شگفتہ گل کی طرح، گلشنِ وصال میں رکھ
اخیر عمر نہ یارب مجھے ملال میں رکھ
جو لاغری کا تجھے شوق ہے تو اے مہ نو
ذرا نزاکتِ موئے کمر خیال میں رکھ

ولہ

کاش خود باندھے وہ شوخ آکے گنہ گار کے ہاتھ
ہاتھ میں اپنے کسی ڈھب سے لگیں یار کے ہاتھ
مجھ کو کیا کام خزاں سے کہ بہاراں ہیں نسیم
بک گیا ہوں میں ہوائے گل و گلزار کے ہاتھ

ولہ

تار سے پردے میں اس گل کے کمر تک پہنچے
رگِ گل بیچتے ہیں آپ کو زنار کے ہاتھ
قصد کرتا ہوں لپٹنے کا گر اس کے تو مجھے
موت بھی دور سے بتلاتی ہے تلوار کے ہاتھ

ولہ

پھولیں گل و سمن ہمیشہ
سرسبز رہے چمن ہمیشہ
ماہِ نو سے وہ تیغِ ابرو
کرتی رہے بانکپن ہمیشہ
چھوڑا نہ حجاب تم نے ہم سے
ڈھانپا کئے بدن ہمیشہ
صدقے ہوں سخن کے مصحفی میں
صدقے ہیں سخن مرے ہمیشہ

ولہ

اجل بلبلِ گلزار لئے پھرتی ہے
موجِ گل ہاتھ میں تلوار لئے پھرتی ہے
کہہ دو اس پردہ نشیں کو ترے دیوانے کو
بے قراری سرِ بازار لئے پھرتی ہے
بدگمانی مرے دل کی ترے کوچے میں نسیم
سو طرف مجھ کو شبِ تار لئے پھرتی ہے
کیوں کر کہئے کہ ادا بندی ہے
شاعری کیا ہے ہوا بندی ہے

ولہ

خمِ گیسو کو چھوا تھا کس کے — شب سے گلشن میں حنا بندی ہے
در پہ بیٹھے ترے بے زنجیر — یہ عجب طرح کی پابندی ہے
مژدہ اب حسرتِ نظارہ کہ وہاں — گرد چلمن کے ردا بندی ہے

ولہ

بوسے کی گفتگو سے نہ باز آئے، گرچہ ہم — ہاتھوں سے اُس کے منہ پہ بھی تلوار کھا چکے
ہم چھوٹ کے قفس سے ہوئے راہ میں اسیر — اب چھوٹے بھی تو بس چمن آباد ہو چکے

مہر

مہر تخلص، مرزا حاتم علی بیگ، لکھنوی، شاگرد رشید ناسخ

کوئی مضموں نہ بندھے زلف اگر وا ہو جائے — سو مہر کیا خاک جب آنکھوں میں اندھیرا ہو جائے
بوسۂ لب سے جو منہ نزع میں میٹھا ہو جائے — خوابِ مرگ اپنا، سیکڑوں سے اچھا ہو جائے
جو تو رخسار عنایت کرے اک اک بوسہ — عاشقوں کے لئے سرکار سے چندا ہو جائے
پانو کی انگلی پہ ترے، یدِ بیضا صدقے — ہونٹ ہل جائے تو اعجازِ مسیحا ہو جائے
دل یہی چاہتا ہے جان، تجھے لپٹا لوں — گرم تپ سے ہو، کلیجہ مرا ٹھنڈا ہو جائے
شبِ ہجراں نہ ستا، او شبِ ہجراں نہ ستا — مہر ہوں، مہر ہوں، ایسا نہ ہو تڑکا ہو جائے

معروف

معروف تخلص، الٰہی بخش نام، کوچک برادرِ فخر الدولہ نواب احمد بخش خاں دہلوی است۔
بہ غایت موزوں طبع است:

کی وصیت یہ کچھ ارمان بھری رات کہ آہ — سارے گھر کو ترے بیمار نے سونے نہ دیا

ولہ

تھا شبِ وعدہ یہ احوال کہ ہر اک کھٹکے پر — چونک پڑتا تھا کہ اب کے تو مقرر آیا

ولہ

اٹھے جہاں سے ہم آتے ہی اُن کے اے معروف — غرض کہ ختم ہے بس اس سے اب سوا تعظیم
مے کے پینے سے تو ہاں ہم نے نباہی توبہ — ولہ پیرِ مغاں سے یہ خجل ہوں کہ الٰہی توبہ

ولہ

گریہ و آہ و فغاں سے ایک دم فرصت نہیں ہم یہ سمجھے تھے محبت کام بے کاروں کا ہے

ولہ

ہائے اس شوخ کا وہ روٹھ کے جانا بہ غرور اور کہنا یہ، ہمیں اب نہ منائے کوئی

ولہ

بعد مرنے کے ملی میری سیہ بختی کی داد نعش کے ساتھ تھا موئے سر کھولے ہوئے

ولہ

روٹھنے کو تو چلے روٹھ کے ہم واں سے ولے مڑ کے تکتے تھے کہ اب کوئی منا کر لے جائے

میر

میر تخلص، محمد تقی نام، از اہلِ اکبر آباد، خواہر زادۂ سراج الدین علی خاں آرزو[1]، ہم دوشِ مہ وشانِ پری جلوہ، نکتہ دانی، ہم آغوشِ دوشیزگانِ شوخ ادائے معانی است۔ دیوانۂ طرزِ دلکش و دل آویز، آشفتۂ مضمونِ عاشقانہ و درد انگیز، مجنونِ بہارِ حسنِ لیلائے دل فریبی، فرہادِ تلخ کام شیریں ادایاں، مجنونِ برشتہ جگرِ شمع رویاں، ہم بسترِ ناکامی و ہم یاس و حرماں بودہ۔ کلامِ شور انگیزش لختِ دل و پارۂ جگر تفتہ، دودمانِ معنی آشنا در آتش انداختہ و روزمرہ گفتگو بے ساختۂ او لطفِ حسنِ بندشِ دیگراں از دل ہا برداشتہ۔ مشہور است کہ بہ شہرِ خویش با پری تمثالے کہ از عزیزانش بود در پردۂ نقشِ طبع و میلِ خاطر داشتہ۔ آخر عشقِ او خاصۂ مشک پیدا کردہ می خواست کہ بخیہ بہ چار سوے رسوائی بہ شکنِ روحسنِ بے پردہ بہ جلوہ گری در آید، از ننگِ افشائے رازِ وطن اقربا بادلے بغل پروردۂ حسرت و حرماں و با خاطرِ ناشاد دست و گریبان قطعِ رشتۂ حبِ وطن ساختہ۔ از اکبر آباد بعد از خانہ برانداز ہا بہ شہرِ لکھنؤ رسید و سنگِ شکیبائی بہ رشتہ زدہ، از آوارہ گردی ہا آرمید و ہمیں جا بہ صد حسرتِ جاں کاہِ جلاوطنی و حرماں نصیبی از دیدارِ یار و دیارِ جان بہ جہاں آفریں داد۔ تا مقیدِ رشتۂ حیات بود طوقِ محبت بہ گردن و سلسلۂ دیوانگی بہ پا داشت۔ از کلامِ عاشقانہ و درد انگیزش (پیداست) کہ صد آرزو بہ خاک برد۔ چند مثنوی ہا و شش دیوانِ ریختہ دارد و بہ فارسی ہم سلیقہ داشتہ۔ القصہ تاثیر

[1] اصل میں میر خان آرزو کے سوتیلے بھانجے تھے۔

کلام قیامت ز آتش تاثیرے دارد کہ ہمچو خدنگِ خار اشگاف از سینہ بروں می جہد۔

فلک نے پیس کر سرمہ بنایا — نظر میں اس کی میں تو بھی نہ آیا

ولہ

دل عشق کا ہمیشہ حریفِ نبرد تھا — اب جس جگہ کہ داغ ہے یاں آگے درد تھا
اک گردِ باد تھا پئے محمل تمام راہ — کس کا غبار تھا کہ یہ دنبالہ گرد تھا

ولہ

سنا ہے حال ترے کشتگان، بچاروں کا — ہوا نہ گور گڑھا ان ستم کے ماروں کا
عرق فشانیِ اس زلف سے ہراساں ہوں — بھلا نہیں ہے بہت ٹوٹنا بھی تاروں کا

ولہ

ہوں نشانہ تیر خوباں کا — مجھ پہ تو وہ بنا ہے طوفاں کا

ولہ

خواہ مجھ سے لڑ گیا اب خواہ مجھ سے مل گیا — کیا کہوں اے ہم نشیں میں تجھ سے حاصل دل گیا
دل سے آنکھوں میں لہو آتا ہے، شاید رات کو — کشمکش میں بے قراری کی، یہ پھوڑا چھل گیا

ولہ

تب میسر مجھے اک بوسۂ جانانہ ہوا — جب کہ میں خاک ہوا، خاک سے پیمانہ ہوا
مے سے توبہ کی ستمگر نے غضب یہ دیکھو — جب کہ تیار مری خاک سے پیمانہ ہوا

ولہ

مر رہتے جو گل تجھ بن تو سارا یہ خلل جاتا — نکلا ہی نہ جی ورنہ، کانٹا سا نکل جاتا
بے تاب و تواں یوں میں کاہے کو تلف ہوتا — یاقوتی ترے لب کے ملتی تو سنبھل جاتا
مارا گیا تب گذرا بوسے سے ترے لب کے — کیا میر بھی لڑکا تھا باتوں میں بہل جاتا

ولہ

جب گل کہے ہے اپنے تئیں یار کے روسا — تو وہ میری آنکھوں میں اترتا تھا لہو سا
آرائشِ درویشی بھی اپنی نہیں بے لطف — ہے بوریے کا نقش مرے تن پہ اتو سا
تھوکے نہ کبھی قند کے شربت پہ وہ عاشق — تک جس نے ترے شربتی ان ہونٹوں کو چوسا

ولہ

گیا حسن خوبانِ بدراہ کا — ہمیشہ رہے نام اللہ کا

جگر کی سپر پھوٹ جانے لگی　　بلا توڑ ہے ناوک آہ کا

ولہ

صحرا میں سیلِ اشک مرا جا بہ جا پھرا　　مجنوں بھی اس کی موج میں مدت بہا پھرا
طالع پھرے، سپہر پھرا، قلب پھر گئے　　چندے وہ رشکِ ماہ جو ہم سے جدا پھرا
طالع جو خوب تھے نہ ہوا جاہ کچھ نصیب　　سر پر مرے کروڑ برس تک ہما پھرا
دیر و حرم میں کیوں قدم رکھ سکے گا میر　　ادھر تو اس سے بت پھرے اودھر خدا پھرا

ولہ

یار دئے یار لایا اپنی تو یوں ہی گذری　　کیا ذکر ہم صفیراں یارانِ شاد ماں کا

ولہ

جو ایسی خوبی سے لاویں تجھے قیامت میں　　تو حرف کن نے کیا گوش، داد خواہوں کا
دل جو تھا اک آبلہ پھوٹا گیا　　رات کو سینہ بہت کوٹا گیا

ولہ

آرام ہو چکا مرے جسمِ نزار کو　　رکھے خدا جہاں میں دلِ بے قرار کو
جیتے جی فکر خوب ہے ورنہ یہ بد بلا　　رکھے گا حشر تک تہ و بالا مزار کو
برسا تو میرے دیدۂ خوں بار کے حضور　　پر اب تک انفعال ہے ابرِ بہار کو
ہنستا ہی میں پھروں جو مرا کچھ نہ اختیار　　پر کیا کروں میں دیدۂ بے اختیار کو

ولہ

غم ایک پردہ نشیں کا جو پردہ دار رہا　　تو استخوانوں میں پنہاں مرے بخار رہا
میں خوف سے ترے بولا نہیں تھا کچھ شبِ وصل　　ستارۂ سحری گرچہ آنکھ مار رہا

ولہ

مہر کی تجھ سے توقع تھی ستمگر نکلا　　موم سمجھے تھے ترے دل کو سو پتھر نکلا
داغ ہوں رشکِ محبت سے کہ اتنا بے تاب　　کس کی تسکیں کے لیے گھر سے تو باہر نکلا
اشکِ تر قطرۂ خوں لختِ جگر پارۂ دل　　ایک سے ایک عدو آنکھ سے باہر نکلا

کیا میں بھی پریشانیٔ خاطر کے قریں تھا — آنکھیں تو کہیں تھیں، دلِ غم دیدہ کہیں تھا
اب کوفت سے ہجراں کی جہاں تن پہ رکھا ہاتھ — جو درد و الم تھا سو کہے تو کہ یہیں تھا

ولہ

حالِ دل میر کا رو رو کے شب اے ماہ سنا — شب کو القصّہ عجب قصّۂ جاں کاہ سنا

ولہ

میر کا ہجر میں وصال ہوا — لو جی قصّہ ہی انفصال ہوا

ولہ

حسن اس کا عدم تلک پہنچا — خط بھی اس کی رسید کا آیا

ولہ

مصحفِ رو کی تلاوت کے میں قابل نہ ہوا — ہاتھ میرا کسی گردن کے حمائل نہ ہوا

ولہ

بہ میرِ ستم کشتہ کسی وقت جواں تھا — انداز سخن کا سببِ شور و فغاں تھا
کس مرتبہ تھی حسرتِ دیدار مرے پاس — جو پھول مری خاک سے نکلا نگراں تھا

ولہ

مجھے آمدِ میر کل بھا گئی — طرح اس میں مجنوں کی سب آ گئی
کمر تک جو زلفِ چلیپا گئی — میاں وہ کمر لاکھوں بل کھا گئی
تصور نہ تھا گر کسی سنگ دل کا — تو کیوں آنکھ کی (کذا) پتھرا گئی

ولہ

چشمِ بد دور، آنکھیں تیری میر — آنکھیں طوفان کو دکھاتی ہیں

ولہ

پھر طرح جو اُس گل نے (کذا) ڈالی ہے — کیا تازہ کسی گل نے اب شاخ نکالی ہے
سچ پوچھو تو کب ہے گا اس کا سا دہن غنچہ — تسکیں کے لیے میں نے اک بات بنالی ہے
فصلِ گل آئی ہے، زنجیروں کی تیاری ہے — پھر جنوں سلسلہ جنبانِ گرفتاری ہے

ولہ

قتل کرتا ہے کھلی آنکھوں کا سونا اس کا　　خواب میں بھی اثرِ فتنۂ بیداری ہے

ولہ

شمع ساں شب کے آشنا ہیں ہم　　صبح کے ہوتے پھر کہاں ہیں ہم
باغباں ٹک تو بیٹھنے دے ہمیں　　آہ گم کردہ آشیاں ہیں ہم
ضعف ہے باعثِ حیات اپنا　　کیا اجل کو خبر، کہاں ہیں ہم

ولہ

دل ہوا زخمی ہمارا نرگسِ مخمور سے　　مے ٹپکتی ہے ہمارے زخم کے انگور سے

ولہ

گو دل کو یہ بے چینی، تجھ بن تو قیامت ہے　　پر حیف کہ جیتے ہیں، یہ کیسی ندامت ہے

ولہ

سرد مہری کا تری دھیان جو یار آتا ہے　　گور میں بھی مجھے لرزے سے بخار آتا ہے

ولہ

بارہا وعدوں کی راتیں آئیاں　　طالعوں نے صبح کر دکھلائیاں
عشق نے ایذائیں ہیں دکھلائیاں　　تھم رہے آنسو تو آنکھیں آئیاں
اس مژہ برہم زدہ نے بارہا　　عاشقوں میں برچھیاں چلوائیاں
رویت اپنی اس گلی میں کم نہیں　　ہر جگہ سو بار ماریں کھائیاں

ولہ

گرمیٔ عشق مانعِ نشو و نما ہوئی　　میں وہ نہال تھا کہ اگا اور جل گیا
ہم خستہ دل ہیں تجھ سے بھی نازک مزاج تر　　تیوری چڑھائی تو نے کہ یاں دم نکل گیا

ولہ

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا　　دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا
ساعد سیمیں دونوں اس کے ہاتھ میں لا کر چھوڑ دیئے　　بھولے اس کے قول و قسم پر ہائے خیالِ خام کیا
قتل کئے پر غصہ کیا ہے نعش کو اس کی اٹھوانے دو　　وہ تو جان سے جا ہی چکا ہے تم بھی آؤ سمجھانے دو　　ولہ

اب کے بہت ہے شورِ بہاراں ہم کو مت زنجیر کرو
دل کی ہوس تک ہم بھی نکالیں، دھومیں ہم کو مچانے دو
ضعف بہت ہے میر تمھیں، کوچے میں اس کے جائیو مت
صبر کرو تک، اور بھی صاحب طاقت جی میں آنے دو

ولہ

تجھے چھیڑ چھاڑ ہے کیا صبا، یہ مرے آہ مشتِ غبار سے
جو پھول کسی نے چڑھائے بھی تو اڑائے مرے مزار سے

ولہ

عشق میں جی کو صبر و تاب کہاں
اس سے آنکھیں لگیں تو خواب کہاں
شب کو رونے سے سرخ ہیں آنکھیں
مجھ بلانوش کو شراب کہاں
خط کے آنے سے کچھ کہے تو کہے
ابھی مکتوب کا جواب کہاں
عشق کا گھر ہے میر سے آباد
ایسے بھی خانماں خراب کہاں

ولہ

درد و اندوہ میں ٹھہرا جو رہا، میں ہی ہوں
رنگ رو جس کے کبھی منھ نہ چڑھا، میں ہی ہوں
آؤ مت پاس مرے، بس نہیں اب تابِ جفا
اتنا ہی عالم ہے، پھر آجاؤ کیا میں ہی ہوں
اپنے کوچے میں صدا جس کی سنو ہو دن رات
وہ جگر سوختہ و سینہ جلا، میں ہی ہوں

ولہ

دل جو اپنا ہوا تھا، زخمی چور
ضبطِ گریہ سے ہو گیا ناسور
صبح اس سرو مہر کے آگے
قرصِ خورشید ہو گیا کافور
شکوۂ آبلہ ابھی سے میر
ہے پیارے ہنوز دلّی دور

ولہ

پشتِ پا ماری، ایسی دنیا پر
آبلے پڑ گئے کفِ پا پر
میر کیا بات، اس کے ہونٹوں کی
جینا دوبھر ہوا مسیحا پر

ولہ

نہیں یعقوب ہی تنہا الم میں
کنوئیں اندھے ہوئے یوسف کے غم میں
میں صبح نالہ کش تھا جو یادِ حبیب میں
سو داغ پڑ گئے جگرِ عندلیب میں

ولہ

ولہ

موئے سہتے سہتے جفا کاریاں — کوئی ہم سے سیکھے وفاداریاں
خط و کاکل و زلف و انداز و ناز — ہوئیں دام رہ صد گرفتاریاں
فرشتہ جہاں کام کرتا نہ تھا — تری آہ نے برچھیاں ماریاں

ولہ

نہ مری آہ یہ ہم دوشِ اثر ہوتی ہے — نے شبِ ہجر ہی کم بخت سحر ہوتی ہے
ہر شبِ ہجر میں فرطِ قلق کے مارے — دل کو دیتا ہوں تسلی کہ سحر ہوتی ہے

ولہ

یادِ ایام کہ یاں ترکِ شکیبائی تھا — ہر گلی شہر کی اک کوچۂ رسوائی تھا
اپنی گذری جو ترے ہجر میں تو اس کے سبب — صبر مرحوم عجب مونسِ تنہائی تھا
یہی زلفوں کی تری بات، یہی کاکل کی — میر کو خوب کیا غور تو سودائی تھا

ولہ

تا بہ مقدور انتظار کیا — دل نے اب زور بے قرار کیا
سخت کافر تھا جس نے پہلے میر — مذہبِ عشق اختیار کیا

ولہ

جیتے جی کوچۂ دلدار سے جایا نہ گیا — اس کی دیوار کا سر سے مرے سایہ نہ گیا
خاک تک کوچۂ دلدار کی چھانی ہم نے — جستجو کی، پہ دلِ گم شدہ پایا نہ گیا
زیرِ شمشیرِ ستم میر تڑپنا کیسا — سر بھی تسلیمِ محبت سے ہلایا نہ گیا

ولہ

پھاڑا ہزار جا سے گریبانِ صبر میر — کیا کہہ گئی نسیمِ سحر گل کے کان میں

ولہ

بیکسانہ جی گرفتاری سے شیون میں رہا — ایک ہم غم خوار رکھتے تھے، سو گلشن میں رہا
پنجۂ گل کی طرح دیوانگی میں ہاتھ کو — گر نکالا میں گریباں سے تو دامن میں رہا

ڈر سے اس شمشیر زن کے جوہر آئینہ ساں
سر سے لے کر پاؤں تک میں غرق آہن میں رہا

شمع ساں جلتے رہے لیکن نہ توڑا یار سے
رشتۂ الفت تمامی عمر گردن میں رہا

آہ کس انداز سے گذرا بیاباں سے کہ میر
جی ہر اک نخچیر کا اس صید افگن میں رہا

ولہ

تابِ دل صبر جدائی ہو چکی
یعنی طاقت آزمائی ہو چکی

ولہ

شب گئے تھے باغ میں، ہم ظلم کے مارے ہوئے
جان کو اپنی گلِ مہتاب انگارے ہوئے

آستینیں رکھتے رکھتے دیدۂ خوں بار پر
حلقِ بسمل کی طرح لوہو کے فوارے ہوئے

پیار رکھنے کا جو خوباں ہم پہ رکھتے ہیں گناہ
ان سے بھی تو پوچھئے تم اتنے کیوں پیارے ہوئے

لیتے کروٹ ہل گئے جو کان کے موتی ترے
شرم سے سر در گریباں صبح کے تارے ہوئے

ولہ

دست و پا مارے وقت بسمل تک
ہاتھ پہنچا نہ پائے قاتل تک

ولہ

مشہور چمن میں تری گل پیرہنی ہے
قرباں ترے ہر عضو پہ نازک بدنی ہے

سمجھے ہے نہ پروانہ، نہ تھانبے ہے زباں شمع
یہ سوختنی ہے تو وہ گردن زنی ہے

ولہ

الم سے یاں تئیں ہیں مشقِ ناتوانی کی
کہ میری جان نے تن پر مرے گرانی کی

بہ تنگ ہوں میں ترے اختلاط سے پیری
قسم ہے اپنی مجھے اس گئی جوانی کی

ولہ

زباں رکھ غنچہ ساں، اپنے دہن میں
بندھی مٹھی چلا جا، اس چمن میں

نہ کھول اے جان میرا گور میں منھ
کہ حسرت ہے مری جا گہ کفن میں

خردمندی ہوئی زنجیر ورنہ
گزرتی خوب تھی، دیوانہ پن میں

گدازِ عشق سے بہ بہ گیا میر
یوں ہی دھوکا سا ہے لب پیرہن میں

ولہ

تلوار غرقِ خوں ہے، آنکھیں گلابیاں ہیں
دیکھیں تو تیری کب تک، یہ بدشرابیاں ہیں

ولہ

ہوتا نہیں باب اجابت کا وا ہنوز
بسمل پڑی ہے چرخ پہ میری دُعا ہنوز

ولہ

اب تو نقاب منھ پہ لے ظالم کہ شب ہوئی
شرمندہ سارے دن تو کیا آفتاب کو

ولہ

مرا ہوں ہو کے دل افسردہ رنج و کلفت سے
اُگے ہے سبزہ تو پژمردہ، میری تربت سے

ولہ

قفس میں برگِ گل رکھنے سے اے صیاد کیا حاصل
اسیروں کو دلانی پھر چمن کی یاد کیا حاصل

ولہ

بیتابیوں میں تنگ ہم اپنی ہیں جان سے
وقتِ شکیب خوش، کہ گیا درمیان سے
اب چھیڑ یہ رکھی ہے کہ عاشق ہی تو نہیں
القصہ خوش گزرتی ہے اس بدگمان سے

ولہ

کھلنا کم کم کلی نے سیکھا ہے
اس کی آنکھوں کی نیم خوابی سے
برقع اٹھتے ہی چاند سا نکلا
داغ ہوں اس کی بے حجابی سے

ولہ

دل جو زیرِ غبار اکثر تھا
کچھ مزاج ان دنوں مکدر تھا
دل کی کچھ قدر کرتے رہیو تم
یہ ہمارا بھی ناز پرور تھا

ولہ

کام پل میں مرا تمام کیا
غرض اس شوخ نے بھی کام کیا
ترے کوچے کے رہنے والوں نے
یہیں سے کعبے کو سلام کیا
حالِ بد میں مرے بہ تنگ آ کر
آپ کو سب میں نیک نام کیا

عشقِ خوباں میں میرؔ کو اپنا　　قبلہ و کعبہ و امام کیا

ولہ

فصلِ خزاں میں سیر جو کی ہم نے، جائے گل　　چھانی چمن کی خاک، نہ تھا نقشِ پائے گل
اللہ رے عندلیب کی آوازِ دل خراش　　دم ہی نکل گیا جو کہا اس نے ہائے گل

ولہ

گرچہ آوارہ جوں، صبا ہیں ہم　　لیک لگ چلنے کو بلا ہیں ہم
اے بتاں اس قدر جفا ہم پر　　عاقبت بندۂ خدا ہیں ہم
ہے نمک سودہ، سب تنِ مجروح　　تیرے کشتوں میں میرزا ہیں ہم
خوف ہم کو نہیں جنوں سے کچھ　　یوں تو مجنوں کے بھی چچا ہیں ہم

ولہ

آہ اور اشک ہی سدا ہے یہاں　　روز برسات کی ہوا ہے یہاں

ولہ

رونے سے میرے ابر کا ہنگامہ سرد ہے　　آنکھیں اگر یہی ہیں تو دریا بھی گرد ہے

ولہ

کم ہے کیا لذتِ ہم آغوشی　　سب مزے میرؔ در کنار رہے

ولہ

سر خاکِ آستاں پہ تمھارے رہا مدام　　اس پر بھی یہ نصیب کہ تم بے وفا کہو

ولہ

طوفِ مشہد کو کل جو جاؤں گا　　تیغِ قاتل کو سر چڑھاؤں گا
لوٹتا ہے بہارِ حسن کی خط　　میرؔ اس پر میں زہر کھاؤں گا

ولہ

منھ تکا ہی کرے ہے جس تس کا　　حیرتی ہے یہ آئینہ کس کا
شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے　　دل ہوا کیا چراغ مفلس کا

ولہ

میر نہیں پیر تم، کاہلی اللہ رے — نامِ خدا، ہو جواں کچھ تو کیا چاہیئے

ولہ

اب کے بھی سیرِ باغ کی جی میں ہوس رہی — اپنی جگہ بہار میں کنجِ قفس رہی
میں پا شکستہ جا نہ سکا، قافلے تلک — آتی اگرچہ دیر، صدائے جرس رہی

ولہ

دن رات میر آنکھوں سے آنسو چلے گئے — برسات اب کے شہر میں سارے برس رہی

ولہ

جم کیا خوں کفِ قاتل پہ زبس تیرا میر — اس نے رو رو دیا مل ہاتھ کو دھوتے دھوتے

ولہ

کیسا رخصت کیا جوانی کو — کوسوں کس منہ سے ناتوانی کو

ولہ

اک آن اس زمانے میں یہ دل نہ وا ہوا — کیا جانئے کہ میر زمانے کو کیا ہوا
یوں پھر اٹھا نہ جائے گا، اے ابرِ دشت سے — گر کوئی رونے بیٹھ گیا، دل جلا ہوا
لے کر جوابِ نامہ، نہ قاصد پھرا کبھی — کیا جانے سرنوشت میں کیا ہے لکھا ہوا

ولہ

نہ تو نامہ ہے، نہ قاصد، نہ خبر آتی ہے — بات بگڑی ہوئی کچھ ہم کو نظر آتی ہے
چوٹ جو دل میں لگی تھی میرے — موسمِ گل میں وہ ہر سال ابھر آتی ہے

ولہ

کیا کیا ہوا میں دیدۂ تر سے نظر پڑیں — جب رونے بیٹھ جاتے تھے تب برشگال تھا

ولہ

نسیمِ مصر کب آئی، سوادِ شہرِ کنعاں کو — کہ بھر جھولی نہ یاں سے لے گئی گل ہائے حرماں کو
ہوائے ابر میں گرمی نہیں گر تو نہ ہو ساقی — دمِ افسردہ کر دے منجمد رشحاتِ باراں کو
گئے ناواقفِ شادی اگر ہم بزمِ عشرت میں — دہانِ زخمِ دل سمجھے، جو دیکھا روئے خنداں کو

ولہ

غرورِ ناز نے آنکھیں نہ کھولیں اس جفا جو کی
ملا پا تو تجھے نہ جب تک فتنہ چشمِ غزالاں کو (کذا)

زبانِ نوحہ گر ہلیں، قضا نے کیا ملایا تھا
مری طینت میں یارب سوزِ دل کے نالاں کو

صدائے آہ جی کے پار ہوئی تیر سی، شاید
کسی بے درد نے کھینچا، کسی کے دل کے پیکاں کو

کوئی کانٹا سرِ رہ کا ہماری خاک پر بس ہے
گل و گلزار کیا درکار ہے، گورِ غریباں کو

کیا سیر اس خرابے کا بہت، اب چل کے سو رہیئے
کسی دیوار کے سائے میں، منہ پر لے کے داماں کو

ولہ

چمن کا نام سنا تھا دے نہ دیکھا ہائے
جہاں میں ہم نے قفس میں ہی زندگانی کی

ولہ

مجھ سا بے تاب ہووے جب کوئی
بے قراری کو جانے تب کوئی

بعد میرے ہو گیا سنسان
سونے پایا تھا ورنہ کب کوئی

ولہ

ایسے محروم گئے ہم تو گرفتارِ چمن
کہ موئے قید میں دیوار بہ دیوارِ چمن

سینہ پر داغ کا احوال میں پوچھوں ہوں نسیم
یہ بھی تختہ کبھی ہووے گا سزاوارِ چمن

وہ گنہ گار ہیں ہیں کہ جسے کہتے ہیں
عاشقِ زارِ چمن، مرغِ گرفتارِ چمن

باغباں ہم سے خشونت سے نہ پیش آیا کر
عاقبت نالہ کشاں بھی تو ہیں درکارِ چمن

ولہ

نہ پوچھ خوابِ زلیخا نے کیا خیال کیا
کہ کاروان کا کنعاں کے جی نکال لیا

رہِ طلب میں گرے ہوتے سر کے بل ہم بھی
شکستہ پائی نے اپنی ہمیں سنبھال لیا

ولہ

بے کلی مارے ڈالتی ہے نسیم
دیکھیے اب کے سال کیا ہووے

نہیں وسواس جی کے جانے کے
ہائے رے ذوق دل لگانے کے

اس کدورت کو ہم سمجھتے ہیں
ڈھب ہیں یہ خاک میں ملانے کے

دم آخر ہی کیا نہ آنا تھا — اور بھی وقت تھے بہانے کے
چشمِ انجمِ سپہر جھپکی ہے — صدقے اس انکھڑیاں لڑانے کے

ولہ

نرگسی آنکھیں شرم آلودہ، خاک میں ہم کو ملائیں گی — کیا یہ نگاہیں نیچی نیچی، اوپر اوپر جائیں گی

ولہ

میں بندہ ہوں تیرا، خدا جانتا ہے — خدا جانے تو مجھ کو کیا جانتا ہے
بتوں کے تئیں اس قدر مانتا ہے — یہ کافر مرا دل، خدا جانتا ہے

رُباعی

دیکھی نہیں بھر بھری طبیعت ایسی — واللہ ولا بُری طبیعت ایسی
چٹ پٹ گئی جس کی اچھی صورت دیکھی — اور کیا کہوں بس طبیعت ایسی

از "ساقی نامہ"

ساقی جو کروں میں کج ادائی — معذور رکھ اب بہار آئی
گل بادِ صبا کے تا کمر ہے — دامان بلند ابر تر ہے
غنچے کی گلابیاں بھری ہیں — تکلیف کی منتظر دھری ہیں
اطرافِ چمن کھلے ہے لالہ — ہے پھول شراب کا پیالہ
ہے گل کی ہوا سبو کشی میں — بُلبل کا دماغ بُو کشی میں
ہے رنگ ہوا کا آفتابی — جھومیں ہیں نہال جوں شرابی

ولہ

دور بہت بھاگو ہو ہم سے، سیکھا طور غزالوں کا — وحشت کرنا شیوہ ہے کچھ اچھی آنکھوں والوں کا

ولہ

تیز یونہی نہ تھی شب آتشِ شوق — تھی خبر گرم اس کے آنے کی

ولہ

وہ کہاں دھوم جو دیکھی گئی چشمِ تر سے — ابر کیا کیا اُٹھے ہنگامے سے، کیا کیا برسے

ولہ

پھرتے ہیں میر خوار، کوئی پوچھتا نہیں　　اس عاشقی میں عزتِ سادات بھی گئی

ولہ

چمکنا برق کا کرتا ہے کارِ تیغ ہجراں میں　　برسنا مینھ کا داخل ہے اس بن تیرِ باراں میں

ناسخ

ناسخ تخلص، شیخ امام بخش، طرۂ سرپیچ سخنوری و گوہرِ بناگوش معنی پروری، لطافت آفرینِ کلامِ بلیغ و فصیح ملاحت افزائے چہرۂ شاہدِ مضمونِ دل فریب۔ تلمیذ مصحفیِ سحر بیان استادِ نزاکت بندانِ زماں بودہ۔ در بیت السلطنۃ لکھنؤ کوسِ استادی نواختہ و غلغلۂ شاعری در اکنافِ عالم و عالمیان انداختہ۔ مضمونِ تازہ ہر قدر کہ نصیبِ او گشتہ، دیگر شعرا را بہ خواب ہم پرتوے نہ انداختہ باشد۔ دل فریبیِ معنیٔ جاد و طرازش دل ہا را محوِ تماشا کردہ، و دچارِ حیرت ساختہ است و بہ مداحیِ ہر شعرِ تازہ اش معنی فہمانِ صافی طبع را سرمہ در گلو کردہ، بلندیٔ فکرِ منظومش بہ مرتبہ رسیدہ کہ سلکِ عقدِ ثریا از ہم گسستہ مشاہدہ شود و بہ مقابلِ خم و پیچ طرۂ مشک ناب الفاظِ شوخ و بندشِ چستِ او گیسوے فتنہ پردازاں او ہم بستہ و شکستہ بہ نظر می آید۔ چند سال است کہ داعیِ اجل را لبیک گفتہ، آتشِ شعلہ افروزِ شاعریٔ لکھنؤ را سرد کردہ۔ فقیر از زبانِ سحر بیان و از دیوانِ پریشانش آنچہ شنیدہ و دیدہ، مختصراً ازاں، داخلِ این تذکرہ می سازد:

خط کیا کہ خال بھی رخِ محبوب پر نہیں　　ایسا بدن ہے صاف، کہ کوئی کمر نہیں

ولہ

یوں خیالِ روئے جاناں ہے دلِ بیتاب میں　　جس طرح سے عکس ہو مہتاب کا گرداب میں
کھپ گئی رنگت سنہری یوں دلِ بیتاب میں　　جس طرح سے ڈوب جاتا ہے طلا سیماب میں
رات بھر تڑپے فراقِ یار میں ہم، اس قدر　　پڑ گئے جھنتے ہزاروں چادرِ مہتاب میں

ولہ

ہے صاف آئینہ، یہ تمہارا بدن نہیں　　گویا غلافِ آئینہ ہے، پیرہن نہیں

ولہ

ہے گلِ رخسارِ جاناں، نرگسِ جادو سیاہ
ہو گئے ہیں تابشِ خورشید سے آہو سیاہ

ولہ

کر دئے خط نے ترے عارضِ پرنور سیاہ
ہو گیا مشک کے مانند، یہ کافور سیاہ

ولہ

ہاتھ میں گر نہ سرِ زلفِ گرہ گیر رہے
پانو میں تو ترے دروازے کی زنجیر رہے
نامۂ یار کے مضموں رہیں ازبر مجھ کو
جس طرح یاد کوئی نسخۂ اکسیر رہے

ولہ

پنجۂ پرنور سے زلفوں میں شانہ کیجئے
شمعوں سے روشن کبھی زنجیر خانہ کیجئے
عندلیبیں کہتی ہیں، وہ دستِ رنگیں دیکھ کر
شاخِ مرجاں میں اب اپنا آشیانہ کیجئے

ولہ

کیوں نہ خاموشی خوش آوے، بلبلِ تصویر کی
لطف کیا میری طرح گر آہ بے تاثیر کی
عاشقوں سے ہے کڑی ہر بات اس بے پیر کی
کاکلِ پیچاں سے آتی ہے صدا زنجیر کی

ولہ

صحرا میں دیکھتا ہوں جو شوخی غزال کی
آتی ہے یاد اک صنم خورد و سال کی
گل گونِ یار کی ہیں یہ رنگین خرامیاں
پائی غبارِ راہ نے رنگت گلال کی

ولہ

کیا کہیئے تیغِ ابروئے قاتل کے آب کی
عکسِ مژہ سے کٹتی ہے بوتل شراب کی

ولہ

جس نے آنکھ آپ سے لڑائی ہے
اس سے اک خلق سے لڑائی ہے
لے چلی ہے وطن سے وحشت دور
بارے نزدیک موت آئی ہے

ولہ

خیال میں بھی اگر خواب سے دو چار ہوا
شبِ فراق سے میں کیا ہی شرمسار ہوا

...

جو وصف زلف کے لکھے قلم بنا افعی　　دہن دوات کا مثلِ دہانِ مار ہوا

ولہ

ہے تصور مجھے ہر دم تری یکتائی کا　　مشغلہ آٹھ پہر ہے یہی بینائی کا

ولہ

وحشیوں کا کیا ہی مجھ وحشی سے یارانہ ہوا　　شیر کا پنجہ برائے موئے سر شانہ ہوا
تیرے آگے باغباں نے نوچ ڈالے سب چمن　　باغ میں ہر گل بہ رنگِ سبزہ بے گانہ ہوا
آتشِ رنگِ حنا سے شمع ہیں سب انگلیاں　　دستِ جاناں میں مرا مکتوب پروانہ ہوا

ولہ

کس قدر صاف ہے تمہارا پیٹ　　صاف آئینے کا ہے سارا پیٹ
پہنے کرتی اگر وہ جالی کی　　کرے ہر حلقے کو ستارا پیٹ
آپ کی ناف، مشک نافہ ہے　　اور کافور کا ہے سارا پیٹ

ولہ

چشمِ عاشق میں برابر ہے لا گھر باہر　　ایک سا جلوہ معشوق ہے اندر باہر
یہ تمنا ہے صنم، ہو جو قیامت برپا　　قبر سے مجھ کو نکالے تری ٹھوکر باہر
رات بھر تم تو کرو بادہ کشی، محفل میں　　مثلِ ساغر ہمیں تا صبح ہو چکر باہر
بعد مرنے کے بھی ہے ساتھ یہاں فصلِ بہار　　قبر میں داغِ جنوں، پھولوں کی چادر باہر
خانۂ چشم میں بے یار جو نیند آنے لگی　　مردمِ دیدہ یہ چلائے کہ باہر باہر
ناز حوروں کے اٹھائیں، یہ کہاں ہم کو دماغ　　ہو ہمارا درِ فردوس سے بستر باہر

ولہ

پردۂ گوش ہوا، مثلِ کتاں سو ٹکڑے　　جب سے آتی نہیں اس شکر قمر کی آواز
پنبۂ شیشۂ مے کان میں رکھ دے ساقی　　کہ شبِ عیش میں آئے نہ گجر کی آواز

ولہ

مُردوں کو جلاتی ہے تری ناز کی آواز　　اعجاز کا اعجاز ہے، آواز کی آواز

ولہ

یاد آئی جو مجھے تیری کمر کی بندش — کھل گئی ٹوٹنے سے زخمِ جگر کی بندش
ہے کہاں اس کی کمر اور کمر بند کہاں — یہ تو ہے واہمۂ اہلِ نظر کی بندش

ولہ

خوش ہوا بھولے سے جب دل غم وہیں یاد آگیا — قہقہہ ہونٹوں تلک پہنچا کہ تالا ہو گیا
اس پری کی سرد مہری نے رلایا جب مجھے — اشک جو ٹپکا مری آنکھوں سے ژالہ ہو گیا

ولہ

پھاہا ہو ہمارے زخمِ دل کا — ٹوپی جو تمھاری ملگجی ہے

ولہ

ناسخ شراب پی، شبِ تاریک ہے تو کیا — محتاج آفتاب نہیں ماہتاب کا

ولہ

بزم میں پاتا نہیں جو ساقیِ گل فام کو — جانتا ہوں میں ہتھیلی کا پھپولا جام کو

ولہ

مثلِ سبزہ خط کا ہوا نشو و نما — خالِ روئے یار گویا تخمِ سنبل ہو گیا

ولہ

دشتِ وحشت میں مجھے فکرِ تنِ عریاں نہیں — خار ہوں لیکن خیالِ گوشۂ داماں نہیں
آفتابِ حشر بھی تارا ہے اس کی شام کا — گردشِ ایام میں صبحِ شبِ ہجراں نہیں
وصل کی شب ہو چکی، صبحِ قیامت ہے عیاں — صور کی آواز ہے، مرغِ سحر نالاں نہیں
ایک شق آفتاب، اس میں نمایاں دو ہلال — ہیں عیاں دو معجزے، خنداں لبِ جاناں نہیں
جائے گا خورِ سحر بھی مشک افشاں ہے فلک — سایۂ زلفِ صنم ہے یہ، شبِ ہجراں نہیں
چشمِ تر کو کیوں نہ ہو دستِ حنائی کا خیال — کب سمندر ہے کہ جس میں پنجۂ مرجاں نہیں
بت پرستی کیا بری ہے، گر نہیں ملتا خدا — کفر میں کامل ہو ناسخ گر تجھے ایماں نہیں

ولہ

موسیٰ کو دی خدا نے جو تنویر ہاتھ میں — یاں سنگ ریزے کرتے ہیں تقریر ہاتھ میں

دل ہے اگر بہ یار تو ہے دست بھی بکار
دل میں تصور اس کا ہے، تصویر ہاتھ میں

اترا مرا بخار جو تو نے بدن چھوا
تعویذ کی لکیریں ہیں تحریر ہاتھ میں

ولہ

مسخر وہ پری رو ہے، کمند جذبۂ دل کا
ہر اک داغ جنوں گویا کہ ہے تعویذ عامل کا

سبب یہ ہے جو پیراہن ہے گلگوں میرے قاتل کا
نہ ہونے پائے ظاہر داغ ہرگز، خون بسمل کا

کروں نالہ تو کہتا ہے وہ کافر کس نزاکت سے
وہ گل ہیں زمزمہ آتا ہے خوش جن کو عندلیب کا

ولہ

تڑپ کر ایک دم آرام آجاتا ہے کیا اس کو
مجھے کرتا ہے بسمل سرد ہونا مرغ بسمل کا

ولہ

حضور گردن ساقی ہر اک شیشے کی گردن میں
نظر آنے لگا عالم گلوئے مرغ بسمل کا

جہاں میں جو حسیں ہے تجھ سے کسب نور کرتا ہے
چراغ آگے ترے اے مہ جبیں کاسہ ہے سائل کا

ہوا ہر گل چمن میں تیرے آنے سے یہ دیوانہ
کہ آواز شکست رنگ ہے نالہ سلاسل کا

لب ساقی کے بوسوں کی گزک ہو، گر نہ اے ناسخ
شراب زندگی میں ہے مزا زہر ہلاہل کا

ولہ

دھوپ بہتر، پر شب فرقت کی بدتر چاندنی
صاعقے کے طور سے پڑتی ہے مجھ پر چاندنی

ایک ہفتے سے بہم، ساتوں میسر ہیں مجھے
دشت، دریا، سبزہ، ساقی، شیشہ، ساغر چاندنی

نقرئی موباف اس کافر کی چوٹی میں نہیں
یہ وہ شب ہے جس نے کر لی ہے مسخر چاندنی

ولہ

صاف قاصد کو واں جواب ملا
میرے خط کا یہی جواب ملا

نقطۂ لاتجزا ہے، دہن سے پیدا
بوئے مختم ہے انداز سخن سے پیدا

ولہ

اس پری رو کے کف پا میں ہے عالم نور کا
سنگ پا کے واسطے منگوائیں پتھر طور کا

ولہ

ہم نے جو بیٹی بنائی ہے ترے موباف کی
نافۂ مشکیں ہوا ہے مسخ، ہر اک ناسور کا

ولہ

اپنے صنم کو لے کے شب وصل باغ میں
بھاگا میں آشیانۂ مرغ سحر سے دور

ولہ

ہوش اڑتے ہیں جو سنتا ہوں تری آواز کو
کیا ترے پردے سے نسبت پردہ ملتے ساز کو

ولہ

گوری گوری انگلیاں ہیں مثلِ شمع — ہے بجا تمثیل ناخن گیر کو گلگیر سے

ولہ

کیا سیاہی اور سرخی لالہ وار آنکھوں میں ہے — چشمِ بد دور، آج اے ساقی بہار آنکھوں میں ہے

ولہ

فرقت قبول، رشک کے صدمے نہیں قبول — کیا آئیں ہم، رقیب تری انجمن میں ہے

ولہ

جب کبھی پہنا جڑاؤ اس نے زیور کان میں — نازکی بولی کہ کیوں لٹکائے پتھر کان میں

ولہ

لگ چلے گلشن میں گر، اس سروِ سیم اندام سے — ہو چمک موجِ ہوا میں نقرئی زنجیر کی
دانت تیرے دیکھتے ہی، ہو گیا ناسخ شہید — ہائے کیا ان موتیوں میں آب ہے شمشیر کی

ولہ

نیچے ہیں شعر، وصفِ ابروئے خمدار کے — حرف لکھتے ہی جو ہر بن گئے تلوار کے
کیا خزاں پاس آسکے تیرے گلِ رخسار کے — پھول کمھلاتے نہیں ہرگز گلے کے ہار کے
مار ڈالا جان سے جب سے لڑائی تو نے آنکھ — ساقیا ڈورے تری آنکھوں میں ہیں تلوار کے

ولہ

جیب میں چاکِ درِ یار نظر آتا ہے — سینے میں روزنِ دیوار نظر آتا ہے

ولہ

ہوں وہ مے کش جب بنا پتلا تو میں تب، عرض کی — کاسۂ سر جام کا، شیشے کی گردن چاہیے

ولہ

بامِ جاناں پر رسائی آج ہے — وصل کی شب بھی شبِ معراج ہے
زرد ہے کیا تیرے آگے یاسمین — تھا جو ہیرا ان دنوں پکھراج ہے

ولہ

اے جنوں ہجر میں کیا نالہ و مساز نہیں — ضعف ایسا ہے کہ زنجیر میں آواز نہیں

ہوگیا کام ادا، ایسی بھلا کیا ہے ادا
قتل کرتے ہو یہ کچھ ناز کا انداز نہیں

ولہ

گل کو جب دیکھا، تری تصویر کا دھوکہ ہوا
بولی جب بلبل، تری تقریر کا دھوکہ ہوا
ہوں وہ بے خود، خونِ پا سے جب ہوئی زنجیر سرخ
خاکِ صحرا پر مجھے اکسیر کا دھوکہ ہوا
جا بہ جا دیکھیں جو نہریں اشکِ ناسخ کی رواں
کوچۂ محبوب پر کشمیر کا دھوکہ ہوا

ولہ

بنتے ہیں چاندی کے چھلے، حلقۂ زر ہاتھ میں
ملتے ہیں جاے حنا اکسیر دلبر ہاتھ میں

ولہ

ہوگیا بے تاب سن کر آہ، مجھ بے تاب کی
میرے سیم اندام میں حالت ہوئی سیماب کی
ہونٹ دونوں صورتِ عناب آتے ہیں نظر
آپ کی مسواک گویا، شاخ ہے عناب کی
ہوں وہ سرگشتہ جو دیکھا میں نے منھ اپنا کبھی
آئینے میں صاف صورت ہوگئی گرداب کی
وادیِ غربت میں ہے ناسخ، وطن میرے حضور
خود فراموشی میں بھی ہے مجھ کو یاد احباب کی

ولہ

دل کی صورت سے گریباں پارہ پارہ کیجیے
راز پنہاں جی میں ہے، اب آشکارا کیجیے
شاعری سے فایدہ، پڑھیے کوئی ایسا عمل
جس سے گھر میں تخت پریوں کے اتارا کیجیے

ولہ

باغ میں اک بار اگر وہ لالہ رو ہو جاے گا
رنگِ گل غیرت سے پنہاں مثلِ بو ہو جاے گا
آبِ جو میں او سہی قامت نہ اپنا عکس ڈال
شرم سے سروِ لبِ جو، آبِ جو ہو جاے گا

ولہ

مل گیا ہے جب شبِ تیرہ میں عریاں تو مجھے
نور کا تڑکا نظر آیا ہے او مہ رو مجھے
راکھ پر لیٹوں جلا کر بوریے کو، جی میں ہے
خوش نہیں آتا قباے فقر پر اتو مجھے

ولہ

جنوں پسند مجھے چھانو ہے ببولوں کی
عجب بہار ہے ان زرد زرد پھولوں کی
امیدِ وصل میں ہم جھولتے ہیں برسوں سے
وہاں رقیبوں میں، طیاریاں ہیں جھولوں کی

ولہ

جو اس پری سے شبِ وصل میں رکاوٹ ہو
مجھے بھی ایک جنازہ ہو یا چھپر کھٹ ہو

میں جاں بہ لب ہوں، گلا کاٹو یا گلے سے لگو
جو اس میں آپ کو منظور ہو وہ جھٹ پٹ ہو

لپٹ کے یار سے سوتا ہوں، مانگتا ہوں دعا
تمام عمر بسر یارب ایک کروٹ ہو

جلاؤ غیروں کو مجھ سے جو گرمیاں کر کے
تمھارے کوچے میں تیار ایک مرگھٹ ہو

ولہ

ہر پھول ترے رشک سے جب آب ہو گیا
صحنِ چمن بھی نظروں میں تالاب ہو گیا

تیرے حضور زہرۂ مہ آب ہو گیا
شب چاندنی میں عالمِ سیلاب ہو گیا

پھاڑا جو اس نے دستِ حنائی سے خط مرا
ہر پرزہ برگِ لالہ شاداب ہو گیا

آنا ترا وہ راتوں کا یاد آ گیا جو ہائے
مہتاب کو میں دیکھ کے بے تاب ہو گیا

چادر کے بدلے چاندنی اس کی جو ڈال دی
میری لحد میں جلوۂ مہتاب ہو گیا

مضمون جو اپنے رونے کا میں نے رقم کیا
ناسخ دہن دوات کا گرداب ہو گیا

ولہ

پاس جس دن سے دلا وہ ستم ایجاد نہیں
کوئی بھی اس کے سوا اس کا ستم یاد نہیں

میرے مرنے سے ہے بس خانۂ زنجیر خراب
ورنہ گھر کون ہے دنیا میں جو آباد نہیں

ہائے جو کرتے ہیں سب اہلِ زمیں ہیں کرتے ہیں
اے فلک تجھ سے مجھے شکوۂ بے داد نہیں

اب تو جی کھول کے دن رات کرو ظلم و ستم
ناتوانی سے مجھے طاقتِ فریاد نہیں

مر کے بھی چھٹتے نہیں آپ کی زلفوں کے اسیر
یہ عجب قید ہے جس کی کوئی میعاد نہیں

رنج دیتا ہے جنوں جن کی طرح اے ناسخ
جب سے پہلو میں وہ محبوب پری زاد نہیں

ولہ

مرغِ دل کو چہ سفاک کو بسمل سمجھا
تیغ کو طائرِ جاں شاخِ نشیمن سمجھا

آئی صحرا میں جو اس گرمِ عناں کی ہم یاد
چشمِ آہو کو میں نقشِ سمِ توسن سمجھا

خوب دھوکا مجھے مستی کی ادا ہٹ نے دیا
دہنِ یار کو میں غنچۂ سوسن سمجھا

کس نے انگشت رکھی فاتحہ کو فندق بند
شمع معکوس لحد پر جو میں روشن سمجھا

خاک برباد رہی دشتِ جنوں میں میری
بس بگولے ہی کو میں گنبدِ مدفن سمجھا

کاٹے کھاتی ہے مجھے فکرِ سخن اے ناسخ
دو زبانی قلم اپنے کو ناگن سمجھا

ولہ

ہے کیا ہی اثر خوبیٔ ابرو کے بیاں کا
تلوار سے کم کاٹ نہیں میری زباں کا

محروم جو رکھنا اُسے منظور ہے میرا
کہتا ہے ظرافت سے کہ لے بوسہ ہاں کا

ولہ

دل ایک بت پہ شیدا ہوا چاہتا ہے
خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے

پڑا کان میں سروِ بالا کے بالا
جنوں یاں دوبالا ہوا چاہتا ہے

ولہ

غمِ افلاس کہاں دل ہے تونگر اپنا
زرد چہرہ نہیں فاقوں سے یہ ہے زر اپنا

خاک پر لوٹتے ہیں فرقتِ محبوب میں ہم
چاندنی ہے شبِ مہتاب میں بستر اپنا

اپنے طالع میں ہے اے رشکِ قمر پامالی
ہے ستارہ تری پاپوش کا اختر اپنا

اتنی مدت سے ہوں میں وادیٔ غربت میں اسیر
کہ وطن جاؤں تو پاؤں نہ کبھی گھر اپنا

ولہ

کر کے چشمک جو، خیاباں سے تو اے یار چلے
ساتھ ہی تھامے عصا نرگسِ بیمار چلے

ہم ہوئے قتل، جو تم ناز سے اے یار چلے
ہو قیامت اگر اس چال سے تلوار چلے

میری تصویر اگر پیرِ مغاں چپکا دے
ساتھ پھر مست کے مے خانے کو دیوار چلے

ولہ

سینکڑوں آہیں بھروں پر دخل کیا آواز کا
تیر جو آواز دے ہے نقص تیر انداز کا

ولہ

قیامتِ یار کو ہم یاد کیا کرتے ہیں
سرو کو صدقے میں آزاد کیا کرتے ہیں

انتقام اس کا کہیں لے نہ فلک ڈرتا ہوں
جھوٹے وعدوں سے جو وہ شاد کیا کرتے ہیں

ولہ

نخل وادیِ ایمن کرے بیدِ مجنوں کو — تیرے رنگ میں لیلیٰ بانگِ لن ترانی ہے

ولہ

شوخیاں ہر ناخنِ پا میں ہیں چشمِ حور سی — تیرے تلووں میں صفائی ہے پری کے گال کی

ولہ

کس کو فرقت میں خراشِ دل ہے — پانی پینے میں یاں تامل ہے
شبِ فرقت میں شمع کا کیا ذکر — زندگی کا چراغ بھی گل ہے
گلِ گلزار میں ثبات کہاں — پایدار اس کی کفش کا کل ہے

ولہ

گورے بدن پہ اس کے نہیں پیرہن سفید — یہ نسترن سفید ہے، وہ یاسمن سفید
اُڑ جائے رنگ ترے لبِ لعل کے حضور — بلور کی طرح ہو عقیقِ یمن سفید
آئی بہار، ہر بُنِ مو سے ہے جوشِ خوں — ہو جائے سرخ پہنوں اگر پیرہن سفید

ولہ

رنگ میں شوخ ہے ایسا، بدنِ سرخ ترا — (کذا) پہ سرسبز نہیں پیرہنِ سرخ ترا
ہو ہمیشہ ترے کوچے میں شہیدوں کی بہار — رہے سرسبز الٰہی چمنِ سرخ ترا
ایک بوسے کے تصور میں یہ ہوتا ہے کبود — نہیں محتاج مسی کا دہنِ سرخ ترا

ولہ

آسماں پر نظر آتے نہیں تارے دن کو — تری جوتی کے چمکتے ہیں ستارے دن کو
کون ایسا ہے جو چڑھاوے جو مری تربت پر — رات کے پھول جو محبوب اتارے دن کو
رات ہو جائے یقیناً مجھے اٹھتے اٹھتے — حالتِ ضعف میں کوئی جو پکارے دن کو
یہ دعا آٹھ پہر وردِ زباں ہے ناسخ — رات کو وصل میسر ہو نظارے دن کو

ولہ

کیا سیاہی و سرخی لالہ وار آنکھوں میں ہے — چشمِ بد دور آج اے ساقی بہار آنکھوں میں ہے

ولہ

سرسبز سبزہ ہو جو ترا پائمال ہو — ٹھہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہال ہو

ولہ

مہندی ہے شعلہ قدم، اس رشک پری کا — پاپوش نے سیکھا ہے چلن، کبک دری کا
دیواں میں شادی دکھلائے جگہ چھوڑ دی میں نے — مضمون یہ باندھا تری نازک کمری کا

ولہ

یہ آدمی ہے کہ برسوں جمال رہتا ہے — وگرنہ ماہ کو یک شب کمال رہتا ہے
یہ ٹپک رہا ہے مرا جسم، آتشِ غم سے — کہ طوق بھی مری گردن میں لال رہتا ہے

ولہ

مرتبہ کہ حصِ رفعت سے ہمارا ہو گیا — آفتاب اتنا ہوا اونچا کہ تارا ہو گیا
یہ صفائی، یہ لطافت، آدمی میں ہے کہاں — تم نے جو دل میں چھپایا، آشکارا ہو گیا

ولہ

بھلا ہوا کہ نہ خواہانِ عزو شان ہوئے — جگر چھدا جو صدف کا تو اپنے کان ہوئے

ولہ

جل اٹھا باغ اس کے برقِ حسن کی تاثیر سے — پھول جو گل چیں اٹھاتے ہیں سو آتش گیر سے

ولہ

نہیں کہہ سکتا ہوں جو کچھ کہ مرا مطلب ہے — عاشق تازہ ہوں اور وصل کی پہلی شب ہے
گم ہوا ہوں جب سے تیرا رو نظر آیا مجھے — آئینہ جب میں نے دیکھا، تو نظر آیا مجھے
جب رو پہلا، چوٹی میں مو باف ڈالا یار نے — سنبلستاں میں گلِ شبو نظر آیا مجھے
شمع ہے فانوس میں، یا جو میں عکس شاخِ گل — آستیں سے یا ترا بازو نظر آیا مجھے
یار کے دروازے سے کیوں کر میں اٹھوں ناتواں — بازو اس کا قوتِ بازو نظر آیا مجھے
عکس ہونٹوں پر جو دونوں ابروؤں کا پڑ گیا — وہ صنم طفلی میں چار ابرو نظر آیا مجھے
شاید آنکلے وہ خوش قد، اشک کر ناسخ رواں — سرو باغ اکثر کنارِ جو نظر آیا مجھے

ولہ

خواب میں منھ سے جو اس مہ کے دوپٹہ اترا — نظر آنے لگا منھ چاند کا، اترا اترا

ولہ

دم ہے بند آگے تیرے، تیغِ صفاہانی کا　　قاتلِ حلق ہے عالم تری عریانی کا

ولہ

دیکھ لے جوڑا بسنتی جب وہ جسمِ یار میں　　پھولے کیوں سرسوں نہ، چشمِ نرگسِ بیمار میں

ولہ

بنتا جو جامِ بادہ تو ہوتا میں رند شاد　　سبھ بنا کے کیوں مری مٹی خراب کی

ولہ

بلبلیں گل ہنسیں تو کیوں نہ رکوں　　کہ ہنسی کا مرا مزاج نہیں

ولہ

جب سے ہے مدِ نظر، جوڑا بسنتی یار کو　　تب سے یرقاں ہو گیا ہے، نرگسِ بیمار کو

ولہ

طفلی سے اور قہر ہوا وہ، شباب میں　　تابش ہو دوپہر کو فزوں آفتاب میں

ولہ

مرا سینہ ہے مشرق، آفتابِ داغِ ہجراں کا　　طلوعِ صبحِ محشر چاک ہے، اپنے گریباں کا
کفن کی جب سفیدی دیکھتا ہوں کنجِ مرقد میں　　تو عالم یاد آتا ہے، شبِ مہتابِ ہجراں کا

ولہ

بجائے داغ ملے، دیدۂ غزال مجھے　　کمال جوششِ وحشت ہے اب کے سال مجھے

ولہ

ترے جاتے ہوا، رنگِ چمن ہو جائے گا　　برگِ گل جو ہے وہ، رنگِ یاسمن ہو جائے گا
بام پر ننگے نہ تم آؤ، شبِ مہتاب میں　　چاندنی پڑ جائے گی، میلا بدن ہو جائے گا
مے کدے تک محتسب کرے کشو آنے تو دو　　دیکھ کر پیمانے کو، پیماں شکن ہو جائے گا

ولہ

چبھنے دو خارِ کوچۂ دلدار پاؤں میں — پاپوش کچھ نہیں مجھے درکار پاؤں میں
سر ننگے بے سبب نہیں، دشتِ جنوں میں ہم — باندھی ہے پھاڑ پھاڑ کے، دستار پاؤں میں
سب جان لیں کہ کوچۂ گیسو میں ہوں اسیر — زنجیر چاہیے سرِ بازار پاؤں میں

ولہ

چھوٹے گی نہ راہ اس گلی کی — مرنے سے ڈرے تو عاشقی کی

ولہ

پھر بہار آئی، کفِ ہر شاخ پر پیمانہ ہے — ہر روش میں جلوۂ بادِ صبا مستانہ ہے

ولہ

جنبشِ مژگاں سے دل اس رنگیں میں رہا — قینچیوں سے باغ کی بلبل کا شہپر اڑ گیا

ولہ

قدح لیے ہوئے گل، مثلِ بادہ خوار آیا — خزاں چمن سے گئی، موسمِ بہار آیا
جو گوشِ گل نہ سنے، باغ میں تو کیا چارہ — قفس سے نالۂ بلبل، ہزار بار آیا
یہ نازکی کے ہیں معنی کہ باغ میں وہ شوخ — قریبِ آتشِ گل جب گیا، بخار آیا

ولہ

ترے جور و ستم، اے عہد شکن بھول گیے — رنجِ غربت یہ اٹھائے کہ وطن بھول گیے
جان کیا مفت گئی، صید گہِ عالم میں — نیم جاں کر کے مجھے، صید فگن بھول گیے
ہائے کیا ہوش رُبا ہیں تری آنکھیں صیاد — چوکڑی کیا کہ ہرن، راہِ ختن بھول گیے
تنکے چنتے ہیں تری راہ میں گل چیں، اے گل — تیرے کوچے میں ہزاروں کو چمن بھول گیے
قتل گہ میں جو ہمیں یاد کیا قاتل نے — سر بہ کف ایسے چلے ہم کہ کفن بھول گیے
آج تک یاد نہ جنت میں کیا، ناسخ کو — اپنے مداح کو کیا شاہِ زمن بھول گیے

نزاکت

نزاکت تخلص پری رو، مشکینہ مو، نرگسی چشم لالہ عذار است، شب و روز سرگرم طرزِ

وفاپروری و بے رحمی و عاشق کشی و دلنوازی ست - اصلش از بلدۂ نارنول و بہ شاہجہاں آباد جلوہ آراست :

بسکہ رہتا ہے یار آنکھوں میں ہے نظر بے قرار آنکھوں میں
سرمۂ خاکِ پا عنایت ہو آگیا ہے غبار آنکھوں میں

نسیم

نسیم تخلص، گلزار علی نام - بہ رعایتِ نامِ خویش تخلصِ خوشے پیدا کردہ :

غیروں کے ساتھ اس کے تو سارے تپاک ہیں ایک ہم ہی اے نسیم اڑانے کو خاک ہیں

نصیر

نصیر تخلص، شاہ نصیر الدین، سجادہ نشینِ یکے از خلفاے شاہ صدر جہاں است - از مشاقی و سخن طرازی بہ استادی نام بر آوردہ - کلامش معروف و مشہور است :

خود بہ خود طاق سے شیشہ جو گرا اے ساقی روح تھی یہ کی کس فنا مئے ناب میں بند

ولہ

شوقِ نظارہ ترا کھینچ کے لایا اس کو گرچہ تھے قیس کے پاؤں میں سا مل بھاری
دیکھ لیتی جو اٹھا کر نہ ترے ٹوٹتے ہاتھ لیلیٰ ایسا تو نہ تھا پردۂ محمل بھاری

ولہ

لب یہ قیامت ہے کہ جی اٹھے ہم آج اک بات میں تم رشکِ مسیحا ٹھیرے

ولہ

خیالِ زلف میں سر اے نصیر پیٹا کر گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

نظیر

نظیر تخلص، شیخ ولی محمد اکبر آبادی، شاعرِ معنی یاب بودہ - چند سال است کہ زیرِ خاکدان بہ روضۂ رضوان شتافت - اشعار بسیار دارد :

بھوں کو مے، ہمیں خوں ناب دل پلانا تھا فلک ہمیں پہ تجھے کیا زہر کھسانا تھا

ولہ

ہم نے چاہا تھا کہ حاکم سے کریں گے فریاد وہ بھی کم بخت ترا چاہنے والا نکلا

ہوش

ہوش تخلص، غلام مرتضیٰ۔ از شاہ جہاں آباد است:

زاہد کا دل نہ خاطرِ مے خوار توڑیئے　　سو بار توبہ کیجیے، سو بار توڑیئے
یار ہنستا ہے چشمِ تر کو دیکھ　　گریہ ٹک اپنے تو اثر کو دیکھ

ہوس

ہوس تخلص، مرزا محمد تقی خاں۔ از عمائد و اراکین سلطنتِ لکھنؤ بودہ۔ گفتارش از نظ مصحفی مقبولِ خاطر ہا گردید۔ در بحرِ طویل اکثر طبع آزمائی می کند:

جانا ہوس کی بزم میں تجھ کو روا نہیں　　بدنام ہے تو (کذا) گل سے اے صبا
رنجش کا انھوں نے بھی کیا وقت نکالا ہے　　مجھ سے وہ بگڑتے ہیں، جب خوب سنورتے ہیں

یاس

یاس تخلص، خیر الدین، ساکنِ دہلی است:

اس طرف کو دیکھتا بھی ہے تو شرماتا ہوا　　اب تلک ہے آنکھ میں شب کا سماں چھایا ہو

ولہ

کاش میں پردے کا شکوہ ہی نہ کرتا ان سے　　بے حجابی نے کیا اور بھی بے تاب مجھے

ولہ

یہ نزاکت ہے کہ ڈر ہے پسینے میں وہ گل　　اس کی رنگت کا اگر ہوتا ہے چرچا دھوپ میں
اپنی آہِ سرد کا ان کو اثر معلوم تھا　　عنقریب مہر جا بیٹھے مسیحا دھوپ میں

فصل در خاتمہ

فصل در خاتمہ مشتمل بر اشعارِ شعرا کہ ترتیبِ نام و تخلصِ ایشاں بلا رعایتِ حروفِ تہجی است:

عاصی

عاصی تخلص، نواب غلام حسین خاں، نبیرۂ نواب افراسیاب خاں شاہ جہاں آبادی الاصل

دوا تو درد کی کرتے، پہ اس کو کیا کیجے　　کہ تو ہی پہلو سے اٹھا ہے درد کے بدلے

مذاق

مذاق تخلص، محمد دل دار علی نام۔ از قاضی زادہ ہاے بدایوں و عزیزانِ ظہور اللہ خاں نواست۔ تلاشِ معنی ہائے تازہ او نمونہ قدرتِ مبداء فیاض می تواں گفت۔ مذاقِ سخن طرازیش بہ دل مطبوعِ طبع شیفتہ سرانِ معنی است۔ صفحہ کاغذ کہنہ مشق و نظر انداختہ فکرِ رنگینش دل خون کردۂ فصلِ بہاریں و آب و تابِ جوہرِ نظمِ ہوش ربایش رونقِ عقدِ پروین ... دفترِ خود فروشی و خودستائی ہاے سخن طرازانِ یوسفستانِ معنی بہ حضورِ ادنیٰ توجہ او بہ جوے نہ می خرند و کہنہ مشقانِ مذاقِ سخن پیشِ یک شعر تازہ اش بہ پشۂ نہ می گیرند۔ طرزِ شعراے فی زماننا از کلیم بیانیٔ خویش جلوہ دادہ و گلزارِ ہمیشہ بہارِ نظمِ آبدار را آب و رنگِ تازہ بخشیدہ۔ با فقیر سررشتۂ اتحادش مستحکم است۔ از صحبتِ ناآشنایانِ مذاقِ شوریدہ کہ مس دارم زندہ　کردہ بودم۔ اکنوں ہمدمی و سخن طرازی ملے او برائے چارہ گریِ دردِ دل کارِ اعجازِ مسیحائی می کند۔ بیشتر عیارؔ تخلص می کرد و در اکثر افکار و غزلیاتِ او کہ شہرتے پیدا کردند ہمیں تخلص است۔ عرصۂ چند سال است کہ عیارؔ را بدل کردہ، بہ ایں تخلصِ با مذاق مشہور است و در اصنافِ سخن دستگاہِ لایق دارد۔ دیوانش بہ ترتیب رسیدہ و شاگردِ رشیدِ خاقانیٔ ہند محمد ابراہیم ذوقؔ دہلوی است۔ چند اشعارِ تازہ اش کہ دمِ تحریر نزدم بودند، رقم زدۂ کلکِ معنی طراز است۔ مطلعِ دیوانش ایں است:

ہوا جب حسن ظاہر، یا محمد مصطفیٰ تیرا　　علی کے بھیس میں آکر ہوا عاشق خدا تیرا
قلم جبریل کے پر کا، ادب سے سر بہ سجدہ ہے　　شہا نقشہ لکھے کیا، خامۂ بالِ ہما تیرا
مجسم تجھ میں ہے شانِ ہوالاول، ہوالآخر　　ہوا معلوم حالِ ابتدا و انتہا تیرا
عبث ہے فکر خیاطِ ازل کو جامہ دوزی کی　　نہ ہوگا، اطلسِ نہ چرخ میں بندِ قبا تیرا
زمیں کو تیرے کوچے کی نہ پائیں آسماں ہرگز　　کہ شانِ عرش ہے تفسیر میں ہر اک نقشِ پا تیرا
صلاتیں لحنِ داؤدی میں ہوں گل بانگِ بلبل　　گلوں کے منھ سے جب شجرہ پڑھے، بادِ صبا تیرا
بڑائی اور بزرگی تجھ کو دی خالق نے اس درجہ　　کہ چھوٹا بھائی ہے شیرِ خدا مشکل کشا تیرا

نہیں ہے کہکشاں اور چادرِ انجم یہ تعظیماً
فلک نے سر پہ رکھی ہے، ردا تیری، عصا تیرا

قدر کو خدمتِ افتا ہے دار الشرع میں تیری
عدالت گاہ میں قاضی ہے اک حکمِ قضا تیرا

اجابت دست بستہ سر کے بل خدمت میں آ پہنچی
کہ تا ہونے پائے وا کھلے دستِ دعا تیرا

تو ہی وارث ہے ہم بے وارثوں کا دین و دنیا میں
یہاں بھی آسرا تیرا وہاں بھی آسرا تیرا

شہنشاہِ عرب اور عین لب جو کچھ کہ ہے تو ہے
مقولہ ہے الست بربکم قالو بلا تیرا

خدا کا اور بندوں کا ہے محبوب وہ بندہ
محب ہووے جو تیری آل کا، اصحاب کا تیرا

مرے اشعار میں پڑ جائے جاں رنگِ تبسم سے
کہے گر مرحبا ہنس کر لبِ معجز نما تیرا

مذاق اللہ نے تجھ کو کیا مدّاح احمدؐ کا
نہ کیوں ہر شعر ہووے قابلِ صلِّ علیٰ تیرا

ولہ

جو حسن ہے گرم اس حسیں کا، نہ وہ پری کا، نہ حورِ عیں کا
نقاب اٹھے روئے آتشیں کا تو چاند جل جائے چودھویں کا

رقم نہ یاقوت پر ہے طغرا، نہ برگِ گل پر ہوا ہے
وہ دیکھ کر پشتِ لب پہ گماں ہے لعلِ زمردیں کا

تو میری آنکھوں سے ابرِ نیساں، دو چار ہرگز نہ ہو دُر افشاں
اٹھالوں آبِ گہر کا طوفاں، نچوڑوں گر تار آستیں کا

قلم کو زہرہ کہاں رقم کا کہ دل ہے دفتر، غم و الم کا
ورق ہے جو اس کتابِ غم کا، وہ ایک دیوان ہے حزیں کا

میں چھپ کے روتا ہوں چپکے چپکے، نہ ہو کوئی غمگسار دیکھے
بندھے ہے جس وقت بیٹھے بیٹھے تصور اس چشمِ نرگسیں کا

ولہ

پھر اس بت کا جلوہ ہوا چاہتا ہے
ہر اک سنگ موسیٰ ہوا چاہتا ہے

ترے وصل کی لہر آئی ہے دل میں
مگر قطرہ دریا ہوا چاہتا ہے

ہوئی میری صحبت سے وحشت کو وحشت
جنوں کو بھی سودا ہوا چاہتا ہے

مرا مان کہنا، مذاق اس سے مت مل
ارے تو بھی مجھ سا ہوا چاہتا ہے

ولہ

کوئی رہبر نہ تری منزلِ در کا نکلا
خضر بھی نابلد اس راہ گذر کا نکلا
آسمانوں کے دھنوئیں اڑ گئے، اک آہ میں رات
تب بھی ارماں نہ مرے دودِ جگر کا نکلا
ہائے سودائیِ رخ و زلف کی آوارگیاں
گھر پہ میں شام کو جاتا ہوں، سحر کا نکلا
ہر شبِ وصل میں تکرار ہے آتے جاتے
خوب جھگڑا یہ ترا شام و سحر کا نکلا

ولہ

آنکھوں میں نہ آئیں دلِ دلگیر سے آنسو
پی جاؤں چرا کر کسی تدبیر سے آنسو
آیا ہے عرق ابروئے قاتل پہ دمِ قتل
نکلے ہیں مجھے رونے کو شمشیر سے آنسو
دل کاوشِ مژگاں سے مرا کٹ کے بہا ہے
چشموں سے مری ہیں جو رواں تیر سے آنسو
ہیں طفلِ سرشک اب مری بدنامی کا باعث
بدتر ہیں تری نظروں میں تشہیر سے آنسو
سفاک دمِ ذبح نہیں آنکھ ملاتا
کیوں کر نہ بہیں دیدۂ نخچیر سے آنسو
سودے میں کسی زلف کے رونے کی جو لہر آئی
ہم چشمی کریں موج کی زنجیر سے آنسو
جس طرح کہ مینھ برسے ہے تاثیر ہوا سے
برسیں ہیں مری آہ کی تاثیر سے آنسو
وہ روتے ہوئے سخت ہیں موتی جو ہاتھ آئیں
ہو جائیں یقیناً مری تقدیر سے آنسو
باندھوں جو میں رونے کا سماں بزمِ غنا میں
آواز کی جا نکلیں مزامیر سے آنسو
کچھ خیر مذاق اب نظر آتی نہیں دل کی
آتا ہے مری آنکھوں میں تاخیر سے آنسو

ولہ

(کذا) آسمانی پہن کر نالے کے خاکی تیر کو
ایک دم میں گرد کر دوں عرشِ پُر تنویر کو
گر لکھوں کاغذ پہ اس خوش لحن کی تقریر کو
وجد میں لاؤں سریرِ کلک سے تحریر کو
ذبح اپنے ہاتھ سے ہوں، پھیر کر شمشیر کو
ہاتھ اٹھا (کذا) لاشے پر اگر تکبیر کو
عکسِ روئے آفتابی کی دکھا تاثیر کو
شکلِ جامِ مے بنا، مرآتِ پُر تنویر کو
ہو کے تو بے خود، خدا کہتا، بتِ بے پیر کو
زہد اگر کچھ بھی سمجھتا مری تقریر کو

تیرہ باطن خاک دیکھے، جلوۂ تنویر کو
ہو رسائی کیوں کر شمعِ طور تک گل گیر کو

پھاڑ کر پھینک اے مصوّر، کاغذِ شمشیر کو
پردۂ دل کا ورق ہو، یار کی تصویر کو

زخم کے منھ کو ہے لپکا، بوسۂ سوفار کا
چاک سینے میں لبِ معشوق کھینچے تیر کو

ہو گیا کشتہ جو اس تلوار سے، وہ جی گیا
کہیئے روح اللہ قاتل کے دمِ شمشیر کو

ہنستے ہیں بے پیر عبث، حور و ملک جن و پری
تیرِ گریہ، پر لگاتا کب ہے اس کے تیر کو

وہ ضد اکڑ فوں کی ہو جو، لامکاں میں غل مچے
اے جنوں زنداں میں کھڑکاؤں اگر زنجیر کو

ولہ

جز غبارِ حسرتِ جاناں نہ پائی خاک بھی
جب کہ پہلو چیر کر ڈھونڈا، دلِ دلگیر کو

صیدگہ سے تیری اڑ جائے نہ اے ناوک فگن
پر کتر کر طایرِ دل کے، لگا دے تیر کو

باتیں کرتے ہیں تصوّر میں، عجب صورت سے ہم
رُو بہ رُو آنکھوں کے لا کر یار کی تصویر کو

ناک میں دم آ کے نکلا، تیرے سودائی کے ہائے
نزع کے دم ہم نے دیکھا پھوٹتے نکسیر کو

کہہ گیا ہے کان میں اک عاشقِ رسوا یہ بات
کہتے ہیں عزت، زبانِ عشق میں تحقیر کو

خانۂ تن میں مکینِ لامکاں آئے نظر
محو کر دیں دل سے گر، دارین کی تعمیر کو

اس بتِ بے پیر کو بس عمر بھر دیکھا کریں
ہے یہی منظور ہر طفل و جوان و پیر کو

لوحِ پیشانی پہ عشقِ خالِ خوباں لکھ دیا
خوب ہاتھ آیا یہ نکتہ، کاتبِ تقدیر کو

کانٹے پڑ جائیں ہزاروں کی زباں میں غنچہ لب
لائے گرمی پر اگر گلشن میں تو تقریر کو

ہے بہارِ گل میں بھی کھٹکا، خزاں کے خار کا
لوٹتے کانٹوں پہ دیکھا، بلبلِ دلگیر کو

سر میں سودا ہے جو اس کے ابروئے خمدار کا
جانتا ہوں نیمچہ، ہر حلقۂ زنجیر کو

ہوں زمین و آسماں چکر میں شکلِ گرد باد
اک ذرا گردش اگر دوں، آہِ پُر تاثیر کو

بلبلِ دیوانہ ہے اے باغباں، نازک مزاج
موجِ بوئے گل ہے زیبا، پاؤں کی زنجیر کو

قالبِ مردہ ہو زندہ، سن کے اے عیسیٰ نفس
ایسے پہلو میں ادا کرتا ہے تو تقریر کو

کھول کر زلفیں مرا دل پھانسے، تب ابرو چڑھا
چاہیئے تیغیں لگانا باندھ کر نخچیر کو

اشکِ خونیں نے جنوں زنداں میں دکھلائی بہار
کر دیا گلزار دم میں خانۂ زنجیر کو

اس کے چشمِ سرمگیں کے عشق میں بدنام ہوں
لے چلو شہرِ صفاہاں میں مجھے تشہیر کو

نافِ غنچہ میں اگر اپنا بنائے آشیاں
کچھ خوشی کی جا نہیں ہے، بلبلِ دلگیر کو

پھر وہی تنکے چنیں گے، جب گیا غنچہ چٹک
دم میں کر دے گی صبا برباد اس تعمیر کو

بے جدائی ابرو و مژگاں کے دل زخمی ہوا
چھوٹتے دیکھا نہ آغوشِ کماں سے تیر کو

وہ معلم تھا ملک کا، تو ہے انساں کا ادیب
جانتا ہوں شیخ تجھ کو اور تیرے پیر کو

محتسب پائے اگر، سرحدِ شرعِ مے کشاں
ملتجی مستوں سے ہووے اپنی ہی تعزیر کو

جب صواب اپنی سمجھ میں ہو تو پھر کس کی خطا
واعظا سمجھے ہوئے ہیں عفو ہم تقصیر کو

عکسِ ابرو کے ترے چرکے ہیں یہ، جوہر نہیں
ہو گیا آئینہ بسمل دیکھ کر شمشیر کو

پھاڑ کر سینے کا پردہ، دل ہم آغوشی کرے
سوئیں گر چھاتی سے لپٹا کر تری تصویر کو

اس کے ابرو کے برابر خال کب بے وجہ ہے
ایک جا رکھا ہے خالق نے سپرِ شمشیر کو

گر سناؤں مرثیہ سوزِ دلِ مرحوم کا
اشکِ گلناری رلا دوں بلبلِ دلگیر کو

دیکھ کر تلوار کے جوہر کو حیراں ہو گیے
تیرے بسمل صاف سمجھے آئینہ شمشیر کو

آئے ہے سوتے میں اپنے جسم پر طوفاں نظر
نوح سا انساں ہو میرے خواب کی تعبیر کو

ہے دلِ خونیں میں ابرو کا تصوّر دم کی شکل
میں نے رکھا ہے میانِ سرخ میں شمشیر کو

لکھ نہ تیزی سے مصوّر نقشۂ ابروے یار
ہاتھ ہووے گا قلم، کھینچا جو اس تحریر کو

گوشت کیا اک وار میں سب ہڈیاں تک کھا گئی
چاہیے کہنا ہما سفّاک کی شمشیر کو

ماہ نو کو ہاتھ پر رکھ کر دکھاوے لاکھ یار
چرخ پہنچے گا نہ تیرے گز ناخن گیر کو

ہم دمو ہے قاتلِ بے درد کتنا سنگ دل
تیز پتھر سے کیا آگے مرے شمشیر کو

وصل تو یک سو رہا، یاں اس سے فرقت ہو گئی
آیۂ فرقان جب ہم نے پڑھی تسخیر کو

وہ بلا سوزِ محبت، تن میں ہے قاتل بھرا
ایک دم میں خاک کر دے خوں مرا شمشیر کو

اس کے خادم کے سگِ در سے جو ہووے یار غار
عار ہو صحبت سے صحبِ کہف کے قطمیر کو

قتل کرنا سخت جانوں کا، ہے قاتل سخت کام
کیوں لگا کر توڑتا ہے تو عبث شمشیر کو

جو سنے، جی جائے، یہ اعجاز ہے میرا سخن
شاعرو زندہ کیا ہے میں نے طرزِ میر کو

مقتلِ عشاق میں رہوں میں ہمیشہ سرخرو
خون میرا ہو مبارک، یار کی شمشیر کو

کر دیا بے کار قاتل کی نگاہِ تیز نے
دشنہ و تیر و سناں و خنجر و شمشیر کو

کیا خدا کی شان ہے، عارض سے ابرو ہے بلند
مرتبہ مصحف سے بھی عالی ملا شمشیر کو

بال و پر ایسے لگائے مجھ کو شوقِ قتل نے
اڑ گئے پُرزے بدن کے دیکھ کر شمشیر کو

آب کب ہے دھار پر، وہ تیغِ ابرو دیکھ کر
آ گیا ہے مارے غیرت کے عرق شمشیر کو

دے نہیں سکتے شہادت، بے دہانی کے سبب
ہے مرا حالِ شہادت، بر زباں شمشیر کو

دھار ہے اس کی بعینہٖ موجۂ آبِ حیات
خضر کہنا چاہیے اس سبزۂ شمشیر کو

زخمیِ تیغِ نگہ، مستانہ رہتے ہیں مدام
موجِ جام مے لکھوں میں، یار کی شمشیر کو

کہکشاں کب ہے بتِ شیریں ادا کے واسطے
کھودا چرخِ بے ستوں میں حق نے جوئے شیر کو

گورے گورے منھ کو، ان شیریں لبوں کو کیا کہوں
ہو گیا ہے رابطہ گویا، شکر سے شیر کو

چشمِ ساقی سرمئی ہے اور گلابی نرگسی
یا ملایا جام میں، مشک و شراب و شیر کو

میں ہوں وہ فرہاد پیشہ، اے بتِ شیریں دہن
صاف جاری کر دوں ہر پتھر سے جوئے شیر کو

خاک کو اس پارۂ دل کی جلا دوں اشک سے
صورتِ سیماب پھر زندہ کروں اکسیر کو

میں ہوا جوگی کسی سیمیں بدن کے عشق میں
جسمِ خاکی پر، ملا کر کے بھبھوت اکسیر کو

کوبہ کو کیوں خاک چھانیں، مل گیا وہ سنگِ در
پا کے پارس، کیوں عبث ڈھونڈا کریں اکسیر کو

سیمیا گر تجھ کو رمزِ خاکساری گر ملے
پھینک دے زر کو، ملا دے خاک میں اکسیر کو

مصحفِ روئے صنم پر خال ہے اور خط نہیں
ایک جزو میں لکھ دیا، خالق نے کل تفسیر کو

صاف طوطے اڑ گئے طوطے کے، اے شیریں سخن
دیکھ کر مرآتِ رخ پر، سبزے کی تحریر کو

مذہبِ عاشق میں رقصِ بسملانہ ہے نماز
کیا شہیدِ ناز جانے نیت و تکبیر کو

شمعِ محفل کی جو ہو، پروانے کو پروانگی
خاک کر دے اک شرارے سے گلگیر کو

دستِ کافوری کا اس کے ہے یہ روشن معجزہ
شمع کی گردن کیا چھو کر سرِ گلگیر کو

من سمجھ کر روشنی کو شمع کی ڈرتے رہے
ہجر کی شب، سانپ کا پھن سمجھے ہم گلگیر کو

سوزِ بلبل سے ہیں روشن، گل کی شاخیں مثلِ شمع
دستِ گلچیں سے چمن سے ربط ہے گلگیر کو

گر حنا بھی ہاتھ سے چھولے ذرا، وہ شمع رو
رنگ میں کندن بنا دے، آہنِ گلگیر کو

تیرہ دل کو فیض روشن دل کی صحبت سے نہیں
شمع ساں جلتے نہ دیکھا، شمع سے گلگیر کو

بزم میں گر کچھ گدازِ دل کہوں، اے شمع رو
موم سا پگھلا کے کر دوں، آہنِ گلگیر کو

گل کو بلبل صاف اڑا کر چونچ میں لے جائیگی
شمعِ محفل سے تری کیا کام ہے گلگیر کو

ایسی لکنت ہے صنم تیری زبانِ تیز میں
سن کے کٹتے ہیں کلیم اللہ بھی تقریر کو

زخم کاری دل کے دھونا، ہے بڑے اوچھوں کا کام
صاف پی جاتے ہیں ہم، آبِ دمِ شمشیر کو

اس تجاہل کا میں اس قاتل کے کشتہ ہوں مذاق
ذبح کے دم مجھ سے پوچھا جان کر تکبیر کو

ولہ

ماہ رخوں کی کاہشِ غم میں آنکھوں سے چھپ جاتے ہیں
شکلِ ہلال نظر ہم بھی اب گاہے ماہے آتے ہیں

جھوٹ کہا اے جان کسی نے کون ہے عاشق کس کا عشق
سچ تو یہ ہے تجھ سے مل کر جی کو ہم بہلاتے ہیں

آپ نے جب سے پاس ہمارے آنا جانا چھوڑ دیا
آپ میں ہم گہہ آتے ہیں، گہہ آپ سے باہر جاتے ہیں

ولہ

چمن جا کے جو ابرو کا ڈال دو سایہ
تو ہو ویں گل کی روش، یک قلم شجر زخمی

یہ چشم داشت ہے مژگان و چشم و ابرو سے
کبھی ہو جان، کبھی دل، کبھی جگر زخمی

ولہ

عشقِ خالِ بتاں سے ہوگی نجات
کیوں کہ نکتہ نواز ہے اللہ

اپنے زہدِ ریا پہ ناز نہ کر
زاہدا بے نیاز ہے اللہ

ولہ

زہر کھائیں اس شکر لب پر نہ کیوں کر، سبزہ رنگ
آج طوطی بولتا ہے اس کے خطِ سبز کا

ولہ

اس مسیحا کی جو آنکھوں سے کبھی دوں تشبیہ
ہے یقین نرگسِ بیمار بھی اچھی ہو جائے

ولہ

یوں دیدہ و دانستہ دکھا جاتے ہو آنکھیں
دیکھے کوئی تو صاف چرا جاتے ہو آنکھیں

کاٹی نگہہ تیز سے ان آنکھوں کی جالی — بگڑی ہوئی نظروں سے بنا جاتے ہو آنکھیں

ولہ

میری اس کی نہ کھنچیں مانی سے تصویریں دو — ہو گئیں ایک جو کیں، نقشے کی تحریریں دو
لب عیسیٰ کو ملا معجزہ، موسیٰ کو کلام — اس کے منھ کی کہیں سن لی تھیں جو تقریریں دو
کب مسی تیرے لبوں پر ہے یہ ربِّ کعبہ — سنگِ اسود کی ہیں یہ لعل پہ تحریریں دو
رُو بہ رُو تیرے یوسفِ مصری کی نہ بات — ہیں مجھے قندِ مکرر تری تقریریں دو
اے جنوں قید سے ہم چھوٹ گئے، نہ جیتے نہ مرے — ہے کڑا قبر میں، زنداں میں تھیں زنجیریں دو

ولہ

لب و دنداں مرے آپس میں کٹے مرتے ہیں — یاد آتا ہے زباں کا جو لڑانا تیرا
میں جو رویا تو کہا، تھوک کے آنسو نہ لگا — ہم نے بس دیکھا، یہ اشکوں کا بہانا تیرا

ولہ

اس نے نہ چاہا، میں چاہا کیا — نہ اس سے نبھی، میں نباہا کیا
نکل جائیں بے کھٹکے، دل اور جگر — اب آنکھوں کو ہم نے دوراہا کیا
مرے نالے پر، قہقہے سے ہنسا — مری آہ پر اس نے، آہا کیا
رہا جی پہ کیا جانے صدمۂ آہ — مرا رات بھر دل کراہا کیا
صنم مجھ سے حق ناحق، آزردہ ہے — گنہ میں نے کیا، بار الٰہا کیا
خوشی سے ہو راضی، رضا پر مذاق — تجھے کیا، جو کچھ اس نے چاہا کیا

ولہ

مجھے وصل میں بھی کئی روز گذرے — شبِ ہجر کا ماجرا کہتے کہتے
میں اس گل کو پیغام کہتا ہزاروں — ہوا ہو گئی پر صبا کہتے کہتے

ولہ

راہِ غربت میں غذا تو ہم غریبوں کی نہ پوچھ — جاتے ہیں منزل بہ منزل ٹھوکریں کھاتے ہوئے
گوشۂ دل سے ابھی نکلا نہیں ہے تیر آہ — فرش پر عرشی چلے آتے ہیں چلاتے ہوئے

غش ہوں اور مرتا ہوں حالِ ہولناک اپنے پہ ہیں
غش کو غش آتے ہیں مجھ بیمار تک آتے ہوئے

اپنے مرنے پہ مجھے افسوس آتا ہے مذاق
جب وہ آتے ہیں مری تربت پہ پچھتاتے ہوئے

ولہ

زخمِ دل سے نیند ہم مستوں کو آتی ہی نہیں
ہاں کبھی آتی ہے تو انگور کے سائے تلے

دل جلوں کا ہے ہر اک پتھر کے نیچے جھونپڑا
سینکڑوں موسیٰ ہیں نخلِ طور کے سائے تلے

یاد کر کے انکھڑیاں ساقی کی گلشن میں مذاق
لوٹتا ہوں نرگسِ مخمور کے سائے تلے

ولہ

نیک و بد سارے جہاں میں خوب ہیں
اپنی نظروں میں سبھی محبوب ہیں

ہم ہیں حسن عشق اپنے آپ ہی
آپ یوسف آپ ہی یعقوب ہیں

شکر کرتے ہیں خوشی سے جائے صبر
ہم ملائکش خوش تر از ایوب ہیں

چھوڑ دی ہے جب سے مطلب کی طلب
خود بہ خود طالب مرے مطلوب ہیں

مجھ سے رہتے ہیں کشیدہ بے سبب
حضرتِ دل بھی عجب مجذوب ہیں

ہم نے چھوڑے سب عمل حب کے مذاق
پڑھتے یا محبوب یا محبوب ہیں

ولہ

دلا نہیں یہ مے سرخ فام شیشے میں
بھرا ہے شیشۂ جاں کا قوام شیشے میں

ہوئے حساب سے برپا خیام شیشے میں
کہ دختِ رز رہی پنہاں مدام شیشے میں

جوں دوں شراب کو آبِ حیات سے تشبیہ
تو اتریں خضر علیہ السلام شیشے میں

خیال دل میں ہے ساقی کی چشم مے گوں کا
شراب جام ہے اور جام شیشے میں

کھلا جو بزم میں مینا، تو چاندنی چھٹکی
یہ دختِ رز ہے کہ ماہِ تمام شیشے میں

خبر کروں دلِ پُر شوق کی حقیقت سے
میں لکھ کے ساقی کو بھیجوں پیام شیشے میں

بہار آئی ہے اور جشنِ دخترِ رز ہے
شگونِ مے کی ہے کیا دھوم دھام شیشے میں

قطعہ

شگافِ دل میں بھرا، مرہمِ مئے انگور
کیا ہے کیا ہی کرامت کا کام شیشے میں

میں خرقِ عادتِ پیرِ مغاں کا قائل ہوں — کہ بعدِ خرق کیا التیام شیشے میں
مذاق ملتی ہے ان روزوں وقتِ شام شراب — رکھی ہے دخترِ رز کیا خیام شیشے میں

ولہ

آشیاں چھوڑے نہ ہرگز آب و دانے کے لیے — لیس ہے پر طایرِ دل تیر کھانے کے لئے
کوئے جاناں سے اجازت دے مجھے اے بیخودی — بعد مدت آپ میں آیا ہوں جانے کے لئے
ناخدائی کی وہیں موجِ تبسم نے تری — گر یہ جب آیا مری کشتی ڈوبانے کے لئے
جی ہی جی میں کچھ تڑپنے کا مزا ہے اے مذاق — دل کی بے تابی ہوئی پیدا چھپانے کے لئے

ولہ

جان اے جاں کس کے تن میں ہے — تو ہی در پردہ پیرہن میں ہے
کہوں کس منھ سے جی ہی جانے دل — کچھ عجب بات اس دہن میں ہے
جسمِ مردہ ہے اپنا خاک کا ڈھیر — زندہ در گور روح تن میں ہے
سب توجہ سے ذوق کی ہے مذاق — یہ مزا جو مرے سخن میں ہے

نفیس

نفیس تخلص، مولوی اشرف علی بدایونی۔ از رؤسائے عظامِ بدایوں است۔ آبا و اجدادش بہ عظمت و اقتدار بر جملہ اقرانِ خویش شرفِ امتیاز داشتہ۔ او خود ہم بہ عہدۂ تحصیلداری و پیش کاری ملازمِ سرکارِ کمپنی بودہ۔ روزے چند است کہ ترک و تجرید پسندیدہ طبعش از حسن پرستی ہائے پری رویاں بہ دیوانگی میلے دارد۔ جنوں ساختۂ او خندہ بر دیوانگی بے ساختہ می زند۔ فکرِ نقادش بہ فارسی و اردو برقِ درنشاں ست کہ بہ مجردِ تصور تلاشِ معنیِ دل پذیر صد گوہرِ آبدار از صدفِ سینہ اش می غلطد۔ بہ قیاسِ ناقصِ فقیر ہمچو عالی طبع نقادِ معانی دریں قرب و جوار پیدا نہ گردیدہ۔ از عزیزانِ ظہور اللہ خاں تو است۔ مثنوی ہا و دیوان ہا دارد و دریں زماں تذکرہ مبسوطِ زبان دانانِ اردو بہ تکلفے کہ می باید و بہ لطافتے کہ می شاید بہ وضعِ تاریخ تالیف کردہ و بہ تلاشِ اصنافِ کلامِ شعرا بلا قیدِ رطب و یابس در دسمری برداشتہ۔ از ہر یکے از انتخاب خودش بہ ایں تذکرہ می نگارم:

جگر بھی خون ہوا اے دل، پر خوب رو نہ سکا — تو بہتے نالے میں بھی اپنے ہاتھ دھو نہ سکا
تمام عمر تصور رہا جو آنکھوں میں — فراقِ یار میں جی کھول، میں رو نہ سکا
نہ بت پرست ہی ٹھیرا، نہ حق پرست بنا — نفس تجھ سے تو کوئی بھی کام ہو نہ سکا

ولہ

سلسلہ وحشت کا باقی ترے دیوانوں میں ہے — اب تلک الجھاؤ ناخن کا گریبانوں میں ہے

ولہ

نیند آگئی گھر اس کے جو مجھ کو تو وہ بولا — اُف رے ترا یوں بے محل آرام سے سونا

سحر

سحر تخلص، امان علی نام۔ از شاگردانِ محمد رضا برق است۔ جوشِ طبعش معانی لطیف پیدا می کند و فکرِ رنگینش خاطرہائے پریشان خاطراں شگفتہ و خنداں، چند اشعارش کہ سامعہ نوازِ راقم گردیدہ، زیبائے تذکرہ صفحۂ کاغذ را رو کشِ صفحۂ گلستان می سازم:

کہاں سے لائیں اب اس کو جو، ہم کنار کریں — تسلی کیا تری اے جانِ بے قرار کریں
ستم شعار و جفا پیشہ، بے مروت ہو — سراہیئے جگر ان کا جو تجھ کو پیار کریں

ولہ

مہندی تلووں سے ملو تم تو تماشا ہو جائے — جس جگہ پانو رکھو سونے کا چھاپا ہو جائے
پر تو افگن ہو جو سرکار کی یہ زلفِ دراز — پٹ پٹہ تن پر نور کا لچکہ ہو جائے

ولہ

بد دماغی سے بلائیں نہیں لینے دیتے — انگلی چٹکی تو کہا سر پہ تپنچہ چھوٹا

دریں طرح انوار حسین تسلیم کہ ذکرش بالا گزشت غزلے ترتیب دادہ، شعرے گفتہ کہ نظیرش نہ می بود:

آسماں پر جو گئی، آہِ شرر بار مری — وہ شرارت سے یہ بولے کہ غبارا چھوٹا

تاریخ تذکرہ از کفایت علی کافی تخلص:

جب ہوا یہ تذکرہ تالیف، رشکِ گلستاں — یادگارِ شاعرانِ کشورِ ہندوستاں
فکرِ کافی سے ہوئی تاریخ اس کی آشکار — یہ عجب گلزارِ زیبا ہے، "بہارِ بے خزاں"

سنہ ۱۲۶۱ ہجری

ضیاء الدین ڈیسائی

بارھویں صدی ہجری کی ایک دکنی نظم

قاضی عبد النبی بن عبد الرسول احمد نگری ہندوستان کے ان علما میں سے ہیں جن کے علمی کارنامے اس سے کہیں زیادہ قابل توجہ ہیں، جتنی ان پر مبذول کی گئی ہے۔

تذکرۂ علماے ہند[1] کے علاوہ ان کے حالات اور کہیں دستیاب نہیں ہوتے۔ زیادہ تر علوم عقلی و نقلی ان کی تصنیفات کا موضوع ہے، اور ان کے مطالب کے بیان اور اپنے خیالات اور معلومات کے اظہار کے لیے انھوں نے فارسی کے علاوہ عربی بھی استعمال کی۔ دکن کے مشہور شہر احمد نگر کے دار القضاء کے منصرم ہونے کے علاوہ ان کا شمار اپنے زمانے کے نامی گرامی استادوں میں ہوتا تھا، اور دور دراز سے طلبہ ان کی خدمت میں آتے تھے۔ اور جیسا کہ ان کے اپنے بیان سے مترشح ہوتا ہے، ان کا گھر بھی طلبہ کے لیے دار الاقامہ کا کام دیتا تھا۔ ان کی مشہور و معروف جامع العلوم والفنون تصنیف دستور العلماء حیدر آباد کے دائرۃ المعارف العثمانیہ نے نصف صدی سے زاید عرصہ ہوا، شائع کی تھی۔

دستور العلماء کی حیثیت انسائیکلو پیڈیا کی سی ہے۔ اس میں فقہ، حدیث، تصوف، منطق، نجوم، طب، شعر وغیرہ علوم و فنون کی مصطلحات کی تشریح و توضیح کی گئی ہے۔ بنیادی طور پر یہ کتاب عربی زبان میں ہے، لیکن بعض مقامات پر بقول مصنف عوام کے افادے کے لیے انھوں نے

۱۔ تذکرۂ علماے ہند

مطالب کو فارسی میں بھی بیان کیا ہے۔ اس کے موضوعات کا احصاء یہاں مقصود نہیں ہے، صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ یہ اپنی نوعیت کی نہایت ہی جامع کتاب ہے۔ اپنے اصلی مطالب کے ضمن میں مصنف نے جگہ جگہ کچھ ایسی باتیں بھی بیان کی ہیں، جو تاریخی اور ادبی دلچسپی سے خالی نہیں۔ یہ حصے بجائے خود ایک جداگانہ مقالے کے مستحق ہیں۔ ان میں شہر احمد نگر کی تاریخ اور خطۂ برار کے قصبۂ بالاپور کے مشہور نقشبندی خاندان کے افرادِ گرامی کے بارے میں معلومات اور خود مصنف کے تاثرات جن کا اظہار فارسی اشعار میں ہوا ہے، اور اسی قسم کی دوسری چیزیں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

مصنف نے ایک جگہ ضمناً ایک مختصر دکنی نظم نقل کی ہے جس کا تعارف یہاں مقصود ہے۔ نظم کی زبان کی نوعیت کے پیشِ نظر یہ اطلاع غالباً دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ قاضی صاحب کے آباواجداد کا وطن صوبۂ گجرات کے ضلع کھیڑہ کا مشہور قصبہ کپڑونج ہے، جو احمد آباد سے تقریباً پچاس کیلومیٹر دور مشرق میں واقع ہے۔ اس قصبے کے قاضی اور خطیب کے فرائض اسی خاندان کے سپرد تھے۔ مصنف کے والد قاضی عبد الرسول نے احمد آباد میں شاہ نصیر الدین بن شاہ عبد الماجد[2] اور ملا احمد بن سلیمان[3] سے تعلیم حاصل کی، نیز شاہ عبد الماجد کے حلقۂ ارادت میں بھی شامل ہوئے۔ علمِ تجوید میں شیخ فرید سے استفادہ کیا۔ وہ بھی اپنے زمانے کے مشہور استاد تھے اور بقول مصنف انھوں نے متعدد نصابی کتب پر حاشیے لکھے۔ قاضی عبد الرسول نے کچھ وقت نہروالہ پٹن میں ایک فاضل عارف کی خدمت میں بھی گذارا۔[4] اس کے بعد وہ دلّی گئے، جہاں سے انھیں قصبہ دھولقہ کی قضاء پر مامور کیا گیا۔ پانچ سال تک یہ فرائض انجام دینے کے بعد وہ احمد آباد واپس آئے اور اب اپنے

۲۔ شاہ عبد الماجد گجرات کے مشہور و معروف عالم اور بزرگ حضرت شاہ وجیہ الدین علوی (ف ۹۹۹ھ) کے پوتے تھے۔

۳۔ اپنے زمانے کے مشہور علماء اور اساتذہ میں سے تھے۔ مرآۃ احمدی کے خاتمے میں ان کے حالات ملتے ہیں (طبع بڑودہ، ۱۹۲۰ء: ص ۱۰۲)

۴۔ احمد آباد سے تقریباً ۴۰ کیلومیٹر کے فاصلے پر جانبِ جنوب واقع ہے۔

مرشد کی خدمت میں مصروف ہو گئے۔ جب شاہ عبد الماجد کو اورنگ زیب کے لشکر میں جو اس وقت گلگلہ[5] میں پڑا تھا، جانے کا اتفاق ہوا تو یہ بھی ان کے ساتھ تھے۔ وہاں سے یہ خود کسی سلسلے میں، جس کی نوعیت انھوں نے نہیں بتائی، احمد نگر گئے۔ یہاں ان دنوں لنگر دوازدہ امام کے مدرسے میں ایک مجذوب شاہ عسکری نامی اقامت فرما تھے۔ ان کی شہرت اور کمالات کا چرچا سن کر یہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے کشف و کرامات اور قوتِ باطن سے مستفیض ہوئے۔ لشکر گاہ واپس آئے، تو احمد نگر کی قضا کی خدمت پر مامور کر دیے گئے۔ اور پھر تادمِ مرگ (۱۱۲۰ھ) یہ خدمت انجام دیتے رہے۔[6]

قاضی عبد الرسول کا سلسلۂ نسب حضرت مولانا حسام الدین ثانی کے واسطے سے خلیفۂ ثالث حضرت عثمان ذی النورین تک پہنچتا ہے۔ ان کے آبا و اجداد میں مشہور و معروف اہل اللہ ہوتے ہیں۔ ان کی بیوی کا سلسلۂ نسب ایک اور خدا رسیدہ بزرگ حضرت مخدوم شیخو سے ملتا ہے جو حضرت شاہ وجیہ الدین علوی کے مرید تھے، اور کپڑ بنج ہی میں سکونت پذیر تھے۔

ان مختصر خاندانی حالات کے علاوہ قاضی عبد النبی[7] کے اپنے بارے میں دستور العلماء میں جو اشارے ملتے ہیں، ان سے ان کے علمی انہماک اور درس و تدریس سے شغف کا پتا چلتا ہے۔ ان کے اپنے بیان کے مطابق وہ احمد نگر میں پیدا ہوئے، اور وہیں پرورش پائی۔ احمد نگر ہی میں انھوں نے حافظ محمد عبد اللہ اور سید بخش کرمانی خیر آبادی سے استفادہ کیا۔ یہ بھی قرین قیاس ہے کہ انھوں نے تحصیلِ علم کے لیے اپنے آبائی وطن برار کا سفر کیا کیونکہ اپنے جن اساتذہ کا انھوں نے ذکر کیا ہے، ان کا اسی صوبے سے تعلق

۵۔ گلگلہ جو مغلوں کے زمانے میں اپنے عرف قطب آباد سے مشہور تھا، بیجاپور سے جنوب مغرب میں تقریباً ۵۰ کیلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ اورنگ زیب اپنی دکنی مہمات کے سلسلے میں یہاں ۱۹ شعبان ۱۱۰۲ھ/۱۸ مئی ۱۶۹۰ء کو پہنچا اور ۱۴ جمادی الآخر ۱۱۰۲ھ/ ۲۴ جنوری ۱۶۹۱ء کو یہاں سے بیجاپور کی طرف روانہ ہوا، وہ دوبارہ ۱۴ شعبان ۱۱۰۳ھ/ ۱۱ اپریل ۱۶۹۲ء کو یہاں آیا، اور ۲ شعبان ۱۱۰۶ھ/ ۱۰ مارچ ۱۶۹۵ء تک مقیم رہا۔ (مآثر عالمگیری کلکتہ: ۲۲۵، ۲۲۳، ۲۲۵، ۲۲۸، ۲۴۸، ۲۴۷)

۶۔ الفن الثانی من کتاب جامع العلوم الملقب بدستور العلماء۔ (حیدر آباد ۱۲۳۱ھ): ۴۳-۴۵

۷۔ یہ وہی قاضی عبد النبی ہیں جن کے طریقۂ تدریس کی مولانا مناظر احسن گیلانی نے اپنی کتاب "ہندوستان کے مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت" میں بہت تعریف کی ہے۔

ظاہر ہوتا ہے۔ ان میں قطب الدین عثمانی احمد آبادی، مولانا محمد محسن بن شیخ عبدالرحمٰن صدیقی احمد آبادی وغیرہم کے نام ملتے ہیں۔ دستور العلماء کے علاوہ مصنف کی حسب ذیل دو کتابوں۔ [الحاشیہ علی شرح التہذیب للیزدی اور الحاشیہ علی الفرائض السراجیہ] کا ذکر ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی نے اپنی قابلِ قدر تالیف "ہندستان کا عربی ادب میں حصہ" میں کیا ہے۔ دستور العلماء میں انھوں نے اپنی ایک اور شرح کا جو کافیہ کی ہے، ذکر کیا ہے: اس کا نام جامع النصوص ہے اور یہ فارسی میں ہے[8]۔

یہاں ایک غلط فہمی کا ازالہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ قاضی عبدالنبی حضرت شاہ وجیہ الدین صاحب کے شاگرد اور مرید تھے، جیسا کہ کتابخانۂ خدا بخش کے فہرست نگار اور ان کے تتبع میں ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی نے بھی تحریر کیا ہے[9]۔ جہاں تک مریدی کا تعلق ہے، ان کا شاہ وجیہ الدینؒ کے سلسلے میں بیعت ہونا قرائن سے ثابت ہے، لیکن وہ کسی علم یا فن میں شاہ صاحب کے شاگرد نہیں تھے۔ یہ ممکن ہی نہیں تھا۔ قاضی عبدالنبی کی ولادت شاہ وجیہ الدین کے انتقال سے کم از کم ایک سو سال بعد ہوئی ہے۔

دستور العلماء میں جن علوم کی اصطلاحات کی تشریح کی گئی ہے، اس سے مصنف کی علمی استعداد اور وسعتِ معلومات کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ جگہ جگہ انھوں نے حسبِ موقع دخل فارسی اشعار سے بھی کام لیا ہے، جن میں کچھ یقیناً خود ان کے اپنے کہے ہوتے ہیں؛ اس سے ان کی شعر سے دلچسپی اور موزونیِ طبع کا پتا چلتا ہے۔ لیکن جو چیز ہمارے لیے خاص دلچسپی کا باعث ہے، وہ اس عربی اور فارسی کی تصنیف میں کچھ قدیم اردو کے اشعار ہیں۔ ان میں ایک تو مختصر نظم ہے، جو قدیم دکنی زبان میں ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور شعر ہے جو روشنائی (مداد) کی ترکیب کے سلسلے میں انھوں نے درج کیا ہے۔ ان کے علاوہ اور کئی مقامات پر خصوصاً طبی نسخوں کی تفصیلات کے ضمن میں مختلف اشیاء کے لیے مقامی مرادف الفاظ استعمال کیے ہیں۔ نظم (شعر) اور ان

۸۔ فہرست مخطوطات عربی، باکی پور، ۲۱: ۶۵

۹۔ عربی ادب میں ہندستان کا حصہ: ۲۸۶؛ فہرست مخطوطاتِ عربی باکی پور پٹنہ، ۲۱: ۶۵

الفاظ کو وہ ہر جگہ "ہندی" بتاتے ہیں، اور الفاظ کو "باللسان الہندیہ" یا "بالہندیہ" سے منسوب کیا ہے۔[10]
بارھویں صدی ہجری کے وسط میں احمد نگر کے علاقے میں اس زبان کو "ہندی" کے نام سے موسوم کرنا قدیم اردو کے نام کی تاریخ کے سلسلے میں بہت اہم بات ہے۔
ساخت اور ہیئت کے اعتبار سے اس نظم کی زبان دکنی ہے۔ یہ نو شعروں پر مشتمل ایک مثنوی ہے، جو خود قاضی عبدالنبی کی طبع موزوں کا نتیجہ ہے۔ اس کے برعکس ترکیبی نسخے والے شعر کے بارے میں مصنف نے کوئی صراحت نہیں کی کہ یہ کس کا ہے، سوائے اس کے کہ "بزرگے بزبانِ ہندی فرماید"۔ ہوسکتا ہے کہ فنِ کتابت سے متعلق یہ شعر علمی حلقوں میں مشہور ہو اور خود قاضی صاحب کو بھی شاعر کا نام معلوم نہ ہو۔ مثنوی کی شانِ نزول کے بارے میں مصنف نے نہ صرف اسے اپنی طرف منسوب کیا ہے، بلکہ پہلے ہی شعر میں ان کا نام عبدالنبی موجود ہے۔
دستور العلماء کے فنِ دوم پر مشتمل جلد حیدر آباد سے ۱۳۳۱ھ کے اواخر میں شائع ہوئی تھی۔ یہ اشعار اسی مطبوعہ نسخے سے لیے گئے ہیں۔ کتاب کے سالِ تالیف کا ذکر بھی خود مصنف نے کیا ہے۔ اس کے مطابق کتاب پانچ سال کی محنت کے بعد[11] ۱۱۷۳ھ میں پایۂ تکمیل کو پہنچی تھی[12]۔ اس سے کتاب کی ابتدا ۱۱۶۸ھ قرار پاتی ہے۔ تصوف کی ایک اصطلاح "قاب قوسین" کی شرح و تفصیل لکھتے وقت قاضی صاحب نے یہ شعر موزوں کیے تھے۔ موصوف کا بیان ہے:

> ولہذا الکلام مقام عظیم لایعلو معارجہ ولایسمو مدارجہ الّا من ھداہ اللہ تعالیٰ باسرارہ واتاہ بقلبٍ سلیمٍ۔ آنچہ بمقتضائے حال ہندی مقال بر زبانِ خاکسار گذشت عرض می دارد۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ نظم کا زمانہ بھی سالِ تالیف کے مطابق ہے اور چونکہ اصطلاحِ قاب قوسین، کتاب کے اواخر میں آتی ہے، اس لیے یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ نظم ۱۱۶۸ھ کے مقابلے میں

۱۰۔ دستور العلماء: ۱۹۷، ۱۷۲، ۱۸۹

۱۱۔ دستور العلماء: ۲۲۰ (حاشیہ)

۱۲۔ ایضاً: ۲۷۱۔

جب کہ کتاب شروع ہوئی ۱۱۷۳ھ کے جو کتاب کا سالِ اختتام ہے، قریب تر زمانے میں کہی گئی ہوگی۔ اس لحاظ سے یہ نظم ۱۱۷۲ھ یا ۱۱۷۳ھ میں کہی گئی ہوگی۔

نظم درج ذیل ہے۔ (رسم الخط اصل کے مطابق دیا گیا ہے[۱۳]) :

زباں اپنی عبد النبی بند کر — پس[۱۴] دل میں آپس کوں خورسند کر
بر دل[۱۵] کوں بری[۱۶] بات حق[۱۷] سا دوار[۱۸] — بود خاموشی شیوۂ خاکسار
نہنی[۱۹] موں سی[۲۰] مت لی نوالی برنی[۲۱] — کہ قاضی پرارا[۲۲] درنی[۲۳] سد پہرنی[۲۴]
بہت[۲۵] دور کے چلنا تو اس گھاٹ[۲۶] میں — مگر جا پڑیگا[۲۷] تو ار[۲۸] باٹ[۲۹] میں
وجیہ[۳۰] خدا ہی[۳۱] ترا دستگیر — ولایت کی[۳۲] افلاک پر بے نظیر
سچا چاند ہی[۳۳] چودھویں رات کا — اندھارا[۳۴] کیا دور گجرات کا
دکھایا تری[۳۵] جسد کو انی[۳۶] خدا — تجھی[۳۷] تجھی دکھا دی تو ہیگا روا

۱۳۔ ایضاً: ۱۷۲-۱۷۳

۱۴۔ کذا۔ سپس ہونا چاہیئے طباعت یا کتابت کی غلطی ہو سکتی ہے۔

۱۵۔ بر دل

۱۶۔ بری

۱۷۔ ہے

۱۸۔ سزاوار

۱۹۔ نہنے منہ سے

۲۰۔ لے نوالے بڑے

۲۱۔ اس لفظ کی قرأت اور معنی واضح نہیں

۲۲۔ درّے

۲۳۔ پڑی ار یہ مصرع صاف نہیں ہے، اگرچہ اشکل کو معنی نکل سکتے ہیں)

۲۴۔ ڈر

۲۵۔ گھاٹ

۲۶۔ بمعنی دگرنہ

۲۷۔ پڑیگا

۲۸۔ اور (یعنی دوسرا)

۲۹۔ باٹ (یعنی رستہ)

۳۰۔ حضرت شاہ وجیہ الدین العلوی احمد آبادی مراد ہیں

۳۱۔ ہے

۳۲۔ کے

۳۳۔ ہے

۳۴۔ اندھیرا

۳۵۔ ترے

۳۶۔ ان نے (یعنی انھوں نے)

۳۷۔ تجھے۔

خدایا بعونِ وجیہِ زماں　　مجھی[38] دام دنیا سوں دینا اماں
محمد کی امت میں داتم تو[39] رکھ　　شریعت کی کوچی[40] میں قائم نوں رکھ

واضح رہے کہ مندرجہ بالا متن کتاب کے مطبوعہ نسخے سے لیا گیا ہے۔ مصنف کے متن سے مطبوعہ متن تک کتنی تحریف ہوئی، کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ مثلاً لفظ "تو" کا املا "تو" اور "تون" دونوں طرح ملتا ہے؛ یہ فرق طباعت کا ہے یا مصنف ہی نے اسے دونوں طرح لکھا تھا، کچھ کہنا مشکل ہے۔ تاہم قیاس ہے کہ مطبوعہ متن بڑی حد تک اصل کے مطابق ہوگا۔

نظم کی کتابت کی خصوصیات ظاہر ہیں۔ بائے مجہول و معروف میں تفاوت ملحوظ نہیں رکھا گیا۔ ٹ کی جگہ ت ہے۔ اور ڑ، کو ر، لکھا ہے۔ ایک اور دلچسپ شکل "اندھارا" بجائے اندھیرا ہے، شمال میں اس جگہ "اندھیارا" بھی لکھا گیا ہے۔

نظم کے تیسرے شعر کے دوسرے مصرع کو چھوڑ کر (جس کا لفظ پر اتصحیح طلب ہے) تمام اشعار صاف اور شستہ ہیں۔ ان کے معانی اور روانی سے قاضی صاحب کی موزونیِ طبع اور زبان پر قدرت کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ نیز اس نظم سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ احمد نگر میں بھی اس زبان کا عام رواج تھا۔ دکنی ادب کے سلسلے میں ہمارے ذہن میں بالعموم بیجاپور، حیدرآباد، گولکنڈہ اور اورنگ آباد وغیرہ کے نام آتے ہیں۔ حال آنکہ دکن کے دوسرے مقامات کی طرح احمد نگر نے بھی دکنی زبان اور ادب کی ترویج اور اشاعت میں کچھ کم حصہ نہیں لیا ہے۔ چونکہ آج تک احمد نگر کی علمی اور ادبی تاریخ کی کماحقہ نشاندہی نہیں ہوتی ہے، اس نقطۂ نظر سے بھی یہ نظم اہمیت سے خالی نہیں۔

ساتویں شعر میں جد سے مراد ظاہراً جدِّ مادری ہے۔ ابتدائی سطور میں ذکر ہو چکا ہے کہ حضرت مخدوم جیو مصنف کے جدِّ مادری اپنے زمانے کے عارف باللہ اور شاہ وجیہ الدین سے بیعت تھے۔ ان کے

۳۸۔ مجھے۔

۳۹۔ اس لفظ کا املا سابقہ دو مقامات پر "تو" پایا جاتا ہے اور اسی شعر میں دو جگہ ملتا ہے۔

۴۰۔ کے کوچے۔

حالات میں گجرات کے کسی شاعر نے فارسی میں ۱۸۲ اشعار پر مشتمل ایک مثنوی تصنیف کی تھی، جو دستور العلماء میں نقل کی گئی ہے[۴]۔ اس میں مخدوم شیخو کے شاہ وجیہ الدین سے اکتساب فیض کرنے اور سید الکونین کے دیدار سے مشرف ہونے کا حال مذکور ہے۔ افسوس کہ مصنف نے اس مثنوی کے شاعر کا نام نہیں بتایا؟ بہر حال گجرات کے فارسی ادب کے سلسلے کی اہم کڑی کی حیثیت رکھتی ہے۔

مداد (روشنائی) کی ترکیب کا جو نسخہ (ہندی) زبان کے ایک شعر میں بیان ہوا ہے وہ یہ ہے:

جیتا کا جل تول تیتا گوند تلا تیں

تس کا ادھا بول (؟) بھی بانہ (؟) ملا تیں

دوسرے مصرع کے معنی واضح نہیں؛ لفظ بول غالباً طباعت یا کتابت کی غلطی ہے۔ ظاہراً یہ لفظ روشنائی کے ترکیبی اجزاء میں سے کسی شے کے لیے استعمال ہوا ہے۔ "بانہ" غالباً "ماتھ" ہے، بمعنی "میں"۔ زبان سے شعر کی قدامت ظاہر ہے؛ البتہ اسے دکنی کی بہ نسبت ہندی یا گجراتی کا شعر کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ نیز یہ بھی لازمی نہیں کہ یہ احمد نگر یا دکن ہی کے شاعر کا ہو۔ ہو سکتا ہے کہ قائل شمالی ہند کا کوئی شخص ہو اور علمی روایات کے ساتھ ساتھ یہ شعر دکن پہنچا ہو۔

۱

۲

۳

۴

۴۱۔ دستور العلماء - ۴۶ - ۴۹